وغیرہ کی جو حلت نفس غنا کے قائل ہین اور بعض احناف کے
جیسا حضرت جدی استاد الہند عمدۃ الواصلین قدوۃ السالکین
حضرت ملا نظام الملۃ والدین قدس اللہ سرہ العزیز نے مناقب
رزاقیہ مین تحریر فرمایا ہے بدانکہ در استماع سرود اختلاف فقہا ست
بلکہ امام شافعی و شمس الائمہ سرخسی از فقہاء حنفیہ
و شیخ ابو یزید بسطامی و شیخ ابن عربی رضوان اللہ
تعالی علیہم اجمعین قائل بحل اند تفصیلش در موضع
ویست وگاہ باشد کہ مباح بعارضی ممنوع مے شود
چنانچہ نکاح آنکس را کہ حاجبا از ذکر الہی باشد چنانچہ از نفقہ وکسوۃ

غنا از زنان فاسقہ حرام ہے

و گسلنے عاجز باشد پس بعد نکاح در کسب آنہا مشغول شد پس آن
خلوات از دست رفت ہمچنین سرود ست کہ ہر چند مباح ست چنانچہ
اکثرے از علما بوی رفتہ چون اشعار سرود علی الخصوص اشعار ہندی
مشتمل بر مضامین عشق مجازی کہ متعلق بہ نساء وامارد ست و آہنگہا
کہ فسقہ را مبعد از جناب الٰہی باشد میباشد پس ہمچنین سرود امثال
این چنین مردم را مباح نباشد انتہی چنانچہ کشف حضرت قدوۃ العرفا
اسحاق خان صاحب کہ اجلۂ خلفاء حضرت قدوۃ العرفا حضرت سید
شاہ عبدالرزاق صاحب بانسوی قدس اسرارہم سے تھے دلیل
اسی پر ہی جیسا حضرت ملا قدس سرہ اسی عبارت کے قبل تحریر
فرماتے ہین روزی پیش حضرت قدس سرہ الاصفٰی مطربان ہندی بغنا
می گفتند حضرت قدس سرہ الاصفٰی در حال حسن بود بندۂ درگاہ
از محمد اسحٰق گفت میل بسرود داری وی در مسجد نشستہ گفت خبر رسیدہ
کہ حضرت را میرسد وی کامل الوجود ست ترا نمی رسد تو ناقص ہستی انتہی
اور آخر مین عبارت سابق کے حضرت ملا قدس سرہ فرماتے ہین
از ینجا محمد اسحٰق بخطاب لایلیق مخاطب شد انتہی واللہ اعلم

وماخالف فی نظرہ الشرع فلا یعمل بہ ولکن یحملہ علی الخیر

اور جو افعال شیخ کے اوسکی نظر مین شرع کے مخالف ہون اون پر عمل نکرے مگر نیک صورت پر محمول کرے یعنی اپنے پیر مین سوء ظن سے نظر نہ کرے اسلیے کہ اولیا اللہ اپنی کرامت سے اوسکو مشروع چیز سے بدل سکتے ہین کان یشرب شیخہ شیئا اشتراہ

خمرا ولم یخرج افعالہ من تاثیرات الولایۃ فیحمل ذلک علی انہ کان جعلہ

خلا او عسلا بکرامتہ وکلاہما ایسا جوا ہین جیسا پیین اوسکی پیر ایسی چیز کو جو خریدنے کے وقت شراب تھی اور افعال اونکے تاثیرات ولایت سے خارج نہین ہوے ہون یعنی اوسکے پیر سے قوت تعلیم باطنی کی جاتی نہ رہے تو اوسکا پینا محمول کیا جاے اسپر کہ اونھون نے اپنی کرامت سے اوس شراب کو سرکہ یا شہد کرلیا ہی اور وہ دونون حرام نہین ہین کیونکہ اگر اونھون نے شراب کو سرکہ یا شہد سے مبدل نہین کیا شراب ہونیکی حالت مین پیا تو ارتکاب کیا حرام کا اور جسنے ارتکاب کیا حرام کا ولایت اوسکی باقی نہین رہتی ہی قال المولوی المعنوی شعر

کار پاکان را قیاس از خود مگیر گرچہ آید در نوشتن شیر شیر

فرمایا مولوی معنوی نے یعنی اہل دل حضرت مولانا جلال الدین رومی نے پاک لوگون کے کام اپنے کامون کے مانند نہ جان اگرچہ کھلی خطا کیون نہو بلکہ اوسمین بھی کوئی حکمت ہی جاننا چاہیے ولکن لایفعلہ لانہ لایقدر علی ذلک لیکن ایسے کام خود نہ کرے اسواسطے کہ بغیر کشش کرامت کے مشروع ہوجانا اوسکا غیر ممکن ہے اسواسطے کہ مرید طاقت نہین رکھتا اس کشش کی قال المولوی المعنوی فی المثنوی مولوی معنوی یعنی جلال الدین رومی اپنی مثنوی مین فرماتے ہین شعر ہرچہ گیرد علتی علت شود ٭ ہرچہ گیرد کاملی ملت شود ٭ یعنی جو کچھ فساق سے سرزد ہوتا ہی اگرچہ ظاہر مین خیر ہو خالی فسق سے نہین ہوتا ہی کیونکہ احتمال ہی کہ ریا ہو اور جو کچھ کامل سے ظاہر ہوتا ہی اگرچہ ظاہر مین شر ہوتا ہی مگر خالی حکمت سے نہین ہوتا ہی تو کاملون کے فعل پر طعن نہ کرنا چاہیے وفی نسخۃ اور بعضی نسخون مین مثنوی کے یہ ہی ع کفر گیرد کاملی ملت شود ٭ یعنی لو ارتکب کامل بشئ مما یخالف ظاہرہ الشرع فہو فی الاصل لا یخالف الشرع بل حکمہ کما مر یعنی اگر کامل مرتکب کسی ایسی چیز کا ہوتا ہی

لفظاہر اوسکا مخالف شرع کے ہو اس مصرعہ مین لفظ کفر سے عین کفر کہ جو
ایمان کا ضد ہی مراد نہین ہی بلکہ لفظ کفر فقط ضرورت شعری کے لئے ہے
پس وہ فعل اصل مین مخالف شرع کے نہوگا بلکہ عین حکمت ہی جیساکہ
شراب کے ذکر مین گذرا ویمکن ان یراد ان الکامل لو ارتکب بشئ مثل
هذا فالعوام لا یعرفون حقیقة الحال و یستندون علیه فیرتکبون
الکبائر فلا ینبغی له ان یفعل فان فعل فمعذور لان العاشق لا یتمیز
بمثل هذا الامر و الله اعلم اور ممکن ہی کہ مراد لیجاے کہ کامل
اگر مرتکب ہو ایسی چیز کا جو مثل اس ناجائز فعل کے ہو تو عوام حقیقت
حال کو نہین جانتے ہین اوس فعل حرام پر سند لاتے ہین کہ فلان
کامل نے ایسا کیا ہو اگر درست اور جائز نہوتا کیون کرتے پس مرتکب
کبیرہ کے ہوتے ہین اور ایسا عمل نہ کرنا چاہیئے کہ جو خلق کی
ضلالت و گمراہی کا باعث ہو اور یہ لوگ خلق کی ہدایت کے لئے
ہین جیساکہ مثنوی مولانا روم مین قصہ چرواہا و موسی علیہ السلام مین کو یہ شعر ہی

تو برای وصل کردن آمدی　　　نی برای فصل کردن آمدی

یعنی ای موسی تم ملانے کے لیے لوگون کے آئے ہو جدا کرنے کے لیئے

نہین آئے ہو لیکن جن کاملون سے ایسے افعال ظاہر ہوتے ہین
وہ بھی معذور ہین کیونکہ عاشق ایسے امور کی تمیز نہین رکھتا ہی اور غرض
انکی اسمین یہ ہوتی ہی کہ خلق اونسے دور رہے اور یہ اونکی اہم الغرض
سے ہی اسواسطے کہ خلق کا جمع ہونا اونکے پاس غفلت کا باعث ہی
اور خدا کی جدائی کا سبب ہی اور خلق کو اپنے پاس سے دفع کرنا اونکو
بغیر اونکے روبرو فسق کے ممکن نہین ہوتا ہی اور وہ اپنے اس
غرض کیطرف متوجہ ہونے کے سبب سے اور کل اغراض سے
غافل ہوجاتے ہین اور معذور رہوتے ہین تو طعن کرنا اونپر نہ چاہیے
اور خدا زیادہ جانتا ہی حقیقت حال کو و نکثہا خلاف ماذکر اور
نکث بیعت التزام کا خلاف کرنا ہی اون چیزون کا جو ایفاء بیعت
التزام مین مذکور ہوئین واما ایفاء بیعة ترک الوجود ان یری الله تعالی
ظاہرا و باطنا و یفنی ذاته فی الله تعالے اور لیکن بجالانا بیعت
ترک الوجود کا یہ ہی کہ دیکھے خدا برتر کو ظاہر اور باطن مین یعنی جانے
مثل دیکھنے کے کہ وہ خدای تعالی موجود اور باقی ہی سب جگہ
مکان و لامکان مین اور سب وقت زمانہ ماضی اور حال اور استقبال مین

ما ایفاء بیعت الالتزام

اور نیست کوے اپنی ذات کو ہستی خدا مین یعنی سامنے اوسکے اپنے کو بلکہ سب چیزون کو نیست و فانی جانے شعر

کہ بچشمان دل مبین جز دوست		ہر چہ بینی بدان کہ مظہر اوست

لو نعد الامر موتوا قبل ان تموتوا اسواسطے کہ یہ امر سمجھا جاتا ہی شارع کے ارشاد سے موتوا قبل ان تموتوا یعنی مرو قبل اپنی موت کے یہ حدیث صحیح ہی کہ اکثر اہل کشف نے اسکی تصحیح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بے واسطہ راویون کے کی ہی ای تکونوا کالموتی لا تؤذون احدا ولا تعصون اللہ فیما تؤمرون یعنی مُردون کے مانند ہو جاؤ کہ ایذا نہ پہونچاؤ کسی کو اور خدا کا گناہ نہ کرو اون چیزون مین جنکے کرنے کا تمکو یا بچنے کا تمکو حکم دیا گیا ہی قال الشیخ علاء الدین الاودی شیخ علاء الدین اودی فرماتے ہین ع

کہ بچشمان دل مبین جز دوست		ہر چہ بینی بدان کہ مظہر اوست

غیر خدا کے وجود کو دل سے نہ دیکھنا چاہیئے بلکہ سب موجودات کو مظاہر اوسکے جاننا چاہیئے ثم ذلک مرتبہ الکوامل لا تحصل الا بعد الارتیاض والاشتغال سانذکرھا ان شاء اللہ تعالی جو کچھ کہ احوال بعیت ترک الوجود کا مذکور ہوا یہ مرتبہ کامل لوگون کا ہی

کہ حاصل نہین ہوتا ہی ہر کسی کو مگر کوشش کرنے اور اشغال مین مشغول
ہونے کے بعد کہ اوسکا ذکر عنقریب کرونگا اگر چاہا اللہ بر ترنے
و نکثہا خلاف المذکور اور نکث بیعت ترک الوجود کا خلاف کرنا
ہی اون چیزون کا جو بیان کی گئین وکذلک ایفاء کل بیعۃ ایفاء
ما عاہد علیہ والنکث نقضہ اور ایسا ہی ہر بیعت کا بجالانا
(بیعت جہاد ہو یا بیعت خلافت) بجالانا ہی اون چیزون کا کہ عہد
کیا اوسپر اور نکث بیعت کا خلاف کرنا ہی واما شروطہا فمنہا
للشیخ ومنہا للمرید اور لیکن شرطین بیعت کے صحیح ہونے کی تو کچھ
اون مین سے پیر کے لیے ہین اور کچھ مرید کے لیے ہین وکلہا
فی القول الجمیل فی سواء السبیل للشیخ ولی اللہ الدہلوی
اور سب وہ شرطین قول جمیل فی سواء السبیل مین ہین کہ نام ایک
رسالہ کا ہی تصانیف سے شیخ ولی اللہ محدث صوفی دہلوی کے
اون مین سے بعض شرطون کو ذکر کرتا ہون جنکا ذکر کرنا ضرور ہی
فاما للشیخ اور جو شرطین پیر کے لیے ہین وہ یہ ہین فینبغی ان یکون
عالما بعلوم الدین کالفقہ والحدیث والتفسیر یعنی لازم ہی پیر کو

کہ بیعت نہ لے جبتک یہ امور اوسکو حاصل نہو جائین کیونکہ ان کا
جاننا شرطون سے ہی اور وہ یہ امور ہین کہ جانتا ہو علوم دین جیسے
فقہ (اور فقہ وہ مسائل ہین جو اصول اربعہ یعنی قرآن اور حدیث
اور اجماع امت اور قیاس سے استنباط کئے گئے ہین تو جاننا
علم اصول فقہ کا بھی ضرور ہی مگر بیعت کی شرطون سے نہین ہی بلکہ
علم مسائل جزئیہ کا کافی ہی) اور علوم دین مین سے جاننے علم حدیث
کو (وہ علم ہی کہ بیان کیا جاوے اوسمین قول آنحضرت صلعم اور افعال
آنحضرت صلعم اور تقریر آنحضرت صلعم اور خلفاء کی راویونکی سند کے ساتھ
تقریر وہ ہی کہ آنحضرت کے سامنے کوئی کام کیا جاوے آپ وسپر
سکوت فرمائین اور مقرر رکھین) اور بھی جاننا ضرور ہی علم تفسیر کا کہ وہ
قرآن کے معانی کا تحقیق کرنا ہی مع حل مشکلات کے اور تاویل
صحیح ماوّلات کی اور دریافت کرنا تاریخ اور سبب نزول کا تو چاہیے
کہ نظر کتب تفاسیر پر رکھتا ہو یا مفسرونکی صحبت مین بیٹھتا ہو کیونکہ

علم مین مہارت بے مذاکرہ کے حاصل نہین ہوتی ہی اما بدرس

الکتب و بالکشف او بالصحبة مع العلماء یہ علم مذاکرہ سے

یا کتاب کے پڑھنے پڑھانے سے یا کشف سے حاصل ہون
کشف وہ نور ہی کہ عارفون اور سالکون کو حاصل ہوتا ہی اشغال
کی کثرت اور کسر نفس کی وجہ سے یا وہ علوم حاصل ہون علماء
کے ساتھ رہنے سے کہ اونسے سُنا ہو وعاملا بعلمہ اور بھی
شروط اخذ بیعت سے یہ ہی کہ عمل کرتا ہو اپنے علم کے ساتھ یعنی جو
مسائل کہ وہ جانتا ہی اونپر عمل بھی کرتا ہی لانہ اذا کان لا یعلم فکیف
یعلم ما امر اللہ بہ ونہی عنہ اسلیے کہ اگر علم نہین رکھتا ہی تو کیونکر
تعلیم کریگا دوسرون کو اون چیزونکی جنکے کرنے کا اللہ نے حکم دیا ہی
اور جنکو منع کیا ہی اور بیعت صرف اصلاح دین اور تصفیہ نفس کے
لیے ہی اور اصلاح دین اور تصفیہ نفس بغیر اون چیزون کے عمل
کیے جنکے کرنے کا خدا نے حکم دیا ہی اور بدون بچنے کے اون
چیزون سے جنسے منع کیا ہی غیر ممکن ہی وان کان لا یعمل بما یعلم
فہو کالجاھل اور اگر پیر اپنے علم کے موافق عمل نہین کرتا ہی تو وہ
مثل جاہل کے ہی یعنی علم اوسکا سودمند نہین کوئی اثر نہین کرتا
ہی اور آخرت مین اوسکے لیے تعلیم وبال ہی بسبب ارشاد اللہ جلشانہ کے

لم تقولون مالا تفعلون کبر مقتا عند اللہ ان تقولوا مالا تفعلون
کیون کہتے ہو اون چیزون کو کہ خود نہین کرتے ہو اللہ کے نزدیک
بڑا گناہ ہی کہنا اون چیزون کا جو خود نہین کرتے ہو مگر علم کی تعظیم نہ
چھوڑنا چاہیے اور حال ایسے عالم بے عمل کا خدا کے حوالے
کرنا چاہیے اور اگر ممکن ہو تو نصیحت سے درگذر نہ کرے بسبب
آنحضرتؐ کے ارشاد کے فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم
بزرگی عالم کی اوس عابد پر جو عالم نہین ہی ایسی ہی جیسے بزرگی میری
تم مین کے ادنی شخص پر یعنی بزرگی علم کی بہت ہی اور بسبب اللہ
جلشانہ کے ارشاد کے تعمیل کے وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر
باہم نصیحت کرتے ہین امر حق کی اور باہم نصیحت کرتے ہین
صبر کرنے کی یہ ارشاد فرمایا خدا نے سورۂ عصر مین مومنون کی
صفت مین جو صالح ہین مستثنی انسان اہل خسران سے

لقولہ علیہ السلام العالم من یعمل بعملہ مثلیت عالم کی جاہل کے
ساتھ حکم مین باعتبار مرتبہ کے ثابت ہی بسبب آنحضرت کے
فرمان کے العالم من یعمل بعملہ عالم وہی ہی جو عمل کرتا ہی اپنے علم پر الف لام عالم کا

اس حدیث مین عہد کے لیے ہی اور مراد اس سے وہ عالم ہی
کہ جو آخرت مین درجات عالیہ اور اجر عظیم کا مستحق ہوا ور دنیا مین
اوسکے قول کی اتباع ہوا ور حدیث مذکور الصدر مین الف لام
واسطے جنس کے ہی عام اس سے کہ عمل کرنے والا اپنے علم پر ہو
یا نہو کیونکہ اوس جگہ علم کی فضیلت بیان کرنا مقصود ہی اور وہ غیر
عامل مین بھی موجود ہی اور اس جگہ غرض استحقاق اجر کے بیانکی ہی
تو یہ عالم بے عمل مین نا متصور ہی پس معارضہ دونون حدیثون مین نہین ہی

قال المولوی المعنوی کہا حضرت مولوی نے کہ اکمل اہل ولایت سے ہین
یعنی حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ نے اپنی مثنوی مین **شعر**

ای بسا ابلیس آدم روی ہست		پس بہر دستی نباید داد دست

بہت سے آدم صورت ابلیس سیرت ہین تو ہر ہاتھ مین ہاتھ نہ دینا چاہیئے
یعنی بدون دریافت احوال کماینبغی کے ہر کسی شخص کے ہاتھ مین جسکو
پارسا دیکھے ہاتھ بیعت کے واسطے نہ دینا چاہیے تا وقتیکہ اوسمین
ثبوت شروط بیعت کے حاصل ہونیکا کما حقہ نہ پہونچے کیونکہ اچھے
لوگون کے لباس مین بہت سے نالایق پوشیدہ ہوتے ہین لیکن

بدگمان ہوکر حیطۂ تعظیم سے اوسکے باہر نہونا چاہیئے کہ سعدی کہتے ہین علیہ الرحمہ

ہر کرا جامہ پارسا بینی | پارسادان و نیکمرد انگار

یعنی جس کسی کو لباس مین پارسا کے دیکھو تو اوسکو پارسا سمجھو اور نیکمرد

جانو وان یکون ماہرا فی طرق السلوک ومنکسر النفس لانہ اذا لم تکن

نفسہ منکسرۃ کیف یطلع علی زورہا ویدافع فسادہا ویدفع شرہا

اور بھی بیعت لینے کی شرطون مین سے یہ ہے کہ واقف کار ہو سلوک کے

طریقون سے اور اپنے نفس کو مار چکا ہو کیونکہ اگر وہ خود نفس کو مار

نہ چکا ہوگا کیونکر آگاہ ہوگا اوسکے مکرون پر اور اوسکے فساد پر کہ

وہ اتباع نفس کی وجہ سے خود بینی مین مبتلا ہے مثل او خویشتن گم ست

کرا رہبری کند ہوگا کیونکر شر نفس کو دفع کریگا کہ مغلوب طاقت دفع غالب

کی نہین رکہتا ہے اور کام بجز آزمودہ کار کے نہین نکل سکتا وینبغی

ان یکون مصاحبا السادات الصوفیۃ اور ضروری ہے پیر کو کہ لازم لیا ہو

اوسنے صحبت سرداران اہل تصوف کے وخادما للشیخہ ومجازا

منہ باخذ البیعۃ اور ضروری ہے پیر کو کہ اوسنے خدمت کی ہو اپنے پیر کی

یعنی تا امکان خدمت کرنے سے اپنے پیر کی باہر نہوا ہوا اور پیر سے بیعت لینے کی اجازت پائی ہو یعنی پیر نے اوسکو بے اوسکی طلب کے اجازت بیعت لینے کی دی ہو کہ طلب کرنا دلیل ہر ادعای لیاقت پہ اپنے اور پیر کا اجازت دیدینا محض طلب پر یا تو زجر کے واسطے ہر یا بخیال کمائی کے بوجہ اسکے کہ جانتا ہر کہ مرید بار توکل اور بار کسب کو اوٹھا نہیں سکتا ہر تو ایسی اجازت کا اعتبار نہیں ہر واللہ اعلم لانہ اذا لم یصحب الکوامل کیف یحصل لہ الکمال اسواسطے کہ اوسنے اگر کاملونکی صحبت نہیں پائی ہر کیونکر اوسکو کمال حاصل ہوگا اس جگہ استعمال کیف استفہامی کا انکار کے لیے ہر لان العادۃ قد جرت بان احدا اذا اراد ان یتعلم فنا لا یحصل لہ الا بصحبۃ صاحب ذلک الفن اسواسطے کہ عادت سکی جاری ہر اس پر کہ اگر کوئی شخص کسی فن کو حاصل کرنا چاہتا ہر تو وہ فن حاصل اور میسر نہیں ہوتا ہر اوس شخص کو مگر اہل فن کی صحبت اوٹھانے سے فکذلک ھنا ایسی ہی اس جگہ ہر کہ یہ بھی فن ہر فنون عالیہ سے تو تحصیل اسکی بھی صحبت کے بدون غیر ممکن ہر یہ دلیل ہر اس بات کی کہ اخذ بیعت کے صحیح ہونے کے لیے

اجازت بیعت لینے کی بے مانگے ہو اور وہ اجازت دیکے تو اس اجازت کا اعتبار نہیں ہے

صحبت شرط ہی وان لم یخدم الشیخ لم یرض عنہ فکیف یعطیہ کمالہ اور اگر خدمت
اپنے پیر کی نہ کریگا تو پیر اوس سے راضی نہوگا اور جس صورت مین راضی نہوگا کیونکر اپنا
کمال اوسے دیگا یعنی تعلیم کرنا اپنے کمال کا بغیر خوشنودی کے غیر متصور ہی تو یہ بھی
کمال بدون شیخ کی خوشنودی کے حاصل نہین ہوسکا یہ دلیل ہی خدمت کے شرط ہونیکی واذا اجازہ
الشیخ فعلم انہ صار علی مرتبۃ اخذ البیعۃ کما ھو عادۃ الاساتذۃ اذا
د اوا تلمیذا اعلی مرتبۃ یستطیع بھا تعلیم الغیر یأمرونہ بالتعلیم
فان لم یجزہ فعلم انہ لم یبلغ تلک المرتبۃ واللہ اعلم اور جب شیخ نے
اجازت دی اوسکو بیعت لینے کی تو معلوم ہوا کہ وہ شخص اس مرتبہ تک
پہونچ گیا کہ بیعت لینا اوسکو درست ہی جیسا اوستادونکی عادت ہی کہ
جب کسی شاگرد کو دیکھتے ہین ایسے مرتبہ پر کہ طاقت دوسرے کو
تعلیم کرنے کی رکھتا ہی تو اون شاگردون کو دوسرے کی تعلیم کرنے کا
حکم دیتے ہین تو اجازت نہ دینا پیر کا معلوم ہوتا ہی کہ وہ اس مرتبہ تک
نہین پہونچا ہی کیونکہ اوستاد اور پیر اپنے شاگرد اور مرید کا حال خوب
جانتے ہین واللہ اعلم لیکن اگر اپنے پیر کی حیات مین وہ شخص مرتبہ
اخذ بیعت تک نہ پہونچا ہوا اور بعد پیر کی وفات کے اوس مرتبہ پر پہونچا

تو اخذ بیعت کے جائز ہونے کے لیے پیر کے خلیفہ کی اجازت کافی ہی
کیونکہ حکم نائب کا وہی ہی جو حکم منیب کا ہو واللہ اعلم واما المرید
فینبغی ان یکون عاقلا بالغا لیکن بیعت کرنیکی
شرط مرید کے لیے تو لازم ہی کہ مرید ہونے والا عاقل ہو اور بالغ ہو
یعنی مجنون یا لڑکا نہو اور خفیف العقل مجنون کی مثل ہی تو جائز نہین ہی
دیوانے کی بیعت اور نہ طفل نابالغ کی اسواسطے کہ آنحضرتؐ نے
کسی مجنون سے بیعت نہین لی ہی اور جو لڑکا خواہش بیعت کی
کرتا تھا تو آنحضرتؐ اوسکے لیے برکت کی دعا فرماتے تھے اور بیعت
نہین لیتے تھے اور بھی انکے کسی عقد کا جیسے خرید فروخت ہو کوئی
اعتبار نہین بلکہ اون کا نکاح بھی ولی کی اجازت پر موقوف اور بیعت
کرنا بھی عقدونکی قسمون سے ہی کیونکہ اسمین بھی ایجاب و قبول کو دخل
ہی کہ جیسا طریقے مین بیعت کے آئیگا انشاء اللہ تعالی پس کیسے
اونکی بیعت معتبر اور مقبول ہوگی اور یہی صحیح قول ہی لیکن بعض مشایخ
نے بیعت لڑکے کی تبرکاً جائز رکھی ہی اور اگر کسی نے طفلی مین بیعت
کی ہو چاہیے اوسکو کہ اوسے اپنے پیر کے ہاتھ پر تجدید کرے

یا اوسکے خلیفہ کے ہاتھہ پر اگر پیر انتقال کرچکا ہو اسواسطے کہ اس
بیعت کی صحت پر کوئی دلیل نہین قائم ہی مترجم کہتا ہی حضرت
جدی و مرشدی قدس اللہ سرہ العزیز آخر عمر مین فرماتے تھے کہ لڑکے
نے اگر بیعت کی ہو اور بیعت کرنا اوسکو یاد ہو اور بعد بلوغ اوس
بیعت کو اوسنے جائز رکھا ہو تو یہ بیعت درست ہی اور اسی پر
حضرت قدس سرہ العزیز کا عمل تھا اور یہی قول مشائخ کا ہی چنانچہ
حضرت شیخ علی متقی نے اپنی وصیت مین مشائخ سے ایسا ہی
نقل کیا ہی اور جو قول کہ شرح و متن مین ہی یہ ظاہرا حضرت مولانا
شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کا اور اونکے متبعین کا ہی
نہ عامہ مشائخ کا دلیل اسپر صرف یہ حدیث ہی عرض علی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم صبی یبایعہ فمسح براسہ ودعا لہ بالبرکۃ
حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی قدس سرہ العزیز نے اس
مقام پر تحریر فرمایا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ
بن زبیر سے اوسوقت مین بیعت لی جبکہ ان کا سن سات برس کا تھا

کی ۱۲ منہ — برکت کی دعا — اور اوسکے لئے — ہاتھہ پھیر دیا — اوسکے سر پر — تو اوسنے — اصحاب آنحضرت کے — ایک بچہ کو بیعت — آنحضرت کے روبرو — پیش کیا — سلہ

اور اسی روایت کو اصابہ فی احوال الصحابہ مین ابن حجر نے بھی نقل کیا ہی
اور اسی طرح ثابت ہوا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت
جعفر بن زبیر رضؓ اور حضرت عبد اللہ بن جعفر رضؓ اور حضرت امام حسن رضؓ اور
حضرت امام حسین رضؓ اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے
بچپنے مین بیعت لی اسوجہ سے مشائخ بیعت صبی کو معتبر سمجھتے ہین
جبکہ وہ وقت بلوغ اپنی بیعت پر قائم رہے اور شاید یہی وجہ حضرت
قدس اللہ سرہ کو اس قول سے رجوع کرنیکی پیش آئی کما حققہ الاستاذ
فی رسالتہ اظہار الحق وان یکون سالم العقائد اور بھی بیعت کرنے کی
شرطون مین سے یہ ہی کہ مرید ہونے والے کے عقائد ٹھیک ہون
فلا تقید لفاسد العقیدۃ شیئا تو کوئی فائدہ نہین بیعت کرنے کا اوس
شخص کی جو بُری عقائد رکھتا ہی اہل سُنت کے مثل عقائد نہین
رکھتا یا کسی ایک صحابہ سے بھی منجملہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سوء ظن رکھتا ہے کیونکہ ایمان مین اوسکے خلل ہی اور جسکے ایمان
مین خلل ہی اوسکا کوئی عمل اوسکو فائدہ نہین بخشتا ہی اما طریقہا فانی
رایت شیخی انہ یامر من اراد البیعۃ ان یصلی رکعتین فی الاولی الفاتحۃ

آیۃ الکرسی وفی الثانیۃ الفاتحۃ ومن الرسول الی اخر السورۃ

ور لیکن بیعت کرنے کا طریقہ جو مین نے (یعنی حضرت جدی مرشدی

مولانا شاہ عبدالرزاق قدس سرہ العزیز نے) دیکھا اپنے پیر کو

یعنی حضرت مولانا حافظ شاہ محمد عبدالوالی قدس سرہ العزیز کو

کہ جو شخص بیعت کرنا چاہتا اوس سے فرماتے کہ دو رکعت نماز

نفل پڑھے اول رکعت مین سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی یعنی

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم سے ھو العلی العظیم تک پڑھے اور

دوسری رکعت مین بعد الحمد کے امن الرسول آخر سورۂ بقر یعنی

فانصرنا علی القوم الکافرین تک پڑھے وان لم یحفظ فیقرأ فی

کلا الرکعتین بسورۃ الاخلاص اگر یہ دونون آیتین اوسکو یاد نہون

تو دونون رکعتون مین سورۂ اخلاص یعنی قل ھو اللہ ایک ایک بار

پڑھے مترجم کہتا ہی حضرت ابی ومرشدی مولانا حافظ حاجی شاہ

محمد عبدالوہاب صاحب مد اللہ ظلہ العالی نے ارشاد فرمایا کہ حضرت قبلہ

عالم مولانا حافظ محمد عبدالوالی قدس سرہ العزیز کی عادت یہی تھی جو مذکور

ہوئی اور حضرت قبلہ مولانا حافظ شاہ عبدالرزاق قدس سرہ العزیز کا طریقہ

یہ تھا کہ اگر آیتین مذکور یاد نہوتین تو قل یاایہا الکافرون اور قل ھو اللہ احد
پڑھنے کو ارشاد فرماتے اور اگر قل یاایہا الکافرون نہ یاد ہوتی تو سورۂ
اخلاص دونون رکعتون مین پڑھواتے اور نیت نفل توبہ کرنے کا
حکم فرماتے ثم جلسہ مستقبل القبلۃ جلسۃ الصلوٰۃ پھر مرید کو
روبقبلہ بٹھاتے جیسے نماز کی نشست ہی جلسہ بکسر جیم بمعنی ہیئت
نشست کے ہی اور ہا واسطے نوع کے ہی مترجم کہتا ہی
مین نے حضرت جدی و مرشدی قدس سرہ العزیز کو دیکھا ہی کہ روبقبلہ
بٹھانے مین چندان اہتمام نہ فرماتے تھے بلکہ بے قبلہ رو بٹھے بھی
بیعت لیتے تھے دیا خذ بیدہ کالمصافحۃ فیقرئہ پھر مرید کا ہاتھ پکڑتے
جیسے مصافحہ مین ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑا جاتا ہی مترجم کہتا ہی حضرت
جدی و مرشدی قدس سرہ جب کسی سے بیعت لیتے تو اپنا ایک ہاتھ
درمیان مین اوسکے دونون ہاتھون کے دیتے اور دونون انگوٹھے
مرید کے موافق قینچی کے رکھوا کر درمیان اون دونون کے اپنا
انگوٹھا رکھتے ایسا ہی دیکھا ہی اور سنا ہی مین نے حضرت ابی و مرشدی
مدظلہ سے پھر پڑھاتے مرید ہونے والے کو یہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا اَوْ عَلَانِیَةً
وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ

لَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ بخشش چاہتا ہون مین
اپنے پروردگار سے ہر گناہ کی کہ اوسکو مین نے قصدا کیا یا خطا
پوشیدہ یا ظاہر اور توبہ کرتا ہون مین اون گناہون سے جنکو مین
جانتا ہون اور اون گناہون سے جنکو مین نہین جانتا ہون اور تو
زیادہ جانتا ہی پوشیدگیون کو چونکہ استغفار کے سبب سے توجہ خدا کی
اس استغفار کرنے والے کیطرف حاصل ہوتی ہی بدلیل قول خداوند
عالم کے فاذکرونی اذکرکم یعنی ذکر کرو تم میرا ذکر کرون مین تمھارا
اسواسطے غیبت سے طرف خطاب کے رجوع کر کے کہا تو ہی
زیادہ جاننے والا ہی پوشیدگیون کو تفہیمہ معناھا پھر سمجھاتے مرید کو
معنی اس استغفار کے تفریقۃ پھر پڑھاتے مرید کو اِنَّ الَّذِیْنَ

یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ
فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰی نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ

اَجْرًا عَظِیْمًا یعنی تحقیق جو لوگ بیعت کرتے ہین تمھاری ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم

یون ہی ہو کہ بیعت کرتے ہین وہ خدا سے خدا کا ہاتھ اونکے ہاتھون پر
ہو یعنی رسول کے ہاتھ کا حکم خدا کے ہاتھ کا ایسا ہو نہ یہ کہ خدا کے
کے لیے جسم ہو معاذ اللہ تو جب بیعت خدا سے اون لوگون نے
حاصل کر لی تو جس نے توڑ ڈالا اوس بیعت کو وبال اوس بیعت
توڑنے کا نہوگا مگر اوسکی ذات پر اور بیعت لینے والون کا کوئی ضرر
نہوگا اور جس شخص نے اپنے عہد کو پورا کیا جو خدا سے اوسنے کیا تھا
تو قریب ہو کہ خدا دیگا اوسکو بڑا اجر اگرچہ شان نزول اس آیت کا اہل
بیعت الرضوان کے حق مین ہو مگر حکم اس کا اوسی بیعت الرضوان
پر منحصر نہوگا مثل تمام احکام کے کہ منحصر شان نزول پر نہین ہوتے
ہین بدلیل قول اللہ تعالی فاعتبروا یا اولی الابصار مگر یہ کہ کوئی دلیل
اوسکے خصوص پر وارد ہو اور اس جگہ ایسا نہین ہو اور بھی دلالت
کرتا ہو مخصوص نہونے پر اس آیت کے بیان فرمانا آنحضرتؐ کا
اس حکم کو بیعت عقبہ مین جیسا کہ اوپر گذرا واللہ اعلم ثم یفھم
معناھا پھر بعد پڑھوانے اس آیت کے سمجھاتے تھے معنی اس آیت
کے ثم یقول للمرید انی ادخلتك فی السلسلۃ القادریۃ بواسطۃ

الشیخ المولوی انوار الحق فقبلت فیقول المرید قبلت هکذا یقوله
ثلثا فیجیب المرید پھر فرماتے مرید سے کہ مین نے تمکو داخل کیا سلسلۂ
قادریہ مین بواسطے اپنے پیر مولوی انوار الحق قدس سرہ کے تو آیا
تم نے قبول کیا (کہتے اوسکو ساتھ کلمۂ خطاب کے مرید سے اسجگہ سے
حرف استفہام محذوف ہے اسواسطے کہ قرینہ سوال کا دلیل ہی
اسپر احتیاج ذکر کرنے کی نہین ہی) پھر مرید کہتا قبول کیا مین نے
(یعنی اپنا سلسلہ مین اس طریقے سے داخل ہونا) ایسے ہی تین بار مرید سے
فرماتے اور مرید اوسی طرحسے تین بار جواب دیتا وہی جواب ثم یدعو له
بالبرکة والتوفیق للخیر پھر دعا فرماتے مرید کے لیے واسطے برکت
اور توفیق خیر کے اور توفیق کہتے ہین مہیا ہونا اون اسباب کا جو مطلب
تک پہونچائین مترجم کہتا ہی چونکہ ہر شخص کو استغفار مذکور کے معنی تفصیلی
سمجھانے مین پراگندگی خاطر کا خیال ہوتا ہی اور مقصود توبہ مین حضور ہی
اور ہر شخص حافظ قران نہین ہوتا ہی اسوجہ سے آیت پڑھنے سے معذور
رہتا ہی اور شیخ مرید کے لیے حکیم ہوتا ہی اسواسطے بجاے معنی تفصیلی
استغفار کے اجمالی طور پر حضرت جدی و مرشدی قدس سرہ العزیز

فرماتے اس طور پر کہ تم نے سب گناہون سے توبہ کی مرید کہتا مین نے
سب گناہون سے توبہ کی ساتھہ اظہار ضمیر متکلم کے اور آیت کو خود
پڑھتے اور معنی اوسکے ساتھہ تفصیل کے ذہن نشین مرید کے کرتے
اور بعد اوسکے فرماتے تم کو حضرت غوث الثقلین غوث الاعظم میر
سید محی الدین شیخ عبدالقادر ابو محمد جیلانی کے سلسلہ مین داخل کیا تم نے
قبول کیا مرید کہتا مین نے قبول کیا ساتھہ اظہار ضمیر متکلم کے اور مجکو
حضرت جدی و مرشدی نے بوجہ صغر سنی کے توبہ گناہون سے نہین
کرائی تھی بلکہ وقت عقد بیعت کے ارشاد فرمایا کہ تم نے اپنی شراب توبہ سے
توبہ کی یہ ایک جامع لفظ ہی جو تمام اسنان انسانی سکے متعلق ہی اور حضرت
ابی و مرشدی مد اللہ ظلہ کا بھی یہی طریقہ رہا ہی جیسا کہ اوپر گذرا مگر بعد لفظ
شیخ عبدالقادر ابو محمد جیلانی کے سلسلہ مین اتنا اور بڑھا دیتے ہین اپنے
پیرونکی ہمت و قوت پر تمکو داخل کیا یہ کمال کسر نفس اور غایت تواضع کا
باعث ہی بعد اوسکے دعا مانگتے اور اپنے عصیان سے استغفار کرتے
اوسکے بعد اوس مرید کے واسطے اور دیگر مریدون کے لیے اور اپنے
پیر بھائیون کے لیے اور بعد اوسکے عام اس سلسلہ علیہ قادریہ کے

متوسلین سکے واسطے دعا کرتے بعد اوسکے کل سلاسل جو حضرت سالتمآب
صلی اللہ علیہ وسلم تک ہو پہنچتے ہین اونکے متوسلین سکے واسطے دعا مغفرت
کی کرتے پھر اپنے واسطے یہ طلب کرتے کہ مجھے انسے شرمندہ نکرنا وقت
نزع کے قبر مین وقت سوال منکر نکیر کے حشر مین نشر مین میدان قیامت
مین وقت حساب کے میزان پر پل صراط پر جنت مین کسی مقام پر انسے
شرمندہ نکیجیو اوسکے بعد کچھ شیرینی اور تھوڑے پانی پر فاتحہ پیران
سلسلۂ علیہ قادریہ کا دیتے بعد فاتحہ کے تین گھونٹ پانی خود پیتے
اور مرید سے فرماتے کہ تم بھی پیو اور اونکو بھی پلاؤ اور شیرینی نیاز کی
مرید کے دونون ہاتھون مین تین مرتبہ کر کے دیتے اور اوسی وقت مرید کا نام
پوچھتے اور اوسکے بعد اپنا دستخط شدہ شجرہ عنایت فرماتے اور
دوسرے سلاسل مین جو بیعت لیتے تو اسی طریقہ سے مگر سلسلہ مصافحہ
کی بیعت مین بعد بیان کرنے کیفیت مصافحہ حضرت مولانا
بحر العلوم قدس سرہ کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس
آیت کو پڑھتے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَ
جَاهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اور اسکے معنی مرید کو سمجھاتے یعنی

اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور ڈھونڈھو اوسکی طرف تم وسیلہ اور کوشش
کرو خدا کی راہ مین یقینی تم فلاح پاوٗگے اور جب شجرہ دیتے تو اوسکے
پڑہنے کا حکم فرماتے اور فرماتے کہ میان دنیادار کے یہان اگر تم روز
سلام کرنے جاتے ہو تو اوسکو تمھارا خیال ہوجاتا ہی تو اگر تم پیرون کو
روز یاد کروگے تو کیونکر اونکو تمھارا خیال نہوگا اور طریقہ شجرہ پڑھنے کا
خود تعلیم نہین کرتے تھے اور فرمادیتے تھے کہ میان عبد الوہاب سے
جاکر پوچھ لو اور علت اسکی یہ تھی کہ ہر مرید کو چاہیئے کہ اپنے پیر کے نام کو
اول سب پیرون کے نام کے بعد عبارت شجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت
وفرعہا فی السماء کے پڑھے پیرون کا ادب اپنے پیرون کے ساتھ
نہین چاہتا ہی کہ اپنا نام خود سے اپنے پیرون کے نام کے اوپر داخل کرین
یہی وجہ تھی کہ شجرہ کی تعلیم خود نہین فرماتے تھے اور شجرہ پڑھنے والیکو
چاہیے پڑھتے وقت دستخط اپنے پیر کا اور عبارت بدانکہ حضرت
معروف کرخی را الخ کو نہ پڑہے ایسا ہی سنا ہی مین نے حضرت ابی و مرشدی
مولانا حافظ حاجی شاہ عبد الوہاب صاحب مد اللہ ظلہ العالی سے واللہ اعلم

وکتب الشیخ ولی اللہ فی رسالتہ الموسومۃ بالقول الجمیل فی سواء السبیل

اور شیخ ولی اللہ محدث دہلوی نے اپنے رسالہ مین جو مشہور قول جمیل
فی سواء السبیل ہو لکھا ہو اما المسئلة السابعة فاعلم ان اللفظ
المانور عن السلف عند البیعة ان یخطب الشیخ الخطبة المسنونة
لیکن مسئلہ ساتوان (مولوی صاحب موصوف نے اپنے ایک سوال
مین چند مسئلہ جمع کیے ہین اور جواب مین تفصیل ہر ہر مسئلہ کی علیحدہ علیحدہ
کی ہو تو جو ساتوان مسئلہ تھا اوسکا یہ جواب ہی) تو جاننا چاہیے کہ لفظ جو
نقل کیگئی ہو اگلے بزرگون سے بیعت لینے کے وقت وہ یہ ہو کہ پیر
بیعت لینے کے وقت خطبہ مسنونہ پڑھے اور وہ خطبہ یہ ہی الحمد
للہ نحمدہ و نستعینہ و نستغفرہ و نعوذ باللہ من شرور انفسنا
ومن سیئات اعمالنا من یهد اللہ فلا مضل له ومن یضلله
فلا هادی له واشهد ان لا اله الا اللہ واشهد ان محمدا عبده
ورسوله وصلی اللہ علیه وعلی آله واصحابه وبارک وسلم
تمام افراد حامدیت اور محمودیت کے خدا ہی کے لیے ہین ہم مسلمان
لوگ اوسی کی تعریف کرتے ہین اور اوسی سے مدد چاہتے ہین اور اوسی سے
بخشش طلب کرتے ہین اور خدا کے ساتھ پناہ ڈھونڈھتے ہین ہم برائیون سے

اپنے نفسونکی اور اپنی بدکرداری سے کہ وبال اوس بدکرداری کا ہم پر نہ پڑے اور خدا اونکو معاف کردے اور کرنے سے اونکے ہم کو محفوظ رکھے جسکو خدا راہ پر لاتا ہی تو کوئی نہین ہی اوسکو گمراہ کرنے والا جسکو خدا نے گمراہ کیا تو کوئی نہین ہی اوسکو راہ پر لانے والا یعنی راہ لگانا اور گمراہ کرنا سب اللہ ہی کے ہاتھ مین ہی بے اوسکی مشیت کے کوئی کسیکو نہ گمراہ کرسکتا ہی نہ راہ پر لاسکتا ہی جیسا کہ خداوند عالم خود فرماتا ہی یضل بہ کثیرا و یھدی بہ کثیرا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتا ہی قل لا املک لنفسی نفعا ولا ضرا الا ما شاء اللہ فرمادیجیے ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہین قدرت رکھتا ہون مین اپنی جان کے لیے نہ نفع کی نہ ضرر کی مگر جو اللہ چاہے اور گواہی دیتے ہین ہم کہ نہین ہی کوئی معبود سواے اللہ کے اور گواہی دیتے ہین ہم کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوسکے بندہ ہین اور پیغمبر اوسکے ہین درود پہونچاوے اونپر اور اونکی آل پر اور اونکے اصحاب پر خدا اور برکت کرے اونکی امت مین اور اولاد مین اونکی اور اعمال مین اونکی امت کے اور سلام پہونچاوے سب پر تلقین الایمان الاجمالی فیقول قل

امنت باللہ وبما جاء من عند اللہ علی مراد اللہ و امنت برسول اللہ

علی مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبرأت من جمیع الادیان

الی سوی دین الاسلام وجمیع الاسلام واسلمت واشہد ان لا

الہ الا اللہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ

پھر مرید کو ایمان اجمالی سکھائے تو کہے مرید سے کہ کہو ایمان لایا مین خدا پر اور ایمان لایا مین اوسپر جو خدا کی جانب سے آیا خدا کی مراد پر یعنی جو خدا نے بھیجا احکام یا قصص یا متشابہات لیکن علم اونکا حوالہ خدا کے ہی جو اوسنے اوسنے مراد رکھی ہی وہ برحق ہی اور ایمان لایا مین رسول خدا پر اور جو اونکی جانب سے آیا اونکی مراد پر جو آنحضرت صلعم نے فرمایا ہی اور جو مراد اوسمین آنحضرت صلعم کی ہی وہ برحق ہی درود و سلام خدا کا اونپر ہو اور بیزار ہوا مین سب دینون سے یعنی اون دینون سے جو سوائے اسلام کے ہین کہ دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور لفظ الی سوے دین الاسلام عبارت شیخ ولی اللہ محدث کی نہین بلکہ واسطے تفسیر کے زائد کی گئی ہی اور بیزار ہوا مین سب گناہون سے اور دین حق کا تابع ہوا مین اور گواہی دیتا ہون مین کہ کوئی معبود نہین سوائے خدا کے اور گواہی دیتا ہون مین کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوسکے بندہ اور اوسکے رسول ہین ثم یقول قل بایعت

علیہ وسلم بواسطۃ خلفائہ علی خمس شہادۃ ان لا الٰہ الا اللہ

وان محمدا رسول اللہ واقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ وصوم

رمضان وحج البیت ان استطعت الیہ سبیلا

پھر مرید سے کہے کہو بیعت کی مین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی
بواسطے اونکے خلفا کے یعنی خلیفہ اونکے خلیفہ کے بھی خلیفہ اونہین کے
ہوے کہ نائب کا حکم منیب کا ہی پانچ چیزون پر ایک یہ کہ گواہی دیتا
ہون مین کہ نہین ہی کوئی معبود بجز خدا کے اور یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول
اوسکے ہین دوسرے درستی نماز کی تیسرے ادا کرنا زکوٰۃ کا چوتھے
روزے رمضان کے رکھنا پانچوین کعبہ کا حج کرنا اگر قوت پاؤن اوسکی
یعنے فرضیت حج کی مشروط ہی قدرت رکھنے پر راہ طی کرنیکی
اور مہیا ہونا اسباب اور سواری کا اور حاصل ہونا راہ کی امن
کا اور اعضا کا درست ہونا یہ تقریر بیعت اسلام کی ہے

فائدہ جاننا چاہیے یہ پانچ فرض علمی اور عملی
ہین اگر ایک کا بھی ان پانچون سے منکر ہوگا تو کافر ہو جائیگا
اور لانا لفظ شہادت کا اقرار الوہیت باری تعالیٰ اور رسالت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اشارہ ہی اسکا کہنا کلمۂ توحید کا
اور اقرار رسالت کا اور عمل کرنا چارون اخیر رکنون کا گو علماً وعملاً فرض ہی
لیکن اول اصول ایمان سے ہی اور باقی ارکان اوسکے فروع سے ہین
پس تارک اوسکا اور منکر اوسکا دونون کافر ہونگے بسبب اسکے موکد ہونیکے
اور منکر ارکان باقیہ کا کافر ہوگا نہ تارک اوسکا بلکہ تارک ارکان چارگانہ کا فاسق
ہی اور کافر نہین ہی اگر انکار نہین رکھتا ہی پھر تمام عمر مین ایک ہی بار کلمہ شہادت
زبان پر لایا ہو تو مومنون کے زمرہ مین ہی تا وقتیکہ کوئی بات ایسی جو علامت
ہو اوس کلمہ کے انکار کی اوس سے سرزد نہو ثم یقول قل بایعت

رسول اللہ بواسطۃ خلفائہ علی ان لا اشرک باللہ شیئاً ولا اسرق

ولا ازنی ولا اقتل اولادی ولا اتی ببھتان افتریہ بین یدی ورجلی ولا اعصیہ فی معروف

پھر کہے کہ کہو بیعت کی مین نے رسول خدا کی بواسطۂ خلفاے آنحضرت صلعم کے
اس بات پر کہ شریک نہ کرونگا مین خدا کے ساتھ کسی چیز کو اور چوری نہ کرونگا
اور زنا نہ کرونگا اور اپنی اولاد کو نہ مار ڈالونگا اور بہتان کسی پر نہ باندھونگا
اور گناہ کسی چیز مشروع مین نہ کرونگا یہ تقریر ہی بیعت توبہ کی مولوی صاحب
موصوف نے دو بیعت کی تقریر پر اکتفا کی اسوجہ سے کہ کثیر الوقوع یہی بیعتین ہین

اور باقی بیعت التزام اور بیعت ترک الوجود کاملون کا کام ہی ہر شخص کو اوس سے
بہرہ نہین تقریر بیعت التزام کی یہ ہی کہ کہے بیعت کرتا ہون مین رسول خدا کی
بواسطہ اونکے خلفا کے اس بات پر کہ لازم کرتا ہون مین اپنے اوپر اتباع
رسول کی اور اونکے خلفا کی اور اتباع اپنے پیر کی کہ تا بمقدور اپنے خلاف
اونکے اقوال و افعال کے نہ کرون گا اور حیطۂ اطاعت سے اونکے باہر
نہونگا اور بیعت ترک الوجود کی یہ ہی کہ کہے بیعت کرتا ہون مین کہ کوئی
چیز کو موجود و مستقل نہ جانون گا اور اپنے کو نیست محض سمجھونگا اور ہر چیز کو
حوالہ ذات خدا کے کرونگا اور مستحسن یہ ہی کہ ہر بیعت مین تقریر اوس بیعت کی
زبان سے ادا کرے اور جمع کرنا سب بیعتون کا ایک عقد مین بھی جائز
ہی لیکن تقریر سب بیعتونکی کرنا چاہیے ہوگی ذکر یتلو الشیخ ھاتین الآیتین
پھر پیران دونون آیتون کو پڑھے یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَابْتَغُوْٓا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝
ای ایمان والو ڈرو تم اللہ سے اور ڈھونڈو اوسکی طرف کے لیے
وسیلہ کہ تم کو اوس شاہ تک پہونچا دے کیونکہ اول رفیق ڈھونڈھنا چاہیے
بعد اوسکے راہ اختیار کرنا چاہیے اور اوسکی راہ مین کوشش کرو

عمل کرنا ماموات پر اور بچنا منہیات سے نہ چھوڑو تاکہ چھوٹ جاؤ عتاب و

عقاب سے ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم

فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ ومن اوفی بما عاھد اللہ فسیؤتیہ

اجرا عظیما آیت کی تفسیر پہلے ہو چکی ہو تقریر کی حاجت نہیں ہی

ثم یدعوا للہ لنفسہ وللتلمیذ وللحاضرین پھر دعا کرے اللہ سے پیر اپنی

ذات کے لیے اور مرید کے لیے اور حاضرین مجلس کے لیے فیقول

بارک اللہ لنا ولکم ونفعنا وایاکم تو کہے خدا برکت دے ہمکو اور تمکو اور نفع

بخشے اللہ ہمکو اور تمکو اس امر مسنون سے کہ جو اس مجلس مین انعقاد پایا ہی

اور چاہیے کہ ضمیر جمع متکلم سے اپنی ذات کو اور مرید کو اور اپنے سب

اہل سلسلہ کو مراد لے اور ضمیر خطاب مین اہل مجلس کو مراد لے اور یہی

معمول ہر دعا مین ہی جو بیعت کے بعد مانگی جاتی ہی ولا باس ان یلقنہ

فیقول قل اخترت الطریقۃ النقشبندیۃ او القادریۃ

او الچشتیۃ المنسوبۃ الی الشیخ الاعظم والقطب الافخم

خواجہ نقشبند او الشیخ محی الدین عبد القادر الجیلانی

او الشیخ معین الدین السجزی اور کوئی حرج نہیں ہی

کہ پیر مرید کو تعیین سلسلہ کی تعلیم کرے تو کہے کہو اختیار کیا مین نے
طریقہ نقشبندیہ یا قادریہ یا چشتیہ یعنی وہ طریقہ جو منسوب ہی شیخ بزرگ
اور قطب سترگ خواجہ نقشبند یا شیخ عبدالقادر جیلانی یا شیخ معین الدین
چشتی سجزی کی طرف اور شیخ ولی اللہ نے اس عبارت مین نام سلسلہ
نقشبندیہ کا مقدم کیا ہی اور الفاظ تعظیم شان مین خواجہ نقشبند رحمہ اللہ
کے لائے ہین اسوجہ سے کہ وہ خود نقشبندی تھے اور عقد بعیت اوس
سلسلہ ہین رکھتے تھے اگرچہ اور دوسرے سلسلون سے بھی اجازت
اونھون نے حاصل کی ہی اور داب فقر کا یہ ہی کہ بجہت شدت محبت
اور غلبہ عقیدت کے اپنے اہل سلسلہ کو دوسرون پر معظم رکھتے ہین
ورنہ حقیقت ہین افضل اور اولی سب اہل طریقت سے حضرت شیخ الشیوخ
قطب الاقطاب غوث الاعظم مولانا مولی العالم عبدالقادر محی الدین
جیلانی ہین کہ مراتب عاشقیت اور معشوقیت پورے پورے رکھتے تھے
بخلاف دوسرون کے واللہ اعلم اللھم ارزقنا فتوحھا واحشرنا
فی زمرۃ اولیائھا برحمتک یا ارحم الراحمین ای خداوند روزی کر
مجکو فتوح کی اس سلسلہ کے اور اوٹھا قیامت کے روز ہمکو گروہ مین

اس سلسلہ کے اولیا کے طفیل سے اپنی رحمت کے ای بڑے رحم کرنیوالے
تمام رحم کرنے والون سے ضمیر کو اس دعا کی راجع کرنا چاہیے اوس سلسلہ کی
جانب جسمین بیعت ہو فائدہ جو کچھ مذکور ہوا مردونکی بیعت کا طریقہ تھا

اب احوال عورتونکی بیعت کا بیان کیا جاتا ہی ۔ اما بیعۃ النساء فطریقہا

مختلف بین المشائخ اور لیکن عورتونکی بیعت تو طریقہ اوسکا مختلف ہی
مشائخ فقر مین بعضے بیعت اونکی مصافحہ کے ساتھہ مثل مردون کے
بیعت کیے لیتے ہین لیکن اس صورت مین غیر محرم کا ہاتھہ چھونا لازم آتا ہی
اور بعضے عورت کو علحدہ بٹھاتے ہین اور خود علحدہ بیٹھتے ہین اور کلمات
بیعت کے زبان سے کہتے ہین فقط تو اس صورت مین ہاتھہ پکڑنا پایا
نہین جاتا ہی اور بعضے کپڑا لیتے ہین اس طرحپر کہ ایک کونہ اپنے ہاتھہ مین
رکھتے ہین اور دوسرا کونہ اوس عورت کو جو بیعت کرتی ہی دیتے

ہین و الاحب ما قال الشیخ ولی اللہ فی القول الجمیل اما بیعۃ النساء

فبان لا یکون مساسا للاجنبیۃ فانہ محرم یاخذ الشیخ طرف ثوبہ

والتی تبایع طرفہ الاخر واللہ اعلم اور خوشتر ین طریقہ عورتون کی بیعت کا
یہ ہی جو شیخ ولی اللہ محدث دہلوی نے اپنے رسالہ قول جمیل مین فرمایا ہی

لیکن عورتونکی بیعت تو اسطرح چاہیے بیعت لینا کہ نہ لازم آ‌ئے چھونا اجنبی غیر
محرم کا کیونکہ چھونا غیر محرم کا حرام ہی پکڑے پیر کو نہ کپڑے کا اور عورت بیعت
کرنیوالی دوسرا کو نہ اس صورت مین چھونا غیر محرم کا اور چھوڑنا ہاتھ پکڑنے کا
دونون نہین لازم آئے اسوجہ سے کہ اگرچہ حقیقت مین اوسکا ہاتھ نہین پکڑا ہی لیکن
اوس چیز کو پکڑا ہی کہ جو اوسکے ہاتھ مین ہی ایسی گرفت ان جگہون مین کافی ہی
واللہ اعلم بعض نسخون مین قول جمیل کے لایکون مساسا للاجنبیۃ فانہ حرام سے
عبارت متروک ہی اور بعضے نسخون مین لکھی ہی زیادتی اوسکی عبارت فقیر یعنی حضرت
جدی و مرشدی قدس سرہ العزیز کی نہین ہی فقط انتہی تمام ہوا کلام شیخ محدث کا

و یقرئ ایضا یاَیُّھَا النَّبِیُّ اِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ یُبَایِعْنَكَ عَلٰی اَنْ لَّا
یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَیْئًا وَّلَا یَسْرِقْنَ وَلَا یَزْنِیْنَ وَلَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَھُنَّ وَلَا یَاْتِیْنَ
بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ
فَبَایِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

اور بھی پڑھ لے پیر یعنی ہمراہ اون دونون آیتون کے کہ جو مذکور ہوئین
مردونکی بیعت مین بیعت کرنیوالی عورتونکو یاایھا النبی اذا جاءك المومنات پوری آیت
نزول اس آیت کا فتح مکہ کے دن ہوا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مردونکی بیعت

لینے سے فارغ ہوے متوجہ ہوے عورتون سے بیعت لینے کی طرف تو
اللہ تعالی نے اونکی بیعت کا طریقہ اپنے کلام سے بیان فرمایا ای نبی صلی اللہ
علیہ وسلم جب آئین آپ کے پاس مسلمان عورتین کہ بیعت کرین آپ کے ہاتھ پر
اس بات کی کہ شریک نہ کرینگی خدا کے ساتھ کسی چیز کو اور کسی کے مال مین
چوری نہ کرینگی اور زنا نہ کرینگی اور اولاد کو اپنی نہ مار ڈالینگی (تو حفظ جان
اولاد کا حسب وسعت واجب ہی تو اگر شوہر دایہ رکہنے کی طاقت نہین رکہتا
ہی تو عورت پر اولاد کو دودہ دینا واجب ہی جیسا کہ کتب فقہ مین ہی) اور بہتان
کسی پر اپنے جی سے نہ باندہینگی اور ناحق تہمت کسی پر نہ کرینگے اور تجاوز
نکرینگی آپ کے حکم سے مشروع کامون مین (اس جگہ لفظ معروف تنبیہ ہی
اس بات پر کہ اطاعت مخلوق کی خلاف شرع امور مین جائز نہین ہی کیونکہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ممکن نہین ہی کہ وہ نامشروع کام کا حکم
فرمائین بدلیل قول خدای تعالی وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی
نہین بولتے ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جی کی خواہش سے
نہین ہی وہ قول آنحضرت کا مگر وحی کہ اللہ کی طرف سے بہیجی گئی آنحضرت
کی طرف تو جائز نہین ہی اتباع پیر کی اون فعلون مین جو بظاہر شرع کے

خلاف مین جب تک کہ اونکی حکمت تک نہ پہونچے اور قدرت اوسکو اون
چیزون کے اینکا ب کی ساتھ موافقت شرع کے حاصل نہوے تو
ای حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیعت لیجیے اونکی یعنی ضامن ہوجیے اونکے
ثواب پانے پر بعوض پورا کرنے ان چیزون کے جیسا کہ بیضاوی مین لکھا ہو
بخشش مانگیے اونکے لیے خدا سے تحقیق خدا بخشنے والا ہو گنہگارون کو
اور رحم کرنے والا ہو ضعیفون پر مترجم کہتا ہو حضرت جدی مرشدی
قدس سرہ العزیز کا طریقہ عورت سے بیعت لینے کا یہ تھا کہ کپڑے کا ایک کنارہ
اوس عورت کے ہاتھ مین دیتے تھے اور دوسرے کنارے کو اپنے ہاتھ
مین لیتے تھے اور استغفار جو مذکور ہوا پڑھاتے تھے اور توبہ کرانیکے
بعد آیت یا ایہا النبی اذا جاءک المؤمنات اور ان الذین یبایعونک
خود پڑھتے تھے اور اوسکی تفسیر اونکو سمجھاتے تھے اور باقی وہی طریقہ
برتتے جو مردونکی بیعت مین گذرا اور بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہر طالب خدا
تہجد کی نماز اپنے اوپر لازم کرلے اسواسطے کہ یہ سنت موکدہ ہو اور یہی
باعث کشود کار کا ہوتا ہو خصوصاً سلسلۂ عالیہ رزاقیہ نوادریہ مین اسکی
پابندی بہت ہو چنانچہ حضرت قبلۂ عالم حضرت جدنا و مرشدنا مولانا

مولوی حافظ محمد عبد الوالی قدس سرہ العزیز بعد اخذ بیعت کے نماز تہجد اور چند اشغال بحسب استعداد مرید کے تعلیم فرماتے تھے اور نیاز گیارھوین شریف کی تاکید فرماتے تھے یہان تک ارشاد ہوتا تھا کہ کچھ ممکن ہو تو اپنے کھانے پہ نیاز دے سکے اور جو اسمین بھی عاجز ہو تو تھوڑا پانی ہی لیکے نیاز کر لیا کرے اور طریقہ نیاز حضرت سیدنا سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا خصوص تعلیم فرماتے تھے وہ یہ کہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورہ الم نشرح کا پڑھنا اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص ہو گیا اور گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھکے روح پر فتوح حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آل و اصحاب خصوصاً حضرت سیدنا عبد القادر جیلانی اور آپ کے والدین اور اولاد اور بہنون اور آپ کے پیر و مرشد کو ثواب بخشے جیسا کہ نام انکے اس رباعی مین کسی نے نظم کیے ہین

رباعی

سید و سلطان فقیر و خواجہ مخدوم غریب
بادشاہ و شیخ و درویش و ولی و مولائے

میر صالح فاطمہ ثانی اسامی والدین
بو سعید پیر ایشان مرد حق مرد خدا

زینب و بی بی نصیبہ خواہران حضرت ہمہ
بعد ازان فرزند ایشان جملگی جانانہ

آدمی بھی ارشاد کردیا کرتے تھے میان توکل بہت مشکل ہی بڑے بڑے لوگون کا
کام ہی اگر ہوسکے اس سے عمدہ کوئی چیز نہین ورنہ محنت مزدوری کرکے اکل حلال
حاصل کرنا چاہیے کہ اسمین بھی اللہ نے برکت رکھی ہی اور حضرت جدی
ومرشدی حضرت مولانا شاہ حافظ محمد عبد الرزاق قدس سرہ العزیز نے
بعد بیعت شغل کی تعلیم موقوف فرمادی تھی اوسکی مصلحت مین خود حضرت
قدس سرہ نے حضرت ابی مرشدی مد اللہ ظلہ سے ارشاد فرمایا کہ یہ وقت
بہت نازک ہی اسمین مرید سے تعمیل ارشاد پیر ہونا دشوار ہی فرائض
ہو جائین تو غنیمت ہی اوس وقت مین اور کچھ نہوتا تو مرید ایک آدھ مرتبہ
تعلیم شیخ کو برت لیتا تھا حکم نافرمانی سے محفوظ رہتا کہ بحکم اولی الامر منکم
اطاعت شیخ کی فرض ہی اور یہ وقت ایسا پر آشوب ہی کہ اسمین ایک بار
نقل کر لینا بھی نہین ہوسکتا ہی شیخ کی نافرمانی مین داخل ہوتا ہی اور شیخ
مرید کے لیے طبیب ہی اوسکے ہر مرض کا اور مزاج کا خیال کرنا ضرور ہوتا ہے
تو جو شخص خود خواستگاری کرتا تھا اوسکو آپ تعلیم فرماتے تھے موافق
اوسکے ظرف کے اور جو اشغال کہ آگے آوینگے وہ مبتدی کے واسطے
مین ہو اگر اللہ زیادہ توفیق دے تو مطلع الانوار مطالعہ کرکے موافق اوسکے

عمل کرنے اور یہی ارشاد اور ایسا ہی دستور حضرت ابی و مرشدی مولانا
ساعدنا حاجی شاہ محمد عبد الوہاب صاحب مدظلہ العالی کا ہو اور یہی واضح
رہے ہے کہ اذکار و اشغال مین اگرچہ رسائل کثیرہ تصنیف ہوتی ہین مگر مجرد
اون رسالون کے دیکھنے سے عمل کرنا چندان سودمند نہین اگر شیخ کامل مکمل
صاحب تصرفات تعلیم فرماوین تو وہ موجب وصول الی اللہ کا ہو بدون
اسکے اگرچہ دافع شیطان ہوتا ہو مگر حصول مقصود و وصول معبود
اوس سے نادر ہو چنانچہ حضرت [illegible]
شیخ شمس الدین صوفی امام جامع شیراز تمامی اوقات ذکر و تلاوت و انواع
عبادات مین مشغول رہتے تھے لیکن کسی سے تلقین ذکر حاصل نہ تھی
ایک روز عالم مشاہدہ مین یہ واقعہ دیکھا کہ ذکر اونکا بصورت نور متشکل
ہو کر منہ سے جدا ہو کر زمین مین چلا گیا اپنے دل مین کہا کہ یہ
علامت خیر کی نہین ہو کس لیے کہ اللہ تعالی فرماتا ہو الیہ یصعد الکلم
الطیب اور یہ مشاہدہ برخلاف اوسکے ہو یہ نقصان صرف اسی
وجہ سے ہو کہ مشائخ سے ذکر کی تلقین نہوئی پس مریدان شیخ [illegible]
بقلی قدس سرہ مین سے ایک مرید کی طرف رجوع کی اور تلقین [illegible]

اوسی شب اپنے ذکر کو بصورت نور مشاہدہ فرمایا کہ بلند ہوتا اور آسمانون کو طے کرتا جاتا ہے اور اوسکے پیچھے حضرت شیخ الشیوخ سے جہان پہونچے وہان پہونچی

ایسے ہی لطائف اشرفیہ مین ہے اما الاشتغال فان تقوم بعد نصف

اللیل فتصلی التہجد اثنی عشرۃ رکعۃ لیکن شغل جنکو ارباب فقر و توحید کیا کرسکتے ہین تو وہ یہ ہین کہ آدھی رات گذرنے کے بعد اوٹھے پھر نماز تہجد پڑھے زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتین اور کم سے کم دو رکعتین ہین اور بعضی روایت مین دس بھی مروی ہین اور بعضون نے آٹھ نقل کی ہین اور بعضون نے چھ اور بعضون نے چار بھی نقل کی ہین یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل مختلف تھا تو ہر شخص موافق اپنے علم کے قائل ہوگیا روایت پہلی یعنی بارہ رکعتین پڑھنے کی ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے جو جلۂ صحابہ اور رافقہ عبادلہ اربعہ رضی اللہ عنہم تھے اور اوسکی تحقیق تہجد کی نماز کی کیفیت کے بیان مین انشاء اللہ تعالیٰ آویگی و تقدم علیہا

اربع رکعات اخر رکعتین تحیۃ للوضوء واقرأ فیہما ما شئت و رکعتین شکرا

للقیام واقرأ فی الاولی اٰیۃ الکرسی و فی الثانیۃ اٰمن الرسول الی اٰخر السورۃ

اور قبل تہجد کی چار رکعتین سوائے ان بارہ رکعتون کے پڑھے دو رکعت

تحیہ وضوئی اور اوسمین جو صورت قرآن کی چاہے پڑھے جاننا چاہیے کہ
بعد ہر وضو کے پڑھنا دوگانہ تحیۃ الوضو کا مستحب ہو اور افضل ہو ادا کرنا
اوسکا قبل اعضاے وضو کے خشک ہونے سے جیسا کہ درمختار مین ہو

وندب رکعتان بعد الوضوء یعنی قبل الجفاف کما فی الشرنبلالیہ عن
المواہب اور مستحب ہو دو رکعتین پڑھنا بعد وضو کے قبل اعضا کے
خشک ہونے سے جیسا کہ شرنبلالیہ مین جو کتاب ہو فقہ مین مواہب سے
نقل کیا ہوا اور دو رکعت شکر القیام یعنی شکرانہ اسکا کہ خدا نے اوسکو قیام
شب پر مستعد کیا اور اسی وجہ سے شکر القیام نام رکھا گیا اور تجربہ مین
آیا ہو کہ اگر نماز تہجد بدون اسکے ادا کی جاتی ہو تو دوسری شب کو تہجد
پڑھنے مین کسل پیدا ہوتا ہو شمائل ترمذی مین ہو عن زید بن خالد
الجھنی انہ قال لارمقن صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال
فتوسدت عتبتہ او فسطاطہ فصلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکعتین
خفیفتین ثم صلی رکعتین طویلتین طویلتین ثم صلی
رکعتین وھما دون اللتین قبلھما ثم صلی رکعتین وھما
دون اللتین قبلھما ثم صلی رکعتین وھما دون اللتین قبلھما ثم

صلی رکعتین وھما دون اللتین قبلھما ثم اوتر فذلک ثلث عشرۃ رکعۃ

روایت ہو زید ابن خالد جہنی سے کہ تحقیق زید نے کہا کہ دیکھونگا مین نماز رسول خدا کی درود وسلام ہو اونپر کہا پس تھا مین تکیہ کیی آستانے حضور کے یا خیمہ پر (یہ شک مالک سے ہو کہ زید نے لفظ عتبہ بمعنی آستانہ یا فسطاط بمعنی خیمہ کہا اور مراد دونون سے خدمت عالیہ مین حاضر ہونے سے ہو) تو نماز پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دوگانہ کی پھر دوگانہ بہت دراز (کہ لفظ طویلتین یعنی دراز کو تین بار تاکید کے لیے کہا) پھر دوگانہ ادا کیا کہ درازی مین اگلے دوگانہ سے کم تھا پھر ادا کیا دوگانہ کہ جو اگلے دوگانہ سے کم تھا پھر ادا کیا دوگانہ جو اگلے سے کم تھا پھر ادا کیا دوگانہ جو اگلے سے کم تھا پھر وتر پڑھے تو یہ سب نمازین تیرہ رکعت ہوئین اسجگہ سے معلوم ہوا کہ دوگانہ خفیفہ کہ قبل ان چھ دوگانون کے تھا انمین داخل نہ تھا کیونکہ شمار مین سب کے لفظ ثلث عشرہ (یعنی تیرہ) لائے باوجود اسکے کہ مجموع ان سب کا دوگانہ سمیت اور وتر ملا کر پندرہ سے کم نہوگا بجز اسکے کہ دوگانہ خفیفہ کو علیحدہ نکرین اور کبھی کوئی متقدمین یا متاخرین سے تہجد کی نماز بارہ رکعت سے زیادہ

ہونے کا قائل نہین ہوا اور شاید کہ یہی دوگانہ شکر القیام ہو اور یہی شمائل ترمذی مین ہو عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قام احدکم من اللیل فلیفتتح صلوتہ برکعتین خفیفتین روایت ہو ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ روایت کرتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے جب تم مین کا کوئی طالب ہو [illegible] تہجد شب کو ادا کرنے کے لیے اوٹھے چاہیئے اوس کو کہ شروع کرے اول دو رکعت ہلکے دوگانے یعنی نماز تہجد کی [illegible] دو رکعت اور پھر نماز تہجد واجب ہے لیکن یہ امر ایجابی نہین ہو بلکہ استحبابی ہو کیونکہ اکثر صحابہ سے ترک بھی اسکا مروی ہو واللہ اعلم اول رکعت مین اس دوگانہ شکر القیام کے سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اللہ لا الہ الا ہو سے ہو العلی العظیم تک اور دوسری رکعت مین بعد فاتحہ کے آمن الرسول آخر سورہ تک پڑھے ایسا ہی مجکو اپنے پیر و مرشد افاض اللہ علینا فیوضہ سے پہونچا ہو

فاشرع فی التہجد ان شئت بالتسلیمتین بان تصلی ثمان رکعات بتسلیمتین وان شئت بثلث تسلیمات بان تصلی اربعا اربعا وان شئت بست تسلیمات بان تصلی مثنی مثنی وعلیہ العمل

پھر نماز تہجد بعد ان چار رکعت مذکورکے شروع کرے اگر چاہے تہجد کی نماز دو سلام کے ساتھ پڑھے اسطرح پر کہ آٹھ رکعتین ایک سلام کے ساتھ پڑھے اسواسطے کہ نماز تہجد جن روایتون سے آٹھ رکعتین مروی ہوئی ہین اکثر اونکی دلالت کرتے ہین ایک سلام کے ساتھ ادا ہونے پر اور بعضے دو سلام کے ساتھ ہونے پر جیسا کہ ابوداؤد اپنی کتاب سُنن مین ابی قتادہ سے روایت کرتے ہین اپنی سند سے قال یصلی ثمانی رکعات لا یجلس فیھن الا عند الثامنة فیجلس فیذکر الله ثم یدعو ثم یسلم تسلیما یسمعنا کہا ابی قتادہ رضی اللہ عنہ نے کہ آنحضرتؐ نماز پڑھتے آٹھ رکعت نہین بیٹھتے اون مین مگر آٹھوین رکعت مین یعنی سلام پھیرنے کے لیے پس ترک قاعدۂ تشہد ہر شفعہ مین لازم نہین آتا ہے پس بیٹھتے اور خدا کا ذکر کرتے یعنی تشہد پڑھتے پھر دعا مانگتے پھر سلام پھیرتے اور سُناتے ہمکو یعنی پکارکے لفظ سلام کے زبان مبارک سے فرماتے کہ ہم سنتے تھے اور چار رکعتین ایک سلام سے پڑھے تا کہ پوری بارہ ہوجائین اور جمع دونون روایتون مین ہوجاوے اور اگر چاہے تہجد کی نماز تین سلام سے پڑھے

اس طور پر کہ چار چار رکعتین پڑھے ابو عیسی محمد ترمذی رحمہ اللہ نے شمائل
مین روایت کیا ہو عن سعد بن ابی سعید المقبری عن ابی سلمۃ بن
عبد الرحمن انہ اخبرہ انہ سال عائشۃ کیف کانت صلوۃ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان فقالت ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم لیزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ یصلی
اربعا لاتسال عن حسنھن وطولھن ثم یصلی اربعا لاتسال عن
حسنھن وطولھن ثم یصلی ثلثا قالت عائشۃ قلت یا رسول اللہ اتنام
قبل ان توتر قال یا عائشۃ ان عینی تنامان ولا ینام قلبی
روایت کرتے ہین ابو عیسی سعید بن ابی سعید مقبری سے وہ ابی سلمہ
ابن عبد الرحمن سے کہ ابی سلمہ نے ابو سعید کو خبر دی اپنے دریافت
کرنے کی عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کسطرح پرتھی نماز رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کی رمضان مین فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے زیادہ
نہین کرتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ رکعتون سے تہجد کے
وقت نہ رمضان مین اور نہ غیر رمضان مین پڑھتے آپ چار رکعت نہ
پوچھ اوسکی خوبی اور درازی کو یعنی نہایت دراز اور بڑے خشوع وخضوع سے

ادا کرتے پھر پڑھتے چار رکعت نہ پوچھ اوسکی خوبی اور درازی کو یعنی
نہایت دراز اور بڑے خشوع و خضوع سے ساتھ ادا کرتے پس آٹھ
رکعتین ہوئین دو سلام کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے
نزدیک زیادہ آٹھ رکعت سے نہین ہین فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ
عنہا نے پھر ادا کرتے تین رکعتین کہا مین نے (یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے
رسول خدا سے کیا وتر پڑھنے کے قبل آپ سوتے ہین فرمایا آنحضرت
صلعم نے بہ تحقیق میری دونون آنکھین سوتی ہین اور دل میرا نہین سوتا
ہی یعنی احتمال وتر کے چھوٹ جانے کا نہین ہی دل میرا بیدار ہی تو
جو شخص وتر کے چھوٹ جانے کا خوف نہ رکھے اور تہجد کے وقت
اوٹھنے کا یقین رکھتا ہو تو اوسکو مستحب ہی کہ نماز وتر تہجد کے بعد پڑھے)
اور اگر چاہے تہجد کی نماز چھہ سلام کے ساتھ ادا کرے اس طور پر کہ
دو دو رکعتین پڑھے (جیسا کہ ترمذی نے کریب مولی ابن عباس رضی اللہ
عنہما سے روایت کیا ہی اور کریب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما
سے روایت کرتے ہین عن کریب عن ابن عباس رضی اللہ عنہما انہ
اخبرہ انہ بات عند میمونۃ وھی خالتہ قال فاضطجعت فی عرض الوسادۃ

واضطجع رسول الله صلی الله علیه وسلم فی طولها فنام رسول الله صلی الله
علیه وسلم حتی اذا انتصف اللیل او قبله بقلیل او بعده بقلیل
فاستیقظ رسول الله صلی الله علیه وسلم فجعل یمسح النوم عن وجهه
ثم قرأ العشر الآیات الخواتیم من سورة ال عمران ثم قام الی
شن معلق فتوضأ منه فاحسن الوضوء ثم قام یصلی قال
عبد الله بن عباس فقمت الی جنبه فوضع رسول الله صلی الله
علیه وسلم یده الیمنی علی راسی ثم اخذ باذنی الیمنی ففتلها فصلی
رکعتین ثم رکعتین ثم رکعتین ثم رکعتین ثم رکعتین ثم
رکعتین قال معن ست مرات ثم اوتر الحدیث
ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کریب کو خبر دی کہ رات کو ابن عباس
حضرت میمونہ کے یہان رہے جو ابن عباس کی خالہ اور آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ تھین ابن عباس نے کہا تو لیٹا مین
چوڑان مین بچھونے کی اور آنحضرت صلی لیٹے لمبان مین اوسی بچھونے
کی پھر آرام فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہانتک کہ آدھی
رات گذری یا کچھ کم آدھی رات آنے کے قبل یا تھوڑا بعد اوسکے بیدار ہوے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو نیند کے اثر کو اپنے چہرے سے دور
کرنے لگے یعنی دونون آنکھون کو ملتے تھے تا کہ نیند جاتی رہے پھر دس
آیتین سورۂ آل عمران کی آخر کی پڑھین یعنی ان فی خلق السموات
سے آخر تک پھر ایک مشکیزہ کی طرف کھڑے ہوے جو لٹکا تھا پھر
اوس سے وضو کیا اور اچھی طرح وضو کیا پھر نماز پڑھنے کھڑے
ہوے کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے تو مین کھڑا ہوا پہلو مین آپکے
پھر کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے داہنے ہاتھ کو میرے
سر پر پھیر پکڑا کان میرا داہنا پھر ملا اوسکو کیونکہ ابن عباس بائین جانب
آنحضرت صلعم کے کھڑے تھے اور ایک مقتدی کو امام کے داھنی جانب
کھڑا ہونا چاہیے تو آنحضرت صلعم کو ناپسند ہوا اسوجہ سے گوشمالی دی تا کہ
ایسا امر پھر نہ کرین جیسا کہ دوسری جگہ ابن عباس سے مروی ہی کہ
اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جانب چپ سے جانب راست
مین اپنے کھینچ لیا ملخص اس حدیث کا کتب فقہ مین بھی مذکور ہوتا ہی
کہ ابن عباس کو آنحضرت صلعم نے اپنے داھنی جانب نماز تہجد مین کھڑا کیا
اور ہدایہ مین مرقوم ہی ومن صلی مع واحد اقامه عن یمینه لحدیث

ابن عباس رضی اللہ عنہما فانہ علیہ الصلوۃ والسلام صلی بہ
واقامہ عن یمینہ جو شخص ایک مقتدی کے ساتھ نماز پڑھے تو مقتدی کو
اپنے داہنی جانب کھڑا کرے بسبب حدیث ابن عباس رضی اللہ
عنہما کے کہ نماز پڑھی آنحضرت صلعم نے ابن عباس کے ساتھ اور کھڑا
کیا اونکو آپ نے اپنی داہنی جانب اور چلپی حاشیہ شرح وقایہ مین ہی
بان یقوم عن یمینہ لانہ صلے اللہ علیہ وسلم صلی بابن عباس
رضی اللہ عنہما تھجد او اقامہ عن یمینہا یعنی طور کہ کھڑا ہو مقتدی امام کے
داہنی جانب اسلیے کہ نماز پڑھی آنحضرت صلعم نے ابن عباس رضی اللہ
عنہما کے ساتھ تہجد کی اور کھڑا کیا آنحضرت صلعم نے ابن عباس کو اپنے
داہنی جانب فرمایا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے پھر پڑہی آنحضرت صلعم نے
دو رکعتین پھر دو رکعتین پھر دو رکعتین پھر دو رکعتین پھر دو رکعتین پھر دو رکعتین
کہا معن نے جو اس حدیث کے راویون مین سے ہین کہ ابن عباس
نے لفظ رکعتین چھ بار کہا پس مجموع بارہ رکعت ساتھ چھ سلام کے
ہوئین پھر وتر پڑھے آنخضرت صلعم نے آخر حدیث تک (اسی پر یعنی
نماز تہجد دو دو رکعت پڑھنے پر عمل مشائخ کبار کا ہو اس واسطے

اولی یہی ہو سنن ابی داؤد مین ہو عن عبد اللہ بن عمران رجلا سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوۃ اللیل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ اللیل مثنی مثنی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہو کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا نماز شب کی کیفیت کو یعنی نماز تہجد کو تو فرمایا رسول خدا صلعم نے نماز شب دو دو ہین یہ دو دو ارشاد فرمانا بیان افضل کا ہو نہ کہ حصر کا کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز تہجد کا چار رکعت اور آٹھ رکعت پڑھنا بھی مروی ہو جیسا کہ اوپر گذرا اور بھی بارہ رکعت پڑھنے کی روایت ترمذی سے جو زید بن خالد جہنی سے مروی ہو اوپر گذری دلالت کرتی ہو تہجد کی دو دو رکعت پڑھنے پر واختلف المشائخ فی قرأتھا اور مشائخ نے قرأت مین تہجد کی اختلاف کیا ہو بعضھم یقرؤن فیھا سورۃ الاخلاص فی الاولی ثنتی عشرۃ مرۃ وینقصون فی کل رکعۃ مرۃ مرۃ حتی انھم یقرؤن فی الثانیۃ عشر مرۃ بعضے مشائخ قل ھو اللہ پڑھتے ہین اسطرح پر کہ پہلی رکعت مین بارہ بار اور کم کرتے جاتے ہین ہر رکعت مین ایک ایک بار یہانتک کہ بارھوین رکعت مین ایک بار پڑھتے ہین اس سبب سے

کہ قل ہو اللہ کے فضائل حدیث مین بہت وارد ہوے ہین حصن حصین مین مرقوم ہی قل ھو اللہ احد ثلث القرآن خ م ت ق تعدل ثلث القرآن خ د ت مس و قال عن رجل کان یقرء بھا لاصحابہ فی الصلوۃ اخبروہ ان اللہ یحبہ خ م س قل ہو اللہ احد تیسرا حصہ قرآن کا ہی (روایت کیا ہی اسکو بخاری اور مسلم اور ترمذی اور ابن ماجہ قزوینی نے) برابری کرتی ہی قل ہو اللہ تیسرے حصہ قرآن کو یعنی قل ہو اللہ ایک بار پڑھنا ثواب مین پورے قرآن کے تیسرے حصہ کے پڑھنے کے برابر ہی اسکو روایت کیا ہی بخاری اور ابوداؤد اور ترمذی اور حاکم نے مستدرک مین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نقل کیا گیا احوال اوس شخص کا جو نماز مین قل ہو اللہ پڑھتا تھا نماز مین جماعت کے ساتھ (یعنی امامت مین) آگاہ کرو اوسکو تحقیق خدا اوسکو دوست رکھتا ہی اسکو روایت کیا ہی بخاری اور مسلم اور نسائی نے اور تکرار قل ہو اللہ کی اسواسطے کرتے ہین کہ طول قیام کا حاصل ہو اور وہ بھی مستحب ہی جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے مفہوم ہوا اور پہلی رکعت مین تعداد بارہ کی اس سبب سے ہی کہ گھٹانا

ہر رکعت مین آسان ہو جاے کہ ہر شفعہ اپنے اگلے شفعہ سے کمتر چاہیئے
جیسا کہ زید بن خالد جہنی کی روایت سے معلوم ہوا و بعضھم یقرؤن
فی الاولی مرۃ ویزیدون ھکذا حتی فی الاخیرۃ اثنی عشرۃ مرۃ
اور بعضی مشائخ پہلی رکعت مین ایک مرتبہ قل ہو اللہ پڑھتے ہین اور
بڑہاتے جاتے ہین ہر رکعت مین جسطرح بعضے اول کم کرتے تھے
یعنی ایک ایک بار یہانتک کہ بارھوین رکعت مین بارہ بار پڑہتے ہین
ظاہر اس سورت کے لیے کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی ہی مگر یہ کہ زیادہ کرنے
مین ہر رکعت کی مشقت نفس کو ہوتی ہی اور نفس کو توڑنا ہی اون کو
مطلوب ہی واللہ اعلم و بعضھم یقرؤن فی الاولی سورۃ البروج
وفی الثانیۃ الطارق وفی الثالثۃ الاعلی وفی الرابعۃ الغاشیۃ
وفی الخامسۃ الشمس وفی السادسۃ الليل وفی السابعۃ الضحی
وفی الثامنۃ الانشراح وفی التاسعۃ الکافرون وفی العاشرۃ الاخلاص
وفی الحادیۃ عشر الفلق وفی الثانیۃ عشر الناس اور بعضے
مشائخ پہلی رکعت مین سورۂ بروج پڑہتے ہین اور دوسری رکعت
مین سورۂ طارق اور تیسری رکعت مین سورۂ اعلی اور چوتھی رکعت مین

سورۂ غاشیہ اور پانچوین رکعت مین سورۂ والشمس اور چھٹی رکعت مین
سورۂ واللیل اور ساتوین رکعت مین سورۂ والضحیٰ اور آٹھوین رکعت
مین سورۂ الم نشرح اور نوین رکعت مین سورۂ کافرون اور دسوین
رکعت مین سورۂ اخلاص اور گیارھوین رکعت مین سورۂ فلق اور
بارھوین رکعت مین سورۂ ناس اور اس طریقہ کو بعضے علمانے ہمارے
زمانے کے اختیار کیا ہی اسلیئے کہ اسمین مشقت بھی نہین ہی اور کم ہونا
ہر شفعہ کا ماسبق سے بھی حاصل ہوتا ہی اور یہ بھی طریقہ اولی ہی جیساکہ
روایت سے زید بن خالد جہنی کے مفہوم ہوا ہی و بعضہم لا یعینون
سورۃ وعلیہ عمل الفقیر اور بعضے مشائخ سورت کو مقرر نہین کرتے اور
اسی پر فقیر کا عمل ہی کہ مقرر کرنا ان طریقون مین سے کسی ایک طریقہ کا
جو مذکور ہوے حدیث مین بالتصریح وارد نہین ہوا ہی اور جو حدیث مین
وارد ہوا وہ تعیین بڑی سورتونکی وارد ہوئی ہی مین طاقت بجالانے کی
اوسکے نہین رکھتا ہون جیساکہ شمائل ترمذی مین وارد ہوا ہی عن
حذیفۃ بن الیمان انہ صلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من
اللیل قال فلما دخل فے الصلوۃ قال اللہ اکبر ذو الملکوت

والجبروت والكبرياء والعظمة قال ثم قرأ البقرة ثم ركع فكان
ركوعه نحوا من قيامه وكان يقول سبحان ربي العظيم سبحان ربي العظيم
سبحان ربي العظيم ثم رفع راسه وكان قيامه نحوا من ركوعه
وكان يقول لربي الحمد لربي الحمد ثم سجد وكان سجوده نحوا
من قيامه وكان يقول سبحان ربي الاعلى سبحان ربي الاعلى
سبحان ربي الاعلى ثم رفع راسه وكان ما بين السجدتين
نحوا من السجود وكان يقول رب اغفر لي رب اغفر لي حتى قرأ البقرة
وال عمران والنساء والمائدة او الانعام قال ابو عيسى
شعبة الذي شك في المائدة والانعام

روایت ہی حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے اونھون نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز شب کی یعنی تہجد کی پڑھی کہا حذیفہ نے
جب آنحضرتؐ نماز مین داخل ہوے یعنی تکبیر افتتاح کے وقت
فرمایا اللہ اکبر ذو الملکوت والجبروت والکبریاء والعظمہ پڑھی آنحضرتؐ نے
سورۂ بقر بعد اوسکے رکوع کیا اور آنحضرتؐ کا رکوع قریب قریب قیام
کے تھا یعنی رکوع کی درازی مناسب اور موافق تھی قیام کی درازی کے

اور آنحضرت صلعم رکوع مین پڑھتے تھے سبحان ربی العظیم اور اس کلمہ کو حذیفہ
رضی اللہ عنہ نے تین بار ذکر کیا اشارہ کیا اسطرف کہ رعایت عدد طاق
کی ہی حصر تین عدد مین نہین ہی اسوجہ سے کہ اوروںکی روایت سے
معلوم ہوتا ہی کہ درازی رکوع کی قیام کی درازی کے قریب تھی
اور قیام آنحضرت صلعم کا بہت دراز تھا تو حصر تین عدد پر مستلزم ہی کہ آنحضرت
نے سکوت کیا تین بار کہکر اور چپ رہنا آنحضرت صلعم کا رکوع مین کسی
روایت مین منقول نہین ہی پھر اوٹھایا آنحضرت صلعم نے سر یعنی رکوع سے
کھڑے ہوے اور قیام تھا آپ کا یعنی قومہ رکوع کا قریب رکوع کے
اور قومہ مین آنحضرت صلعم پڑھتے تھے لربی الحمد اسکو بھی حضرت حذیفہ نے
دو بار ذکر کیا یعنی مکرر کہتے تھے اور رعایت عدد کی اسمین بھی نہین کی
پھر سجدہ کیا آپ نے اور سجدہ کی درازی قریب آپ کے قیام کے
تھی یعنے قریب قومہ رکوع کی درازی کے تھی اور سجدہ مین کہتے
تھے سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی اسکو بھی حذیفہ رض نے تین بار ذکر کیا ہی مثل
سبحان ربی العظیم کے پھر سر اوٹھایا سجدہ سے اور درمیان دونون
سجدون کے جلسہ مین کہتے تھے رب اغفرلی یہ بھی دو بار مثل لربی الحمد کے

قومہ مین ذکر کیا یہان تک کہ پڑھی آنحضرت صلعم نے سورۂ بقر یعنی پہلی رکعت
مین اور سورۂ آل عمران یعنی دوسری رکعت مین اور سورۂ نسا یعنے
تیسری رکعت مین اور سورۂ مائدہ یا سورۂ انعام چوتھی رکعت مین
کہا ابو عیسی ترمذی نے کہ شعبہ نے شک کیا ہی مائدہ اور انعام مین یعنی
راویون نے اس حدیث کے سورۂ مائدہ ذکر کیا ہی اور شک نہین کیا ہی
اور شعبہ رواۃ معتبرہ سے اس حدیث کے ہین کہ ترمذی روایت
کرتے ہین واسطے سے محمد بن مثنی کے محمد بن جعفر سے دو واسطون سے
اور حذیفہ سے تین واسطون سے نقل کرتے ہین اس طور پر کہ شعبہ
عمرو بن مرہ سے اور وہ ابی حمزہ سے (کہ ایک مرد انصاری ہین) مرد عبسی سے
یعنی قبیلۂ بنی عبد قیس سے اور وہ حذیفہ سے اور بھی اس حدیث سے
اور جو اس باب مین حدیثین مذکور ہوئی ہین نماز تہجد کے طولانی ہونیکا
افضل ہونا معلوم ہوتا ہی واللہ اعلم بالصواب فائدہ اور بھی اس
حدیث سے مفہوم ہوتا ہی کہ نماز تہجد مین سوائے اذکار ماثورہ فرض کے
دوسرے اذکار بھی تھے اور ایسے ہی دوسری حدیث جو دلالت کرتی ہی
دعاؤن پر رکوع اور سجود کے (سوائے سبحان ربی العظیم اور سبحان ربی الاعلی

اور دعائین قومہ اور جلسہ وغیرہ کی بدون نفل کی قید کے وہ بھی محمول
نفل پر ہے اور فرض مین سوائے اذکار ماثورہ مخصوصہ کے نہ پڑھنا چاہیے
اور نوافل مین بھی لانا اذکار ماثورہ کے ساتھ اذکار متعارفہ کو اولی ہی
درمختار مین ہی باب صفۃ الصلوۃ مین ویجلس بین السجدتین
مطمئنا ویضع یدیہ علی فخذیہ کالتشہد منیۃ المصلی ولیس بینھما
ذکر مسنون کذا لیس بعد رفعہ من الرکوع دعاء کذا لایاتی فی رکوعہ
وسجودہ بغیر التسبیح علے المذھب وما ورد محمول علی النفل
اور بیٹھے دونون سجدون کے درمیان مین رکھے اپنے دونون ہاتھونکو
اپنی دونون رانون پر جیسے تشہد مین یہ منیۃ المصلی مین ہی اور نہین درمیان
ان دونون سجدون کے کوئی ذکر مسنون ایسا ہی نہین ہی بعد اوٹھنے
کے رکوع سے کوئی دعا اور ایسے ہی نہ پڑھے رکوع اور سجود مین
سوائے تسبیح کے مذہب مختار پر اور جو دعائین حدیث مین وارد ہوئین
وہ محمول ہین نفل پر اور اسی کتاب درمختار مین ہی باب کسوف مین
ویطیل فیھما الرکوع والسجود والقراۃ والادعیۃ والاذکار التی
ھی من خصائص النافلۃ اور طویل کرے ان دونون رکعتون مین رکوع کو

اور سجدہ کو اور قرأت کو اور دعاؤن کو اور اذکار کو بھی جو خصائص سے

نفل نماز ونکی ہین وان کان حافظا فالاحب عندھم ان یختم فیہا القرآن
اور اگر قرآن اوسکو یاد ہو تو مستحب ہی نزدیک مشائخ صوفیہ کے کہ
قرآن کو تہجد مین ختم کرے تا کہ دو فضیلت ایک ختم قرآن کی دوسری
نماز تہجد کی جمع ہون لیکن تین راتون سے کم مین ختم قرآن نکرے جیسا
کہ ذکر اوسکا آویگا انشاء اللہ تعالی مترجم کہتا ہی کہ حضرت جدی و
مرشدی نے ارشاد فرمایا ہی ہر سالک کو جسکو تعلق اس خاندان سے
ہو چاہیے جبکہ آنکھ کھلے اور تہجد کا قصد ہو تو بستر پر بیٹھکر آخر رکوع آل
عمران کا اِنَّ فِی خَلْقِ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ آخر سورہ تک پڑھے پھر
اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِکُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ
وَمَنْ فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُکَ
حَقٌّ وَلِقَاءُکَ حَقٌّ وَقَوْلُکَ حَقٌّ وَالْجَنَّۃُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ
وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقٌّ وَالسَّاعَۃُ حَقٌّ اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ
اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ
اَنْتَ رَبُّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ

وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ اِلٰهِیْ قَلْبِیْ مَحْجُوْبٌ وَنَفْسِیْ مَعْیُوْبَةٌ وَعَقْلِیْ مَغْلُوْبٌ
وَهَوَایَ غَالِبٌ وَطَاعَتِیْ قَلِیْلَةٌ وَمَعَاصِیْ كَثِیْرَةٌ وَلِسَانِیْ مُقِرٌّ بِذُنُوْبِیْ
فَكَیْفَ حَالِیْ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ اِغْفِرْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ
یَا سَتَّارُ یَا سَتَّارُ یَا سَتَّارُ پڑھے بعد وضو کے استنجے کو جاوے تو یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ
اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ جب استنجے سے فراغت کرکے نکلے بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ
بعد اس کے دعا مع بسم اللہ پڑھکر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ
ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ وضو کرتے وقت نیت وضو کی
کرے سطر پر نَوَیْتُ اَنْ اَتَوَضَّاَ رَفْعًا لِلْحَدَثِ وَاسْتِبَاحَةً لِلصَّلٰوةِ وَتَقَرُّبًا
اِلَی اللّٰهِ وَانْقِطَاعًا عَمَّا سِوَاهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ہاتھ دھوتے
وقت پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ
اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَاءَ

طَهُوْرًا وَالْاِسْلَامَ نُوْرًا پہلی کلی کرتے وقت پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّا
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ دوسری کلی کرتے وقت پڑھے اَللّٰهُمَّ اسْقِنِيْ
مِنْ حَوْضِ نَبِيِّكَ كَاْسًا لَا اَظْمَاُ بَعْدَهٗ اَبَدًا اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى تِلَاوَةِ ذِكْرِكَ
وَشُكْرِكَ وَتِلَاوَةِ كِتَابِكَ تیسری کلی کرتے وقت پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ اور ناک میں پانی ڈالتے وقت پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ
دوسری بار پڑھے اَللّٰهُمَّ لَا تُحَرِّمْنِيْ رَائِحَةَ نَعِيْمِكَ وَجَنَّاتِكَ اَللّٰهُمَّ
اَرِحْنِيْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَارْزُقْنِيْ مِنْ نَعِيْمِهَا وَلَا تُرِحْنِيْ رَائِحَةَ
النَّارِ پھر تیسری بار پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِ مُحَمَّدٍ منہ دھوتے وقت پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ
دوسری بار پڑھے اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ بِنُوْرِكَ يَوْمَ
تَبْيَضُّ وُجُوْهُ اَوْلِيَائِكَ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَسْوَدُّ وُجُوْهُ
اَعْدَائِكَ تیسری بار پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ داہنا ہاتھ دھوتے وقت پڑھے اَشْھَدُ
اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دوسری بار پڑھے اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ
بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا تیسری بار پڑھے
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ بائیں
ہاتھ دھوتے وقت پڑھے اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ
دوسری بار پڑھے اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ
ظَھْرِیْ تیسری بار پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سر کا مسح کرتے وقت پڑھے اَشْھَدُ
اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِکَ
اَللّٰھُمَّ غَشِّنِیْ بِرَحْمَتِکَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کانوں کے مسح کرتے وقت پڑھے اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ

الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ اَحْسَنَهٗ ۔ گردن کا مسح کرتے وقت پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّآ
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ
رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ داہنے پیر کے دھوتے وقت پڑھے
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
دوسری بار پیر دھوتے وقت پڑھے اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ
تَزِلُّ فِيْهِ اَقْدَامُ الْمُنَافِقِيْنَ تیسری بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ بائیں پیر کے دھونے کے وقت پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّآ
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ
دوسری بار دھوتے وقت پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَعْيِيْ مَشْكُوْرًا وَّذَنْبِيْ
مَغْفُوْرًا وَّعَمَلِيْ مَقْبُوْلًا وَّتِجَارَتِيْ لَنْ تَبُوْرَ تیسری بار پڑھے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ بعد تمامی وضو بے فاصلہ کلام پڑھے
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ
عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ
يَحْزَنُوْنَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ

الیک کہ پھر اَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ ایک بار پڑھے پھر مع بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ
کے سورہ اِنَّا اَنزَلْنَا تین بار پڑھے بعد اوسکے اگر روزہ دار نہو کھڑا ہوکر تین
گھونٹ بقیہ وضو سے پیے اسطرح پر کہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ کہکر ایک گھونٹ
پیے پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے بعد اوسکے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہکر دوسرا گھونٹ
پیے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِینَ کہے بعد اوسکے بسم اللہ الرحمن الرحیم
کہکر تیسرا گھونٹ پیے پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِینَ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ کہے
بعد اوسکے یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اشْفِنِی بِشِفَائِكَ وَدَاوِنِی بِدَوَائِكَ وَاحْفَظْنِی
مِنَ الْوَهَلِ وَالْاَمْرَاضِ وَالْاَوْجَاعِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ
اور اگر روزہ دار ہو تو بجاے پینے کے کلی کرے تین بار اسی طرح اور
بہتر ہو کہ جب وضو کرے یہ دعائیں پڑھ لیا کرے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو
کی پڑھے اور اوسمین جو چاہے سورت پڑھے پھر دوگانہ شکر قیام کا پڑھے
پہلی رکعت مین آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت مین للّٰہ ما فی السموات سے
آخر رکوع سورۂ بقرکا تمامی سورت تک پڑھے بعد اسکے نماز تہجد
شروع کرے بارہ رکعت چھ سلام سے پڑھے اسطرح پر کہ عروج ماہ کی شبون مین
پہلی رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے سورہ اخلاص ایک بار پڑھے اور ہر رکعت مین

ایک ایک بار بڑھاتا جائے یہانتک کہ بارھوین رکعت مین بارہ بار پڑھے اور نزول ماہ مین اس طرح پر کہ پہلی رکعت مین بارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور پھر اسی طرح پر ہر رکعت مین گھٹاتا جائے یہانتک کہ بارھوین رکعت مین ایک بار پڑھے اور بعد ہر سلام کے تین بار یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبِیْ اِلَیْکَ وَیَا مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ وَطَاعَتِکَ بعدہ ایک بار پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَفِیْ عَظْمِیْ نُوْرًا وَفِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَفِیْ شَحْمِیْ نُوْرًا وَفِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَفِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَفِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَفِیْ جَسَدِیْ نُوْرًا وَفِیْ مَنِیِّیْ نُوْرًا وَفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ مِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَاَمَامِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ مِنْ یَمِیْنِیْ نُوْرًا وَمِنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا وَمِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْنِیْ نُوْرًا وَاَعْطِنِیْ نُوْرًا وَاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا بعد اتمام بارہ رکعت نماز تہجد اور ان دعاؤن کے تین بار یہ دعا پڑھے اِلٰھِیْ قَلْبِیْ مَحْجُوْبٌ وَنَفْسِیْ مَعْیُوْبَۃٌ وَھَوَایَ غَالِبٌ وَعَقْلِیْ مَغْلُوْبٌ وَطَاعَتِیْ قَلِیْلَۃٌ

وَمَعَاصِیَّ کَثِیْرَۃٌ وَلِسَانِیْ مُقِرٌّ بِذُنُوْبِیْ فَکَیْفَ حَالِیْ یَا کَاشِفَ الْکُرُوْبِ
وَیَا غَافِرَ الذُّنُوْبِ یَا سَاتِرَ الْعُیُوْبِ اِغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ کُلَّھَا یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ
یَا غَفَّارُ یَا سَتَّارُ یَا سَتَّارُ یَا سَتَّارُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ
اور تین بار درود پڑھے اور اگر شغل کرتا ہو تو دوگانہ نفل اور پڑھے پہلی
رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے آیۂ محمد رسول اللہ والذین معه اشداء علی
الکفار آخر سورت تک اور دوسری رکعت مین آیۂ لا یستوی اصحٰب
النار واصحاب الجنة آخر سورہ تک پڑھے بعد سلام کے کہے ایک بار
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بعد ایک بار
یہ استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا
اَوْ عَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَا اَعْلَمُ
وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
بعدہ تین بار یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ بعد اوسکے
یَا سَیِّدَنَا وَشَیْخَنَا وَمَوْلَانَا عَبْدَ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ
اَمْدُدْنِیْ وَاَغِثْنِیْ فِیْ اِیْقَاظِ قَلْبِیْ وَاِنْجَاحِ حَاجَاتِیْ

وزد رہزن را بیک دم ساختی ابدال حق		ای شہ دنیا و دین بر حال عاصی کن کرم

یا محبوب آفاق سید شاہ عبد الرزاق ع یک نظر فرما کہ مستغنی شوم ز ابنای جنس
بعد اوسکے اگر پیر بقید حیات ہون تو اونکی سلامتی کے لیے دعا کرے
اور اگر وفات پا چکے ہون تو فاتحہ ہدیہ کرے اور اگر بیعت ایک سے
کی ہی اور تعلیم دوسرے سے پائی ہی تو اون معلّم کے لیے بھی ایسا ہی کرے
پھر ذکر و شغل مین مشغول ہو جسکو اپنے پیر یا معلّم سے حاصل کیا ہی جیسا کہ
بیان اوسکا شرح مین آتا ہی واللہ اعلم ثم یجلس جلسة الصلوة
او متربعا بان یاخذ بابھام رجله الیسری عضلة ماتحت
رکبته الیمنی وھکذا الرجل الیسری یابھامه الیمنی پھر بیٹھے
جسطرح نماز مین بیٹھتا ہی یعنی دو زانو یا چار زانو بیٹھے باین طور کہ بائین پیر کے
انگوٹھے سے داہنے پیر کے نیچے کے پٹھے کو جو گھٹنے کے نیچے ہی اور
ایسے ہی بائین پیر کے پٹھے کو داہنے پیر کے انگوٹھے سے پکڑے ایسے ہی
سُنا اور استفادہ کیا مین نے اپنے حضرت پیر و مرشد یعنی حضرت قبلۂ عالم
مولوی عبد الوالی قدس سرہ سے مترجم کہتا ہی کہ ایسے ہی سُنا اور
ایسے ہی سیکھا مین نے اپنے پیر و مرشد مولانا مولوی عبد الوہاب صاحب

مدظلہ العالی سے واللہ اعلم بعضے کہتے ہین کہ دوزانو بیٹھے اور داہنے پیر کی
پشت بائین پیر کے تلوے پر رکھے اور سب صورتون مین دونون ہاتھونکو
اپنے دونون زانو پر رکھے فیضرب حسبی علی القلب وربی علی ما یقابل
القلب من الیمین وجل اللہ بین یدیہ وما فی علی الیمین وقلبی علی القلب
وغیر اللہ بین یدایہ ونور علی القلب ومحمد علی الیمین وصلی اللہ بین یدیہ
ولا الہ الا اللہ یضرب علی طریقہ ساذکرہ ویفعلہ مائۃ مرۃ
پھر ضرب لگائے حسبی کی قلب پر کہ وہ بائین جانب ہر انسان کے جسم مین
اور ربی اوس جگہ پر جو مقابل قلب کے ہر دہنی جانب اور ضرب لگائے
کلمہ جل اللہ سامنے یعنی سر سینہ پر اور بعض لوگ کہتے ہین کہ کلمہ جل اللہ
کی ضرب ناف پر لگائے اور ضرب لگائے مافی کی داہنی جانب اور
قلبی کی قلب پر اور غیر اللہ کی سامنے اپنے مثل جل اللہ کے اور ضرب
لگائے کلمہ نور کی قلب پر اور اسم محمد کی داہنی جانب اور کلمہ صلی اللہ
سامنے اپنے اور ضرب لگائے لا الہ الا اللہ کی اوسکے طریقے پر جو
آگے مین بیان کرونگا اور چاہیئے کہ اس مجموع ذکر کو سو بار کرے مترجم
کہتا ہے ضرب لا الہ الا اللہ کی مثل باقی قلبی غیر اللہ کے بھی ہے ایسا ہی

حضرت ابی ومرشدی مدظلہ نے افادہ فرمایا ہی فائدہ جاننا چاہیے کہ
اختیار کرنا ہر لفظ کا ایک جانب کے ساتھ بسبب حکمت کے ہی اور وہ
یہ ہی کہ ضرب حسبی جانب قلب کے اشارہ ہی توکل کا اور حصول توکل کا استقلال
قلب کی وجہ سے ہی اور ربی داہنی جانب اشارہ ہی طرف تعظیم اسم جلالہ
کے اور جل اللہ سامنے اشارہ ہی حاضر وناظر ہونے اور قریب ہونیکا
خدا کے اور مافی واسطے نفی کے ہی اور ضرب اوسکی داہنی جانب
اشارہ ہی طرف مقصود ہونے اپنے وجود کے نفی کے اولاً کہ اس جانب کو
تقدیم ہی اور لفظ قلبی قلب پر بسبب مناسبت لفظ کے اختیار ہوئی
اور نور محمد واسطے تصفیہ دل کے قلب پر اور محمد بسبب آپکی عظمت
شان کے داہنی جانب اختیار کیا گیا بسبب اوسکے معظم ہونیکے
اور صلی اللہ سامنے اشارہ ہی پیش نہاد وجوب درود کا ذکر پر آنحضرت
کے بسبب ارشاد آنحضرت کے شقی عبد ذکرت عنده
ولم یصل علی بڑا سخت دل ہی وہ بندہ جسکے سامنے مین ذکر کیا
جاؤن اور وہ مجھپر درود نہ بھیجے واللہ اعلم اور نکتہ ضرب لا الہ الا اللہ
کا اوسکے موضع مین آجائیگا ثم یضرب ھو الاول علی الیمین ھو الآخر

على اليسار هو الظاهر ضربة ثانية هو الباطن على اللبة ساعة منه

پھر ضرب لگاے کلمۂ ہو الاول کو داہنی طرف اور کلمہ ہو الآخر کو بائین طرف

اور کلمۂ ہو الظاہر کو سامنے اپنے اور کلمۂ ہو الباطن سر سینہ پر اسکو سو بار

کہے فائدہ اس ضرب مین اشارہ ہی نیست ہونے پر تمام عالم کے

ازل سے ابد تک اور ہست ہونے پر ذات خداے تعالی کے اور

مخصوص نہونا کسی زمان یا مکان کے ساتھ اور محیط ہونا اوسکا ہر چیز کو

اور تخصیص کلمۂ ہو الاول کی داہنی جانب کے ساتھ اور ہو الآخر کی بائین

جانب کے ساتھ اور ہو الظاہر کی سامنے کے ساتھ اور ہو الباطن کی

سر سینہ کے ساتھ اسوجہ سے ہی کہ جانب راست کام کرنے مین مستقل ہی

اور معین ہی جانب چپ کو اور ابتدا داہنی جانب سے مسنون ہی اکثر

افعال مین مثل وضو و غسل اور کپڑے پہنتے اور گھر اور مسجد مین داخل ہونے کے

اور جانب چپ موخر ہی اور شی ظاہر روبرو ہوتی ہی اور ضرب باطن سر سینہ پر

اشارہ خود بخود اندرون کی طرف ہوتا ہی ثم یاخذ لا من خنصر یدہ

الیسری او من اللبة و یمد الی المنکب الایمن و یقول الله ھنا

و یضرب لا الہ من ھنا علی القلب ماتین پھر ابتدا کرے کلمۂ لا کو بائین ہاتھ کی

چھنگلیا سے جو بائین زانو پر رکھی ہی یا سر سینہ سے شروع کرے در صورت
تنگی وقت اور قلت فرصت کے اور نزدیک بعضون کے ناف سے
شروع کرے اور ىدلا کا کھینچ کے پہونچا وے داہنے کاندھے تک اور
کے اوس جگہ لفظ آلہ اور ضرب لگائے اِلّا اللہ اوس جگہ سے یعنی
کاندھے سے قلب پر اور چاہیے کہ اس ضرب کو دو سو بار کرے مترجم
کہتا ہی یہ طریقہ اوس وقت مین ہی جسوقت لاکو ناف سے یا سر سینہ سے
کھینچے اور اگر بائین ہاتھ کی چھنگلیا سے ابتدا کرے تو لا کھینچکر داہنے
ہاتھ کی چھنگلیا تک لائے اور وہان سے لفظ آلہ کو کھینچکر بائین کاندھے
تک پہونچا وے اور کاندھے سے اِلّا اللہ کی ضرب قلب پر لگاوے
ایسے ہی سنا مین نے حضرت ابی و مرشدی مدظلہ العالی سے فائدہ
اسجگہ ابتدا بائین چھنگلیا سے اس سبب سے ہی کہ احاطہ داہنے بائین
دونون جانب کا ہی اور اشارہ ہی اپنی نفی کا ساتھ تمامی ماسوا ے
اللہ جل شانہ کے اور اثبات وجود خدای تعالی کا اور اسی وجہ سے
اس ذکر کو ذکر نفی و اثبات کہتے ہین ثم یقول لا اِلٰہ کما مر و یضرب
اِلّا اللہ علی القلب اربعمائۃ پھر کہے لا اِلٰہ جیسا کہ گذرا اور ضرب لگائے

اِلَّا اللہ کی قلب پر چار سو بار واسطے تاکید اثبات ذات کے یعنی لا اِلٰہ

ایک بار کہکر اِلَّا اللہ اِلَّا اللہ چار سو بار بطور مذکور ضرب لگائے ثم یضرب اللہ

علی القلب ستمائۃ او ماتین و الفا پھر ضرب لگائے اسم اللہ

کی داھنے کاندھے سے قلب پر یعنی پہلے ایک بار لا الٰہ الا اللہ

بطرز مذکور ضرب لگا کر اسم جلالہ یعنی اللہ کی ضرب چھ سو بار یا بارہ سو بار

لگائے تاکہ قرار پائے عشق ھذا در نفی غیر اور اثبات حضرت حق کا تصور سے

حاصل کیا ہو ضرب مذکورہ سے ہم مانا اذ ھا حب اور جتنا زیادہ کرے

(سب طرق مذکورہ باعتبار گنتی کے) تو بہتر ہے کہ خدا کا ذکر موجب ہے تا ہر

خدا کے قرب کو بقولہ تعالی فاذکرونی اذکرکم یاد کرو میری یاد کرونگا مین

تم کو یعنی اگر ذکر میرا بجالاؤ مین تمکو اپنے سے قریب کرونگا تو جتنا زیادہ

قرب حاصل ہو بہتر ہو ثم یقوم و یاخذ من خنصر رجلہ الیسری لا الٰہ

و یمد الی منکبہ الایمن و یقول الا اللہ مرۃ و یضرب محمد من

ھنا علی القلب مائۃ مرۃ پھر کھڑا ہووے اور لیوے بائین پاؤن کی

چھنگلیا سے لا اِلٰہ کو اور کھینچے اوسکو داھنے کاندھے تک اور کہے

اوسی جگہ اِلَّا اللہ ایک بار اور ضرب لگائے اسم محمد کی کاندھے سے قلب پر

اسواسطے کہ اوپر گذر چکا ہی کہ محبت خدا کی مستلزم ہی حب رسول کو
اور علامت سے حب کی ہی محبوب سے ذکر کی کثرت کرنا شعر

اعد ذکر نعمان لنا ان ذکره		هو المسك ما کررته یتضوع

بار بار ذکر کرو نعمان کا کہ نام محبوب کا ہی اسلیے کہ ذکر نعمان مشک ہی
کہ جتنا زیادہ کیا جائیگا خوشبو زیادہ پیدا ہوگی اس ذکر کو کھڑے ہو کر
کرنا تعظیم کے سبب سے ہی اور خدا کی تعظیم مین فقط توحید اور اتباع
امر کی کافی ہی کہ اور اقسام تعظیم خدا کے احاطۂ طاقت بشریہ سے
باہر ہین تو ذکر خدا صرف بیٹھکر کرنا اختیار ہوا و اللہ اعلم ویضرب جالسا

فیاخذ من خنصر الید الیسری لا اله ویمد الی المنکب الایمن ویقول هنا

الا الله ویضرب محمد علی القلب مائة فیقول رسول الله بعد ذلك مرة

یا بیٹھے بیٹھے ضرب لگائے اس طور پر کہ شروع کرے بائین ہاتھ کی
چھنگلیا سے لا اِلٰہ کو اور کھینچے داہنے کاندھے تک اور کہے اوسی جگہ
اِلّا اللہ اور ضرب لگاوے اسم محمدؐ کی قلب پر سو بار پھر کہے رسول اللہ
ایک بار دونون صورتون مین لیکن اولی اور احب پہلا طریق ہی تعظیم کے
سبب سے مترجم کہتا ہی ایسے ہی افادہ فرمایا ہی اس فقیر کو حضرت

ابی ومرشدی مدظلہ العالی نے ثم یضرب علی الایمن ابوبکر و عمر

علی الایسر و عثمان بین یدیہ وعلی علی القلبۃ احدی عشرۃ مرۃ

پھر ضرب لگاوے داھنی جانب اسم ابوبکرؓ کی پھر بائین جانب اسم عمرؓ کی پھر روبرو اسم عثمانؓ کی پھر سر سینہ پر اسم علیؓ کی کہ افضل ان مین سے حضرت ابوبکر صدیقؓ ہین اور خلافت مین ان سب سے پہلے ہین اور جانب راست سب جوانب سے افضل ہی پھر حضرت عمر فاروقؓ افضل ہین اور جانب چپ متعلق ہی جانب راست سے کامون کے پورا کرنے مین کہ اکثر دونون ہاتھون سے کام ہوتا ہی اور عمدہ اون ہاتھون کا راست ہی پھر عثمانؓ غنی افضل ہین سامنے کا جانب اشارہ اونکی پیشوائی کا ہی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ ان تینون کے بعد سب سے افضل ہین لہذا ضرب اونکی نام کی سر سینہ پر کہ اندرون سے تعلق رکھتا ہی اشارہ کثرت حب کی طرف ہی رضی اللہ عنہم اجمعین کہ کتب مین علامت سے اہل سنت وجماعت کی مرقوم ہی تفضیل الشیخین وحب الختنین یعنی فضیلت دینا شیخین[1] یعنی حضرت ابی بکرؓ و عمرؓ کو اور محبت کرنا دونون دامادون کی

[1] [illegible] صاحبزادی حضرت عمرؓ کی حضرت حفصہ ام المومنین [illegible] حضرت صدیق [illegible] ام المومنین حضرت عائشہ [illegible] دونون [illegible]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یعنی حضرت عثمان اور حضرت علیؓ کے ساتھ محبت کرنا

ثم یضرب حسنٌ علی الایمن وحسینٌ علی الایسر وعلیٌ بین یدیہ

وفاطمۃ علی اللبۃ ومحمدٌ علی الدماغ احدی عشرۃ مرۃ

پھر ضرب لگائے اسم حضرت امام حسنؓ کی داہنی جانب مقابل قلب کے اور اسم حسینؓ کی بائین جانب یعنی قلب پر اور اسم امیر المومنین حضرت علیؓ کی سامنے اپنے اور اسم حضرت فاطمہؓ کی سر سینہ پر اور اسم حضرت پیغمبر خدا کی یعنی محمدؐ کی دماغ پر گیارہ بار فائدہ پہلی ضرب اسماء خلفاء اربعہ کی بیان کی گئی بترتیب تفضیل کے اس جگہ اسم امام حسنؓ کو جانب راست مین باعتبار بڑائی اور بزرگ ہونے کے اور اسم امام حسینؓ کو جانب چپ مین باعتبار خردی سن کے اور حضرت علیؓ کے نام کو باعتبار پیشوائی کے اور دونون صاحبزادون سے افضل ہونے کے اور اسم حضرت سیدہ سر سینہ پر کہ اشارہ ہے اندرون کی جانب باعتبار مستوریت اور عفت کے اور اسم پیغمبر خدا کا دماغ پر باعتبار مرتبہ کے بلند ہونے کے اختیار کرنا پڑا اور ضرب انکے نامونکی اسوجہ سے کرنا چاہیے کہ محبت انکی واجب

اور مامور بہ ہے لما فی دلائل الخیرات وقیل لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

من آل محمد الذین امرنا بحبہم واکرامہم والبر بہم فقال اہل

الصفاء والوفاء من اٰمن بی واخلص فقیل لہ وما علامتہم فقال ایثار

محبتی علی کل محبوب واشتغال الباطن بذکری بعد ذکر اللہ

اسلیئے کہ دلائل الخیرات مین ہی کہا گیا یعنی کسی نے صحابہ مین سے کہا آنحضرتؐ سے

کون ہین اولاد محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ مامور کئے گئے ہین ہم اونکے ساتھ

محبت رکھنے کے اور اونکی بزرگی کرنے کے اور اونکے ساتھ نیکی کرنیکے

اس جگہ سے مفہوم ہوتا ہی کہ آنحضرتؐ کی آل کے ساتھ محبت رکھنے کا

حکم دیا گیا تھا کہ اصحاب نے اونکے احوال پوچھے لفظ امرنا بحبہم سے

(یعنی حکم دیے گئے ہم اونکے دوست رکھنے کا) اور آپ نے اونسے

انکار امر کا نہ فرمایا بلکہ اونکے جواب کی طرف متوجہ ہوے فرمایا آنحضرتؐ نے

کہ وہ لوگ صفا اور وفا والے ہین ایمان رکھتے ہین میرے ساتھ اور اونھون نے خالص

کر لیا ہی اپنی نیتون کو اپنے خدا کے ساتھ یعنی ایمان مین اور اعمال مین

پھر پوچھا گیا آنحضرتؐ سے اونکی پہچان کیا ہی تو فرمایا کہ علامت اونکی

مقدم کرنا میری محبت کا ہر چیز کی محبت پر جسکو عزیز رکھتے ہین اور باطن کو

اپنے مشغول رکھنا ہی میرے ذکر کے ساتھ بعد اللہ کے ذکر کے اس جگہ سے

معلوم ہوا کہ آل نبی وہ لوگ ہین کہ جنکے دل آلودگی نفس اور دنیا سے
پاک ہین اور بھرے ہین خدا اور رسول خدا کی محبت سے اور کام اونکے
خاص خدا کے لیے ہوتے ہین اور محبت اونکی واجب ہی اور مامور بہ ہی
اور علامات سے محبت رکھنے کے ہی کہ محبوب کا ذکر کرتا رہے اور ذکر
محبوب کا موجب ہوتا ہی محبت کے بڑھنے کا **شعر**

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد	بسا کین دولت از گفتار خیزد

خالی دیکھنے ہی سے عشق نہین او بھرتا ہی اکثر یہ دولت گفتگو سے
بھی ابھرتی ہی فاذا فرغ من ذلك فان بقی شیٔ من اللیل یرقد ان لم
یخف النوم وفوت صلوٰة الفجر پھر جب اشغال سے فارغ ہو
تو چاہیے کہ اگر کچھ رات باقی ہو تو لیٹ رہے اور آرام سے جب کہ خوف
سو جانے کا اور نماز فجر کے فوت ہونے کا نہو یعنی پورا اعتماد رکھتا ہو اپنے
اوٹھنے پر نماز فجر کے وقت اور خوف جماعت چھوٹنے کا بھی نہو کیونکہ
ادا کرنا نماز کا اوسی کے وقت مین اور جماعت کے ساتھ واجب ہی
فی الترمذی عن الاسود بن یزید قال سالت عائشة عن صلوٰة
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باللیل فقالت کان ینام اول اللیل ثم یقوم

ويصلى التهجد فاذا كان من السحر اوتر ثم اتى فراشه فاذا كان له حاجة

الم باهله فاذا اسمع الاذان وثب فان كان جنبا افاض عليه من الماء

والا توضأ فخرج الى الصلوة شمائل ترمذی مین اسود بن یزید سے
روایت مرقوم ہو کہ کہا اسود نے پوچھا مین نے عائشہ رضی اللہ عنہا
سے احوال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز شب کا کہ کیونکر ادا کرتے
تھے تو فرمایا ام المومنین رضی اللہ عنہا نے آنحضرتؐ اول رات مین
آرام فرماتے یعنی بعد نماز عشا کے پھر بیدار ہوتے اور اوٹھتے اور
نماز تہجد کی ادا کرتے پھر اگر ہوتی سحر کہ عبارت ہو آخر شب سے وتر ادا
کرتے بعد اسکے بچھونے پر آتے تو اگر آنحضرتؐ کو حاجت ہوتی اختلاط
کرتے اپنے اہل سے پھر جب اذان سنتے مستعد ہو جاتے جلدی تو اگر
ہوتی جنب یعنی نہانے کی حاجت ہوتی تو پانی اپنے اوپر ڈالتے یعنی
غسل کرتے ورنہ وضو کرتے اور تشریف لے جاتے نماز فجر کے لیے

فعلم ان الاحب ان لا یجمع اهله قبل التہجد تو معلوم ہوا کہ قبل نماز تہجد
کے صحبت نکرنا اپنی بیوی سے مستحب ہو کیونکہ ام المومنین رضؓ ذکر جماع
کرنے کا اپنی بی بی کے ساتھ بعد احوال نماز تہجد کے بیان کر کے لفظ ثم کا

کہ کلمہ تراخی ہے لائین تو سمجھا گیا اس سے کہ عادت آنحضرتؐ کی جماع سے پہلے
نماز تہجد کے پڑھنے کی تھی اور سنت عادی آنحضرتؐ کی بطریق عبادت
نہین ہے بلکہ مستحبات اور نوافل سے ہے اور دلیل اس امر کے عبادت
نہونے پر ترک فرمانا ہے آنحضرتؐ کا اوسکی فضیلت بیان کرنے کو یعنی اگر
عبادت ہوتی تو آپ اوسکی فضیلت بیان فرماتے وان خاف فوت صلوۃ
الفجر یبقی جالسا ویکثر الصلوۃ علی النبی اور اگر خوف کرے نماز فجر
جاتے رہنے کا بیٹھا رہے اور درود آنحضرتؐ پر بھیجتا رہے اسواسطے
کہ فضائل درود کے لاتعد ولاتحصی ہین فاذا طلع الفجر یصلی سنۃ الفجر
رکعتین خفیفتین فی الاولی بعد الفاتحۃ الکافرون فی الثانیۃ الاخلاص
پھر جب طلوع ہووے فجر یعنی صبح صادق کہ عبارت ہے اوس سفیدی
سے جو کنارون مین آسمان کے آخر شب کو ظاہر ہوتی ہے اور روشنی ہوتی جاتی
ہے اور چمک اوسکی ترقی کرتی جاتی ہے آفتاب کے طلوع ہونے تک
اور یہ ہوتی ہے آٹھوین حصہ شب سے جب باقی رہے ادا کرے فجر کی
دو رکعت اپنے گھر مین اس سنت کی بہت زیادہ تاکید کی ہے ترک کرنا
اسکا موجب ہوتا ہے حرمان شفاعت کو آنحضرتؐ کے اور مستحب یہ ہے

کہ پہلی رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کافرون پڑھے اور دوسری رکعت
مین بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص اور سوا ان دونون سورتون کے اور
بھی سورتین پڑھنا جائز ہی اور معین کر لینا ان دونون سورتون کا
انھین دونون رکعتون مین بلکہ تمام نمازون مین کسی سورت کا
معین کر لینا اس گمان سے کہ سوا ان سورتون کے اور سورت
پڑھنا جائز نہ جانے مکروہ ہی لیکن معین کرنا بہ نیت اتباع قرأت اکثریہ
انحضرت کے باوجود جائز سمجھنے دوسری صورتون کے اولی ہی فی سنن

ابی داود عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ
فی رکعتی الفجر قل یا ایھا الکافرون وقل ھو اللہ احد روایت ہی سنن ابی داود
مین ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ اجلہ صحابۂ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین سے
ہین کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت سنت فجر مین قل یا ایھا الکافرون
اور قل ھو اللہ احد یعنی پہلی رکعت مین قل یا اور دوسری مین قل ہو اللہ
پڑھے ثم یقول سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ
الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ مائۃ مرۃ پھر سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ
الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ سو بار پڑھے

ملا محمد جزری شافعی حصن حصین مین لکھتے ہین کلمتان خفیفتان علی
اللسان ثقیلتان فی المیزان حبیبتان الی الرحمن سبحان اللہ وبحمدہ
سبحان اللہ العظیم وبحمدہ خ م ت مص من قالہا مع استغفر اللہ
العظیم واتوب الیہ کتبت کما قالہا ثم علقت بالعرش لا یمحوہا ذنب
عملہ صاحبہا حتی یلقی اللہ یوم القیمۃ مختومہ کما قالہا
دو کلمے ہین ہلکے زبان پر اور بھاری ترازو مین بہت پیاری ہین اللہ کے
نزدیک سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ
(معنی اسکے یہ ہین پاکی کہتے ہین ہم خدا کی اور اوسکی حمد کے ساتھ اور
پاکی کہتے ہین خدا بزرگ کے اور اوسکے حمد کی ساتھ) اور یہ مروی
ہی صحیح بخاری و مسلم اور جامع ترمذی اور مصنف ابی بکر ابن ابی شیبہ مین اور
جو کوئی ان دونون کلمون کے ساتھ استغفر اللہ العظیم واتوب الیہ
ملائے (یعنی بخشش چاہتا ہون خدا بزرگ سے اور رجوع
کرتا ہون مین اپنے گناہون سے جانب اوسکے) لکھا جاتا ہی جیسا
کہ کہا اوسنے اور لٹکایا جاتا ہی عرش مین مٹا نہین سکتا اوسکو کوئی گناہ
اوسکے پڑھنے والے کا یہانتک کہ ملاقات کرے اللہ سے قیامت کے دن

اوس حال مین کہ مہر کیا ر کہا ہو جیسا اوسکو اس کہنے والے نے کہا
روایت کیا ہو اسکو ابو داؤد نے اور بھی حصن حصین مین ہو ا سے
استغفر اللہ ص واتوب الیہ فی الیوم سبعین مرۃ ص طس اکثر
من سبعین مرۃ خ س ق طس مائۃ مرۃ طس مس توبوا الی ربکم
فانی اتوب الیہ فی الیوم مائۃ مرۃ ع و م یعنی فرمایا آنحضرتؐ نے
تحقیق مین آمرزش خدا سے چاہتا ہون اسکو روایت کیا ابو یعلی
موصلی نے اور توبہ کرتا ہون مین سامنے خدا سے برتر کے ہر روز
ستر بار روایت کیا ہو اسکو ابو یعلی موصلی اور طبرانی نے اپنے معجم اوسط
مین زائد ستر بار سے روایت کیا اسکو بخاری اور نسائی اور ابن ماجہ
قزوینی اور طبرانی نے معجم اوسط مین سو بار روایت کیا اسکو طبرانی نے
معجم اوسط مین اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے اپنے مصنف مین توبہ کرو
رو برو خدا کے اسواسطے کہ مین توبہ کرتا ہون روبرو اوسکے ہر روز سو بار روایت
کیا ہو اسکو ابو عوانہ نے اپنی سنن مین اور مسلم نے اپنی صحیح مین اسجگہ سے معلوم ہوا
کہ پڑھنا ان کلمات کا ہر دن مین سو بار مستحب ہو اور اجر عظیم کا موجب ہی کہ
مشتمل ہی تسبیح و استغفار و توبہ پر لیکن تخصیص سنت فجر اور فرض کے درمیان کی

مشائخ فقرے ماثور ہو اسواسطے کہ یہ وقت متبرک اوقات اجابت
سے ہو اور اسواسطے کہ ابتدا اعمال کی انھین کلمات متبرکہ سے
ہو اور زیادہ ہی کلمہ وبحمدہ کا بعد سبحان اللہ العظیم کے اس
عبارت مین اگرچہ کتب حدیث مین جو مطالعہ مین آئین نظر سے نہین گذرا
لیکن اپنے پیرومرشد یعنی حضرت مولانا مولوی عبدالوالی قدس سرہ
العزیز سے مین نے سُنا ہی کہ حضرت مولانا انوار الحق قدس سرہ کہ میرے
پیر کے پیر ہین فرماتے تھے کہ مین نے اسکو حدیث مین دیکھا ہی اور
تعلیم اسکے پڑھنے کی فرماتے تھے اور حضرت مولانا قدس سرہ علمای
متبحرین سے تھے اور کتب دینیہ کے مطالعہ کرنے والون مین تھے
احتمال غلطی کا نہین رکھتا ہی اگرچہ نظر سے ہم ایسے طلبا کی نہ گذرا ہو

والاضطجاع علی شقه الایمن بعدها مستحب اور لیٹ رہنا داھنی
کروٹ بعد سنت فجر ادا کرنے کے مستحب ہی فی سنن ابی داود حدثنا
مسدد وابو کامل وعبید اللہ بن عمر بن میسرة قالوا حدثنا عبدالواحد
حدثنا الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم اذا صلی احدکم الرکعتین قبل الصبح فلیضطجع علی یمینه

فقال له مروان بن الحكم اما يجزئ احدنا ممشاه الى المسجد حتى

يضطجع على يمينه قال عبيد الله فى حديثه قال لا قال فبلغ ذلك ابن

عمر فقال اكثر ابو هريرة على نفسه قال فقيل لابن عمر هل تنكر شيئاً

مما يقول قال ولكنه اجترأ وجبنا قال فبلغ ذلك ابا هريرة

قال فما ذنبي ان كنت حفظت ونسوا

ابوداؤد اپنی سنن مین روایت لاتے ہین کہ بیان کیا مجھسے مسدد

اور ابو کامل اور عبید اللہ فرزند عمر بن میسرہ نے کہا اونھون نے

بیان کیا ہم سے عبد الواحد نے کہ بیان کیا ہم سے اعمش نے

روایت کرکے ابی صالح سے اور اونھون روایت کی ابی ہریرہ سے

کہا ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

جب تم مین سے کوئی دوگانہ قبل نماز فجر ادا کر چکے چاہیے کہ لیٹ

رہے داہنے پہلو تو کہا ابو ہریرہ سے مروان بن حکم نے کیا تم مین سے

کسی کو کفایت نہین کرتا ہو یعنی کیا جائز نہین ہی چلنا مسجد کی طرف

یہانتک کہ لیٹ نہ لین اپنے داہنے پہلو پر کہا عبید اللہ نے اپنی

حدیث مین کہ کہا یعنی ابو ہریرہ رض نے نہین یعنی کافی اور جائز نہین ہی

جانا مسجد کو بغیر اسوقت لیٹنے کہا عبید اللہ نے یا ابو صالح نے تو
یہ خبر عبد اللہ ابن عمر کو پہونچی کہا عبد اللہ ابن عمر نے زیادتی کی یعنی
ابو ہریرہ نے اپنی ذات پر کہا ابو صلح نے پس پوچھا گیا ابن عمر سے
کیا انکار کرتے ہین آپ کسی چیز کا ابو ہریرہ کی کہی ہوئی سے کہا نہین
لیکن ابو ہریرہ نے جرأت کی ہی کہ واجب کر دیا ہی اونھون نے ہم پر لیٹنا
درمیان سنت اور فرض فجر کے کہا صالح نے یہ کہنا ابن عمر کا ابو ہریرہ
کو پہونچا کہا ابو ہریرہ نے کیا گناہ مجھپر اگر یاد رکھا مین نے اور بھلا دیا

دوسرون نے فعلم ان الامر لیس للایجاب لاطلاق ابن عمر فی

روایۃ ابی ھریرۃ لفظ الامر مع غیر تنبیہ علی عدم الایجاب و

کان ابن عمر افقہ واعلم باحوالہ صلی اللہ علیہ وسلم فبقی الاستحباب

تو سمجھا گیا کہ یہ امر واسطے وجوب کے نہین ہی بسبب اسکے کہ ابن عمر نے
اطلاق کیا لفظ اجترا کو بسبب روایت کرنے ابی ہریرہ کے لفظ امر یعنی
فلیضطجع کو کہ مفید ایجاب کو شارع سے ہی بغیر آگاہ کرنے کے عدم ایجاب پر
اور تھے ابن عمر رضی اللہ عنہما زیادہ آگاہ مسائل فقہ سے اور زیادہ
جاننے والے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال کے تو استحباب باقی رہا

اسواسطے کہ ابن عمر نے نفی اوس چیز کی آشکار کی جسکو ابوہریرہ نے روایت
کیا ہی پس معلوم ہوا کہ لفظ اجتزا اور اکتفا کا درمیان سُنت اور فرض فجر کے
لیٹنے کے جواز کے لیے اور مسجد کو بدون اضطجاع جانے کے عدم جواز
کے لیے تھا جیسا کہ قول سے ابن عمر کے لکنہ اجتزاو حبنا کے مفہوم
ہوتا ہے وفیہ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اذا صلی رکعتی الفجر فان کنت نائمۃ اضطجع وان کنت مستیقظۃ حدثنی
فاذا اسفر صلی الفرض اور بیچ سنن ابوداؤد مین روایت ہی
عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ ازواج مطہرات آنحضرتؐ مین سے تھین
اور طہارت مین انکی سترہ آیتین سورۂ نور مین نازل ہوئی ہین کہا اونھون نے
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دوگانہ فرض کا ادا کر لیتے اگر مین سوتی ہوتی
لیٹ جاتے اور اگر جاگتی ہوتی تو مجھسے باتین کرتے جب سفید ہو جاتا
دن یعنی روشنی پیدا ہوتی ادا کرتے فرض کو اس جگہ سے معلوم ہوا کہ
آنحضرتؐ کبھی کبھی نہین بھی لیٹے پس اگر واجب ہوتا لیٹنا ترک نہ کرتے
لیکن استحباب لیٹنے کا حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے جو مذکور ہوئی
ثبوت کو پہونچا اور بھی اس حدیث سے ہم حنفی لوگ اسفار ہونے کے

قائل ہوے ہین نہ اسقدر اسفار کہ خوف ہو وقت فوت ہوجانے کا قبل نماز کے
یا درمیان نماز کے جیسا کہ اہل فقہ لکھتے ہین کہ مستحب ہے اسفار اسقدر
کہ چالیس یا پچاس آیتین یا ساٹھ آیت سو تک بھی کہا ہے ترتیل کے ساتھ
اوسمین پڑھ سکے اور اگر کوئی فساد ظاہر ہو نماز مین تو اوسی وقت مین
اعادہ نماز کا کر سکین ثم یجیئ الی البیت فیجلس مستقبل الکعبۃ ویقرأ
الاوراد الماثورۃ حتی تطلع الشمس فیقول اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَقَالَنَا
یَوْمَنَا ھٰذَا وَلَمْ یُھْلِکْنَا بِذُنُوْبِنَا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَھَبَنَا ھٰذَا الْیَوْمَ وَاَقَالَنَا
فِیْہِ عَثَرَاتِنَا وَلَمْ یُعَذِّبْنَا بِالنَّارِ فیصلی الاشراق رکعتین پھر آوے اپنے گھر مین
یعنی مسجد سے بعد فراغ نماز فجر کے اور رو بقبلہ بیٹھے اور جو اوراد احادیث
سے ثابت ہوے وہ پڑھے اور اس باب مین کتاب حصن حصین کافی
و وافی ہے اور بھی وہ اوراد پڑھے جنکو مشائخ کبار نے جو علماے علوم
دین تھے ترتیب دیا ہے مثل اوراد فتحیہ وغیرہ اور مسبعات عشر کے اور ہمیشگی
کرے مسبعات عشر کے پڑھنے کی کہ یہ بہت نفع دینے والی ہین اور
فضائل اسکے اور تحریص اسکے پڑھنے کی عین العلم مین کہ بہت نافع
کتاب سلوک مین ہے مذکور ہے اور مسبعاتِ عشر یہ ہین سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی

اور سورہ کافرون اور ... اخلاص اور سورہ فلق اور سورہ ناس
سات سات بار پڑھے اور بسم اللہ ابتدا مین ہر سورہ کے پڑھنا چاہیئے
اور سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ سات بار اور اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ
وَحَبِیْبِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ
وَسَلِّمْ سات بار اور اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ سات بار اور اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ
افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ مَا اَنْتَ لَہٗ
اَھْلٌ وَلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلَانَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّکَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَلِکٌ بَرٌّ رَؤُفٌ
رَّحِیْمٌ سات بار اور سورہ یسین کا بعد ہر صبح کے التزام رکھے کہ یہ فضیلتین بہت
رکھتی ہی حصن حصین مین لکھا ہی قلب القرآن یس لا یقرأھا رجل یرید اللہ
والدار الاخرۃ الا غفر لہ اقرؤھا علی موتاکم یس دق دل قران کا
یسین ہی یعنی قرآن کی سورتون مین یسین جیسے دل اعضائے
انسان مین ہی جب پڑھتا ہی وہ شخص جسکو مقصود خدا اور دار آخرت
ہی تو بخشا ہی جاتا ہی پڑھو تم اسکو اپنے مردون کے سامنے

احتضار کے وقت اور قبر پر اونکی بعد انتقال کے روایت کیا ہی اسکو
نسائی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ قزوینی اور ابن حبان نے اس جگہ
مراد موتاکم سے وہ لوگ ہین کہ زندہ رہنے کی امید اونکی منقطع ہو گئی
عام اس سے کہ احتضار مین ہون یا مر گئے ہون تو عموم مجاز ہی نہ
جمع بین الحقیقۃ والمجاز بیضاوی مین مرقوم ہی وعنہ صلی اللہ علیہ
وسلم ان لکل شیٔ قلبا وقلب القران یس من قراہا یرید وجہ اللہ غفر
اللہ لہ واعطی من الاجر کانما قرأ القران اثنین وعشرین مرۃ وایما
مسلم قرئ عندہ اذا نزل بہ ملک الموت سورۃ یس نزل بکل حرف
منہا عشرۃ املاک یقومون بین یدیہ صفوفا یصلون علیہ ویستغفرون
لہ ویشہدون غسلہ ویتبعون جنازتہ ویصلون علیہ ویشہدون
دفنہ وایما مسلم قرأ یس وہو فی سکرات الموت لم یقبض ملک
الموت روحہ حتی یجیئہ رضوان بشربۃ من الجنۃ
فیشربہا وہو علی فراشہ فیقبض روحہ وہو ریان
ویمکث فی قبرہ وہو ریان ولا یحتاج الی
حوض من حیاض الانبیاء حتی یدخل الجنۃ وہو ریان

مروی ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تحقیق ہر چیز کے لیے دل ہی اور
قرآن کا دل یس ہی جس شخص نے پڑھا خالص خدا کے لیے بخشتے گا اوسکو
خدا اور دیا جائیگا اوسکو اجر مانند اوس شخص کے کہ پڑہا اوسنے قرآن کو
بائیس بار جس کسی مسلمان کے پاس یہ یسین پڑھی جاتی ہی اوسوقت جبکہ
اوترتے ہین ملک الموت اوسکے پاس اوترتے ہین ہر حرف کے
عوض دس فرشتے کہ کھڑے ہوتے ہین اوسکے سامنے صف
باندھے اور دعا خیر کی کرتے ہین اوسکے لیے اور استغفار کرتے ہین
اور اوسکے لیے حاضر رہتے ہین اوسکے غسل مین اور ہمراہ چلتے ہین
اوسکے جنازے کے اور اوسپر نماز جنازے کی پڑہتے ہین اور موجود
رہتے ہین اوسکے دفن مین اور جس کسی مسلمان نے پڑہا یس کو اپنے
سکرات موت مین قبض نہین کرتا ہی ملک الموت اوسکی روح کو یہانتک
کہ لاتا ہی اوسکے پاس رضوان کہ خازن جنت کا ہی شربت جنت کا
پھر اوسکو پلاتا ہی اوس حال مین جبکہ وہ اپنے بچھونے پر پڑا ہی تو قبض
کیجاتی ہی روح اوسکی اوس حال مین جبکہ سیراب ہی اور رکھا جاتا ہی وہ
قبر مین اوس حال مین جبکہ وہ سیراب ہی اور محتاج نہوگا کسی حوض کا

انبیا کے حوضون مین سے یہانتک کہ داخل ہو جنت مین درحالیکہ وہ سیراب ہو اس جگہ سے معلوم ہوا کہ یٰس کا پڑھنا سامنے محتضر کے مستحبات سے ہو اور بھی پڑھنا سورۂ رعد کا آگے محتضر کے مستحب ہو چنانچہ درمختار مین ہو باب صلوۃ الجنازہ مین ویندب قرأۃ یسین والرعد یعنی مستحب ہو پڑھنا یٰس کا اور رعد کا اور بھی التزام رکھے دلائل الخیرات کا کہ جامع ہو درودون کو اور فضائل درود کے بہت ہین جیسا کہ آگے آویگا اور طریقہ اوسکا یہ ہو کہ سہ شنبہ سے شروع کرے اور دوشنبہ کو ختم کرے یہانتک کہ طلوع ہو آفتاب اور اوسکی زردی دفع ہو کیونکہ طلوع آفتاب کے وقت تاوقتیکہ آفتاب صاف نہو نماز پڑھنا مکروہ ہو پھر کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَقَالَنَا یَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ یُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَهَبَنَا هٰذَا الْیَوْمَ وَاَقَالَنَا فِیْهِ عَثَرَاتِنَا وَلَمْ یُعَذِّبْنَا بِالنَّارِ سب حمد اوسی خدا کے لیے ثابت ہے جسنے پھیر دیا ہمکو یہ روز ہمارا اور ہلاک نہ کیا ہمکو ہمارے گناہونکی وجہ سے تمام حمد ثابت ہو اوسی خدا کو کہ جسنے بخشا ہمکو یہ روز اور درگذر کیا اوسمین ہماری خطاؤن سے کیونکہ عثرہ فتحہ کے ساتھ بمعنی لغزش کے

اورا قالہ عثرات یعنی درگذر کرینگے اوس سے ہم اور نہین عذاب کیا ہمپر آگ کا پھر پڑھے نماز اشراق کی دو رکعت ایک سلام سے

فی المشکاۃ عن معاذ بن انس الجھنی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قعد فی مصلاہ حین ینصرف من صلوۃ الصبح حتی یسبح رکعتی الضحی لا یقول الا خیرا غفر لہ خطایاہ وان کانت اکثر من زبد البحر رواہ ابو داود مشکات مین معاذ بن انس جھنی سے روایت ہی کہ کہا اونھون نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بیٹھا رہے اپنی نماز پڑھنے کی جگہ مین جب فارغ ہو جائے نماز صبح سے یہانتک کہ ادا کرے دوگانہ روشنی کا نہ کہے سوائے اچھی بات کے کہ ذکر خدا کا ہی بخشے جائینگے اوسکے سب گناہ اگرچہ زیادہ ہون کف دریا سے روایت کیا ہی اسکو ابو داؤد نے اس جگہ سے معلوم ہوا کہ اشراق کی نماز دو رکعت سنت ہی لیکن بعض مشائخون کے رسالونمین اس سے زیادہ بھی دیکھنے مین آیا ہی اور اپنے پیر و مرشد حضرت قبلۂ عالم مولانا مولوی عبد الوالی قدس سرہ کو مین نے بھی دیکھا کہ چار رکعت دو سلام کے ساتھ پڑھتے اور اسی پر عمل ہی اکثر مشائخ کا

جیسا کہ متن مین بیان اوسکا لاتا ہون مین مترجم کہتا ہی حضرت جدی و مرشدی قدس سرہ العزیز اس نماز اشراق کو چار رکعت چارون قل کے ساتھہ دو سلام سے ادا فرماتے تھے اور یہی معمول ہے

اس خاندان کا ہی لکن المشائخ یسمونہا الاشراق ویصلون اربعا بتسلیمتین

لیکن مشائخ کبار نے اوسکا نام اشراق رکھا ہی اور پڑھتے ہین چار رکعت دو سلام کے ساتھہ اسجگہ استدراک لفظ لکن کے ساتھہ اس وجہ سے واقع ہوا کہ حدیث مین لفظ رکعتی الضحی ہی یعنی دو رکعت ضحی کی اور محدثین اسیوجہ سے اشراق کا انکار کرتے ہین اور کہتے ہین یہ نماز وہی نماز ضحی کی ہی جسکا بیان آگے آتا ہی باعتبار حدیث کے لفظ کے کیونکہ اوسمین لفظ ضحی آیا ہی اور عجب ہی اونسے کہ انکار اشراق کا کرتے ہین باوجود اسکے کہ اشراق پر دلالت کرتی ہی وہ حدیث جسکو ترمذی نے روایت کیا ہی عن ابی اسحق قال سمعت عاصم بن ضمرة یقول سألنا علیا عن صلوة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من النہار قال فقال انکم لا تطیقون ذلک قال قلنا من اطاق منا ذلک صلی فقال کان اذا کانت الشمس من ہہنا کہیئتہا من ہہنا عند العصر

صلی رکعتین واذا کانت الشمس من ههنا کهیئتها من ههنا عند
الظهر صلے اربعا الحدیث روایت کی گئی ہے ابی اسحٰق سے
کہ کہا اونھون نے سنا مین نے عاصم بن ضمرہ سے کہ کہتے تھے
پوچھا مین نے علی رضی اللہ عنہ سے قول الخ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
دنکی نماز یعنی دن کو کتنی نمازین آپ پڑہتے تھے کہا عاصم نے تو فرمایا
حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے تحقیق تم ادا نہین کر سکتے ہو اوسکو کہا
عاصم نے جو کوئی ادا کر سکے گا ہم مین سے وہ پڑھیگا تو فرمایا حضرت علی
کرم اللہ وجہہ نے تھے آنحضرتؐ جب ہوتا آفتاب اوس جگہ یعنے
مشرق مین مانند اوسکے ہیئت کے یعنی بلندی مین ہو وقت عصر کے
یعنی آخر وقت مستحب مین عصر کے قبل آفتاب کے زرد ہونے کے
اسواسطے کہ بعد طلوع یا قبل غروب کے آفتاب کے زرد ہونیکی
حالت مین نماز پڑہنا مکروہ ہے پڑہتے دو رکعت اور زیادتی اس نماز
کی دس رکعت تک کہتے ہین واللہ اعلم اور جب ہوتا آفتاب
اس جگہ یعنی شرق مین مثل اپنی بلندی کے اوس جگہ یعنی مغرب مین
وقت ظہر کے یعنی وسط مین ظہر کے وقت کے سواسطے کہ پڑہنا نماز کا

آنحضرت صلعم سے زوال کے قریب مروی نہین ہوا ہی پڑھتے چار رکعت
آخر حدیث تک تو معلوم ہوا کہ دن مین زوال کے قبل دو نمازین
پڑھین آنحضرت صلعم نے اور اول نماز مغائر تھی دوسری نماز کی لسبب
وقت کے تفاوت کے ہر دو نماز مین تو اول جو بعد طلوع آفتاب اور
اوسکے صاف ہونے کے ہی وہ نہین ہی مگر نماز اشراق کی اور دوسری جو
چوتھائی دن چڑھنے پر قبل زوال کے ہی وہ نہین ہی مگر نماز ضحی کی
تو حدیث اول مین جو مذکور متن مین ہی لفظ ضحی باعتبار معنی مشتق منہ
کے ہی کہ ضحو بمعنی روشنی کے وارد ہوا ہی اس بات پر تنبیہ کرنے پر
کہ جائز نہین ہی نماز اشراق کی بدون صاف ہونے اور روشن ہونے
آفتاب کے نہ بمعنی منقول تاکہ معارض نہو ساتھ حدیث حضرت
علی کرم اللہ وجہہ کے اور دلیل قوی اس معنی پر اتفاق کرنا ہی علماء عارف

کا کہ آنکھین اونکی باطن کی کھلی ہین واللہ اعلم	ثم یصلون الضحی ثمان
رکعات بتسلیمتین جمعا بین ہذا الحدیث والحدیث الاخر سے	
المشکوٰۃ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا انہا قالت کان النبی صلی اللہ	
علیہ وسلم یصلی الضحی ثمان رکعات ثم یقول لو نشر لی ابوای ما ترکتہا رواہ مالک	

چہ یعنی جو کہ مضمون سے پہنچی ہے نماز چاشت کی آٹھ رکعت حضرت صلعم کے
ساتھ تاکہ جمع حاصل ہو درمیان اس حدیث کے کہ متن مین مذکور ہوئی
یعنی روایت معاذ بن انس جہنی کی اور بر دوسری حدیث جو مشکوٰۃ مین
عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہو کہ تحقیق فرماتی ہین کہ تھے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم پڑھتے نماز چاشت کی آٹھ رکعت پھر فرماتے اگر زندہ کیے جاوین
میرے ماں باپ (ابواہ تثنیہ اب کا بطور تغلیب کے ہی جیسے عمرین اور قمرین اسواسطے
کہ ترک کرون مین اس نماز کو ترک نہ کرونگا مین اس نماز کو یعنی اس نماز کو
اپنے ماں باپ کی زندگی سے زیادہ دوست رکھتا ہون روایت کیا ہی
اسکو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے موطا مین اور اقل اسکا چار رکعت
ہی جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روایت سے مفہوم ہوتا ہی اور
بعضون کے نزدیک دو رکعت اور زیادہ اوسکا بارہ رکعت ہین اور
وقت چاشت کا بعد اشراق کے قبل زوال کے ہی اور افضل وقت
اوسکا چوتھائی یعنی ایک پہر دن گذرنے پر ہی جیسا کہ در مختار مین ہی
وندب اربع فصاعدا فی الضحی بعد الطلوع الی الزوال ووقتہا المختار
بعد ربع النہار وفی المنیۃ اقلہا رکعتان واکثرہا اثنا عشر

ولعل سطہا اخیار وھو افضلہا کما فی الذخائر الاشرفیۃ لثبوتہ بفعلہ وقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام واما اکثرھا فبقولہ فقط

اور مستحب ہی چار رکعت یا زیادہ ضحی مین بعد طلوع آفتاب سے زوال تک اور وقت مختار اوسکا بعد چوتھائی دن کے ہی اور غنیۃ المصلی مین ہی کہ کم سے کم دو رکعتین ہین اور اکثر اوسکا بارہ رکعتین ہین اور اوسط اوسکا آٹھ رکعتین ہین اور یہی افضل ہین جیسا کہ ذخائر اشرفیہ مین ہی اسلیے کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل سے ثابت ہین اور زیادہ بیچ زیادہ والی آپکے قول سے صرف مترجم کہتا ہی لیکن طریقہ ضحی کا جو حضرت جدی و مرشدی قدس سرہ سے حضرت ابی و مرشدی مدظلہ العالی نے روایت کیا ہی اور معمول ہو اس خاندان کا یہ ہی کہ بعد نماز اشراق کے آٹھ رکعت نماز ضحی کی دو سلام کے ساتھ پڑھے پہلی رکعت مین سورۂ شمس اور دوسری رکعت مین سورۂ لیل اور تیسری رکعت مین سورۂ ضحی اور چوتھی رکعت مین سورۂ الم نشرح اور باقی چار رکعتون مین چار قل پڑھے اور جب نماز ضحی ختم کر چکے بے فاصلہ کلام تین مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُصَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ

بعد اسکے آیۂ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ کہ سورۂ اقرا مین آیۂ سجدہ ہو پڑھکر
سجدہ کرے اوس سجدے مین بعد تسبیح کے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ
وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ تین بار اور سات بار یا وہاب
پھر سر اوٹھاوے اور بیٹھکر یَا حَيُّ یَا قَیُّوْمُ ستر بار بعد اسکے ایک بار
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ پڑھے
اوسکے بعد جو چاہے دعا کرے ثم بعد الزوال قبل الظهر يصلي اربعا
سوى سنة الظهر ويسمونها بالظهيرة پھر زوال کے بعد قبل نماز ظہر کے
چار رکعت پڑھتے ہین سواے سنت ظہر کے اور نام رکھتے ہین مشائخ
اس نماز کا ظہیرہ از قبیل تسمیہ شی باعتبار اوسکے وقت کے کہ ظہیرہ کہتے
ہین نصف دن کی حد کو قاموس مین ہو والظهيرة حد انتصاف النهار
یعنی ظہیرہ حد نصف دن کو کہتے ہین اور یہ نماز بھی ماثورات سے ہو فی
الترمذی عن ابی ایوب الانصاری ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یدمن
اربع رکعات عند زوال الشمس فقلت یا رسول الله انك تدمن هذه
الاربع رکعات عند زوال الشمس فقال ان ابواب السماء تفتح عند
زوال الشمس فلا ترتج حتى تصلى الظهر فاحب ان يصعد لی فی

تلك الساعة خير قلت ا فی کلهن قرأة قال نعم قلت هل فیهن تسلیم فاصل قال لا

شمائل ترمذی مین ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت مذکور

ہر کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ ادا کرتے تھے چار رکعت وقت

زوال آفتاب کے یعنی بعد زوال کے اسلیئے کہ نزدیک نے وال کے

یعنی حالت زوال مین نماز پڑھنا مکروہ ہر اور کبھی آنحضرت صلعم سے ثابت

نہین ہوا سنن ابی داؤد مین مروی ہر عن عمرو بن عبسة السلمی انہ قال

قلت یارسول اللہ ای اللیل اسمع قال جوف اللیل الاخر فصل ما شئت

فان الصلوة مشہودة مکتوبة حتی تصلی الصبح ثم اقصر حتی تطلع الشمس

فیرتفع قیس رمح او رمحین فانہا تطلع بین قرنی شیطان ویصلی لہا

الکفار ثم صل ما شئت فان الصلوة مشہودة مکتوبة حتی

یعدل الرمح ظلہ ثم اقصر فان جہنم تسجر وتفتح ابوابہا فاذا

زالت الشمس فصل ما شئت فان الصلوة مشہودة مکتوبة

حتی تصلی العصر ثم اقصر حتی تغرب الشمس فانہا تغرب بین

قرنی شیطان ویصلی لہا الکفار وقص حدیثا طویلا

روایت ہے عمرو بن عبسہ سلمی سے کہ اونھون نے کہا عرض کیا مین نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کونسا وقت عدات کا زیادہ شنوائی والا
ہو یعنی کس وقت مین شب کے خدا تعالی بندون کے احوال کیطرف
متوجہ ہوتا ہی اور اونکے اعمال قبول فرماتا ہی اور اونکی دعائین قبول
کرتا ہی اگر پہلا وسکی [illegible] تو جب [illegible] صلی [illegible] لیکن [illegible]
اوقات کو ایک خصوصیت ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان
آخر رات کے یعنی آدھی رات کو تو جتنی نماز چاہے پڑھ پس تحقیق یہ نماز
گواہی دی گئی ہی یعنی گواہی دینگے اوسپر وقت اور مکان جسمین یہ نماز
ادا کی گئی ہی اور لکھی گئی ہی یعنی لکھی جاتی ہی اعمال کے روزنامچون مین
یہانتک کہ پڑھے تو صبح کی نماز پھر کم کر تو یعنی موقوف کر اور نہ پڑھ بعد
نماز صبح کے یہانتک کہ طلوع کرے آفتاب اور بلند ہو بقدر ایک
نیزہ کے یا دو نیزہ کے یعنی صاف ہو جاے اور زردی وسکی باقی
نرہے کیونکہ طلوع کرتا ہی درمیان شیطان کے دو سینگون کے اور
نماز پڑھتے ہین اوسکی کفار یعنی پوجتے ہین اوسکو اوسوقت پھر یعنی
آفتاب بلند ہونیکے بعد باندازہ مذکور جتنی چاہے نماز پڑھ کہ تحقیق
گواہی دی گئی ہی اور لکھی گئی ہی یہانتک کہ ملجاے [illegible] نیزہ [illegible] سایہ اوسکا

یعنی اوسکا سایہ نرہے سواے سایۂ اصلی کے کہ وقت زوال کا ہی پھر
یعنی وقت زوال سے کم کر اور نہ پڑہ کوئی نماز اسلیے کہ جہنم جوش دیجاتی
ہی اور کھولے جاتے ہین دروازے اوسکے تو جب جھکے آفتاب یعنی
سایہ نہ ڈالے قاموس مین ہی زاغ یزیغ زیغا و زیغوغۃ مال و البصر
کل و الشمس مالت فغا الفیٔ پھر پڑہ نماز جتنی چاہ اسواسطے نماز گواہی
دی گئی ہی اور لکھی گئی ہی یہانتک کہ پڑہ نماز عصر کی یعنی درمیان ظہر
و عصر کے جو نماز چاہے تو پڑہ پھر کوتاہی کر اور کوئی نماز نہ پڑہ یہانتک
کہ غروب ہووے آفتاب کیونکہ آفتاب ڈوبتا ہی درمیان شیطان کے
دو سینگون کے اور نماز پڑہتے ہین اوسکے لیے کفار اور بیان کیا
عمرو بن عنبسہ نے اس حدیث کو بہت دراز اس جگہ سے سمجھا جاتا ہی
نماز کے ان تینون وقت مین ترک کرنے کا امر اور امر مفید ہی وجوب
کو اور خلاف کرنا امر کا کم سے کم مکروہ ہوگا چنانچہ کراہت نماز پڑہنے کی
ان تینون وقتون مین کتب فقہ مین مصرح اور محقق ہی تو کہا مین نے
داس جگہ سے تتمہ ابو ایوب انصاری کی روایت کا ہی رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ بتحقیق آپ ہمیشہ ان چار رکعتون کو پڑہتے ہین

نزدیک زوال آفتاب کے) تو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
دروازے آسمان کے کھولے جاتے ہین نزدیک آفتاب کے زوال
کے اور بند نہین ہوتے ہین یہانتک کہ پڑھی جاوے نماز ظہر کی اور
چاہتا ہون مین اور دوست رکھتا ہون مین کہ چڑھین میرے لیے
نیکیان اسوقت مین کہا مین نے کیا چارون رکعت مین قرأت ہے
فرمایا آپ نے ہان یعنی چارون رکعت مین قرأت واجب ہے جیسا کہ
طریقہ تمام نفلون کا ہے کہا مین نے یعنی حضرت ابو ایوب انصاری نے
کیا ان چارون کے درمیان کوئی سلام فاصل ہے فرمایا آپ نے نہین
اس جگہ سے معلوم ہوا کہ یہ چار رکعت نماز ظہیرہ کی ایک سلام سے پڑھنا
چاہیئے واللہ اعلم بالصواب مترجم کہتا ہے ہمارے اس خاندان مین نماز
ظہیرہ مین چار قل پڑھے جاتے ہین واللہ اعلم وفیہ عن عاصم بن ضمرۃ

عن علی کرم اللہ وجہہ انہ کان یصلی قبل الظہر اربعا وذکر ان النبی

صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلیہا عند الزوال ویمد فیہا اور بھی
شمائل ترمذی مین مرقوم ہے کہ روایت کرتے ہین عاصم بن ضمرہ حضرت
علی کرم اللہ وجہہ سے تحقیق حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے قبل نماز ظہر کے

چار رکعت پڑہتے تھے اور ذکر کرتے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
اسکو ادا کرتے تھے زوال کے قریب اور دراز کرتے تھے آمین
قرأت کو اور ظاہر ہی کہ یہ چار رکعت سواے چارگانہ سنت کے ہی
کیونکہ جس روایت مین ذکر سنت ظہر کا وارد ہوا وہ ہمراہ دوگانہ
بعد ظہر کے واقع ہی اوسکا ذکر اس حدیث مین نہین آیا واللہ اعلم

وھکذا یلتزم جمیع ما ورد فی الحدیث من التطوعات صلوۃ

اور ایسے ہی لازم کرلے اور دائما پڑہتا رہے جتنا کچھ حدیث مین وارد
ہوا ہی نوافل نماز سے جیسے چار رکعت سنت ظہر کی قبل فرض ظہر کے
اور بعد فرض ظہر کے دو رکعت سنت اور چار رکعت قبل نماز جمعہ اور چار
رکعت بعد نماز جمعہ کے مترجم کہتا ہی دستور ہمارے بزرگون کا رہا ہی
کہ بعد جمعہ کے چار رکعت ظہر احتیاطی پڑہتے ہین اسواسطے بہتر ہی کہ بعد
ان چار رکعت سنت بعدیہ جمعہ کے وہ ادا کرے اور پھر دو رکعت سنت کی
پڑہے اور تحقیق ظہر احتیاطی کی مترجم نے بشرح وبسط بعض تحریرات
مین کردی ہی جسکا جی چاہے مطالعہ کرے واللہ اعلم اور دو رکعت
بعد مغرب کے اور دو رکعت بعد عشا کے اور دو رکعت قبل فجر کے

یہ سب سنتین مؤکدہ ہین اور زیادہ تر تاکید دوگانہ سنت فجر کی ہی اور چار
رکعت بعد ظہر اور چار رکعت قبل عصر اور چھہ رکعت ایک سلام یا دو سلام
یا تین سلام سے بعد مغرب کے اور چار رکعت قبل فرض عشا کے اور دوگانہ
بعد وتر کے سنن زوائد سے ہین یعنی نفل مترجم کہتا ہی کہ سنت عصر کی
ہمارے خاندان مین بہت تاکید ہی واللہ اعلم اور دوگانہ بعد جمعہ کے
مستحب ہی بقول مفتی بہ اور صاحبین کے نزدیک چھہ رکعت بعد جمعہ
سنت مؤکدہ ہین درمختار مین مرقوم ہی وسن مؤکدا اربع قبل الظهر واربع
قبل الجمعة واربع بعدها بتسليمة فلو بتسليمتين لم تنب عن السنة
ولذا لو نذرها لا يخرج عنه بتسليمتين وبعكسه يخرج وركعتان قبل
الصبح وبعد الظهر والمغرب والعشاء شرعت البعدية لجبر النقصان
والقبلية لقطع طمع الشيطان ويستحب اربع قبل العصر وقبل العشاء
وبعدها بتسليمة وان شاء ركعتين وكذا بعد الظهر لحديث الترمذي من حافظ
على اربع قبل الظهر واربع بعدها حرمه الله على النار وست بعد المغرب
ليكتب من الاوابين بتسليمة او اثنتين او ثلاث والاول ادوم واشق
وهل تحسب المؤكدة من المستحب ويؤدي الكل بتسليمة واحدة

اختار الکمال نعم وحررا باحۃ رکعتین خفیفتین قبل المغرب واقرۃ فی البحر
والمصنف والسنن آکدھا سنۃ الفجر اتفاقا ثم الاربع قبل الظھر فی
الاصح لحدیث من ترکھا لم تنلہ شفاعتی ثم الکل سواء وقیل بوجوبھا
یعنی اور سنت مؤکدہ چار رکعت قبل ظہر کے اور چار رکعت قبل جمعہ کے اور چار رکعت بعد جمعہ کے
ایک سلام سے تو اگر دو سلامون سے پڑھیگا تو سنت کی قائم مقام
ہونگی اور اسیوجہ سے اگر نذر کی اوسکے پڑہنے کی تو دو سلامون سے
پڑہنے سے نذر نہ پوری ہوگی اور عکس مین اسکے نذر پوری ہوجائیگی
او سنت ہین دو رکعت قبل صبح کے اور بعد ظہر کے اور بعد مغرب
او بعد عشا کے مشروع کی گئی ہین بعد فرض کے نقصان فرض
پورا کرنے کے لیے اور قبل فرض کے طمع شیطان قطع کرنے کے لیے اور
مستحب ہین چار رکعت قبل عصر کے اور قبل عشا کے اور بعد عشا کے
ایک سلام سے اور اگر چاہے دو ہی رکعت پڑہے بعد عشا کے
ایسی ہی مستحب ہی چار رکعت بعد ظہر کے حدیث ترمذی سے کہ جو شخص
حفاظت کرتا ہی چار رکعت قبل ظہر کے اور چار رکعت بعد ظہر کے تو
اللہ اوس پر آگ حرام کردیتا ہی اور چھہ رکعت بعد مغرب کے تاکہ لکھا جائے

اوابین مین یہ رکعتین ایک سلام سے ہون یا دو سلام سے یا تین سلام سے
اور اول ادوم اور اشق ہی اور کیا شمار کیجائینگی سنت موکدہ مستحب مین
اور کل ادا کی جائینگی ایک سلام سے تو اختیار کیا ہی کمال نے کہ ہان
اور لکھا اونھون نے کہ دو رکعتین ہلکی قبل مغرب کے مباح ہین اور قائم
رکھا اوسکو بحر مین اور مصنف نے اور تمامی سنتون مین فجر کی سنت
بالاتفاق زیادہ موکد ہی پھر چار رکعت قبل ظہر کے اصح روایت مین بسبب
اس حدیث کے کہ جس شخص نے انکو ترک کیا تو وہ میری شفاعت
نہ پائیگا پھر باقی سب سنتین برابر ہین اور بعض قائل ہین اسکے وجوب کے
اور شرح وقایہ مین لکھا ہی م و لا یخرج منہ لحاجۃ الانسان او الجمعۃ وقت
الزوال ومن بعد منزلہ عنہ فوقتاً یدرکھا ویصلی السنن علی الخلاف
ش وھو ان یصلی قبلھا اربعا وفی روایۃ ستا رکعتین تحیۃ واربعۃ
وبعدھا اربعا سنۃ عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ وستا عندھما رحمہما اللہ
یعنی وقایہ مین ہی نہ نکلے معتکف اپنے اعتکاف کی جگہ سے مگر حاجت
انسانی کے واسطے یا نماز جمعہ کے لیے زوال کے وقت اور اگر
نکلیگا مسجد سے دور ہو تو ایسے وقت نکلے کہ نماز جمعہ پا جاوے

اور سنتین پڑھے اور اسمین اختلاف ہی اور شرح وقایہ مین ہی وہ اختلاف
یہ ہی کہ پڑھے قبل نماز جمعہ کے چار رکعت اور ایک روایت مین ہی
چھہ رکعت دو تحیۃ المسجد اور چار سُنت کی اور بعد نماز جمعہ چار سنت
امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک اور چھہ صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک
اور ابوداؤد اپنی سنن مین روایت کرتے ہین عن عبد اللہ المزنے
قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صلوا قبل المغرب رکعتین ثم قال
صلوا قبل المغرب رکعتین لمن شاء خشیۃ ان یتخذھا الناس سنۃ
روایت ہی عبد اللہ مزنی سے کہ کہا اونھون نے کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے
پڑھو نماز مغرب سے قبل دوگانہ پھر فرمایا پڑھو نماز مغرب سے پہلے دوگانہ
اور یہ حکم اوسکے لیے ہی کہ جو پڑھنا چاہے یعنی پڑھنے کا اختیار ہی تو معلوم
ہوا یہ حکم ایجابی نہین اختیار دینے کی وجہ سے تو جواز باقی رہا اور فرمانا لفظ
لمن شاء خوف سے اس بات کے ہی کہ اسکو سنت کر دینگے یعنی
سنت جان کر التزام اوسکا کر لینگے بگمان امر کے کہ مفید وجوب کو
ہی اور بھی اسی کتاب مین ہی عن المختار بن فلفل عن انس بن مالک رضی اللہ
عنہ قال صلیت رکعتین قبل المغرب علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ

قال لانس ارأكم رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نعم وانا فلم يامرنا ولم ينهنا

مختار بن فلفل سے روایت ہے کہ وہ انس بن مالک سے روایت کرتے ہین کہ کہا اونھون نے کہ پڑہی مین نے قبل نماز مغرب کے دو رکعت زمانہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا مختار نے انس سے کیا تمکو دکھایا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی کیا تمنے دیکھا تھا رسول خدا صلعم کو کہ پڑھی اونھون نے کہا انس نے ہان اور مین بھی پڑہتا تھا پس نہ حکم کیا آپ نے نہ منع فرمایا تو پڑھنا آپ کا اور سکوت کرنا پڑہنے پر دوسرونکی دلیل قوی ہی خاص نہونے پر اسکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ اور فضائل اوسکے نہ بیان کرنا دلالت کرتا ہی ادا کرنے پر طریق عادت کے کہ مفید استحباب کو ہی لیکن یہ امر خواص کے لیے ہی مثل علمائے راسخین اور صلحائے کاشفین کے کہ یقین جانتے ہین اسکے جواز کا بسبب اپنے علم کے نہ بسبب تقلید کے اور دوسرون کو نہ ادا کرنا چاہیے کیونکہ بعض کتب مین فقہ کی ممانعت بھی نظر سے گذری ہی لیکن صحیح جواز ہی بدلیل رد کرنے بحر رائق کے قول منکر جواز کا اور اوسکی عبارت یہ ہی

قوله وقبل المغرب اى ومنع عن التنفل بعد غروب الشمس قبل صلوة المغرب

لما رواه ابو داود سئل ابن عمر رضی الله عنهما عن الرکعتین قبل المغرب
فقال ما رایت احدا علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلیهما وهو
یقتضی نفی المندوبیة اما ثبوت الکراهة فلا الا ان یدل دلیل اخر وما
ذکر من استلزامه تاخیر المغرب فقد قدمنا من القنیة استثناء القلیل
والرکعتان لا تزید علی القلیل اذا تجوّز فیهما وفی صحیح البخاری انه صلی الله
علیه وسلم قال صلوا قبل المغرب رکعتین وهو امر ندب وهو
الذی ینبغی اعتقاده فی هذه المسئلة والله الموفق

وماذکروه فی الوجوب لا یدل نعم

اور قبل مغرب کے یعنی منع کیا گیا ہی نفل پڑھنے سے بعد غروب شمس قبل
نماز مغرب سے اوس حدیث سے کہ روایت کیا ہی اسکو ابو داؤد نے ابن
عمر رضی اللہ عنہما سے کہ سوال کیا گیا اونسے درباب دو رکعت قبل مغرب کے
تو فرمایا نہین دیکھا مین نے کسی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین
کہ پڑھتا ہو ان کو اور یہ حدیث چاہتی ہی نفی استحباب کو لیکن ثبوت کراہت کا
اس سے نہین ہوتا ہی مگر یہ کہ کوئی دوسری دلیل دلالت کرے اور جو ذکر
کیا گیا کہ لازم آتی ہی اوس سے تاخیر مغرب کی تو ہم پہلے قنیہ سے نقل کر چکے

کہ قلیل تاخیر مستثنی ہی دو رکعتین قلیل سے زائد نہین جب کہ ہلکی پڑھے
اور صحیح بخاری مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پڑھو تم قبل
مغرب کی دو رکعتین یہ امر استحباب کا ہی اور اسی کو اعتقاد کرنا اس مسئلہ مین
چاہیے واللہ الموفق اور جو جواب فقہا نے ذکر کیا ہی وہ اس دلیل کا دفعیہ
نہین اور بھی عبارت در مختار سے وھل تحسب المؤکدۃ من المستحب
ویؤدی الکل بتسلیمۃ واحدۃ اختار الکمال نعم (معنی اسکے یہ ہین
آیا حساب کر لی جائیگی سنت موکدہ مستحب سے اور کل ادا کی جائیگی ایک
سلام سے اختیار کیا ہی کمال نے کہ ہان) مفہوم ہوتا ہی کہ اگر کوئی شخص بعد
ظہر کے یا بعد عشا کے چار رکعت اور چھہ رکعت بعد مغرب کے ایک سلام
سے یا دو سلام سے یعنی مجموع ایک سلام سے پڑھے یا شفعہ راتبہ علیحدہ
پڑھے اور دو دو رکعت بعد شفعہ راتبہ کے ظہر اور عشا مین اور چار رکعت بعد
اوسکے مغرب مین پڑھے اور شفعہ راتبہ علیحدہ نہ پڑھے دونون ادا ہوجائینگی لیکن
صحیح یہ ہی کہ نوافل مذکورہ سوای شفعہ مسنونہ کے پڑھنا چاہیے اور تداخل
موکدہ کا نوافل مین نکرنا چاہیے یعنی شفعہ راتبہ کہ عبارت ہی دوگانہ موکدہ
سے بعد ظہر کے اور عشا کے اور مغرب کے اول پڑھے بعد اوسکے نوافل مذکورہ

یعنی چارگانہ بعد ظہر اور عشا اور چھہ رکعت بعد مغرب کے علیحدہ پڑھے
نہ یہ کہ کل چار رکعت ظہر اور عشا مین اور کل چھہ رکعت بعد مغرب کے پڑھے
باین طور کہ دو دو رکعت مؤکدہ سے شمار کرے اور باقی نفل یعنی دوگانہ
سنت کا اور دوگانہ نفل کا بعد ظہر اور عشا کے اور دوگانہ رواتب
اور چارگانہ نفل بعد مغرب کے علیحدہ پڑھے خواہ بیک سلام ہو یا بدو سلام جیسا کہ مرقوم
ہی بحر الرائق مین وحکی فی فتح القدیر اختلافا بین اهل عصره فی مسئلتین
الاولی هل السنة المؤكدة محسوبة من المستحب فی الاربع
بعد ظهر و بعد عشاء و فی الست بعد المغرب او لا الثانیة علی
التقدیر الاول نقل یؤدی الکل بتسلیمة واحدة او بتسلیمتین
و اختار الاول فیهما و اطال الکلام فیه اطالة حسنة کما
هو دابه و ظاهره انه لم یطلع علیه فی کلام من تقدمه
اور ذکر کیا ہی فتح القدیر مین اختلاف اپنے زمانہ والون کا دو مسئلون مین
ایک یہ کہ آیا سنت مؤکدہ شمار کیجائیگی مستحب چار رکعتون مین بعد ظہر اور بعد
عشا کے اور چھہ رکعت مین بعد مغرب کے یا نہین دوسرا مسئلہ یہ ہی کہ
بر تقدیر اول کل ایک سلام سے ادا کیجائینگی یا دو سلام سے اور اختیار کیا ہی

ان دونون مین مشق اول کو اور دراز کی ہی اسمین گفتگو عمدہ طور پر جیسا کہ اونکی عادت ہی اور ظاہر یہ ہی کہ نہین اطلاع اونکو ہوئی کلام پر اون لوگون کے جو اون سے پہلے گذرے صاحب بحر رائق نے اول موافقت فتح القدیر کی اختیار کی یہ روایت در مختار سے بھی منقول ہو چکی بعد اوسکے کہا کہ ظاہر اونکے کلام کا دلالت کرنا ہی اس بات پر کہ وہ مطلع نہین ہوا ہی اس مقدمہ مین کلام پر اوس شخص کے جو مقدم ہی اوسپر تو مفہوم ہوا کہ قول صاحب فتح القدیر سے مقدم لوگون کا خلاف اوسکے قول کے ہی یہ تقریر جو ہی مبنی ہی داب مشائخ سلوک پر کہ قاعدہ اونکا عمل کرنا ہی عزیمت اور احتیاط پر اور لیکن فقہا کے قول پر تو صحیح وہی روایت در مختار کی ہی اور تائید اوسکی اکثر کتب فقہ سے معلوم ہوتی ہی واللہ اعلم لیکن طالب سالک کو احسن اور افضل یہ ہی کہ دوگانہ موکدہ علیحدہ ادا کرے اور چارگانہ نافلہ بعد ظہر و عشا کے اور چھہ رکعت بعد مغرب کے علیحدہ ادا کرے جیسا کہ عبارت جامع الرموز سے مستفاد ہوتا ہے

وحبب الاربع بعدہ ای العشاء فیصلی بعد الفرض اربعا وھو افضل کما فی الکافی وقیل اربعا عندہ ورکعتین عندھما والاحسن ان یصلی اربعا

ثم ركعتين كما في المضمرات و ذكر في قوت القلوب يصلي ربعا ثم ركعتين ثم اربعا

اور مستحب ہی چار رکعت بعد عشا کے پس پڑہے بعد فرض کے چار رکعتین

اور یہ افضل ہی جیساکہ کافی مین ہی اور کہا گیا ہی کہ چار رکعت امام اعظم کے

نزدیک اور دو رکعت صاحبین کے نزدیک ہین اور بہتر یہ ہی کہ چھہ رکعت

پڑھے چار اول پھر دو رکعتین جیساکہ مضمرات مین ہی اور ذکر کیا ہی قوت

القلوب مین کہ پڑھے چار رکعتین پھر دو رکعتین پھر چار رکعتین اور عمل

مشائخ سلوک کا یہ ہی کہ مقدم کرتے ہین دوگانہ چارگانہ پر واللہ اعلم

بالصواب اور بھی مستحب ہی ادا کرنا تحیۃ الوضو کا دو رکعت بمجرد فراغت

وضو کے بے درنگ درمختار مین مرقوم ہی وندب رکعتان بعد الوضوء

یعنی قبل الجفاف کما في الشرنبلالية عن المواهب یعنی اور درمختار مین

ہی کہ مستحب ہین دو رکعتین بعد وضو کے یعنی قبل خشک ہونے کے

جیساکہ شرنبلالیہ مین ہی مواہب سے اور بھی مستحب ہی پڑھنا دوگانہ کا

وقت سفر کرنے کے اور سفر سے لوٹ کر گھر پہونچنے کے وقت اور دوگانہ

نماز استخارہ کا اور چارگانہ حاجت کا جب کوئی حاجت پیش آوے

چارگانہ نماز پڑھکر حاجت طلب کرے اور چار رکعت صلوۃ التسبیح کی ہی

رمختار مین مرقوم ہی ومن المندوبات رکعتا السفر والقدوم منه
صلوۃ اللیل واقلها علی ما فی الجوهرۃ ثمان ولو جعله اثلاثا
الاوسط افضل وانصافا فالاخیر افضل واحیاء لیلتی
العیدین والنصف من شعبان والعشر الاخیر من رمضان
الاول من ذی الحجۃ ویکون بکل عبادۃ یعم اللیل او اکثرہ ومنها
رکعتا الاستخارۃ واربع صلوۃ التسبیح بثلاثمائۃ تسبیحۃ
وفضلها عظیم واربع صلوۃ الحاجۃ وقیل رکعتان وفی
الحاوی انها اثنی عشر بسلام واحد بسطناہ فی الخزائن
اور مستحبات سے ہی دو رکعتین سفر کی اور دو رکعتین گھر پہونچنے کی اور
رات کی نماز اور اقل اوسکا بنا بر اسکے کہ جوہرہ مین ہی آٹھ رکعتین ہین
اگر رات کے تین حصہ کرے تو اوسط افضل ہی اور جو دو حصہ کرے
تو آخر افضل ہی اور بہتر ہی شب بیداری عیدین اور پندرھوین شعبان
اور عشرۂ اول ذی الحجہ کے اور شب بیداری حاصل ہوتی ہی ہر ایسی
عبادت سے جو تمام رات یا اکثر رات کی جائے او مستحبات سے ہی دو رکعتین
استخارہ کی اور چار رکعتین صلوۃ تسبیح کے ساتھہ تین سو تسبیح کی اور اوسکی

بڑی فضیلت ہی اور چار رکعت صلوۃ حاجت کی اور کہا گیا ہی کہ دو رکعتین
حاجت کی ہین اور حاوی مین بارہ رکعتین ہین ایک سلام سے اور تفصیل
سے لکھا ہی مین نے خزائن مین اور طریقہ پڑھنے کا صلوۃ التسبیح کے یہ ہی
چار رکعت ایک سلام کے ساتھ پڑھے بعد سبحانک اللھم کی اور
قبل اعوذ باللہ کہنے کے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پندرہ بار پڑھے مترجم کہتا ہی بعض روایت مین وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وارد ہی اور اوسکے پڑھنے پر ہمارے پیران
طریقت کا عمل ہی واللہ اعلم اور بعد قرأت یعنی سورۂ فاتحہ پڑھکر سورت ملانے کے بعد
قبل رکوع کے دس بار اور رکوع مین بعد رکوع کے تسبیح تین بار کہنے کے
دس بار اور قومہ مین بعد سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد کے
دس بار اور دونون سجدون مین بعد تین تین بار تسبیح سجدہ کہنے کے
دس دس بار اور جلسہ مین جو دونون سجدون کے درمیان ہی دس بار
تو کل عدد تسبیح کے صلوۃ التسبیح کی ہر رکعت مین پچھتر بار ہوئی اور پوری
چار رکعتون مین تین سو بار ہوئی اور ایسی ہی رکعت ثانیہ مین کھڑے ہو کر
بسم اللہ اور قرأت کے قبل پندرہ بار اور بعد قرأت کے

قبل رکوع کے اور رکوع اور قومہ اور دونون سجدون اور جلسہ درمیان
سجدتین مین دس دس بار اور سجدہ ثانیہ کے بعد بیٹھکر اس تسبیح کو نہ پڑھے
اسوجہ سے کہ بمجرد فراغت سجدہ ثانیہ رکعت اولی اور ثالثہ کے اوٹھنا
واجب ہی اور جلسۂ استراحت مکروہ ہی اور رکعت ثانیہ اور رابعہ مین
زیادتی عدد بحیثیت پر لازم ہوتی ہی چنانچہ فتاوی قنیہ مین مذکور ہی اما
صلوۃ التسبیح فقد اورد ها الثقات وھی صلوۃ مبارکۃ وفیھا ثواب
عظیم ومنافع کثیرۃ ورواھا العباس وابنہ عبد اللہ وابن ابی جعفر
وعبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنھم عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ورواھا ابو عیسی فی جامعہ وعبد اللہ ابن ابی حفص الکبیر فی
جامعہ وحمید بن زنجویہ فی الترغیب بروایتین والمختار منھما
ان یکبر ویقراء سبحانک اللھم الخ ثم یقول سبحان اللہ والحمد
للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر خمس عشر مرۃ ثم یقرا
الفاتحۃ وسورۃ مثل سورۃ والضحی ثم یقول سبحان اللہ
الخ عشر مرات ثم یکبر ویرکع ویسبح ثلث مرات ثم
یقول سبحان اللہ الخ عشر مرات ثم یرفع راسہ ویقول

سمع الله لمن حمده ربنا لك الحمد ثم يقول سبحان الله الخ
عشر مرات ثم يكبر و يسجد و يسبح ثلثا ثم يقول سبحان الله الخ
عشر مرات ثم يرفع راسه و يكبر ثم يقول سبحان الله الخ عشر
مرات ثم يكبر و يسجد ثانیا و يسبح ثلثا ثم يقول سبحان الله الخ
عشر مرات ثم يقول و يفعل فی الثانية مثل ما فعل فی الاولى
و يصلی اربع ركعات بتسليمة واحدة و بقعدتين هكذا يقول له
فی كل ركعة خمسا و سبعين مرة لیکن صلوة تسبیح
ثقات نے ذکر کیا ہی اور وہ مبارک نماز ہی اور اوسمین
ثواب عظیم ہی اور منافع بہت ہین اور روایت کیا ہے
اسکو حضرت عباس اور اونکے بیٹے عبد اللہ
اور ابن ابی جعفر اور عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہم نے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا ہی ابو عیسی نے اپنی
جامع مین اور عبد اللہ بن ابی حفص کبیر نے جامع مین اور حمید بن زنجویہ
نے ترغیب مین دو روایتون سے اور مختار اون دونون روایتونمین سے
یہ ہی تکبیر کہے اور پڑھے سبحانك اللهم آخر تک پھر کہے سبحان الله

آخر تک پندرہ بار پھر الحمد پڑھے اور کوئی سورت مثل
والضحی کے پھر کہے سبحان اللہ الخ دس بار پھر تکبیر کہے
اور رکوع کرے اور تسبیح رکوع تین بار پڑھے پھر کہے سبحان
اللہ آخر تک دس بار پھر رکوع سے سر اوٹھائے اور کہے
سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد پھر کہے سبحان اللہ
آخر تک دس بار پھر تکبیر کہے اور سجدہ کرے اور تسبیح سجدہ تین بار
کہے اور کہے سبحان اللہ آخر تک دس بار اور سجدہ سے
سر اوٹھاوے اور تکبیر کہے پھر کہے سبحان اللہ آخر تک
دس بار پھر تکبیر کہے اور سجدہ کرے دوبارہ اور تسبیح سجدہ پڑھے
تین بار پھر کہے سبحان اللہ آخر تک دس بار پھر کہے اور کرے

قبل قراءت	بعد قراءت	رکوع	قومہ [illegible]	پہلا سجدہ	[illegible]	دوسرا سجدہ
پندرہ بار	دس بار	دس بار	دس بار	دس بار	دس بار	دس بار

دوسری رکعت مین جسطرح پہلی رکعت مین کہا اسیطرح چار رکعتین ایک سلام کے ساتھ
اور دو قاعدون کے ساتھ پڑھے اور اسیطرح کہے ہر رکعت مین پچھتر بار و لا یعد
بالاصابع فانہ یقدر ان یحفظ بالقلب وان احتاج یعد بعقد الاصابع حتی
لا یصیر عملا کثیرا اور نہ شمار کرتا ہے انگلیون پر سو اسطے کہ قادر ہے اس بات پر کہ
اوسے یاد رکھے اور اگر احتیاج ہو تو شمار کرے انگلیونکی پورون پر تاکہ عمل کثیر نہو جائے

رکعت		
رکعت اولی	سورۂ تکاثر	سورۂ زلزال
رکعت ثانیہ	سورۂ عصر	سورۂ عادیات
رکعت ثالثہ	سورۂ کافرون	سورۂ نصر
رکعت رابعہ	سورۂ اخلاص	سورۂ اخلاص

اور بعضی روایات مین تعین سورت کا بھی واقع ہی باین طور کہ رکعت اولی مین سورۂ تکاثر اور ثانیہ مین سورۂ والعصر اور ثالثہ مین سورۂ کافرون اور رابعہ مین سورۂ اخلاص پڑھے **مترجم کہتا ہی** تعین سورت کا دوسرے طریقہ پر بھی مروی ہی وہ یہ ہی کہ پہلی رکعت مین سورۂ زلزال دوسری مین سورۂ عادیات تیسری مین سورۂ نصر چوتھی مین سورۂ اخلاص اور تعین وقت کا بھی مروی ہی چنانچہ کشف شرح وقایہ مین مرقوم ہی قیل لابن عباس رضی اللہ عنہما ہل تعلم لہذہ الصلوۃ السورۃ قال نعم الہکم التکاثر والعصر وقل یا ایہا الکافرون وقل ہو اللہ احد قال المعلی و یصلیہما قبل الظہر کذا فی المضمرات کہا گیا حضرت ابن عباس سے کیا کوئی سورت اس نماز کے لیے خاص ہی فرمایا آپ نے الہکم التکاثر اور والعصر اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد کہا معلی نے اور پڑھی جاے قبل ظہر کے ایسا ہی مضمرات مین ہی اور ظفر جلیل ترجمہ حصن حصین مین مرقوم ہی اور مستحب ہی پڑھنا اسکا جمعہ کے روز دوپہر ڈھلے اور اسی پر ہی عمل مشائخ کبار کا

اور میں نے بھی دیکھا اپنے پیر و مرشد قدس سرہ کو کہ اسکو پڑھتے تھے قبل نماز جمعہ کے روز جمعہ میں اور بھی ظفر جلیل میں جلال الدین سیوطی سے منقول ہے کہ بعد تشہد اخیر اور قبل سلام یعنی بعد درود کے یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَوْفِیْقَ اَھْلِ الْھُدٰی وَاَعْمَالَ اَھْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَۃَ اَھْلِ التَّوْبَۃِ وَعَزْمَ اَھْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَھْلِ الْخَشْیَۃِ وَطَلَبَ اَھْلِ الرَّغْبَۃِ وَتَعَبُّدَ اَھْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَھْلِ الْعِلْمِ حَتّٰی اَخَافَكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مَخَافَۃً تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَعَاصِیْكَ حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰی اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَۃِ خَوْفًا مِنْكَ وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِیْحَۃَ حَیَاءً مِنْكَ وَحَتّٰی اَتَوَکَّلَ عَلَیْكَ فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا حُسْنَ الظَّنِّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اور بھی جاننا چاہیے کہ بعض روایات میں قرأت سُبْحَانَ اللّٰہِ الخ پندرہ بار بعد فراغت قرأت اور قبل رکوع کے اور دس بار رکوع میں اور قومہ اور سجدہ اور درمیان سجدہ کے جلسہ میں اور بعد دونوں سجدوں کے

جلسہ استراحت مین آیا ہو اور یہی مختار شافعیون کا اور ارباب ظواہر حدیث کا ہو اور طریقہ نماز استخارہ کا یہ ہو کہ جب ارادہ کرے کسی کام کا مباح کامون سے اور متردد ہو کرنے اور نکرنے مین اور نفع مین اور ضرر مین اوسکے تو چاہیئے کہ دو رکعت غیر فرض یعنی نفل پڑھے بعد اوسکے ہاتھ اوٹھا کر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ چنانچہ حصن حصین مین مرقوم ہو واذا ھم بامر فلیر کع رکعتین من غیر الفریضۃ ثم لیقل اللھم انی استخیرک آخر تک دعاے مذکورہ کی اور روایت کیا ہو اسکو بخاری سے اور صحاح اربعہ یعنی ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ سے اور معنی اسکے یہ ہین کہ جب کوئی اہم امر درپیش ہو

تو چاہیے کہ دو رکعت نماز سوائے فرض کے پڑھے پھر کہے اللھم
آخر تک اور بعد لفظ وعاقبة امری دونون جگہ لفظ او عاجل
امری واجلہ لائے ہین اور لفظ او شک ہی راوی کا چنانچہ ظفر جلیل
ترجمہ حصن حصین مین لکھا ہی اور او عاجل امری مین لفظ او کا حافظ
ابن حجر نے راوی کا شک لکھا ہی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری
فرمایا ان تینون لفظون کے عوض عاجل امری واجلہ فرمایا اور
جاننا چاہیے کہ لفظ ھذا الامر سے اوس کلام کو دل مین اپنے لے
یا بعد لفظ ھذا الامر کی زبان سے کہے اور شاہ ولی اللہ صاحب محدث
دہلوی نے قول جمیل مین طریقہ دوسرا بھی استخارہ کے لیے ذکر کیا ہی
اپنے قول سے واذا اردت ان تری فی منامك ما فيه عزمه ما انت
نیہ من الضیق فتوضأ والبس ثیابا طاھرة ونم مستقبل القبلة
علی یمینك واقرأ والشمس سبع مرات واللیل سبع مرات وقل ھو اللہ احد
سبع مرات وفی روایة بدل قل ھو اللہ احد سورة والتین
سبع مرات ثم قل اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا کَذَا
وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا

اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ فان رایت ما یسرك والا فافعل
مثل ذلك فی اللیلۃ الثانیۃ فان رأیت والا فی الثالثۃ
الی السابعۃ لا یعدوھا الامر انشاء اللہ
تعالے جربھا جماعۃ من اصحابنا
یعنی جب کہ تو چاہے اس تنگی اور تکلیف سے چھٹکارا ہونے کی
صورت خواب مین دیکھے تو وضو کر اور پاک کپڑے پہن اور قبلہ رخ
داھنی کروٹ لیٹ اور پڑھ سورۂ والشمس سات بار اور واللیل سات بار اور قل ھو اللہ احد
سات بار اور ایک روایت مین بدلے قل ھو اللہ احد کے سورۂ والتین
سات بار سنا گیا ہی پھر دعای اللھم ارنی کو اجابت دعوتی تک پڑھ پس اگر دیکھا تو نے
جو چاہتا ہی تو بہتر ہی ورنہ یہی طریقہ دوسری رات کو کر پھر اگر دیکھا تو نے
خیر ورنہ اسکو تیسری رات کر اسی طور سے سات رات تک کرتا رہ
اس سے آگے نہ بڑھیگا یعنی البتہ اپنا مطلوب پاویگا انشاء اللہ تعالے
آزمایا ہی اسکو ہمارے ساتھیون اور طالبونکی ایک گروہ نے یہانتک
قول شاہ ولی اللہ صاحب کا تھا اور طریقہ نماز حاجت کا یہ ہی کہ چار رکعت
یا دوگانہ پڑھے جب کوئی حاجت درپیش ہو بایں طور کہ بعد فراغت

نماز حاجت

چارگانہ یا دوگانہ نفل اس دعا کو بعد ثنائے باری تعالی اور درود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑھے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَالْعِصْمَۃَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ رِضًی اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ پڑھنا مجموع اس دعا کا صورت چند روایتوں کی ہے کہ بعضی روایت مین دوگانہ پڑھنے کے بعد خدا کی ثنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے بعد لا الہ سے من کل اثم تک وارد ہوا ہی اور بعضی روایت مین لا الہ الا اللہ سے ساتھ زیادتی لا تدع لی سے یا ارحم الراحمین تک مروی ہوا ہی اور بعض روایت مین بعد دوگانہ پڑھنے کے بجای دعاے مذکور یعنی لا الہ سے یا ارحم الراحمین تک کے پڑھنا اللھم انی اسئلک کا اللھم فشفعہ فی تک منقول ہوا ہی

چنانچہ عبارت حصن حصین سے مفہوم ہوتا ہے من کانت له حاجة الی الله او الی احد من بنی ادم فلیتوضأ ولیحسن وضوءه ثم لیصل رکعتین ثم یثنی علی الله ویصلی علی النبی صلی الله علیه وسلم ولیقل لا اله الا الله الحلیم سبحان الله رب العرش العظیم الحمد لله رب العالمین اسئلك موجبات رحمتك وعزائم مغفرتك والغنیمة من کل بر والعصمة من کل ذنب والسلامة من کل اثم مس ت لاتدع لی ذنبا الا غفرته ولا هما الا فرجته ولا حاجة هی لك رضی الا قضیتها یا ارحم الراحمین ت ومن کانت له ضرورة فلیتوضاء فیحسن وضوءه لا س ن مس ویصلی رکعتین ثم یدعو اللهم انی اسئلك واتوجه الیك بنبیك محمد نبی الرحمة یا محمد انی اتوجه بك الی ربی فی حاجتی هذه لتقضی لی اللهم فشفعه فی ت س ق مس

اور جس کسی کو کوئی حاجت ہو اللہ کی طرف یا کسی اولاد آدم کی طرف چاہیے کہ وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے یعنی سنت وآداب کے ساتھ اور مکروہات سے پرہیز کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے بعد اوسکے ثنا خدا کی بجالائے اور درود بھیجے اور کہے لا اله الا الله سے والسلامة من کل اثم تک روایت کیا ہے اسکو حاکم نے اپنی مستدرک میں

اور ترمذی نے اپنی جامع مین اور لا تدع لی سے یا ارحم الراحمین تک
بعد من کل اثم کے زیادہ روایت کیا ہی ترمذی نے اپنی جامع مین
جس کسی کو کوئی ضرورت ہو چاہیئے کہ وضو کرے تو اچھی طرح کرے
اپنا وضو روایت کیا ہی اسکو ترمذی نے اپنی جامع مین اور نسائی نے
سنن مین اپنی اور ابن ماجہ قزوینی نے اپنی سنن مین اور حاکم نے مستدرک
مین اور پڑھی دوگانہ نماز زیادہ کیا اسکو اس روایت مین نسائی نے
پھر کہے اللھم انی اسئلک پیچھے اللھم فشفعہ فی تک روایت کیا
ہی اسکو ترمذی نے جامع مین اور نسائی نے سنن مین اور ابن ماجہ نے
سنن مین اور حاکم نے مستدرک مین اور کہی ان روایتون سے استحباب
دوگانہ کا واسطے نماز حاجت کے مفہوم ہوا ہی اور کشف مین دوگانہ مذکور
ہوا ہی نہ چارگانہ کہ اوسکی عبارت یہ ہی ومنہا صلوۃ الحاجۃ وھی رکعتان
نیچے قول صاحب شرح وقایہ ومن المندوبات کے یعنی منجملہ مستحبات کے
صلوۃ حاجت ہی اور وہ دو رکعتین ہین لیکن در مختار جو اصح کتب فقہ ہی
اوسکے مصنف نے وار بع صلوۃ الحاجۃ وقیل رکعتان ذکر کیا ہی
کہ چارگانہ نماز حاجت کو عطف کرکے دوگانہ استخارہ پر ذکر کیا ہی بعد اوسکے

قیل رکعتان دوگانہ کو تحت مین قیل سے کہ صیغہ مجہول مقتضی ضعف کو
ہی ذکر کیا ہی لیکن اختیار کرنا بحر الرائق کا دوگانہ کو مفید تقویت کو دوگانہ کے
روایت کی ہوتا ہی اور روایت حصن حصین کی بھی دوگانہ پر دلالت کرتی
ہی لیکن چونکہ دوگانہ ضمن مین چارگانہ کے حاصل ہی اسواسطے پڑھنا چار
رکعت کا واسطے نماز حاجت کے اختیار مشائخ طریقت نے کیا ہی
واللہ اعلم مترجم کہتا ہی ہمارے خاندان مین بعد نماز مغرب صلوۃ الاسرار
کا ورد واسطے حاجت کے ارشاد فرماتے ہین پس جبکو کوئی مہم
درپیش ہو واسطے اوس مہم کے برآنے کے صلوۃ الاسرار دو رکعت
بعد نماز مغرب پڑھے ہر رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے قل ہو اللہ گیارہ
بار پڑھے اور بعد سلام کے درود پڑھے اور جانب عراق کے گیارہ
قدم چلے اور ہر قدم پر ایک نام حضرت غوث پاک کا ان گیارہ نامون سے
لے یا حضرت محی الدین سید عبدالقادر گیلانی یا شیخ محی الدین سید عبدالقادر
گیلانی یا سلطان محی الدین سید عبدالقادر گیلانی یا شاہ محی الدین سید
عبدالقادر گیلانی یا قطب محی الدین سید عبدالقادر گیلانی یا غوث
محی الدین سید عبدالقادر گیلانی یا خواجہ محی الدین سید عبدالقادر گیلانی

ف صلوۃ الاسرار

یا مولانا محی الدین سید عبد القادر گیلانی یا ولی محی الدین سید عبد القادر گیلانی
یا عارف باللہ محی الدین سید عبد القادر گیلانی یا مخدوم محی الدین سید عبد القادر
گیلانی بعد گیارھوین قدم کے ندا کرے یا حضرتِ صمدانی سید عبد القادر
گیلانی اِنّیْ عَبْدُکَ وَمُرِیْدُکَ مَظْلُوْمٌ عَاجِزٌ مُحْتَاجٌ اِلَیْکَ فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ
فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَمْدُدْنِیْ وَاَغِثْنِیْ بِاِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَبِعَوْنِ اللّٰہِ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ
اور اپنی حاجت بیان کرے انشاء اللہ جلد وہ حاجت پوری ہوگی اور
دوام اس نماز کا بہت نافع ہے واللہ اعلم اور بھی شاہ ولی اللہ دہلوی نے
ایک دوسرا طریقہ نماز قضاے حاجت کا قول جمیل مین ذکر کیا ہے دیکھو
صلوۃ تسمی صلوۃ کن فیکون قالوا من اعترضت لہ حاجۃ صعبۃ فلیرکع
کل لیلۃ من لیالی الاربعاء والخمیس والجمعۃ رکعتین یقرأ فی الاولی
الفاتحۃ مرۃ والاخلاص مائۃ مرۃ وفی الثانیۃ الفاتحۃ مائۃ
والاخلاص مرۃ ویقول مائۃ مرۃ ای آسان کنندۂ دشوارہا وای
روشن کنندۂ تاریکیہا ویستغفر اللہ مائۃ مرۃ ویصلی علی النبی صلی اللہ
علیہ وسلم مائۃ مرۃ ویدعو اللہ عز وجل بخشوع القلب فاذا کانت الثالثۃ فعل ھذا الخ مسلما لعلہ من
عند اللہ تعجیل ذلک الی عشرۃ ایام لحاجۃ مجرب مرۃ فانہ لا بد ان یسر ...

اونکی یعنی ارباب سلسلہ چشتیہ کے یہان ایک نماز ہی کہ اوسکا نماز کن فیکون
نام رکھا ہی کہتے ہین (یعنے بیان کرتے ہین طریقہ اوس نماز کا کہ کسی کو
کوئی حاجت سخت پیش ہو تو چاہیے کہ شب چارشنبہ و شب پنجشنبہ و شب
جمعہ مین دوگانہ پڑھے پہلی رکعت مین سورۂ فاتحہ ایک بار اور سورۂ
اخلاص سو بار اور دوسری رکعت مین سورۂ فاتحہ سو بار اور سورۂ اخلاص
ایک بار اور کہے بعد فراغت دوگانہ کے سو بار ای آسان کنندۂ دشوارہیا
وای روشن کنندہ تاریکیہا یعنی اول کلمہ ای آسان کنندۂ دشوارہیا
سو بار اور بعد اوسکے ای روشن کنندۂ تاریکیہا سو بار پڑھے معنی پہلے
(ای آسان کرنے والے دشواریون کے ہین اور دوسری کے ای روشن
کرنے والے اندھیریون کے) اور استغفار کرے سو بار یعنی
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ سو بار کہے اور درود بھیجے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سو بار پھر جب شب سوم یعنی شب جمعہ ہو اس
طریقے کو کرے یعنی جیسا کہ پہلی اور دوسری شب مین کیا ہی بعد اوسکے
اوتار ڈالے عمامہ اپنے سر سے یعنی برہنہ سر ہو اور اپنی گردن پر آستین
ڈالے اور روئے اور چاہے خدا سے اپنی حاجت پہچاس یا پس بالضرور قبول ہو گی

دنکی دعا اور خدا زیادہ جاننے والا حقیقت حال کا ہو اور بھی مجکو ایک
بزرگ سلمہ نے اجازت نماز کن فیکون کی دی ہو بطریق دیگروہ یہ ہو کہ بعد
نماز عشا و وتر کے اور بضرورت شدیدہ دوسری شبون کو بھی علاوہ پنجشنبہ
کے چار رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت مین بعد فاتحہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ
اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ
ایک سو ایک بار اور دوسری رکعت مین بعد فاتحہ کے اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ
وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ایک سو ایک بار اور تیسری رکعت مین بعد
فاتحہ کے اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ایک سو ایک بار
اور چوتھی رکعت مین بعد فاتحہ کے نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ایک سو ایک بار
بعد اوسکے سر برہنہ کرکے بانکسار و الحاح تمام اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ
فَانْتَصِرْ ایک سو ایک بار پڑھے پھر سجدہ مین جاکر مطلب چاہے اور
اولی یہ ہو کہ بعد نصف شب کے مسجد مین بحالت اضطراب نماز پڑھے
اور بھی وصول مطلب و عدم حصول دریافت کرنے کے لئے استخارہ
کی اجازت مجکو انھین بزرگ سے حاصل ہوئی ہو وہ یہ ہو کہ اول دوگانہ
بہ نیت نفل دوگانہ استخارہ پڑھے بعد سلام کے گیارہ بار سورۂ فاتحہ

بسم اللہ کے ساتھ اور گیارہ بار سورۂ اخلاص بسم اللہ کے ساتھ اور
گیارہ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور گیارہ بار یا شیخ عبد القادر اغثنی
پڑھے اور دوگانہ دوسرا پڑھے رکعت اولی میں سورۂ فاتحہ نستعین تک پڑھکر
آنکھ بند کرکے اھدنا الصراط المستقیم کو تکرار کرے اتنا کہ منہ ایک جانب کو
خود بخود پھر جاوے پھر سورۂ فاتحہ سرے سے گیارہ بار اور سورۂ اخلاص
گیارہ بار پڑھے ایک رکعت تمام کرے اور ایسے ہی دوسری رکعت
تمام کرے پھر جانا چاہیے کہ پھرنا منہ کا جانب راست دلیل ہی حصول
مطلب پر اور جانب چپ عدم حصول مطلب پر واللہ اعلم یہ جو مذکور
ہوا خاص شخص کی حاجت کے لیے تھا لیکن واسطے قضای حاجت
عام کے جیسے خشک سالی وکسوف وخسوف اور برابر پانی برسنا
اور عموم امراض اور وبا اور تاریکی شدید دن میں اور روشنی سخت شب
میں اور تسلط ظالم اور سوائے اسکے پس نماز استسقا دوگانہ سنت ہی
اور باقی امور میں پڑھنا دوگانہ کا مستحب ہی لیکن طریقہ نماز استسقا کا
یعنی پانی طلب کرنیکی نماز کا یہ ہی کہ جب کال ہو اور مینہ رک جاوے

نماز استسقا

تو لوگون کو چاہیے کہ تین روزہ رکھین اور توبہ کرین اور بادشاہ وقت اونکے ہمراہ ہووے اگر بادشاہ مسلمان نہو تو جس کسی کو ولایت جمعہ قائم کرنے کی ہو اوسکو ساتھ لیکر مسلمان بعد تیسرے دن کے اوس میدان مین جہان پانی نہو جائین پرانے کپڑے پہنے سر نیچا کیے عاجزی اور ادب کے ساتھ تمام راہ چلین اور بچے اور بوڑھے [illegible] عورت اور جانورون کو ہمراہ لین اور چلنے سے پہلے سب نماز استسقا پڑھنے والون کو بقدر اپنی وسعت کے کچھ تصدق کرنا چاہیے اور اس جگہ مین امام لوگون کے ساتھ دوگانہ نفل پڑھے بے اذان اور بے اقامت کے پھر خطبہ پڑھے جسمین ثنا و تعریف خدا کی اور مسلمانونکی لیئے مغفرت کی دعا ہو مثل عید کے لوگونکی طرف منہ کرکے اور جب تھوڑا خطبہ باقی رہے چادر کو پلٹے اسطرح پر کہ نیچے کا کنارہ اوپر کرے اور اوپر کا کنارہ نیچے لائے اور وہ دعائین جو استسقی مین روایت ہوئی ہین پڑھے یہ طریقہ نماز استسقا کا نزدیک امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ کے ہی لیکن امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالی کے نزدیک استسقا مین کوئی نماز مسنون نہین ہی بلکہ استسقا امت کے نزدیک یہ ہی کہ لوگ بطرز مذکور

میدان مین جائین اور استغفار کرین اور مینہ کی دعا مانگین اگر دو رکعت
نماز اکیلے بے جماعت پڑھین تو جائز ہے اور جس جگہ استسقا کے لیے لوگ
جمع ہون کافرون کو حاضر ہونا نچاہیے اور نکلنا میدان کی جانب استسقا
کے لیے ساتھ پہلے صدقہ دینے اور نئے سرے سے توبہ کرنے کے
تین روز تک جائز ہے جیسا کہ درمختار مین ہے باب الاستسقا ھو دعاء
واستغفار فانہ السبب لارسال الامطار بلا جماعة مسنونة بل ھی
جائزة وبلا خطبة وقالا یفعل کالعید وھل یکبر للزوائد خلاف وبلا
قلب رداء خلافا لمحمد بلا حضور ذمی وان کان الراجح ان دعاء الکافر قد یستجاب
استدراجا واما قولہ تعالی وما دعاء الکافرین الا فی ضلال ففی الاخرة
شرح مجمع وان صلوا فرادی جاز فھی مشروعة للمنفرد وقول التحفة وغیرھا
ظاھر الروایة لا صلوة ای بجماعة ویخرجون ثلثة ایام لانہ لم ینقل
اکثر منھا متتابعات ویستحب للامام ان یامرھم بصیام ثلثة ایام
قبل الخروج وبالتوبة ثم یخرج بھم فی الرابع مشاة فی ثیاب غسیلة
او مرقعة متذللین متواضعین خاشعین للہ ناکسی رؤسھم ویقدمون
الصدقة فی کل یوم قبل خروجھم ویجددون التوبة ویستغفرون

المسلمين ويستسقون بالضعفة والشيوخ والعجائز والصبيان
ويبعدون الاطفال عن امهاتهم ويستحب اخراج الدواب
وللاولى خروج الامام معهم وان خرجوا باذنه او بغير اذنه جاز انتهى
باب استسقا کا استسقا دعا او ر استغفار ہی اسلیے کہ استغفار سبب ہی پانی
برسنے کا بغیر جماعت کے یعنی جماعت جائز ہی سنت نہین ہی اور بغیر
اور کہا امام ابو یوسف اور امام محمد نے کہ مانند عید کے کیا جائے زائد تکبیرین
کہنے مین اختلاف ہی اور بغیر چادر الٹنے کے اسمین امام کا اختلاف
ہی) اور بغیر حاضر ہونے کا فر ذمی کے اگرچہ قول راجح یہ ہی کہ کافر کی دعا
قبول ہوتی ہی استدراجا مترجم کہتا ہی استدراج کہتے ہین خرق عادت
کافر سے ہو اور مقصود اوس خرق عادت سے اوس کافر کی ضلالت کا
بڑھانا ہو اور لیکن فرمانا جل شانہ کا وما دعاء الکافرین الا فی ضلال یعنی
نہین کافرونکی دعا بجز گمراہی تو آخرت مین ایسا ہوگا اسکو شرح مجمع الانہر سے
نقل کیا ہی اگر نماز الگ الگ پڑھین تو جائز ہی کیونکہ یہ نماز مشروع ہی منفرد
کے لیے (منفرد وہ ہی کہ بے جماعت کے تنہا نماز پڑھے) اور قول تحفہ
وغیرہ کا ظاہر الروایۃ ہی کہ نماز متعلق ہو یعنی اسکے لیے وقت کہ جماعت کے ساتھ

نماز نہین ہی اور لوگ نکلین تین روز اسلیے کہ اس سے زیادہ نقل نہین کیا گیا ہی ذ دیہی
اور امام کے لیے مستحب ہی کہ لوگون کو حکم دے تین روزے رکھنے کا نکلنے سے قبل
اور توبہ کرنے کا پھر چوتھے روز اونکے ساتھ نکلے پیدل دھوئے کپڑے پہنے
ہوے خواہ پھٹے عاجزی اور تواضع کے ساتھ ذلیل بنکر خدا کے سامنے سر نیچا
کیے ہوے اور نکلنے سے پہلے ہر روز کچھ غلہ صدقہ دین اونئے سرے سے
توبہ کرین اور مغفرت مانگین مسلمانون کے لیے نکلین ضعیفون اور بڈھون اور
بڑھیون اور بچون کے ساتھ اور جدا کرے بچون کو اونکی ماؤن سے اور مستحب ہی
چوپاؤن کو بھی نکالنا اور بہتر ہی نکلنا امام کا اونکے ہمراہ اور لوگ بے امام کے
نکلین خواہ اجازت سے امام کی نکلین یا بغیر اجازت کے جائز ہی اور کشف
شرح وقایہ مین مرقوم ہی و قالا یخرج الامام ویصلی بهم رکعتین یجهر فیهما
القراۃ کذا فی المضمرات والافضل ان یقرأ سبح اسم ربك الاعلی فی
الاولی وهل اتىك حديث الغاشية فی الثانية كذا فی العينی شرح
الهداية ويخطب خطبتين بعد الصلوة ويستقبل بهما الناس
قائما علی الارض لا علی المنبر ويفصل بين الخطبتين بجلسة وان شاء
خطب خطبة واحدة ويدعوا الله ويسبحه ويستغفر للمؤمنين والمؤمنات

ومن هنا لی قوسا فان مضی صدر من خطبته قلب رداءه کذا فی المضمرات

وصفة قلب الرداء ان کان مربعا جعل اسفله اعلاه واعلاه اسفله

ان کان مدورا جعل الجانب الایمن علی الایسر والایسر علی الایمن

ولکن القوم لا یقلبون اردیتهم هکذا فی الکافی والمحیط والسراج

الوهاج وفی التحفة واذا فرغ الامام من الخطبة یجعل ظهره الی

الناس وجهه الی القبلة ویقلب رداءه ثم یشتغل بدعاء الاستسقاء قائما

والناس قعود مستقبلون وجوههم الی القبلة فی الخطبة والدعاء فیدعو الله

تعالی ویستغفر للمؤمنین ویجددون التوبة ویستغفرون

اور کشف شرح وقایہ مین مرقوم ہی کہ صاحبین نے کہا ہی کہ امام نکلے اور لوگون کے

ساتھہ دو رکعت پڑھے دونون مین جہر سے قرات کرے ایسے ہی مضمرات مین

ہی اور افضل یہ ہی کہ پہلی رکعت مین سبح اسم ربك الاعلی اور دوسری

رکعت مین هل اتاك حدیث الغاشیة پڑھے ایسے ہی عینی شرح ہدایہ مین

ہی اور پڑھے دو خطبہ بعد نماز کے اور منہ کرے اون دونون مین لوگونکی طرف

کھڑا ہو زمین پر نہ منبر پر اور دونون خطبون کے درمیان فصل جلسہ کے ساتھہ کرے

اور اگر چاہے ایک خطبہ پڑھے اور دعا مانگے اللہ سے اور تسبیح و استغفار کرے

مسلمان مرد اور مسلمان عورتون کے لیے اور ٹیک لگائے ہو کمان کی جب
اول خطبہ پڑھ چکے چادر اوسے لٹے ایسے ہی مضمرات مین ہی اور صفت چادر اولٹنے
کی یہ ہی اگر چو کور ہو تو نیچے کو اوپر اور اوپر کو نیچے کر دے اور اگر گول ہو تو داہنی
جانب کو بائین جانب اور بائین جانب کو داہنی جانب کر لے لیکن لوگ
اپنی چادر نہ پلٹین ایسے ہی کافی اور محیط اور سراج وہاج مین ہی اور تحفہ مین
ہی جب امام خطبہ سے فارغ ہو تو لوگون کی طرف پیٹھ کرے اور قبلہ کی طرف
منہ کرے اور چادر پلٹے پھر دعاے استسقا مین مشغول ہو کھڑے ہو کر اور
لوگ بیٹھین رخ بقبلہ خطبہ اور دعا مین پھر دعا کرین سب اللہ کی جناب مین اور
استغفار کرین ایماندارون کے لیئے اور نئے سر سے توبہ کرین اور استغفار
کرین بعد اسکے جاننا چاہیئے کہ استسقا کی دعا مین دونون ہاتھ اوٹھاتا
سنت ہی اور ہاتھ اوٹھانے مین مبالغہ کرنا چاہیئے نہ اتنا کہ سر سے بلند
ہو جائین اسلیے کہ ہاتھون کا اوٹھانا سر سے اونچا کسی دعا مین ثابت نہین
ہوا نہ استسقا مین نہ سوا ے استسقا مین سنن ابوداود کے باب رفع الیدین
فی الاستسقا مین لکھا ہی عن عمیر مولی آبی اللحم انہ رای النبی صلی اللہ
علیہ وسلم یستسقی عند احجار الزیت قریبا من الزوراء قائما یدعو یستسقی

[illegible] (رو) پہنچی گئی ہو عمیر سے جو غلام
آبی اللحم کے ہین کہ ایک صحابی ہین کہ دیکھا اونھون نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی کے لیے دعا مانگتے اور مینہ چاہتے دونون ہاتھ
اوٹھائے ہوے تھے اپنے چہرے کی جانب کہ بلند نہین کیے تھے دونون
ہاتھون کو سر سے اور کشف مین ہی ثم عند الدعاء ان دفع یدیہ نحو
السماء فحسن وان ترک ذلک واشار باصبعہ السبابہ فحسن کذلک
الناس یرفعون ایدیہم لان السنۃ فی الدعاء بسط الیدین
کذا فی المضمرات وینصت القوم لخطبۃ الاستسقاء کذا فی المحیط
اگر دعا کے وقت امام آسمان کی طرف ہاتھ اوٹھائے تو خوب ہی اور اگر اسکو
چھوڑ دے اور کلمہ کی اونگلی سے آسمان کی جانب اشارہ کرے تو بھی بہتر ہی
اور ایسا ہی لوگ اپنے ہاتھون کو اوٹھائین اسلیے کہ سنت ہی دونون
ہاتھون کا پھیلانا دعا مین ایسا ہی مضمرات مین ہی اور لوگ چپکے رہین خطبۂ
استسقا کے سننے کے لیے ایسا ہی محیط مین ہی اور بھی چاہیے کہ استسقا
کی دعا مین کہ تسبیح کرنے دونون ہاتھون کا کبھی آسمان کی جانب کبھی زمین کی
جانب ایک حال پر نہ رکھے جیسا کہ بعض مشائخ سے نقل کیا گیا ہی

سنن ابوداؤد مین باب رفع الیدین فی الاستسقا مین انس بن مالک
رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم کان یستسقی
ھکذا یعنی مد یدیہ وجعل بطونھما مما یلی الارض حتی رایت بیاض ابطیہ
یعنی تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہ مینھ مانگتے اس طور سے یعنی پھیلاتے
اپنے دونون ہاتھ اور رُخ اونکا کرتے زمین کی جانب یہانتک کہ دیکھا مین نے
سپیدی آپکی دونون بغل کی اور بھی سنن ابوداؤد مین مذکور ہے اسی باب مین
شریک بن عبداللہ بن ابی نمیر سے کہ روایت کرتے ہین وہ حضرت انس
سے کہ فرمایا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرفع رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یدیہ بحذاء وجھہ فقال اللھم اسقنا پھر اوٹھائے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ اپنے چہرے کے مقابل فرماتے اللھم اسقنا تو یہ دونون
روایتین حضرت انس رضی اللہ عنہ کے معارض ہوئین اسلیے کہ اول
روایت دلالت کرنے والی ہے اسپر کہ استسقا کی دعا مین ہاتھونکی پشت
آسمانکی جانب تھی اور رُخ زمین کی طرف اور دوسری روایت دلالت کرنے
والی ہے کہ پشت ہاتھون کے نیچے اور رُخ اوپر تھا اور اسی کتاب سنن ابوداؤد
مین باب الدعا مین قتادہ سے ہے کہ وہ روایت کرتے ہین انس رضی اللہ عنہ سے

قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم هكذا بباطن كفيه

وظاهرهما فرمایا انس رضی نے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو مین نے دیکھا

ہو دعا مانگتے تھے اسطرح پر رخ سے دونون ہاتھونکی اور پشت سے دونون

ہاتھونکی تو صورت تطبیقیہ چاہتی ہی کہ کبھی آسمانکی طرف دونون ہاتھون کا

رخ ہوا اور کبھی زمین کی جانب و مظفر جلیل مین وظائف النبی سے اسیطرح

منقول ہی واللہ اعلم اور بھی حاضر ہونا استسقا مین بادشاہ کا شرط نہین ہی

بغیر اوسکی اجازت کے بھی درست ہو جیسا کہ درمختار کی عبارت جو پہلے مذکور

ہو چکی ہی اوس سے سمجھا جاتا ہی اور بھی استسقا اوس جگہ ہونا چاہیے جہان

پانی آدمیون اور چوپایون کے پینے کے لیے اور کھیت سینچنے کے لیئے

کافی نہو کشف مین ہی وفي التجريد وان لم يخرج الامام امر الناس

بالخروج وان خرجوا بغير اذنه جاز وانما يكون الاستسقاء في موضع

لا يكون لهم اودية ولا انهار وابار يشربون منها ويسقون مواشيهم

او زرعهم او يكون ولا يكفي لهم ذلك فاما اذا كانت لهم اودية

وابار وانهار فان الناس لا يخرجون الى الاستسقاء لانها انما تكون

عند شدة الضرورة والحاجة كذا في المحيط والله تعالى اعلم تحرید مین ہی

اگر امام نہ نکلے تو لوگون کو حکم دے نکلنے کا اگر لوگ بغیر اجازت امام نے نکلین
تو جائز ہے اور استسقا وہین ہوتا ہے جہان نالے ندی اور کنوین نہون کہ لوگ
پانی پیین اوس سے اور اپنے مواشیون اور کھیتون کو پانی دین یا ہون مگر
اونکو کفایت نکرین تو جب نالے اور کنوین اور ندی ہون تو لوگ استسقی
کے لیے نہ نکلین اسلیے کہ استسقا صرف سخت ضرورت اور حاجت کے
وقت ہوتا ہے ایسے ہی محیط مین ہے واللہ اعلم اور خطبہ استسقے کا یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ الذی خلق الانسان من سلالة
من ماء مہین ثم سوٰیہ و نفخ فیہ من روحہ المبین وجعل منہم
المؤمنین و منہم الکافرین و وفق المؤمنین بالتوبة لدفع ضرر
المعاصی و رغم بہا انف الشیاطین و نظم سلک الحیوة الدنیویة بقوت
الرزق وجعل لہ السماء سبباظاہرا وقال فی الکتاب المبین وانزلنا من
السماء ماء فاخرجنا بہ من الثمرات رزقا لکم فلا تجعلوا للہ اندادا و
انتم تعلمون والصلوة والسلام علی رسولہ محمد النبی الکریم والہ واصحابہ
الذین قاموا بحجة الدین القویم و نشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک
و نشہد ان محمد عبدہ و رسولہ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وازواجہ

وذریاته واتباعه وسلم تسلیما کثیرا کثیرا امابعد فاعلموا یا ایها الناس
ان الله تعالی سبحانه جعل الماء سبب الحیوة الدنیا حیث قال
عز وجل وجعلنا من الماء کل شئ حی خلق به الاثمار واحیی به البلاد
فانه قال تعالی وانزلنا من السماء ماء طهورا لنحی به بلدة میتا ونسقیه
مما خلقنا انعاما واناسی کثیرا وجرت العادة بنزوله وانقطع فی هذه
الاوان واضطرب لفقدانه اهل الزمان فانما لفساد الاعمال
وصدور العصیان فانه قال الله الکریم المستعان ان الله لا یغیر ما بقوم
حتی یغیروا ما بانفسهم فتوبوا عن خطایاکم وذنوبکم الی ربکم المنان
قال عز وجل ان الحسنات یذهبن السیئات واستغفروا لنفوسکم
وذواتکم واستسقوه یرسل علیکم مدرارا ویمددکم باموال وبنین
ویجعل لکم جنات ویجعل لکم انهارا فانه تعالی جواد کریم ملک بر رؤف رحیم اسکو پڑھکر
بیٹھے بعد اوسکے کھڑا ہوکر خطبہ پڑھے الحمد لله نحمده ونستعینه ونستغفره ونؤمن به
ونتوکل علیه ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یهده
الله فلا مضل له ومن یضلل فلا هادی له ونشهد ان لا اله الا الله
وحده لا شریک له ونشهد ان محمدا عبده ورسوله وصلی الله علی

خیر خلقه محمد و اله واصحابه وسلم ان الله وملئکته یصلون علی النبی
یا ایها الذین اٰمنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما اللهم صل علی محمد
وعلی ال محمد بعدد من صلی وصام وصل علی محمد وعلی ال محمد
بعدد من قعد وقام وصل علیه وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین وعلی
الملئکة المقربین وعلی عبادك الصالحین وعلی اهل طاعتك اجمعین
خصوصا علی اول الصحابة وافضلهم بالتحقیق امیر المؤمنین امام
المسلمین ابی بکر ن الصدیق رضی الله تعالی عنه وعلی اکمل الاصحاب
مزین المنبر والمحراب امیر المؤمنین امام المتقین عمر بن الخطاب
رضی الله تعالی عنه وعلی حبیب حبیب الرحمن جامع ایات القران کتل
الترتیب فی لوح الرحمن امیر المؤمنین امام المتورعین عثمان بن عفان
رضی الله تعالی عنه وعلی مظهر العجائب والغرائب امیر المؤمنین
امام العالمین علی بن ابی طالب رضی الله تعالی عنه وعلی سبطیه قرتی
عینیه الشهیدین ابی محمد الحسن وابی عبد الله الحسین رضی الله تعالی
عنهما وعلی امهما سیدة النساء فاطمة الزهراء رضی الله تعالی
عنها وعلی عمیه الشریفین المعظمین بین الناس ابی عمارة حمزة

وابی الفضل العباس رضی اللہ تعالی عنہما وعلی الستۃ الباقیۃ من العشرۃ
المبشرۃ وعلی سائر الصحابۃ من المہاجرین والانصار وعلی التابعین الابرار
واتقوا اللہ یا اولی الالباب اللھم اغفرلی ولوالدی ولجمیع المومنین
والمؤمنات وتب علینا انک انت التواب الرحیم الحمد للہ رب العالمین
الرحمن الرحیم مالک یوم الدین لا الہ الا اللہ یفعل ما یرید اللھم
انت اللہ لا الہ الا انت الغنی ونحن الفقراء انزل علینا الغیث واجعل
ما انزلت علینا قوۃ وبلاغا الی حین فانک قلت استغفروا ربکم انہ
کان غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا ویمددکم باموال وبنین
ویجعل لکم جنت ویجعل لکم انہارا امام کو چاہیے کہ روبقبلہ ہو جاے
اور لوگوں کی طرف پیٹھ کرے بعد اوسکے چادر پھیر کر ہاتھ اوٹھا کر دعا مانگے اور جو دعائیں کہ
استسقے کے لیے مسنون ہیں وہ پڑھے اور لوگ ہاتھ اوٹھا کر آمین کہیں اور مسنون دعائیں یہ ہیں
اللھم اسقنا غیثا مغیثا مریا مریعا نافعا غیر ضار عاجلا غیر اجل
رائث اللھم اسق عبادک وبہائمک وانشر رحمتک واحی بلدک
المیت اللھم انزل علی ارضنا زینتھا وسکنھا اللھم ضاحت جبالنا
واغبرت ارضنا وھامت دوابنا معطی الخیرات من اماکنھا ومنزل

الرحمة من معادنها واجری البرکات علی اھلھا بالغیث المغیث انت المستغفر
الغفار فنستغفرک للجامات من ذنوبنا ونتوب الیک من عوام خطایانا اللھم فارسل
السماء علینا مدرارا واوصل بالغیث واکفا من تحت عرشک حیث ینفعنا
ویعود علینا غیثا عاما طبقا غبقا مجللا غدقا خصبا راتعا ممرع النبات یارب یارب
اللھم اسقنا اللھم اسقنا اللھم اسقنا اللھم اغثنا اللھم اغثنا اللھم اغثنا
اللھم اسقنا واغثنا اللھم اسقنا واغثنا غیثا مغیثا وحیا ربیعا وجدیدا ارجدا طبقا
غدقا وغیقا وتقاعاما ھنیا مریئا مربیا مرتعا وابلا سائلا مسبلا مجللا دائما
دردا نافعا غیر ضار عاجلا غیر رائث غیثا اللھم تحیی بہ البلاد وتغیث بہ العباد و
تجعلہ بلاغا للحاضر عنا والباد اللھم انزل علینا فی ارضنا زینتھا اللھم انزل
علینا فی ارضنا سکنھا اللھم انزل علینا من السماء ماء طھورا فاحی بہ بلدۃ
میتا واسقہ مما خلقت لنا انعاما واناسی کثیرا اللھم اسقنا الغیث ولا تجعلنا
من القانطین پھر آدمیونکی طرف منہ کرے اور کہے قل یا عبادی الذین اسرفوا
علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا انہ ھو الغفور
الرحیم وانیبوا الی اللہ واذکروا اللہ کثیرا وسبحوہ بکرۃ واصیلا ولذکر اللہ تعالی
اعلی واولی واعز واجل واھم واتم واعظم واجمل وانفع وادوم واکبر

کسوف یعنی سورج گہن کی نماز کا طریقہ یہ ہی جب سورج گہن پڑے تو
اوس امام کو جو جمعہ کی نماز پڑھتا ہی چاہیے کہ جس مسجد مین جمعہ کی نماز ہوتی ہو
مقتدیون کو ملاکر دو رکعت دراز بطرز نفل جماعت کے ساتھہ پڑھے بغیر
اذان واقامت کے اور بغیر خطبہ پھر دعا مانگے اور استغفار کرے یہانتک
کہ سورج صاف ہو جاوے اور مقتدی بھی دعا اور استغفار مین امام کا ساتھ
دین سنن ابی داؤد مین مرقوم ہی وعن عبد الله بن عمرو قال کسفت الشمس
علی عہد رسول الله صلی الله علیہ وسلم فقام رسول الله صلی الله علیہ وسلم
لم یکد یرکع ثم رکع فلم یکد یرفع ثم رفع فلم یکد یسجد ثم سجد فلم یکد یرفع ثم
رفع فلم یکد یسجد ثم سجد فلم یکد یرفع ثم رفع وفعل فی الرکعة الاخری مثل ذلک
ثم نفخ فی اخر سجوده فقال اف اف ثم قال یا رب الم تعدنی ان لا تعذبہم
وانا فیہم الم تعدنی ان لا تعذبہم وہم یستغفرون ففرغ رسول الله
صلی الله علیہ وسلم من صلوة وقد امحصت الشمس وساق الحدیث
روایت کیگئی ہی حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہ فرماتے تھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین سورج گہن پڑا تو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مین اتنا قیام فرمایا کہ قریب تھا کہ رکوع نکرین

پھر رکوع کیا تو قریب تھا کہ سر رکوع سے نہ اوٹھائین پھر سر اوٹھایا تو قریب
تھا کہ سجدہ نکرین یعنی ہر رکن ارکان مذکورہ سے ادا فرماتے تھے کہ گمان ہو تم دوسری
رکن مین مشغول ہی نہو نگے پھر سر سجدہ سے اوٹھایا اور دوسری رکعت مین
بھی ویسا ہی کیا یعنی دوسری رکعت مین بھی ارکان مذکورہ دراز ادا کی پھر ٹھنڈی
سانس بھری آنحضرتؐ نے آخری رکعت کے سجدہ مین پھر فرمایا اف اف
پھر فرمایا یارب الم تعدنی آخر دعا تک اور معنی اسکے یہ ہین کہ اے پروردگار
کیا تونے مجھسے وعدہ نہین کیا ہے کہ مین عذاب نکرونگا اوس
حال مین جبتک مین اون لوگون مین ہون (یعنی آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی مین عذاب نہ نازل کیا جاویگا) کیا وعدہ
نہین کیا تونے مجھسے کہ مین عذاب نکرونگا جب تک کہ وہ لوگ استغفار کرتے
رہین (اس جگہ سے معلوم ہوا کہ سورج گرہن کی نماز بہت دراز پڑھنا چاہیئے
اور قیام اور رکوع اور سجود اور قومہ اور جلسہ مین دعائین ماثورہ پڑھی جائین)
پھر فراغت پائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے اور سورج گہن
اوسوقت چھوٹ چکا تھا شرح وقایہ مین لکھا ہے **فصل** عند الکسوف یصلے
امام الجمعۃ بالناس رکعتین کالنفل ای علی ھیئۃ النافلۃ بلا اذان و اقامۃ

عندنا فی کل رکعۃ رکوع واحد وعند الشافعی رکوعان مخفیا ومطولا قراتہ

فیھما وبعدھا یدعو حتی تنجلی الشمس ولا یخطب ــــــ یعنی سورج گرہن

کے وقت جمعہ کا امام لوگون کے ساتھہ دو رکعت پڑھے مانند اور نفل کے

یعنی بطرز نفل نماز کے بے اذان واقامت اور ہمارے نزدیک یعنی حنفیون کے

نزدیک ہر رکعت مین ایک رکوع ہی اور شافعیون کے نزدیک دو رکوع ہین

قرأت آہستہ اور دراز دونون مین کرے اور بعد اس دوگانہ کے دعا مانگتا

رہے یہانتک کہ سورج صاف ہو جاوے اور خطبہ نہ پڑھا جائے اور بہتر یہ

ہی کہ پہلی رکعت مین سورج گرہن کی سورۂ بقر بعد الحمد کے اور دوسری رکعت

مین سورۂ آل عمران پڑھے سنن ابی داؤد مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

سے روایت کیا گیا ہی قالت کسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی بالناس فقام فحزرت

قراتہ فرایت انہ قرا سورۃ البقرۃ وساق الحدیث ثم سجد سجدتین ثم قام

فاطال القراۃ فحزرت قراتہ فرایت انہ قرا بسورۃ ال عمران

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

زمانے مین سورج گرہن پڑا تو نماز پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لمبی نماز

یعنی امامت لوگونکی کی پھر قیام فرمایا پس تلاش کیا مین نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی قرات کو تو پایا مین نے کہ آپنے سورۂ بقر پڑھی پھر حدیث کو چلایا
یعنی حضرت عروہ نے کہ اس حدیث کے راوی ہین حضرت عائشہ رضی اللہ
عنہا سے) یعنی کیفیت راوی کی رکوع اور قومہ مین بیان کی پھر سجدہ کیا آنحضرت صلعم
نے دو سجدے پھر کھڑے ہوے اور قیام کیا دوسری رکعت مین تو قرات
کو دراز کیا تو فکر کی مین نے اونکی قرأت کی تو دیکھا مین نے کہ آنحضرت صلعم نے
سورۂ آل عمران پڑھی **فائدہ** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا لفظ
فحزرت قراتہ یعنی جانچا مین نے آپکی قرات کو اس سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلعم
نے نماز کسوف مین آہستہ قرأت کی جیسا کہ مذہب حنفیون کا ہی اور چاہیے
سورج گہن کی نماز مین ثنا کرنے کی جگہ بعد سبحانک اللھم پڑھنے کے اور
اور رکوع مین بعد سبحان ربی العظیم کہنے کے اور قومہ مین سمع اللہ لمن حمدہ
ربنا لک الحمد کہنے کے بعد اور سجدہ مین سبحان ربی الاعلی کہنے کے بعد
اور جلسہ مین کچھ دعائین ماثورہ پڑھے جیسا کہ درمختار مین ہی یصلی بالناس

من یملک اقامۃ الجمعۃ بیان المستحب وما فی السراج لابد من شرائط
الجمعۃ الا الخطبۃ ردہ فی البحر عند الکسوف رکعتین بیان لاقلھا وان شاء اربعا

او الی کل رکعتین بتسلیمۃ او کل اربع مجتبی وصفتھا کالنفل ای برکوع واحد فی

غیر وقت مکروہ بلا اذان ولا اقامۃ ولا جھر ولا خطبۃ وینادی الصلوۃ جامعۃ

لیجتمعوا ویطیل فیھما الرکوع والسجود والقراۃ والادعیۃ والاذکار الذی

ھو من خصائص النافلۃ ثم یدعو بعدھا جالسا مستقبل القبلۃ او قائما

مستقبل الناس والقوم یؤمنون حتی تنجلی الشمس کلھا

یعنی لوگون سے کے ساتھ وہ نماز پڑھے جو مالک جمعہ کی نماز قائم کرنیکا

ہو یہ بیان مستحب کا ہی اور جو کہ سراج مین ہی کہ ضروری ہین جمعہ کی شرطین سوا

خطبہ کے اس قول کو بحر رائق مین رد کردیا ہی وقت سورج گرھن کے دو

رکعتین تو یہ بیان ہی کم سے کم سورج گرھن کی نماز کا اور اگر چار پڑھے یا زیادہ

پڑھے تو پھر دوگانا ایک سلام کے ساتھ یا چار رکعت ایک سلام کے ساتھ

مجتبی سے نقل کیا گیا ہی اور طرز نماز کسوف کا مثل اور نفل کے ہی یعنی

ایک رکوع کے ساتھ وقت مکروہ کے سوا ہین بغیر اذان اور بغیر اقامت کے

بغیر جہر اور بغیر خطبہ کے اور منادی کیجاوے کہ نماز سورج گہن کی تیار ہی

تاکہ لوگ جمع ہوجائین اور دونون رکعتون مین رکوع اور سجود اور قرأت کو

دراز کرے اور دعائین اور اذکار جو خصائص سے نفل نمازون کے ہین

پڑھے بعد اوسکے پھر دعا مانگے رو بقبلہ ہوکر بیٹھے یا لوگونکی طرف منہ کرکے
بیٹھے اور لوگ آمین کہتے جائین یہانتک کہ صاف ہوجائے پورا سورج
درمختار کے قول فی وقت غیر مکروہ سے (یعنی نماز اوسوقت پڑھی جاے جو
وقت غیر مکروہ ہو) معلوم ہوتا ہی کہ جس وقت کہ اور نوافل پڑھنا مکروہ ہی
جیسے سورج نکلنے کے وقت یا بعد عصر کے اور استوا کے وقت نماز سورج گہن
کی ان اوقات مین ناجائز ہی جیسا کہ کشف مین ہی وان کسفت فی الاوقات
المنھیۃ عن الصلوۃ فیہا لم یصل کذا فی الجوھرۃ **مسئلہ** اگر سورج گہن
پڑے ان وقتون مین جنمین نماز پڑھنا منع کیا گیا ہی تو نماز سورج گہن کی
نہ پڑھے جیسا کہ جوہرہ نیرہ مین ہی **مسئلہ** اگر سورج گہن کی نماز پڑھنے کے
قبل ہی آفتاب پورا صاف ہوجائے تو نماز کسوف نہ پڑھنا چاہیئے کشف
مین لکھا ہی وان لم یصل حتی نجلت لم یصل بعد ذلک **ف** اگر نماز نہ پڑھے
یہانتک کہ سورج صاف ہوگیا تو نماز بعد اسکے نہ پڑھے **مسئلہ** اگر
سورج کچھ صاف ہوا اور کچھ صاف نہو نماز پڑھی جاے جیسا کہ کشف مین
ہی وان تجلی بعضہا جاز ان یبتداء بالصلوۃ **ف** اگر صاف ہوگیا تھوڑا آفتاب
تو جائز ہی کہ نماز شروع کیجائے **مسئلہ** اگر آفتاب کو ابر چھپا لے حالت

گہن مین نماز کسوف پڑھی جاے کشف مین لکھا ہی فان ستر ہا سحاب او حائل
دھی کا سنة صلے یعنے اگر سورج کو ابر یا کوئی آڑ چھپالے اور
گہن پڑا ہو تو نماز پڑھی جاے مسئلہ اگر غروب ہو جاے آفتاب حالت
گہن مین تو نماز کسوف موقوف رکھی جاے اور مغرب کی نماز پڑھی جاے
کشف مین ہی فان غربت کا سنة امسك عن الدعاء واشتغل بصلوٰة المغرب
اگر غروب ہو جاے آفتاب گہن مین تو دعا سے رکا رہی اور نماز مغرب کی پڑھے
اور یہی قول کشف امسك عن الدعا سے معلوم ہوتا ہی اگر سورج گہن مکروہ
وقتون مین واقع ہو دعا مین مشغول ہونا چاہیئے مسئلہ اگر نماز کسوف کے
لیئے امام جمعہ کا موجود نہو تو لوگون کو چاہیے کہ اپنے گھرون مین بے جماعت کے
سورج گہن کی نماز پڑھین اور ایسے ہی چاند گہن کی نماز اپنے گھرون مین دو رکعت
یا چار رکعت درازی قرأت و رکوع و قومہ و سجود و جلسہ کے پڑھے مثل
نماز سورج گہن کے اور ایسے ہی مثل چاند گہن کے نماز کے دوسرے خوف
دالنے امور کے لیے بھی نماز پڑھی جاے جیسے سخت آندھی آنا یا سخت تاریکی
دن کو ہونا یا شب کو خوب روشنی ہو جانا اور زلزلہ اور وبا جو انکے مانند سخت
امور مین دوگانہ یا چارگانہ طویل پڑھنا چاہیے اور نماز کسوف آفتاب کی سنت ہی

نماز چاند گہن

اور باقی نفل ہو جیسا کہ در مختار میں ہی وان لم یحضر الامام للجمعۃ صلی الناس

فرادی فی منازلہم تحرزعن الفتنۃ کالخسوف للقمر والریح الشدیدۃ والظلمۃ

القویۃ نہارا والضوء القوی لیلا والفزع الغالب ونحو ذلک من الایات المخوفۃ

کالزلازل والصواعق والثلج والمطر الدائمین وعموم الامراض ومنہ الدعاء

لرفع الطاعون وقول ابن حجر انہ بدعۃ ای حسنۃ وکل طاعون وباء ولا عکس

وتمامہ فی الاشباہ وفی العینی صلوۃ الکسوف سنۃ واختار فی الاسرار وجوبہا

وصلوۃ الخسوف حسنۃ وکذا البقیۃ وفی الفتح واختلف فی استنان صلوۃ

الاستسقاء قلت الا خر انتہی کلام صاحب الدر المختار یعنی اگر امام جمعہ کا نہ

موجود ہو لوگ الگ الگ گھروں میں اپنے نماز پڑھیں تا کہ فتنہ سے بچیں

جیسے چاند گہن کی نماز یا سخت آندھی یا دن کو سخت تاریکی کا ہونا یا رات کو

بہت روشنی ہو جانیکی یا دہشت غالب کی اور مثل انکے جو نشانیاں خوف

دلانے والی ہیں جیسے زلزلہ اور کڑک اور برف اور پانی کا بند نہ ہونا اور عام

طور سے مرضوں کا ہونا انھیں نمازوں میں سے دعا ہی طاعون جانے کی

او ابن حجر کا قول انہ بدعۃ بدعت سے مراد بدعت حسنہ ہی اور ہر طاعون

وبا ہی بغیر عکس کے یعنی ہر وبا طاعون نہیں ہوتی ہی اور پورا بیان اسکا

اشباہ مین ہی اور عینی مین ہی نماز کسوف کی سنت ہی اور اسرار مین اختیار کیا گیا ہی
وجوب نماز کسوف کا اور چاند گہن کی نماز حسن ہی اور ایسے ہی باقی نمازین
اور فتح مین ہی اختلاف کیا گیا ہی صلوٰۃ استسقا کے سنت ہونے مین اسی
سبب سے آخر مین بیان کیا تمام ہوا کلام صاحب در مختار کا اور بھی
صاحب فتح القدیر جسکو صاحب در مختار نے ذکر کیا ہی سمجھا جاتا ہی کہ نماز
استسقا کا سنت ہونا مختلف فیہ ہی لیکن پانی اللہ سے مانگنا سنت ہی بالاتفاق
واللہ اعلم اور بھی وبا دور ہونے کے لیے دعاء قنوت کا پڑھنا آخر مین نماز
فرض کے اور ایسے ہی ہر آفت نازل ہونے کے وقت پڑھنا جائز اور
درست ہی چنانچہ در مختار مین لکھا ہی ولا یقنت لغیرہ الا لنازلۃ فیقنت الامام
فی الجہریۃ وقیل فی الکل اور دعاے قنوت نہ پڑھی جاے کسی
نماز مین سواے وتر کے مگر نزول بلا مین امام دعائے قنوت پڑھے نماز
جہریہ مین اور کہا گیا ہی کہ ہر نماز مین پڑھے اور اشباہ و نظائر مین مرقوم ہی
فائدہ فی الدعاء برفع الطاعون سئلت عنہ فی سنۃ تسع و ستین و تسعمایۃ
بالقاہرۃ فاجبت بانہ لم ار ہ صریحا لکن صرح فی الغایۃ وغراۃ الشمنی الیہما
بانہ اذا نزل بالمسلمین نازلۃ قنت الامام فی صلوٰۃ الجہر و ہو قولہ الثوری

ولهذا وقال جمهور اهل الحديث القنوت عند النوازل مشروع فی الصلوة
كلها انتهى وفی فتح القدير ان مشروعية القنوت للنازلة مستمرة لم تنسخ
وبه قال جماعة من اهل الحديث وحملوا عليه حديث ابی جعفر عن انس
رضی الله عنه ما زال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقنت حتى فارق
الدنيا ای عند النوازل وما ذكرنا من اخبار الخلفاء يفيد تقريره
لفعلهم ذلك بعده صلى الله عليه وسلم وقد قنت الصديق فی محاربة
الصحابة مسيلمة الكذاب وعند محاربة اهل الكتاب وكذلك قنت عمر
وكذلك قنت علی رضی الله عنهم فی محاربة معاوية وقنت معاوية فی محاربته
انتهى فالقنوت عندنا فی النازلة ثابت وهو الدعاء برفعها ولا شك ان
الطاعون من اشد النوازل قال فی المصباح النازلة المصيبة الشديدة
تنزل بالناس انتهى وفی القاموس النازلة الشديدة من شدائد
الدهر تنزل بالناس انتهى وذكر فی السراج الوهاج قال الطحاوی
ولا يقنت فی فجر عندنا من غير بلية فان وقعت بلية فلا بأس
به كما فعل رسول الله صلى الله عليه وسلم فانه قنت شهرا فيها
يدعو على رعل وذكوان وبنی لحيان ثم تركه كذا فی الملتقط انتهى

طاعون رفع ہونیکی دعاکو مجھسے پوچھا گیا ۹۶۹ھ مین مقام قاہرہ مین تو
جواب دیا مین نے کہ صریح طور سے دعا طاعون کی کہین نہین دیکھی لیکن
غایۃ البیان مین تصریح کی ہی اور شمنی نے منسوب کیا ہی اسکو صاحبین کی
طرف کہ جب کوئی آن پڑے آفت مسلمانون پر تو امام قنوت پڑھے جہریہ
نماز مین یعنی اون نمازون مین جنمین قرآن پکار کے پڑھا جاتا ہی اور یہی قول
سفیان ثوری اور احمد بن حنبل کا ہی اور جمہور اہل حدیث کہتے ہین کہ قنوت
نازلہ مین مشروع ہی کل نماز مین اور فتح القدیر مین ہی کہ مشروع
ہونا دعامی قنوت کا نزول آفات کے وقت برابر چلا آیا ہی منسوخ نہین اسی
کی قائل ایک جماعت اہل حدیث کی ہی اور اسی پر محمول کرتے ہین ابی جعفر
کی حدیث کو جو حضرت انس سے مروی ہی ہمیشہ رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم قنوت پڑھا کیے یہانتک کہ دنیا کو چھوڑا یعنی نزول آفات کے
وقت اور جو کہ ذکر کیا ہی ہمنے خلفاء کی خبرون سے فائدہ دیتا ہی اسکی تاکید کا
نسبت فعل خلفا کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور قنوت کی دعا
پڑھی حضرت صدیق نے جس زمانے مین صحابہ لڑے مسیلمہ کذاب سے
اور اہل کتاب سے اور ایسے ہی قنوت پڑھی حضرت عمرؓ نے اور ایسے ہی

قنوت پڑھی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے
لڑائی مین اور قنوت پڑھی حضرت معاویہ نے حضرت علی سے لڑائی کے
وقت تمام ہوئی عبارت پس قنوت ہمارے نزدیک نازلہ مین ثابت ہی
اور وہ دعا ہی دفع بلا کی اور کوئی شک نہین کہ طاعون سب بلاؤن مین سخت
تر بلا ہی کہا مصباح مین نازلہ سخت مصیبت ہی جو لوگون پر آن پڑے تمام
ہوا کلام مصباح کا اور قاموس مین ہی نازلہ سختی ہی تمام ہوا کلام قاموس کا
اور صحاح مین ہی نازلہ سختی ہی زمانہ کی سختیون مین سے تمام ہوا کلام صحاح کا
اور ذکر کیا گیا ہی سراج وہاج مین کہا ہی طحاوی نے اور قنوت نہ پڑھی جائے
ہمارے نزدیک فجر مین بغیر بلا کے پس اگر واقع ہو کوئی بلا تو کوئی حرج نہین
ہی قنوت کا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہی اسلئے کہ قنوت
پڑھی آپ نے ایک مہینے تک اور اوسمین یہ دعا کرتے رہے رعل اور ذکوان
اور بنی لحیان پر پھر چھوڑ دیا اوسکو ایسے ہی ملتقط مین ہی تمام ہوئی عبارت
اور حصن حصین مین لکھا ہی و یقنت فی الفجر س مو مص و فی سائر صلوات
الخمس ان نزل نازلة اذا قال سمع الله لمن حمده فی الرکعة الاخیرة و یؤمن خلفه
اور دعائے قنوت پڑھے فجر کی نماز مین روایت کیا ہی اسکو بزار نے اور

اور حاکم نے مستدرک مین اور روایت کیا ہی ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف
مین موقوفًا اور قنوت پڑھے سب پنجگانہ نمازون مین جب آن پڑے بلا
جبکہ کہے سمع اللہ لمن حمدہ دوسری رکعت مین اور مقتدی آمین کہین
روایت کیا ہی اسکو احمد نے مسند مین اور ابوداؤد نے اپنی سنن مین اور بھی
سنن ابی داؤد مین مرقوم ہی عن ابن عباس قال قنت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم شہرا متتابعا فی الظہر والعصر والمغرب والعشاء وصلوۃ الصبح فی
دبر کل صلوۃ اذا قال سمع اللہ لمن حمدہ من الرکعۃ الاخیرۃ یدعو علی احیاء من بنی
سلیم علی رعل وذکوان وعصیۃ ویؤمن من خلفہ روایت کیگئی ہی ابن عباس
سے کہ کہا اونھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت پڑھے ایک
مہینہ برابر ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا مین اور نماز فجر مین ہر نماز کی تمامی مین
جب فرماتے سمع اللہ لمن حمدہ آخر رکعت مین بددعا کرتے تھے ایک گروہ
پر بنی سلیم کے رعل و ذکوان و عصیہ پر کہ ان لوگون نے شدید ایذائین دی تھین اور
محل خطر کا لانے تھا اور جو آنحضرت صلعم کے پیچھے ہوتے یعنی مقتدی آپ کے
وہ آمین کہتے تو اس حدیث سے ثابت ہوا قنوت پڑھنا آنحضرت صلعم کا نماز
پنجگانہ مین دشمنون کے غلبہ کے وقت اور وہ بھی آسمان کی آفتوںین سے بھی

کیونکہ غالب ہونا اور مغلوب ہونا خدا کے ہاتھہ ہی بشر کی طاقت سے باہر ہی
تو علت اسکی عجز ہی اور وہ آفت مین موجود ہی چنانچہ اشباہ ونظائر کی عبارت سے
جو پہلے گذر چکی ہی مستفاد ہوتا ہی اور اس حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہی کہ یہ
قنوت بعد رکوع کے تھا اور بھی اسی کتاب سنن ابی داؤد مین لکھا ہی

عن محمد عن انس بن مالك انه سئل هل قنت النبي صلے الله عليه وسلم في
صلوة الصبح فقال نعم فقيل قبل الركوع او بعد الركوع قال بعد الركوع یعنی محمد سے
روایت ہی کہ حضرت انس سے مروی ہی کہ اونسے پوچھا گیا کہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فجر کی نماز مین قنوت پڑھا ہی یعنی نازلہ مین تو حضرت
انس نے فرمایا کہ ہان کہا گیا کہ قبل رکوع کے یا بعد رکوع کے کہا حضرت
انس نے بعد رکوع کے تو حضرت انس نے تصدیق کی آنحضرت صلعم کے
قنوت پڑھنے کی مراد اونکی تصدیق ہی آپکے قنوت پڑہنے کی نماز فجر مین
نازلہ مین جیسا کہ دوسرے حدیث ابوداؤد کی دلالت کرتی ہی عن انس بن
مالك ان النبي صلے الله عليه وسلم قنت شهرا ثم ترکه حضرت انس
بن مالک سے روایت ہی کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک
قنوت پڑھا پھر چھوڑ دیا اور بھی افادہ کیا ہی مجکو میرے ایک مشفق نے

جو صاحب کرامات تھے رحمت کرے اللہ اونپر کہ جب کوئی بلا آسمانی
بلاؤن مین کی تحقیق پہونچے تو آخر رکعت مین پانچون وقت کی نماز کے
قنوت پڑھو اس دعا کے ساتھہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَاخَلَقَ
وَمَایَخْلُقُ یَاوَلِیَّ الْوَلَاءِ وَیَاکَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلَاءِ صَرِّفْ عَنَّا الطَّعْنَ وَالطَّاعُوْنَ
وَالْوَبَاءَ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی وَاٰلِہِ الْمُجْتَبٰی اور والوبا کے لفظ وبا کے لیئے ہی اور دوسرے
بلا مین اسکے جگہ اوس بلا کا نام کہے اور بھی وبا کے دور ہونے کے لیئے
مسلمانون کا ایک جگہ جمع ہونا اور علیحدہ علیحدہ دوگانہ پڑھنا باہم دعا کرنا بھی
مفید و جائز ہی جیسا کہ اشباہ مین فائدہ فی الدعاء برفع الطاعون
مین مرقوم ہی فان قلت هل للوباء صلوة قلت هو کالخسوف لما فی منیة المفتی
قبل الزکوة وفی الخسوف والظلمة فی النهار واشتداد الریح والمطر والثلج
والافزاع وعموم المرض یصلون وحدانا انتهی ولاشك ان الطاعون من
قبیل عموم المرض فیسن له رکعتان فرادی ذکر الزیلعی فی خسوف القمر انه
یتضرع کل واحد بنفسه وکذا فی الظلمة الهائلة بالنهار والریح الشدیدة
والزلازل والصواعق وانتشار الکواکب والضوء الهائل باللیل والثلج
والامطار الدائمة وعموم الامراض والخوف الغالب من العدو ونحو ذلك

من الافزاع والاهوال لان كل ذلك من الايات المخوفة انتهى فانقلت هل
يشرع الاجتماع للدعاء برفعه كما يفعله الناس بالقاهرة بالجبل قلت هو
لخسوف القمر وقد قال فى خزانة المفتيين والصلوة فى خسوف القمر
تؤدى فرادى فرادى وكذلك فى الظلمة والريح والفزع لاباس بان
يصلوا افرادى ويدعون ويتضرعون الى ان يزول ذلك انتهى فظاهره
انهم يجتمعون للدعاء والتضرع لانه اقرب للاجابة وان كانت الصلوة
فرادى وفى المجتبى فى خسوف القمر قيل الجماعة جائزة عندنا لكنها ليست
سنة انتهى وفى السراج الوهاج يصلى كل واحد بنفسه فى خسوف القمر
وكذا فى غير الخسوف من الافزاع كالريح الشديدة والظلمة الهائلة
والخوف من العدو والامطار الدائمة والافزاع الغالبة وحكمها حكم خسوف
القمر كذا فى الوجيز وحاصله ان العبد ينبغى له ان يفزع الى الصلوة عند
كل حادثة فقد كان عليه السلام اذا حزبه امر صلى انتهى وذكر شيخ الاسلام
العينى فى شرح الهداية الريح الشديدة والظلمة الهائلة بالنهار والثلج والامطار
الدائمة والصواعق والزلازل وانتشار الكواكب والضوء الهائل بالليل وعموم
الامراض وغيرها من النوازل والافزاع والاهوال اذا وقعت صلوا وحدانا

وسالوا وتضرعوا وكذا في الخوف الغالب من العدو انتهى وقد صرحوا بالاجتماع
والدعاء بعموم الامراض وقد صرح شارحوا البخاري ومسلم والمتكلمون على
الطاعون كابن حجر بان الوباء اسم لكل مرض عام وان كل طاعون وباء وليس
كل وباء طاعونا انتهى فتصريح اصحابنا بالمرض العام بمنزلة تصريحهم بالوباء
وقد علمت انه يشمل الطاعون وبه علم جواز الاجتماع للدعاء برفعه
لكن يصلون فرادى ركعتين ينوى ركعتي الطاعون
پس اگر کہو تم کیا وبا کے لیے نماز ہی کہتا ہون مین کہ وہ مثل چاندگہن کے ہی
جیسا کہ منیۃ المفتی مین ہی زکاۃ کے بیان کی تھوڑا پہلے اور چاندگہن اور
دن مین تاریکی ہو جانے مین اور آندھی اور شدت سے پانی برسنے اور
برف گرنے اور خوفون مین اور تمام مرضون مین نماز پڑھین لوگ الگ
الگ تمام ہوا کلام منیۃ المفتی کا اور کوئی شک نہین کہ طاعون عام مرضونکی
قبیل سے ہی تو سنت ہی اوسکے لیئے دو رکعتین بے جماعت پڑھنا اور
زیلعی نے ذکر کیا ہی چاندگہن کی نماز مین ہر ایک شخص تضرع کرے اپنے
جی مین اور ایسے ہی تاریکی ہونے مین دن کو اور سخت آندھی مین اور
زلزلون مین اور کڑک مین اور تارے ٹوٹنے مین اور رات کو ہولناک

روشنی ہو جانے مین اور پانی لگاتار برسنے مین اور عام مرضون مین اور خوف
دشمن سے غالب ہونے مین اور مانند انکے خوفناک اور ہولناک چیزین
ہین اسلیے کہ یہ کل چیزین خوف دلانے والی خدا کی نشانیون مین سے ہین
تمام ہوا کلام زیلعی کا پس اگر کہو تم کیا مشروع ہی جمع ہونا لوگون کا دفع طاعون
کے لیے جیسا لوگ قاہرہ مین پہاڑ پر کرتے ہین کہتا ہون مین کہ وہ مثل
چاند گہن کے ہی اور کہا ہی خزانۃ المفتیین مین نماز چاند گہن مین ادا کیجائے
تنہا بے جماعت اور ایسے ہی تاریکی اور اندھیری اور خوف مین کوئی
حرج نہین ہی کہ نماز پڑھین لوگ تنہا بے جماعت اور دعا کرین اور تضرع
کرین یہانتک کہ دفع ہون یہ سب چیزین تمام ہوا کلام خزانۃ المفتیین کا
تو ظاہر کلام کا اسکے یہ ہی کہ لوگ جمع ہووین دعا اور تضرع کے لیے
اسلیئے کہ وہ قریب تر اجابت سے ہی اگرچہ نماز تنہا بے جماعت ہو
اور مجتبی مین ہی چاند گہن مین کہا گیا ہی جماعت جائز ہی ہمارے نزدیک لیکن
سنت نہین ہی تمام ہوا کلام مجتبی کا اور سراج وہاج مین ہی نماز پڑھے
ہر ایک بطور خود چاند گہن مین اور ایسے ہی سوا چاند گہن اور خوفناک
چیزون مین جیسے آندھی اور تاریکی ہولناک اور خوف دشمن سے اور

مینہ لگاتار برسنا اور خوفناک امور جو غالب ہون اور حکم اوسکا چاندگہن کا حکم ہی
ایسے ہی وجیز مین ہی اور حاصل اوسکا یہ ہی کہ بندہ کو زیبا ہی کہ متوجہ ہو طرف
نماز کے ہر حادثہ مین اسلیے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی امر غلبہ کرتا
تو نماز پڑھتے تمام ہوا کلام سراج وہاج کا اور شیخ الاسلام عینی نے شرح ہدایہ
مین ذکر کیا ہی آندھی اور تاریکی ہولناک دن کو اور برف اور پانی لگاتار اور کڑک
اور زلزلے اور تارے ٹوٹنا اور روشنی ہولناک رات کو اور عام ہونا مرضون کا
اور سوا اونکے شدتین اور خوفناک اور ہولناک چیزین جب واقع ہون
نماز پڑھین تنہا بے جماعت اور سوال کرین خدا سے اور تضرع کرین اور ایسے ہی
خوف عدو مین جو غالب ہو تمام ہوا کلام عینی کا اور تحقیق تصریح کی ہو شارحین
بخاری اور مسلم اور اون لوگون نے جنھون نے طاعون کے مسئلہ پر کلام
کیا ہی جیسے ابن حجر اس بات کے کہ وبا نام ہی ہر مرض کا اور ہر طاعون وبا ہی
اور ہر وبا طاعون نہین ہی تمام ہوا کلام ابن حجر کا تو تصریح کرنا ہمارے لوگون کا
مرض عام کے جیسا اونکا تصریح کرنا وبا کا ہی اور جانا تمنے کہ یہ طاعون کو بھی شامل
ہی اور اس سے جانا گیا جائز ہونا اجتماع کا رفع طاعون کے لیے کہ نماز
پڑھین تنہا دو رکعت بے جماعت نیت کرین دو رکعت دفع طاعون کی

اور بھی مسنون ہی کہ مسجد مین جب داخل ہو دوگانہ تحیۃ المسجد کا پڑھے مسجد مین
بیٹھنے کے پہلے اور دن بھر مین ایک بار کافی ہی اور اگر ہر بار ادا کرے
تو بہتر ہی اور اگر مسجد مین آتے ہی ادا کرے فرض مین مشغول ہو تو تحیۃ المسجد
اوسکے ذمہ سے ساقط ہو گیٔ اور اگر مسجد مین اون وقتون مین جن وقتون مین
کہ نماز مکروہ ہی یا اوس وقت مین کہ جماعت فرض مین کچھ توقف ہی اور نفل
ادا کرنا مکروہ ہی تو درود اور سبحان اللہ کہنے سے حق مسجد ادا ہو جاتا ہی جیسا
کہ درمختار مین لکھا ہی وسن تحیۃ المسجد وھی رکعتان واداء الفرض وغیرہ وکذا
دخوله بنیة الفرض والاقتداء ینوب عنها بلا نیة وتکفیها لکل یوم مرة ولا تسقط
بالجلوس عندنا بحر قلت فی الضیاء عن القوت من لم یتمکن منها لحدث
او غیرہ یقول ندبا کلمات التسبیح اربعًا اور سنت ہی تحیۂ رب
المسجد اور وہ دو رکعتین ہین اور فرض کا ادا کرنا اور سوائے فرض کا اور
ایسے ہی جانا فرض کی نیت سے یا اقتدا کرنیکی نیت سے قائم مقام
ہو جاتا ہی تحیۃ المسجد کا بغیر نیت کے اور کفایت کرتا ہی ہر دن ایک مرتبہ
اور ساقط نہین ہو جاتا ہی بیٹھ جانے سے ہمارے نزدیک بحر رائق سے
نقل کیا گیا ہی کہتا ہون مین یعنی صاحب درمختار کہتے ہین کہ ضیا مین

قوت سے نقل کیا ہی جو شخص نہ پڑھ سکے تحیۃ المسجد بسبب بے وضو ہونیکے
یا سوا اسکے تو کہے وہ شخص بطریق استحباب کے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ چار بار اور جامع الرموز مین نفلون کے بیان مین
لکھا ہی والرابعۃ رکعتان اواربع وھی افضل لتحیۃ المسجد الا اذا دخل فیہ بعد
الفجر او العصر فانہ یسبح ویھلل ویصلی علیہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فانہ حینئذ
یودی حق المسجد کما دخل للمکتوبۃ فانہ غیر مامور بہا حینئذ کما فی
التمرتاشی اور چوتھی نماز نفل کی دو رکعت یا چار رکعت اور چار رکعت
افضل ہی تحیۂ مسجد کے ہی مگر جبکہ داخل ہو مسجد مین بعد فجر کے یا بعد عصر کے
تو وہ تسبیح کرے اور کلمہ پڑہے اور درود پڑھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر
جب ایسا کریگا تو اوسپر سے حق مسجد کا ادا ہو جائیگا جسطرح کہ حق مسجد کا
ادا ہو جاتا ہی فرض نماز پڑھنے کی غرض سے داخل ہونے سے اس لیئے کہ
وہ اسوقت تحیۃ المسجد پڑھنے کا مامور نہین جیسا کہ تمرتاشی مین ہی اور سنن
ابی داؤد مین مروی ہی عن ابی قتادۃ قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال اذا جاء احدکم المسجد فلیصل سجدتین من قبل ان یجلس ابو قتادہ سے
روایت کیا گیا ہی کہ کہا اونھون نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

جب کوئی تم مین کا مسجد مین آوے تو اوسکو چاہیئے کہ دوگانہ قبل بیٹھنے کے
پڑھے اس جگہ امر ایجابی نہین ہی اسواسطے کہ کسی صحابی سے اسکے واجب
ہونے کا قائل ہونا صحت کو نہین پہونچا ہی بلکہ ثابت نہین ہوا ہی تو استحباب
باقی رہا واللہ اعلم اور بھی مکروہ ہی مسجد مین دنیاوی کلام کرنا اور شعر پڑھنا
جو خدا اور رسول ؐ کے ذکر سے اور نصائح سے خالی ہو اور مکروہ ہی آواز بلند
کرنا مگر غیر فقیہ کو اور غیر معتکف کو مسجد مین کھانا کھانا مکروہ ہی اوس شخص کو جو
اوسی شہر مین رہتا ہو اور بھی مکروہ ہی پیاز کچی کھاکر مسجد مین آنا اور ایسے ہی
ہر چیز بدبودار ہی مثل لہسن وغیرہ کے اور منہ سے بدبو دور کرنے کے بعد
مسجد مین آنا جائز ہی اور بھی غیر معتکف کو خرید و فروخت کسی چیز کی مسجد مین مکروہ
ہی اور سوال کرنا مسجد مین حرام ہی اور کسی مانگنے والے کو دینا مسجد مین مکروہ
ہی جیسا کہ درمختار مین لکھا ہی اخر باب ما یفسد الصلوۃ و مایکرہ فیہا کے
احکام مسجد کے فروع مین ویحرم فیہ السوال ویکرہ الاعطاء وقیل ان
تخطا وانشاد ضالۃ او شعر الا ما فیہ ذکر ورفع صوت الا للمتفقہ والوضوء
الا فیما اعد لذلک وغرس الاشجار الا لنفع کتقلیل نز ویکون للمسجد
واکل ونوم الا لمعتکف وغریب ودخول اکل نحو ثوم ویمنع منہ

وکذا اکل موذ ولو بلسانہ وکل عقد الا لمعتکف بشرطہ والکلام المباح

وقیدہ فی الظہیریۃ بان یجلس لاجلہ لکن فی النہر الاطلاق اوجہ

اور مسجد مین سوال کرنا حرام ہی اور دینا مکروہ ہی اور کہا گیا ہی جبکہ لوگون کو پھاند
جا کرے اور مکروہ ہی گم شدہ چیز کا اوسمین ڈھونڈھنا اور شعر پڑہنا وہ کہ جسمین ذکر نہو
اور بلند کرنا آواز کا مگر مسئلہ بتلانے کو اور وضو کرنا مگر اوس جگہ جو وضو کرنیکے
لیے بنائی گئی ہی اور درخت بونا مگر کسی کے نفع کے لیے اور کھانا کھانا اور
سونا مگر معتکف اور مسافر کو اور لانا مسجد مین لہسن کے مثل کھانے کی چیز کا
اور ممانعت کی جائے اس سے اور ایسے ہی ہی ہر اذیت دینے والی چیز
اگرچہ زبان سے ہو اور ہر عقد مگر واسطے معتکف کے اوسکے شروط کے
ساتھہ اور کلام مباح اور قید بیان کی ہی ظہیریہ مین باین طور کہ بیٹھے وہ
اوسکے لیے لیکن نہر مین ہی کہ مقید نہ کہنا خوب ہی اور لیکن اعتکاف کرنیوالیکو
مباح ہی مسجد مین کھانا اور سونا اور خرید و فروخت کرنا اپنے لیے اور
اپنے عیال کی مصلحت کے لئے بغیر نیت تجارت کی بے لائے اوس چیز کے
جو بیچی جاتی ہی اور مسافر کو کھانا اور سونا مسجد مین مباح ہی جیسا کہ درمختار

مین اعتکاف کے باب مین ہی و خص المعتکف باکل و شرب و نوم و عقد احتاج

الیہ لنفسہ او عیالہ فلو لتجارۃ کرہ کبیع و نکاح و رجعۃ فلو خرج لاجلھا فسد

بعدم الضرورۃ و کرہ ای تحریما لانھا محال طلا قھم بحر احضار مبیع فیہ کما کرہ فیہ

مبایعۃ غیر المعتکف مطلقا للنہی و کذا اکلہ و نومہ الا لغریب اشباہ

اور رخصت دیا گیا ہی اعتکاف کرنیوالا کھانے اور پینے اور سونے کے

اور اوس عقد کی جسکی احتیاج اوسکو اپنے لیے یا اپنی عیال کے لیے ہو پس

اگر تجارت کے لیے ہی تو مکروہ ہی جیسے اجازت دیا گیا ہی خرید و فروخت او نکاح

اور رجعت طلاق کی پس اگر معتکف نکلا اسلیے تو اعتکاف فاسد ہو جائیگا عدم ضرورت

کیوجہ سے اور مکروہ ہی مراد مکروہ تحریمی ہی اسلیئے کہ یہ جگہ اسکے مطلق بولنے کی

ہی جیسا کہ بحر مین ہی لانا مبیع کا مسجد مین جیسا مکروہ ہی خرید و فروخت کرنا

غیر معتکف کو مطلقا بسبب نہی آنحضرت صلعم کے اور ایسیہی کھانا اوسکو اور سونا

مگر مسافر کو جیسا کہ اشباہ مین ہی اور بھی مستحب ہی نماز لیلۃ البرات کی ادا کرنا اور

نماز رغائب کا پڑھنا عین العلم مین مرقوم ہی باب اول مین جو اوراد کے

بیان مین ہی و یحافظ الرواتب و کل ما ورد فضلہ کصلوۃ الرغائب

و لیلۃ النصف من شعبان و ھی مائۃ رکعۃ بالاخلاص الف مرۃ و کانو یواظبون

علیھا جیسے نماز رغائب کی اور شب پانزدھم شعبان کی وہی نماز سو رکعت ہی

ساٹھ ہزار بار قل ہو اللہ کے اور مشائخ ہمیشہ پڑھتے رہے اسکو اس عبارت سے عین العلم کی معلوم ہوتا ہی کہ طریقہ نماز برات کا اور نماز رغائب کا یکسان ہو کہ سو رکعت مین دس دس بار قل ہو اللہ پڑھے لیکن شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے رسالۂ ماثبت من السنہ مین مختلف طریقے ذکر کیے ہین چنانچہ ماہ رجب کے بیان مین لکھا ہو طریقہ نماز رغائب کا اس عبارت سے

وقد ذکر صاحب جامع الاصول فی کتابہ حدیثا من کتاب رزین مع ان موضوع ذلک الکتاب بجمع احادیث الکتب الستۃ المسماۃ بالصحاح الست واذ لم نجدہ فی ھذہ الکتب حدیثا فی ذلک اوردہ من کتاب اخر استیفاء او تکمیلا وقال عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر صلوۃ الرغائب وھی اول لیلۃ جمعۃ من رجب فصلی فی ما بین المغرب والعشاء ثنتی عشر رکعۃ بست تسلیمات کل رکعۃ بفاتحۃ الکتاب والقدر ثلثا وقل ھو اللہ احد ثنتی عشرۃ مرۃ فاذا فرغ من صلوتہ قال اللھم صل علی محمد النبی الامی وعلی الہ بعد ما یسلم سبعین مرۃ ثم یسجد سجدۃ ویقول فی سجودہ سبوح قدوس رب الملئکۃ والروح سبعین مرۃ ثم یرفع راسہ ویقول رب اغفر وارحم وتجاوز عما تعلم انک انت العلی

الاعظم وفی اخری الاعز الاکرم سبعین مرۃ ثم یسجد ویقول مثل ما قال فی
السجدۃ الاولی ثم یسال وھو ساجد حاجتہ فان اللہ لا یرد سائلہ قال صاحب
جامع الاصول وھذا الحدیث مما وجدتہ فی کتاب رزین و لم اجدہ فی واحد
من الکتب الستۃ والحدیث مطعون فیہ انتھی ذکر کیا صاحب
جامع اصول نے اپنی کتاب مین ایک حدیث کتاب رزین سے باوجودیکہ
وضع اس کتاب کی اون احادیث کے جمع کرنیکے لیے ہی جو اون چھہ
کتابون مین ہو جنکو صحاح ستہ کہتے ہین جب رزین ان چھہ کتابونمین
کوئی حدیث نہین پاتے ہین کسی باب مین تو دوسری کتاب سے حدیث
نقل کرتے ہین مطلب پورا کرنے کے لیے اور اپنی جامع کو کامل بنانے کے
لیے اور کہا رزین نے کہ مروی ہی انس رضی اللہ عنہ سے بہ تحقیق رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا صلوۃ رغائب کا اور وہ ماہ رجب کے اول
جمعہ کی رات ہی پس ادا کرے درمیان نماز مغرب و عشا کے بارہ رکعت
چھہ سلام سے ہر رکعت مین سورۂ فاتحۃ الکتاب یعنی الحمد اسکی کوئی تعداد
نہین ذکر کی تو ایک بار پڑھنا چاہیئے مانند اور نمازون کے اور سورۂ قدر
یعنی انا انزلنا تین بار اور قل ھو اللہ احد بارہ بار جب نماز سے فارغ ہو تو

بعد سلام کے کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الاُمِّیِّ وَعَلیٰ اٰلِہٖ ستر بار پھر سجدہ کرے
اور کہے سجدہ مین سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ پھر سجدہ سے
اوٹھے اور کہے رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْاَعْظَمُ
اور دوسری روایت مین بجاے العلی الاعظم کے اَلْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ وارد ہوا ہو
اس دعا کو یعنی رب اغفرلی سے آخر تک ستر بار پڑھے پھر سجدہ کرے اور کہے
جیسا کہ پہلے سجدہ مین کہا تھا یعنی سبوح قدوس رب الملئکۃ والروح پھر
پھر طلب کرے خدا سے حالت سجدہ مین اپنی حاجت کو تو تحقیق خدا پھیرتا
نہین ہو اس راہ کے مانگنے والے کو صاحب جامع الاصول نے کہا کہ اس
حدیث کو کتاب رزین مین مین نے پایا ہو اور کسی کتاب مین کتب ستہ سے
نہین پایا ہو اور حدیث مطعون فیہ ہو اور لفظ مطعون علامات سے ضعف
کی ہو لیکن چونکہ یہ حدیث باب اعمال مین ہو مقبول اور معمول ہوگی جیسا کہ شیخ
عبدالحق دہلوی نے مقدمہ شرح مشکوۃ مین لکھا ہو اور جب حدیث ضعیف تعدد
طرق کی وجہ سے حسن کے مرتبہ تک پہونچ جاے تو قابل حجت ہو اور جو مشہور
ہو کہ فضائل اعمال مین حدیث ضعیف معتبر ہو اور سواے اعمال کے نہین
معتبر ہو مفردات حدیث کی مراد ہین نہ مجموع کہ وہ تعدد طرق کی وجہ سے

حسن مین داخل ہی نہ ضعیف اس مضمون کی تصریح ائمہ حدیث نے کی ہی اور
بعضون نے کہا ہی کہ حدیث کا ضعف اگرچہ بوجہ سوء حفظ بعض راویون کے
ہو یا اختلاط یا تدلیس کے سبب سے ہو باوجود صدق و دیانت کے درست ہوجاتا
ہی تعدد طرق کیوجہ سے اور اگر اتہام کذب راوی کی وجہ سے ہو یا شاذ ہونے
یا خطا فاحش کیوجہ سے ہو اگرچہ تعدد طرق رکہتا ہو درست نہوگا اور حدیث پر
ضعف کا حکم کیا جائیگا اور وہ فضائل اعمال مین معمول ہی تمام ہوا کلام شیخ دہلوی
رحمۃ اللہ علیہ کا حاصل یہ ہی کہ احادیث ضعیفہ جس جہت کی ہون فضائل
اعمال مین مقبول اور معمول ہین تو نماز غائب کا پڑھنا اولی اور معمول بہ ہی واللہ
اعلم اور بھی شیخ عبد الحق محدث دہلوی بہجۃ الاسرار سے نقل کرتے ہین کہ نقل
کیگئی ہی حضرت شیخ عبد الوہاب اور شیخ عبد الرزاق قدس اسرارہما سے فرماتے
تھے کہ شیخ بقا جو اوس وقت کے عارفون مین سے تھے سویرے روز جمعہ پانچوین رجب
سنہ ۵۴۳ھ پانسو تینتالیس ہجری مین ہمارے والد شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ
تعالی عنہ کے مدرسہ مین آئے اور ہم سے کہا کیون نہین پوچھتے ہو سبب
میرے سویرے آنے کا آجکے روز تحقیق دیکھا مین نے اس رات ایک نور
کہ روشن کیے ہوے ہی تمام کنارون کو اور گھیرے ہوے ہی ہر صنف وجود کو

اور کئی ہین سے راز دارون کے راز بعض وہ راز ہین کہ ملے ہوے ہین اوس نور کے ساتھہ اور بعضے
وہ ہین کہ جنکو روکنے والا روکے ہی ملنے سے اوس نور کے اور ملا نہین
کوئی راز اوس نور سے مگر دوچند ہوگیا نور اوس راز کا یعنی جس راز نے اوس
نور سے اتصال پایا اوس نور کے طفیل سے روشنی اوسکی دوبالا ہوگئی تو دیکھا
مین نے سرچشمہ اس نور کا تو ناگاہ وہ نور تھا کہ نکلا تھا شیخ عبدالقادر سے پس
قصد کیا مین نے اوسکی حقیقت حال کے کشف کا تو ناگاہ وہ نور اونکا شہود
تھا کہ باہم متقابل ہوا تھا اونکے قلب کے نور کے ساتھہ اور متداخل ہوے تھے
وہ دونون نور اور منعکس ہوئی تھی روشنی دونون نورونکی حضرت رض کے آئنہ
حال پر اور متصل ہوئی تھین شعاعین اونکی جو متداخل تھین آنحضرت رضی اللہ
عنہ کے مقام جمعیت سے بوصف اونکے تفرقہ کے کہ یہ دونون مقام
عارفون کے ہین پس روشن ہوا اون شعاعون سے جہان اور کوئی فرشتہ
نہین باقی اوترا ہوا اوس شب اور اوسنے اونکا مصافحہ نہ کیا ہوا ور نام اون
فرشتونکا نزدیک اونکے یعنی مشائخ طریقت کے شاہد و مشہود ہی اور کہا اون
دونون صاحبزادون نے یعنی شیخ عبدالوہاب و شیخ عبدالرزاق قدس اللہ
اسرارہما نے پس آئے ہم حضرت رضی اللہ عنہ کے پاس اور کہا ہمنے اوسے

کہ کیا آپ نے آجکی شب نماز غائب ادا کی تو آپ نے یہ شعر فرمائے کہ جو دلالت
کرتے ہین ادا کرنے پر آپکی نماز رغائب کو اور فضائل پر اس نماز کے چنانچہ
تمامی عبارت شیخ کی اس جگہ مین ذکر کرتا ہون اوسمین وہ شعر بھی آتے ہین
عبارت شیخ کی رسالہ مذکورہ مین یہ ہے وقد وقع فی کتاب بهجة الاسرار ذکر لیلة
الرغائب فی ذکر سیدنا وشیخنا القطب الربانی والغوث الصمدانی الشیخ محی الدین
عبد القادر الحسنی الجیلانی قال اجتمع المشایخ وکانت لیلة الرغائب الی اخر ما ذکر
من الحکایة وذکر ایضا انه نقل عن الشیخین القدوتین الشیخ عبد الوهاب
والشیخ عبد الرزاق انهما قالا ابتکر الشیخ بقا ابن بطو صبیحة یوم الجمعة
الخامس من رجب سنة ثلث واربعین وخمسمائة الی مدرسة والدنا
الشیخ محی الدین عبد القادر رضی الله عنه وقال لنا الا تسألونی عن
سبب بکوری الیوم انی رایت البارحة نورا اضاءت به الافاق وعم
اقطار الوجود ورایت اسرار ذوی الاسرار فمنها ما یتصل به ومنها
ما یمنعه مانع من الاتصال به وما اتصل به سر الا تضاعف نوره فتطلبت
ینبوع ذلك النور فاذا هو صادر عن الشیخ عبد القادر فاردت
الکشف عن حقیقته فاذا هو نور شهود قابل نور قلبه وتفادح

هذان النوران و انعکس ضیاؤهما علے مرآة حالہ و اتصلت اشعتہ المتفاذحات من محط جمعہ الی وصف تفرقتہ فاشرق بہا الکون ولم یبق ملک نزل اللیلۃ الا اتاہ وصافحہ واسمہ عندہم الشاھد والمشھود قال فاتیناہ رضی اللہ عنہ وقلنا لہ اصلیت اللیلۃ صلوۃ الرغائب فاطرق [illegible]

اذا نظرت عینی وجوہ حبائب	فتلک صلوتی فی لیالی الرغائب
وجوہ اذا ما اسفرت عن جمالہا	اضاءت بہا الاکوان من کل جانب
ومن لم یفز فی الحب مایستحقہ	فذاک الذی لم یات قط بواجب

ترجمہ اشعار کا یہ ہی میری آنکھ نے جب دیکھا محبوبون کا چہرہ یعنی چشم دل نے میرے جب چہرہ محبوب حق کا دیکھا یعنی میری نظر عبادت حق پر ہی ضعف و قوت راویون سے مین غرض نہین رکہتا ہون جیسا کہ شیخ عبدالحق دہلوی کی عبارت سے معلوم ہوتا ہی کہ حدیث ضعیف فضائل اعمال مین معتبر ہی یا مراد وجوہ حبائب سے احادیث رسول خدا ہین کیونکہ عاشق نبی کے لئے قول بھی نبی کا معشوق ہی جیسا کہ شاہ عبدالعزیز محدث رحمہ اللہ اصول حدیث کے رسالے مین جو اونکا تصنیف کیا ہوا ہی لکھتے ہین شعر

اھل الحدیث ھم اھل النبی وان	لم یصحبوا نفسہ انفاسہ صحبوا

یعنی حدیث والے اہل نبی ہین اگرچہ اونھون نے ذات نبی اطہر کی صحبت مین
پائی مگر انفاس مطہرہ کی صحبت اوٹھائی ہی اسلیے کہ لفظ جمع حبائب دلالت
کرتی ہی اسپر پس اسی سبب سے یہ ثمرہ میری نماز پڑہنے کا ہی شبون مین رغائب کے
جوکہ شیخ بقا سے تمنے سُنا اور لفظ جمع لیالی الرغائب اشارہ ہی اس بات کی
طرف کہ حضرت رضی اللہ عنہ ہمیشگی پر کتے تھے صلوۃ الرغائب کی سنہ مین
کہ جب روشن ہوتے ہین اپنے جمال سے روشن ہوجاتا ہی اون چہرون کے
نور سے تمام جہان ہر طرف یعنی جس کسی کو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے
احادیث معلوم ہوتے ہین اور توفیق عمل کی ہوتی ہی کیفیت عشق سے
اور کشف حق سے فائز ہوتا ہی اور تمام جہان آئینہ ہوجاتا ہی اور جو کوئی محبوب
کے ساتھ اوسکے حق کو ادا نکرے تو وہی شخص ہی کہ نہین ادا کیا اوسنے
کبھی کسی واجب کو یعنی ہر عاشق پر تعمیل اوسکے معشوق کے حکم کی واجب
ہی اور یہی رسالہ ماثبت من السنۃ مین مرقوم ہی احوال شہر شعبان مین مقالہ
ثانیہ مین وممایروی من الصلوۃ فی ہذہ اللیلۃ عن علی رضی اللہ عنہ قال
رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی لیلۃ النصف من شعبان
قام فصلی اربع عشرۃ رکعۃ ثم جلس بعد الفراغ فقرأ

بام الکتاب اربع عشرۃ مرۃ وقل هو اللّٰہ احد اربع عشرۃ مرۃ وقل اعوذ برب الفلق اربع عشرۃ مرۃ وقل اعوذ برب الناس اربع عشرۃ مرۃ وایۃ الکرسی مرۃ ولقد جاءکم رسول من انفسکم الایۃ فلما فرغ من صلوتہ سألت عما رأیت من صنعہ قال من صنع مثل الذی رأیت کان کعشرین حجۃ مبرورۃ وصیام عشرین سنۃ مقبولۃ فان اصبح فی ذلک الیوم صائما کان لہ کصیام سنتین سنۃ ماضیۃ وسنۃ مقبلۃ رواہ البیہقی فی شعب الایمان وقال یشبہ ان یکون ہذا الحدیث موضوعا وفی روایتہ مجہولون وھو منکر واخرجہ الجوزقانی فی الاباطیل وابن الجوزی فی الموضوعات وقال موضوع واسنادہ مظلم

جو کچھ مروی ہی احوال شب پندرھوین شعبان مین روایت ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے دیکھا مین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو شب نصف رمضان مین کہ قیام کیا آپ نے پس پڑھی نماز چودہ رکعت پھر بیٹھے بعد فراغ نماز کے پھر پڑھا آپ نے ام کتاب یعنی الحمد چودہ بارا ور قل ھو اللہ چودہ بارا ور قل اعوذ برب الفلق چودہ بارا ور قل اعوذ برب الناس چودہ بار اور آیۃ الکرسی ایک بار اور لقد جاءکم رسول آخر آیت تک پھر جب فارغ ہوے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز سے مین نے پوچھا اوس فعل کو

جو آنحضرت ؐ سے مین نے دیکھا تھا فرمایا جو کوئی مثل اسکے کرے جو تمنے
دیکھا مانند بیس حج مقبول کے اور مانند بیس سال روزہ مقبول کے ہی پس
اگر اوس دن صبح کو روزہ رکھا تو اوسکو مانند دو سال کے روزون کے
ثواب ہی ایک سال گذرا ہوا ایک سال آنے والا اس حدیث کو روایت کیا
ہی بیہقی نے شعب الایمان مین اور کہا کہ معلوم ہوتی ہی یہ حدیث موضوع اور
روایت مین اوسکی مجہول الاحوال مین حالانکہ یہ حدیث منکر ہی یعنی ضعیف
اور لائے ہین اسکو جوزقانی اباطیل مین یعنی اون حدیثون مین جو کہ بے اصل
ہین اور ابن جوزی نے اسکو ذکر کیا ہی موضوعات مین اور کہا یہ حدیث
موضوع ہی اور اسناد اسکی تاریک ہی بیہقی کی تقریر سے مستفاد ہوتا ہی کہ
یہ حدیث موضوع نہین لیکن ضعیف ہی کیونکہ منکر ایک قسم ہی ضعیف کی
جسکا مقابل راجح ہی جیساکہ شیخ عبدالحق نے مقدمۂ شرح مشکوٰۃ مین
لکھا ہی کہ منکر وہ حدیث ہی کہ اوسکو روایت کیا ہو ضعیف راوی نے مخالف
اوس شخص کے کہ ضعف مین اس راوی سے وہ کمتر ہوا اور منکر کا مقابل
معروف ہی تو منکر اور معروف دونون مین راوی ضعیف ہین ایک نے یادہ
ضعیف دوسرے سے پس مفہوم ہوا کہ دوسری حدیث اس باب مین جو ہی

کہ اس پر راجح ہی اور بجز روایت صدگانہ ہر رکعت مین دس دس بار سورۂ اخلاص
سکے کوئی حدیث وارد نہین ہوئی ہی جیسا کہ اسی رسالۂ ماثبت من السنۃ مین
لکھا ہی وفی تنزیۃ الشریعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ حدیث علی رضی اللہ عنہ
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یا علی من صلی مائۃ رکعۃ فی لیلۃ النصف
من شعبان یقرأ فی کل رکعۃ بفاتحۃ الکتاب وقل ھو اللہ احد عشر
مرات الحدیث اخرہ ویامر الکاتبین ان لا تکتبوا علی عبدی سیئۃ
واکتبوا لہ الحسنات الی ان یحول علیہ الحول ومن صلی ھذہ الصلوۃ فالرب
یجعل لہ نصیبا من عبدۃ تلک اللیلۃ قال ابن الجوزی فیہ مجاھیل وضعفاء
تنزیۃ الشریعۃ مین لائے ہین حدیث علی رضی اللہ عنہ کی کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا ای علیؓ جو کوئی پڑھے سو رکعت شب نصف مین یعنی پندرھوین
شب مین شعبان کی ہر رکعت مین الحمد اور قل ہو اللہ احد دس بار تو پوری
حدیث تک کہ آخر اوسکا یہ ہی اور فرماتا ہی اللہ تعالی اعمال لکھنے والون سے
کہ لکھو میرے بندے کے لیے اوسکی نیکیان ایک سال کے گذرنے تک
اور نہ لکھو میرے بندے کے نام پر کوئی بدی اور جو شخص کہ پڑھے یہ نماز تو
پروردگار اس شب کے تمام عابدون کا حصہ اوسکے لیے کردیتا ہی یعنے

اوسکے لیے عبادت تمام شب کی لکھوا تا ہی کہا ابن جوزی نے اس حدیث مین
مجہول الحال راوی ہین اور ضعیف الاعتبار ہین یعنی یہ حدیث ضعیف ہی
اور لانا صاحب تنزیہ الشریعہ کا اس حدیث کو موضوعات مین اس سبب سے
ہی کہ روایت اسکی صحت کو نہین پہونچی ہی اسواسطے کہ مشائخ کبار صوفیہ سے
ادا کرنا اسکا مروی ہوا ہی اگر یہ موضوع ہوتی تو ہرگز وہ حضرات تعمیل اسکے ساتھ
نہ کرتے اور بیہقی نے چاردہ گانہ کو منکر لکھا ہی اور مقابل اوسکے کوئی حدیث
دوسری سوا اسکے پائی نہین گئی تو معلوم ہوا کہ یہ حدیث معروف اور
راجح ہی طریق چہاردہ گانہ پر اور بہت اچھا اور زیادہ بہتر یہ ہی کہ پہلے سو
بار قل ہو اللہ پڑھے اور بعد اوسکے ہر رکعت مین چودہ چودہ بار پڑھے
جمع کرکے دونون روایتون کو اور بھی چاہیئے کہ نماز کی فراغت کے بعد
دو سجدے کرے پہلے مین سَجَدَ لَكَ خَيَالِي وَسَوَادِي وَآمَنَ بِكَ فُؤَادِي
فَهٰذِهٖ يَدِي وَمَا جَنَيْتُ بِهَا عَلٰى نَفْسِي يَا عَظِيْمُ يُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ اِغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ سَجَدَ
وَجْهِيَ لِلَّذِي خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ اور دوسرے سجدہ مین پڑھے
اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا
اُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ اَقُوْلُ كَمَا قَالَ

أخي داؤد أعفر وجهي في التراب لسيدي وحق له أن يسجد

اسکے بعد سر اوٹھائے اور پڑھے اللهم ارزقني قلبا تقيا من الشرك نقيا لا فاجرا ولا شقيا جیسا کہ اسی کتاب ما ثبت من السنة میں مکتوب ہے عن عائشة رضی الله عنها قالت كانت ليلة النصف من شعبان ليلتي وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم عندي فلما كان في جوف الليل فقدته فأخذني ما يأخذ النساء من الغيرة فتلفعت بمرطي أطلبه في حجر نسائه فلم أجده فانصرفت إلى حجرتي فإذا أنا به كالثوب الساقط وهو يقول في سجوده سجد لك خيالي وسوادي وآمن بك فؤادي فهذه يدي وما جنيت بها على نفسي يا عظيم يرجى لكل عظيم اغفر الذنب العظيم سجد وجهي للذي خلقه وصوره وشق سمعه وبصره ثم رفع رأسه ثم عاد ساجدا فقال أعوذ برضاك من سخطك وأعوذ بعفوك من عقابك وأعوذ بك منك لا أحصي ثناء عليك أنت كما أثنيت على نفسك أقول كما قال أخي داؤد أعفر وجهي في التراب لسيدي وحق له أن يسجد ثم رفع رأسه فقال اللهم ارزقني قلبا تقيا من الشرك نقيا لا فاجرا ولا شقيا ثم انصرف ودخل معي في الخميلة ولي نفس عال فقال ما هذا النفس يا حميراء فأخبرته فطفق يمسح بيديه على ركبتي ويقول ويس هاتين الركبتين ما لقيتا

فی ھذہ اللیلۃ لیلۃ النصف من شعبان ینزل اللہ فیھا الی السماء الدنیا فیغفر لعبادہ المشرک والمشاحن رواہ البیھقی

مروی ہی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ شب نصف ماہ کی یعنی پندرھوین شعبانکی میری تھی یعنی اوس شب باری میرے یہان آنحضرت صلعم کے تشریف رکہنے کی تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تھے پھر جب بیچ شب ہوئی یعنی آدھی رات گذری گم کیا مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یعنی آنحضرت کو نہ پایا پس پکڑا مجکو عورتونکی غیرت نے تو اوڑھی مین نے گلیم اپنی اور بی بیون کے حجرون مین آنحضرت صلعم کو مین ڈھونڈھنے چلی پس نہ پایا مین نے آنحضرت صلعم کو پھر لوٹی مین اپنے حجرے کی جانب ناگاہ پایا مین نے آنحضرت صلعم کو مثل پڑے ہوے کپڑے کے یعنی سجدے مین پڑے ہوے حالانکہ فرماتے تھے سجدے مین سَجَدَ لَکَ خَیَالِی وَسَوَادِی وَاٰمَنَ بِکَ فُؤَادِی فَھٰذِہٖ یَدِی وَمَا جَنَیْتُ بِھَا عَلٰی نَفْسِی یَا عَظِیْمُ یُرْجٰی لِکُلِّ عَظِیْمٍ اِغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ سَجَدَ وَجْھِی لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَصَوَّرَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ پھر سجدہ کیا آپ نے اور کہا اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ عِقَابِکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَا اُحْصِی ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی

نفسک اقول کما قال اخی داود اعفر وجھی فی التراب لسیدی وحق لہ ان یسجد

اور ہم امتیون کو علی نفسک تک پڑھنا چاہیئے کہ اقول مین آخر تک

اپنے فرمانے کی تشبیہ دی ہی آنحضرت صلعم نے حضرت داود کے فرمانے کے

ساتھ اور ظاہر ہی کہ ہمارا کہنا انبیا کے کہنے کے برابر ہرگز نہین ہو سکتا

اسلیئے کہ انبیا معصوم ہین اور بھی اس عبارت مین لفظ اخی کہ چاہتی ہے

برابری کو وارد ہوا ہی اور ہم لوگ دعوی برابری کا انبیا کے ساتھ نہین کر سکتے

ہین مترجم کہتا ہی آخر زمانہ مین حضرت جدی و مرشدی قدس سرہ اوس

دعا کو تعلیم فرماتے تھے تو یہان پر اخی سے اخوت اسلام مراد ہوگی

واللہ اعلم اور بھی اسی رسالہ ماثبت من السنۃ مین حضرت عایشہ رضی اللہ

عنہا سے علی نفسک تک اختصار بھی مروی ہی جیسا کہ اس شب مین

زیارت قبور کرنے کے بیان مین آئیگا انشاء اللہ تعالی پھر آنحضرت صلعم نے

دوسرے سجدے سے سر اوٹھایا اور فرمایا اللھم ارزقنی قلبا تقیا

من الشرک نقیا لا فاجرا و لا شقیا پھر پلٹے یعنی نماز سے فراغت پا کر میری

چادر مین تشریف لائے اوس حال مین کہ میری سانس چڑھتی تھی یعنے

ڈھونڈھنے کی مشقت سے حضرت عائشہ رض کی سانس چڑھتی تھی تو فرمایا

آپ نے جلدی جلدی سانس لینا کسو جہ سے ہی ای حمیرا حضرت عائشہ کا نام ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیار سے رکھا تھا تو اطلاع کی مین نے آپکو اپنے حال سے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دونون ہاتھون سے میری رانونکو ملنے لگے اور فرماتے تھے ویس یہ کلمہ ہی کہ رحمت و محبت کے حال مین اہل عرب کہتے ہین قاموس مین ہی ویس کلمۃٌ تستعمل فی موضع رافۃ واستملاح للصبی انتہی یعنی ویس کلمہ ہی کہ استعمال کیا جاتا ہی رافت کی جگہ اور بچے کے پیار کی جگہ تمام ہوا قول صاحب قاموس کا یہ دونون نزانون ہین کہ نہین ملے اس شب مین کہ شب آدھی ماہ شعبا نکی ہی کہ اوترتا ہی خدا اس شب آسمان دنیا کی طرف پس بخشتا ہی اللہ بندون کو اپنے سوائے شرک کرنے والے کے کہ صفات خدا مین اور اوسکی عبادت مین دوسرے کو شریک کرتا ہی اور مشاحن بشین معجمہ و حاء حملہ مبتدع تارک جماعت قاموس مین ہی شحن السفینۃ کمنع والمشاحن المذکور فی الحدیث صاحب البدعۃ التارک للجماعۃ یعنی شحن مثل منع کے ہی اور مشاحن جو حدیث مین مذکور ہی صاحب بدعت اور تارک جماعت کے معنی مین ہے یعنی اون دونون فرقون کے سوائے سب اپنے بندون کو بخشتا ہی اسکو بیہقی نے روایت کیا ہی اور بھی

شب برات میں بہتر ہی کہ پڑھے اللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ

عَنِّيْ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّآئِمَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ

سُؤْلِيْ وَتَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا

صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرَضِّنِيْ بِقَضَآئِكَ

جیساکہ رسالہ ما ثبت من السنہ میں لکھا ہی قال الشیخ الامام العارف

باللہ ابی الحسن البکری رحمۃ اللہ علیہ ومن اولی ما یدعی بہ فی ھذہ

الليلة اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ

الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّآئِمَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لو رود ذلك

فی لیلة القدر وھذہ افضل اللیالی بعدھا کما مر ومن اولی ما یدعی بہ ما رواہ جمع

بسند لاباس بہ عن ابی بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما اھبط

ادم الی الارض طاف اسبوعا بالبیت وصلی خلف المقام رکعتین ثم قال اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ

تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ وَتَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ

فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ

اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرَضِّنِيْ بِقَضَآئِكَ فاوحی اللہ الیہ یا ادم انک دعوتنی بدعاء فاستجبت لك

ولن یدعونی به احد من ذریتك بعدك الا استجبت له وغفرت له ذنبه وفرجت همه وغمه واتجرت له من وراء تجارة کل تاجر واتته الدنیا وهی راغمة وان کان لا یریدها

یعنی کہا شیخ امام عارف باللہ ابو الحسن بکری رحمۃ اللہ علیہ نے سب سے بہتر دعا جو اس شب مین مانگی جاے اللھم انك عفو آخر تک ہی اسواسطے کہ وارد ہوئی ہی یہ لیلۃ القدر مین اور یہ رات تمام راتون سے افضل بعد لیلۃ القدر کے ہی جیسا کہ گذرا اور سب سے بہتر دعا جو اس شب مین مانگی جاے وہ ہی جسکو روایت کیا ہی ایک گروہ نے ایسی سند سے جسمین کوئی حرج نہین مروی ہی ابی بریرہ سے کہا اونھون نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت آدم ع زمین پر اوترے سات بار طواف کیا اونھون نے کعبہ کا اور دو رکعت نماز پڑھی مقام ابراہیم ع کے پیچھے پھر کہا اللھم انك تعلم سری آخر تک پھر وحی کی خدا نے آدم کی جانب کہ تمنے دعا کی مجھسے جسکو مین نے قبول کیا تمھارے لیے اور ہرگز ہرگز دعا کریگا مجھسے کوئی اس دعا کے ساتھ تمھاری ذریت سے بعد تمھارے مگر قبول کرونگا مین اوسکے لیے اور بخشونگا مین گناہ اوسکے اور کھول دونگا اوسکے ہم اور غم اور جب تجارت ہر تاجر کی ختم ہو جائیگی تو مین اوسکے لیے تجارت کرونگا

اور آویگی اوسکے پاس دنیا درحالیکہ منہ پھیرنے والی ہوگی اگرچہ وہ ارادہ اوسکا نہ کرے اور بھی زیارت کرنا قبرونکی اور اہل قبور کے لیے مغفرت چاہنا اس رات مسنونات فعلیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہو جیسا کہ شیخ عبد الحق دہلوی نے رسالہ ماثبت من السنہ مین لکھا ہو وماثبت عنہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ اتی المقبرۃ لیلۃ النصف لیستغفر للمؤمنین والمؤمنات والشہداء عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوضع عنہ ثوبیہ ثم لم یستتم ان قام فلبسہما فاخذتنی غیرۃ شدیدۃ ظننت انہ یاتی بعض صویحباتی فخرجت اتبعہ فادرکتہ بالبقیع الغرقد یستغفر للمؤمنین والمؤمنات والشہداء فقلت بابی انت وامی انت فی حاجۃ ربک وانا فی حاجۃ الدنیا فانصرفت فدخلت فی حجرتی ولی نفس عال ولحقنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ماہذا النفس یا عائشۃ فقلت بابی انت وامی اتیتنی فوضعت ثوبیک ثم لم تستتم ان قمت فلبستہما فاخذتنی غیرۃ شدیدۃ وظننت انک تاتی بعض صویحباتی حتی رایتک بالبقیع تصنع ما تصنع فقال یا عائشۃ اکنت تخافین ان یحیف اللہ علیک ورسولہ بل اتانی جبرئیل فقال ہذہ اللیلۃ لیلۃ النصف من شعبان وللہ فیہ عتقاء من النار بعدد شعر غنم کلب

لاینظر الله فیھا الی مشرک ولا الی مشاحن ولا الی قاطع رحم ولا الی مسبل ولا الی
عاق والدیہ ولا الی مدمن خمر قالت فوضع ثوبیہ فقال یا عائشۃ تاذنین لی فی قیام
ھذہ اللیلۃ فقلت نعم بابی انت وامی فقام فسجد طویلا حتی ظننت انہ قبض
فقمت التمسہ ووضعت یدی علی بطن قدمیہ فتحرک ففرحت وسمعتہ
یقول فی سجودہ اعوذ بعفوک من عقابک واعوذ برضاک من سخطک
واعوذ بک منک جل وجھک لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی
نفسک فلما اصبح ذکرتھن لہ فقال یا عائشۃ تعلمیھن وعلمیھن فان جبرئیل
علمنیھن وامر ان ارددھن فی السجود رواہ البیھقی

مروی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے کہ تشریف لائے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر مین پھر آپ نے اپنے بدن پر سے دونون
کپڑے اوتارے یعنی عمامہ اور قمیص یا عمامہ اور ردا کو جو کچھ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم اوسوقت پہنے تھے پھر آرام فرمانے کے قصد سے پانون
اپنے پھیلائے نہ تھے کہ کھڑے ہوے اور کپڑے دونون اپنے آپ نے
پہنے پس لیا مجکو غیرت نے گمان کیا مین نے کہ آنحضرت میرے ہمجنسون
مین سے کسی کے پاس گئے ہین یعنی اپنی بیبیون مین سے کسی کے پاس

پھر مین بھی باہر گئی آنحضرت صلعم کے پیچھے ناگاہ پایا مین نے آنحضرت صلعم کو بقیع غرقد
مین کہ مدینہ طیبہ مین مسلمانون کا مدفن تھا کہا استغفار کرتے ہین آنحضرت صلعم
ایمان دار مرد اور عورتون پر اور شہیدون پر تو کہا مین نے کہ فدا کرون اپنے
مان باپ کو آپ پر سے کہ آپ اپنے پروردگار کے کام مین ہین اور مین دنیا کے
کام مین یعنی بدگمانی مین پھر واپس ہوئی مین اور اپنے حجرہ مین آئی حالانکہ
طاری تھا مجھپر دم بلند یعنی ہانپتی تھی اور ملے مجھسے رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم پھر فرمایا آپ نے کیسی ہے اے عائشہ یہ سانس تو کہا مین نے تصدق کرون
مین اپنے مان باپ کو آپ پر سے آپ تشریف لائے اور آپ نے اپنے
کپڑے اوتارے اور آرام نہ فرمایا کہ پھر کھڑے ہوے اور اپنے کپڑے پہنے
تو مجکو سخت غیرت لگی اور گمان کیا مین نے اپنے بعض ہمجنسون کے نزدیک
آپ کے تشریف لیجانے کا یہانتک کہ پایا مین نے آپکو بقیع مین کرتے تھے
آپ جو کرتے تھے تو فرمایا آپ نے اے عائشہ کیا ڈرین تم کہ تمپر ظلم کریگا خدا
اور اوسکا رسول بلکہ میرے پاس جبرئیل آئے اور اونھون نے کہا کہ یہ
شب پندرھوین شعبان کی ہی حالانکہ خدا کے لیے ہین اس شب مین آزاد
کیے ہوے دوزخ سے یعنی خدا کے لیئے وہ لوگ ہین جنکو خدا آزاد کریگا

باندازہ قبیلہ کلاب کے بھیڑون کے بالون کے یعنی بے شمار بندون کو دوزخ
سے آزاد کریگا نظر نہین کرتا ہی خدا اس رات مشرک کی طرف اور نہ مشاحن
کی طرف کہ عبارت اہل بدعت سے ہی اور نہ قاطع رحم کیطرف اور نہ مسبل
کیطرف یعنی جو حد شرعی سے نیچے کپڑے پہنے اور نہ عاق والدین
کیطرف اور نہ مدمن خمر کی طرف کہ عبارت ہی ہمیشہ شراب پینے والے سے
کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پھر رکھے آنحضرت صلعم نے اپنے کپڑے
اور فرمایا آپنے ای عائشہ رض اجازت دو مجکو اس شب کے قیام کی کہا حضرت
عائشہ رض نے کہا مین نے کہ ہان فدا ہون آپ پر سے میرے مان باپ
پھر قیام کیا آپ نے اور سجدہ کیا دراز یہان تک کہ گمان کیا مین نے کہ
آنحضرت صلعم نے وفات پائی پھر کھڑے ہو کر آنحضرت صلعم کا حال دریافت
کرنے لگی مین اور ہاتھ رکھا مین نے تلوون پر ناگاہ جنبش کی آپ نے تو
خوش ہوئی مین اور سنا مین نے کہ کہتے تھے اپنے سجدون مین اَعُوذُ
بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوذُ بِرِضَاكَ مِن سَخَطِكَ وَاَعُوذُبِكَ مِنْكَ جَلَّ
وَجْهُكَ لَا اُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ پھر جب صبح کی
آنحضرت صلعم نے یاد کیا مین نے اون کلمات کو آنحضرت صلعم کے سامنے تو فرمایا

آپ نے اے عائشہ خود بھی سیکھو ان کلمات کو اور سکھاؤ دوسرون کو کہ تحقیق جبرئیل نے مجکو سکھایا ہے ان کلمات کو اور حکم کیا اونھون نے کہ تکرار کرون مین ان کلمات کی سجدہ مین روایت کیا ہے اس حدیث کو بیہقی نے پس اس حدیث سے ثابت ہوا کہ استغفار کرنا مردون کے لیے اس شب مین اور زیارت قبور کرنا مسنون ہے اور قیام اس شب کا بھی مسنون ہے پس یہ شب یعنی پندرھوین شب کی متبرک شبون مین سے ہے کہ عبادت کا محل ہے پس جو کہ رسم اس دیار کی ہو گئی ہے بہت سے چراغ روشن کرنا اور آتشبازی چھوڑنا اور سوائے اسکے اور لھویات ممنوع و حرام ہے کہ مشابہت لگگئی ہے دیوالی سے چنانچہ ماثبت من السنہ مین لکھا ہے و

من البدع الشنیعہ ما تعارف الناس فی اکثر بلاد الھند من ایقاد السرج ووضعھا علی البیوت والجدران وتفاخرھم بذلک واجتماعھم للھو واللعب بالنار واحراق الکبریت فانھا مما لا اصل لہ فی الکتب الصحیحۃ المعتبرۃ بل ولا فی غیر المعتبرۃ ولم یرو فیھا احادیث لا ضعیف ولا موضوع ولا یعتاد ذلک فی غیر بلاد الھند من الدیار العربیۃ من الحرمین الشریفین زادھم اللہ تعظیما وتشریفا ولا فی غیرھما ولا فی البلاد العجمیۃ

ما عدا بلاد الهند بل عسى ان يكون ذلك وهو الظن الغالب اتخاذا من رسوم
الهنود فى ايقاد السرج للدوالى فان عامة رسوم البدعة الشنيعة بقيت من
ايام الكفر فى الهند وشاعت فى المسلمين بسبب المجاورة والاختلاط
واتخاذهم السرارى والزوجات من النساء الكافرات قال بعض
المتاخرين من العلماء ان استحداث السرج الكثيرة فى الليالى المخصوصة
من البدعة الشنيعة فان كثرة الوقيد زيادة على الحاجة لو يرد باستحبابه
اثر فى الشرع فى موضع قال قال على بن ابى هبيرة اول حدوث الوقيد من
البرامكة وكانوا عبدة النار فلما اسلموا ادخلوا فى الاسلام ما يوهمون
انه من سنن الهدى ومقصودهم عبادة النيران حيث سجدوا وامع
المُسلِمِيْنَ الى تلك السرج وقد جعلها جهلة ائمة المساجد مع نحو صلوة
الرغائب شبكة لجمع العوام وطلب الرياسة والتقدم وملأ بذكرها القصاص
مجالس وعظهم ثم انه تعالى اقام ايمة الهدى فى سعى ابطال امثال هذه المنكرات
فتلاشى امرها وتكامل ابطالها فى البلاد المصرية والشامية فى اوائل المائة
الثامنة وقد انكر الطرطوسى الاجتماع ليلة الختم ونصب المنابر واختلاط الرجال
والنساء والتلاعب بينهم حتى يكون ما يكون كذا فى التذكرة

اور بھی بدعتون سے یہ ہی کہ جو کہ پھیلا ہی اکثر بلاد ہند مین جیسے جلانا چراغونکا
اور رکھنا گھرون پر اور دیوارون پر اور اوسکے سبب سے اپنون مین
فخر کرنا اور جمع ہونا لوگون کا لہو ولعب کے لیے اور آتشبازی چھوڑنا اور
بارود داغنا یہ اون چیزون مین سے ہی کہ جنکی کوئی اصل نہین ہی معتبر وصحیح
کتابون مین بلکہ غیر معتبر مین بھی نہین اور نہ کوئی حدیث مروی ہوئی ہی نہ
ضعیف اور نہ موضوع نہ اسکی عادت سواے بلاد ہند کے عرب کے شہرون
مین ہی حرمین شریفین زادہما اللہ تعظیما وتشریفا مین نہ غیر حرمین بلاد
عجم مین بجز بلاد ہند کے بلکہ شاید یہ جاری ہوا ہی دوالی مین چراغ جلانیکی
رسم سے لیکر اور ظن غالب یہی ہی اسلیئے کہ اکثر بری بدعتین باقی رہگئی ہین زمانہ
کفر سے ہند مین اور پھیل گئی ہین مسلمانون مین بسبب مجاورات اور اختلاط
ہنود کے اور بسبب لونڈی بنانے کافر عورتون کے اور نکاح کرنے
اونکی جنس سے کہا بعض متاخرین نے حاجت سے زائد چراغ جلانا
نہین وارد ہوا ہی اوسکے استحباب مین کوئی نشان شرع مین کسی جگہ اور
کہا بعض علماء متاخرین نے کہ کہا علی بن ابراہیم نے اول حدوث روشنی کا
برامکہ سے ہی اور وہ لوگ آتش پرست تھے جب وہ اسلام لائے

داخل کیا اونھون نے اسلام مین اون چیزون کو جنکو وہ سمجھتے تھے
اچھی عادت اور مقصود اونکا آتش پرستی تھا اسلیئے کہ سجدہ کرتے تھے
وہ لوگ مسلمانون کے ساتھہ چراغونکی طرف اور گردانا تمام مساجد کے
امامونے ایسی چیزونکو نماز رغائب وغیرہ کے ساتھہ مین جال واسطے عوام کے جمع ہونیکے
اور ریاست چاہنے کے لیے اور مقتدا بننے کے لیئے اور پھر دیا ذکر سے اسکے
قصہ کہنے والونکی مجلسون کو اپنی پھر اللہ تعالی نے قائم کیے ائمہ ہدی
کوشش کرنے ولے باطل کرنے کیلئے ایسے منکرات کے پس تتر بتر
ہوگیا کام اوسکا اور کامل ہوگیا باطل کرنا اوسکا بلاد مصریہ اور شامیہ
مین شروع آٹھوین سیکڑے مین اور تحقیق برا جانا طرطوسی نے ختم کی
رات جمع ہونے کو اور ممبرون کے قائم کرنے کو اور اختلاط مردونکا اور
عورتونکا اور تلاعب آپس مین یہانتک کہ ہوتا ہی جو کچھ ہوتا ہی ایسے ہی
تذکرہ مین ہی اور بھی مشائخ طریقت سے سنا گیا ہی کہ عاشورے کی نماز
مستحبات سے ہی اور طریقہ اوسکا یہ ہی کہ چھہ رکعت تین سلام سے پڑھے
اول رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ شمس دوسری مین بعد فاتحہ کے سورہ
قدر اور تیسری مین بعد فاتحہ کے اذا زلزلت اور چوتھی مین بعد فاتحہ کے

سورۂ کافرون اور پانچوین مین بعد فاتحہ کے سورۂ فلق اور چھٹی مین سورۂ
ناس اور بعد فراغت نماز کے سجدہ کرے اور اوسمین سات بار سورۂ
کافرون یا سورۂ اخلاص پڑھکر اپنی حاجت چاہے بعد اوسکے سر اوٹھاکر
ستر بار حَسْبِيَ اللّٰهُ نِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ پڑھے بعد اسکے
چار رکعت ایک سلام سے پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے پندرہ پندرہ
بار قل ہو اللہ پڑھے اور ثواب اسکا روح حضرت امام حسنؓ اور حضرت
امام حسینؓ کو بخشے واللہ اعلم مترجم کہتا ہی ہمارے خاندان مین معمول ہی کہ ماہ محرم
کی نوین تاریخ کی شب کو چار رکعت ایک سلام سے اسطرح پڑھے کہ پہلی رکعت مین بعد سورۂ
فاتحہ کے سورۂ اخلاص بسم اللہ کے ساتھ گیارہ بار اور دوسری رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ
سورۂ اخلاص بسم اللہ کے ساتھ اکیس بار اور تیسری رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص بسم اللہ
کے ساتھ اکتیس بار اور چوتھی رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص
بسم اللہ کے ساتھ اکتالیس بار پڑھے اور بعد سلام کے سورۂ یٰسٓ تین بار
پڑھ کے دعا کرے اور نوین تاریخ محرم الحرام مین بھی چار رکعت اسی طریقہ
سے ادا کرے اور سورہ یسین بھی تین بار بعد سلام کے پڑھے اور عاشورا،
کی شب کو بارہ رکعت چھ سلام کے ساتھ اس طرح پر پڑھے کہ پہلی رکعت مین

سورۂ فجر ایک بار اور سورۂ قدر تین بار اور دوسری رکعت مین سورہ بلد ایک بار
اور سورۂ نصر تین بار اور تیسری رکعت مین سورۂ شمس ایک بار سورہ تکاثر تین بار
اور چوتھی رکعت مین سورۂ لیل ایک بار اور سورہ عصر تین بار اور پانچوین
رکعت مین سورہ ضحی ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار اور چھٹی رکعت مین
الم نشرح ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار اور ساتوین رکعت مین
والتین ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار اور آٹھوین رکعت مین سورۂ
قدر ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار پڑھے اور باقی چار رکعتون مین سورۂ
اذا زلزلت الارض ایک ایک بار اور سورۂ اخلاص تین تین بار اور بعد
فراغت نماز کے سورہ الم سجدہ ایک بار اور سورۂ قیامہ ایک بار اور آیۃ الکرسی
تین بار اور درود اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ
اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَجْمَعِیْنَ اکتالیس بار حَسْبِیَ اللّٰہُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی
وَنِعْمَ النَّصِیْرُ اکہتر بار پڑھکر دعا کرے عاشورا کے روز بعد صفائی آفتاب کے
قبل زوال کے چھہ رکعتین پڑھے تین سلام سے پہلی رکعت مین بعد فاتحہ
کے سورۂ اعلی اور دوسری رکعت مین والشمس اور تیسری رکعت مین والضحی
اور چوتھی مین اذا زلزلت اور پانچوین رکعت مین قل اعوذ برب الفلق اور

چوتھی رکعت مین قل اعوذ برب الناس پڑھے اور بعد فراغت نماز کے درود شریف ستر بار اور حسبی اللہ نعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النصیر ستر بار پڑھے پھر سجدہ کرے اور اوس سجدے مین پندرہ بار سورہ کافرون پڑھے اور طریقہ اس شرح مین بھی مذکور ہی ہرچند کہ اور دوسرا طریقہ بھی شرح متن ہو مگر اوسکے بعد دعا نہین مکتوب ہی یہ دعا بعد ان چار رکعتون کے پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَاَخِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَبِیْہِ وَجَدِّہٖ وَبَنِیْہِ فَرِّجْ عَنِّیْ مَا اَنَا فِیْہِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بعد اوسکے چار رکعت صلوٰۃ الخصمانہ پڑھے پہلی رکعت مین سورہ اخلاص گیارہ بار دوسری مین سورہ کافرون تین بار اور سورہ اخلاص گیارہ بار تیسری مین سورہ تکاثر ایک بار اور سورہ اخلاص گیارہ بار اور چوتھی مین آیۃ الکرسی تین بار اور سورہ اخلاص پچیس بار پڑھے اور تین بار دعاے عاشورا پڑھے اور اول آخر اوسکے درود تین تین بار پڑھے دعاے عاشورا یہ ہی سُبْحَانَ اللّٰہِ مِلْأَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَۃَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ کَلِمَاتِہِ التَّامَّاتِ وَاَسْئَلُہُ السَّلَامَۃَ بِرَحْمَتِہٖ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

وھو حسبی ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ
محمد وآلہ اجمعین ۔ ماہ صفر کی پہلی تاریخ دن کو اور اوسکی شب کو چار رکعتین
پڑھے ہر رکعت مین بعد الحمد کے قل ہو اللہ پانچ بار پڑھے اور آخر تاریخ مین
آٹھ رکعت پڑھے ہر رکعت مین سورۂ اخلاص یعنی قل ہو اللہ احد پندرہ بار
پڑھے اور آخری چار شنبہ کے دن سے ورد چار شنبہ کا شروع کرے
اور ہرگز ناغہ نہ کرے ہر چار شنبہ کو پڑھے اور اگر احیانا ناغہ ہو جائے
تو پھر آخری چار شنبہ سے صفر کے شروع کرے اور یہ پورا ورد قبل زوال
کے پڑھنا چاہیے طریقہ اوسکا یہ ہے کہ اول غسل کرے اور لباس سفید پہنے
بعد غسل کے آخر ورد تک کلام نہ کرے چار رکعت نماز پڑھے اس نیت سے
نویت ان اصلی للہ تعالیٰ اربع رکعات صلوٰۃ النفل صلوٰۃ یوم الاربعاء
متوجھا الی جہۃ الکعبۃ الشریفۃ یعنی نیت کرتا ہون مین چار رکعت
نفل نماز چار شنبہ کی خدا کے لیے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے اور ہر
رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کوثر سترہ بار اور سورۂ اخلاص پانچ بار
اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ایک ایک بار پڑھے بعد اس
نماز کے سجدہ مین جائے اور چار بار یا وہاب وھو الحی الحق پڑھکر سجدہ سے

اوٹھکر ہاتھ پھیلا کر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی وَیَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ
یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ ذَلَّلْتَ بِعِزَّتِکَ جَمِیْعَ خَلْقِکَ اِکْفِنِیْ عَنْ شَرِّ جَمِیْعِ خَلْقِکَ
یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا مُکْرِمُ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ بعد اسکے
یہ چار سورتین پڑھے سورہ الم نشرح اکاسی بار سورہ والتین اکاسی بار
سورہ اذا جاء اکاسی بار سورہ اخلاص اکاسی بار بعد اوسکے ایک ہزار چار سو
چودہ بار یَا وَہَّابُ اور ہزار بار وَہُوَ الْحَیُّ الْحَقُّ اور سو بار یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ
یَا کَافِیَ الْمُہِمَّاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ اور سو بار یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا مُعْطِیُّ یَا رَحْمٰنُ پڑھے
ماہ ربیع الاول مین پہلی شب کو اور پہلی تاریخ چار رکعت ایک سلام سے
پڑھے اسطرح پر کہ ہر رکعت مین سورہ فاتحہ ایک بار او سورہ اخلاص
سات بار پڑھے اور بعد سلام کے سو بار درود پڑھے اور دعا کرے
اور ایسے ہی بارھوین شب کو بھی پڑھے اور میلاد شریف سکے [illegible]
بارھوین تاریخ ربیع الاول کی غسل کرے اور لباس نفیس حسب وسعت
کے پہنے اور خوشبو لگائے اور سرمہ لگائے اور بعد صفائی آفتاب کے
بارہ رکعتین چھہ سلام سے پڑھے سورہ عصر سے لیکر سورہ ناس تک

ہر ہر رکعت مین ایک ایک سورہ پڑھے بعد اوسکے یہ درود ہزار بار پڑھے
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اور دوسرا طریقہ یہ ہے
کہ بیس رکعتین دس سلام سے پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے
اکیس بار سورہ اخلاص پڑھے اور بعد فراغت کے سو بار درود شریف
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ
اَجْمَعِیْنَ پڑھے اور سورہ یسین تین بار اور سورہ اخلاص ایک ہزار
بار پڑھے اور اگر تنگی فرصت کی ہو تو تین سو بار یا ساٹھ بار سورہ اخلاص
پڑھے بعد اوسکے چار رکعت ہدیۃ الرسول اس طریق سے پڑھے کہ پہلی
رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ والشمس ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار
اور دوسری رکعت مین سورہ لیل ایک بار اور سورہ اخلاص پانچ بار
اور تیسری رکعت مین سورہ والضحی ایک بار اور سورہ اخلاص سات بار
اور چوتھی رکعت مین سورہ الم نشرح ایک بار اور سورہ اخلاص نو بار
پڑھے ہر سورت کو بسم اللہ کے ساتھ پڑھے بعد سلام کے دست بدعا ہو کر
اَللّٰھُمَّ بَلِّغْ مِنِّیْ ثَوَابَ ھٰذِہِ الصَّلٰوۃِ ھَدِیَّۃً اِلٰی رُوْحِ رَسُوْلِكَ وَحَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَارْضَ عَنْہُمْ اَجْمَعِیْنَ عَنِّیْ وَبَلِّغْ مِنِّی الصَّلٰوۃَ وَالسَّلَامَ

ماہ ربیع الثانی مین پہلی شب کو اور پہلی تاریخ چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت
مین سورۂ اخلاص نو نو بار پڑھے ماہ جمادی الاولی مین پہلی تاریخ اور اوسکی
شب کو چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ بار
پڑھے ماہ جمادی الثانیہ مین پہلی تاریخ اور اوسکی شب مین چار رکعت پڑھے
اور ہر رکعت مین تیرہ تیرہ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور ماہ رجب مین پہلی
تاریخ اور اوسکی شب کو چار رکعت پڑھے پندرہ پندرہ بار سورۂ اخلاص
پڑھے اور نوچندی جمعہ کی رات کو صلوۃ الرغائب پڑھے اور اوسکا طریقہ
اوپر گذرا اور پندرھوین شب کو رجب کی کہ لیلۃ الاستفتاح ہے آٹھ رکعت
چار سلام سے پڑھے پہلی رکعت مین والضحی اور دوسری مین الم نشرح تیسری
مین انا انزلنا چوتھی مین اذا زلزلت پانچوین مین والعادیات اور چھٹی مین
الھکم التکاثر اور ساتوین مین والعصر اور آٹھوین مین ویل لکل پڑھے
اور شب معراج یعنی شب ستائیسوین رجب کو بارہ رکعت پڑھے بعد سورۂ
فاتحہ کے تین بار سورۂ قدر اور بارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور بعد
فراغت نماز کے سجدہ مین جاوے اور پڑھے سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَنِيْ
وَصَوَّرَنِيْ فَاَحْسَنَ صُوَرِيْ تین بار بعد اوسکے حَسْبِيَ اللّٰهُ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ ستر بار اور درود شریف اکتالیس بار بعد اوسکے
سر اوٹھا کر سورۂ یسین ایک بار سورۂ الم نشرح اکیس بار سورۂ اخلاص
ایک سو ایک بار پڑھے اور دوسرا طریقہ شب معراج کی نماز کا یہ ہی کہ درمیان
عشا اور فجر کے بارہ رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے
ایک بار آیۃ الکرسی اور تین سو بار سورۂ قدر اور بارہ بار سورۂ اخلاص
پڑھے بعد نماز کے ایک سو ایک بار اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ رَفِیْعِ الدَّرَجَاتِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھکر سجدہ کرے

نماز پہلی شعبان

ماہ شعبان مین پہلی شب کو اور پہلی تاریخ دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت مین
پندرہ بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد فراغت نماز کے تین سجدہ کرے
ہر سجدہ مین سات بار درود پڑھے بعد اوسکے اپنی حاجت طلب کرے
انشاء اللہ حاجت جلد بر آویگی اور پندرھوین شعبان کی شب کو پہلے

نماز شب برات

اس نماز کو پڑھے اور بعد نماز مغرب کے بیس رکعت نماز دس سلام سے
پڑھے ہر رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے
بعد نماز عشا کے نماز فجر تک ایک سو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین
دس دس بار سورۂ اخلاص پڑھے یا دس رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین

سو سو بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد فراغت کے سورۂ دخان ایک بار اور
سورۂ یٰسین تین بار پڑھے اور بعد گذرنے نصف لیل کے دو رکعت
نفل بہ نیت نماز شب برات پڑھے باین طور کہ ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے
آیۃ الکرسی ایک بار خالدون تک اور سورۂ اخلاص بسم اللہ کے ساتھ
پندرہ بار بعد سلام کے سجدہ کرے اور اوسمین اعوذ بنور وجھک
یا ذا الجلال والاکرام اکیس بار بعد اوسکے سر اوٹھا کر دست بدعا ہوکر اَللّٰھُمَّ
یَا ذَا الْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا ذَا الطَّوْلِ وَ
الْاِنْعَامِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا ظَہِیْرَ اللَّاجِیْنَ یَا جَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ
یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنِیْ فِیْ اُمِّ الْکِتَابِ
عِنْدَکَ شَقِیًّا فَقِیْرًا فَامْحُ عَنِّیْ اسْمَ الشَّقَاءِ وَاَثْبِتْنِیْ
عِنْدَکَ غَنِیًّا سَعِیْدًا وَاِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنِیْ فِیْ اُمِّ الْکِتَابِ عِنْدَکَ
مَحْرُوْمًا مُقَتَّرًا عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ فَامْحُ عَنِّیْ حِرْمَانِیْ وَتَقْتِیْرَ
رِزْقِیْ وَاَثْبِتْنِیْ عِنْدَکَ سَعِیْدًا غَنِیًّا مُوَفَّقًا لِلْخَیْرِ مُوَسَّعًا
عَلَیَّ رِزْقِیْ فَاِنَّکَ قُلْتَ فِیْ اُمِّ الْکِتَابِ یَمْحُو اللّٰہُ مَا یَشَآءُ
وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ بعد اسکے سجدہ کرے اور اوسمین پڑھے

سجد لك خيالي وسوادي وآمن بك فؤادي فهذه يدي وما جنيت بها
على نفسي يا عظيم يرجى لكل عظيم اغفر الذنب العظيم سجد وجهي
للذي خلقه وصوره واحسن وجهه وشق سمعه وبصره
بعد اوسکے سر اوٹھاے پھر دوسرا سجدہ کرے اور اوسمین پڑھے اعوذ
برضاك من سخطك واعوذ بعفوك من عقابك واعوذ بك منك
لا احصي ثناء عليك انت كما اثنيت على نفسك اقول كما قال اخي
داؤد عليه السلام اعفر وجهي في التراب لسيدي وحق له ان يسجد
بعد اوسکے سر اوٹھا کر تین بار اللهم ارزقني قلبا تقيا من الشرك نقيا لا كافرا
ولا شقيا پڑھے بعد اوسکے پھر سجدہ کرے اور اوسمین پڑھے اللهم
انك عفو كريم تحب العفو فاعف عني اللهم اني اسألك العفو والعافية
والمعافاة الدائمة في الدين والدنيا والآخرة تین بار
بعد اوسکے سر اوٹھا کر تین بار سورہ یسین پڑھے ماہ رمضان مین پہلی تاریخ
دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص سو سو بار
پڑھے اور پندرھوین تاریخ رمضان کی اوسی طرح پڑھے جس طرح سے
پندرھوین شعبان مین اور لیلۃ القدر کی نماز کا طریقہ یہ ہے کہ بارہ رکعت

چھ سلام سے پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے انا انزلنا تین بار اور
سورہ اخلاص بارہ بار اور بعد فراغت نماز کے سجدہ کرے اور اوسمین یکبار
اللھم انک عفو کریم تحب العفو فاعف عنی پڑھے بعد اوسکے
سر اوٹھا کر بیٹھکر سو بار درود شریف اور بارہ بار حسبی اللہ نعم الوکیل
نعم المولی و نعم النصیر پڑھے اور سات بار اللھم انی اسألک العفو و
العافیۃ و المعافاۃ الدائمۃ فی الدنیا و الاخرۃ اللھم انک عفو کریم تحب العفو فاعف عنی پڑھکر
جو مطلب چاہے طلب کرے ماہ شوال کی پہلی شب اور پہلی تاریخ مین
چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے اکیس اکیس بار سورہ
اخلاص پڑھے اور لیلۃ الفطر مین چار رکعت نفل پڑھے پہلی رکعت مین
سورہ یسین دوسری مین سورہ واقعہ تیسری مین سورہ ملک چوتھی مین
سورہ تبارک پڑھے بعد سلام کے سجدہ کرے اوسمین پندرہ بار سورہ کافرون پڑھے
بعد اوسکے اللھم انک عفو کریم تحب العفو فاعف عنی بارہ بار پڑھکر سر اوٹھا کر
اور درود شریف کتیس بار پڑھکر دعا کرے اور عید فطر اور عید اضحی
دونون مین چار رکعت بعد نماز عید کے گھر پلٹ کر آکے پڑھے پہلی مین
سورہ اعلی دوسری مین والشمس تیسری مین واللیل چوتھی مین والضحی پڑھے

نماز ماہ ذیقعدہ — نماز ماہ ذی الحجہ — نماز لیلۃ الترویہ

ماہ ذی قعدہ مین ہر شب کو دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت مین تین تین
بار سورۂ اخلاص پڑھے ماہ ذی الحجہ مین پہلی رات کو دو رکعت پڑھے
پہلی رکعت مین تین آیتین اول سورۂ انعام کی اور دوسری مین سورۂ
کافرون ایک بار پڑھے اور لیلۃ الترویہ یعنی آٹھوین ذیحجہ کو دو رکعت نفل پڑھے
اسی طرح پر بعد سلام کے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَ
لَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
ستر بار پڑھے بعد اوسکے آٹھ رکعت چار سلام سے پڑھے ہر رکعت
مین بعد سورۂ فاتحہ کے ایک بار آیۃ الکرسی اور تین بار سورۂ اخلاص
پڑھے بعد اوسکے سو بار اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ اٰلِہٖ وَ بَارِکْ
وَسَلِّمْ پڑھے بعد اوسکے جو چاہے دعا کرے اور صلوۃ الخصا نہ

نماز شب عرفہ

مثل عاشورہ کے پڑھے عرفہ کی رات کو یعنی نوین شب کو
دوگانہ اسی طرح سے پڑھے بعد اوسکے بارہ رکعت چھ سلام سے پڑھے
پہلی رکعت مین سورۂ اعلی اور دوسری رکعت مین سورۂ غاشیہ اور
تیسری رکعت مین سورۂ والشمس اور چوتھی رکعت مین سورۂ واللیل اور
پانچوین مین والضحی اور چھٹی مین الم نشرح اور ساتوین مین انا انزلنا اور آٹھوین مین

والعصر اور باقی چارون رکعتون مین اذا جاء پڑھے اور ہر رکعت مین تین تین بار
سورۂ اخلاص یا پندرہ پندرہ بار پڑھے بعد سلام کے اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ چالیس بار سُبْحَانَ
اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
چالیس بار آور لیلۃ الاضحی یعنی دسوین شب کو دوگانہ نفل اوسی طریقہ پر
پڑھے بعد اوسکے بارہ رکعت چھ سلام سے پڑھے اور ہر رکعت مین بعد
سورۂ فاتحہ کے ایکبار نازعات اور تین بار سورہ کوثر اور سات بار سورۂ
اخلاص اور بعد سلام ہر دوگانہ کے تکبیر تشریق سات بار آواز خفی پڑھے
اور بعد فراغت تکبیر تشریق کی سات بار آواز بلند یہ درود پڑھے اللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَنَاسِكِ وَالْمَشَاعِرِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَاحِبِ الْعِزِّ وَالْمَفَاخِرِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبِرِّ كَاشِفِ
الزَّوَاجِرِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبَيِّنَاتِ وَالْمُعْجِزَاتِ
اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَاحِبِ عُثْمَانَ وَحَيْدَرٍ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ گیارھ بار اور درود تنجینا گیارہ بار پڑھے واللہ اعلم

وصوما یعنی لازم کرلے جو وارد ہوے ہین حدیث مین کہ روزے مانند روزہ ایام
بیض کے سنن ابی داوٗد مین لکھا ہی عن ابن ملحان القیسی عن ابیہ قال کان
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یامرنا ان نصوم البیض ثلث عشرۃ
واربع عشرۃ وخمس عشرۃ قال ھن کھیئۃ الدھر
روایت کیا ہی ابن ملحان قیسی نے اپنے باپ سے کہ کہا اونھون نے کہ تھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہمکو کہ روزہ رکھین ہم تیرھوین چودھوین
پندرھوین یعنی ہر مہینہ کی کہا ابن ملحان نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے کہ یہ روزہ مانند تمام سال کے ہین اور تشبیہ جو ساتھ صوم دہر کے
واقع ہوئی فقط تشبیہ ہی باعتبار کثرت عدد ایام سال کے کہ وہ تین سو ساٹھہ
دن قرار پائے ہین باعتبار ضرب دینے بارہ کے تیس مین وگرنہ سال تین سو
ساٹھہ دن کا نہین ہوتا ہو نہ تشبیہ بجمیع الوجوہ ہی کہ روزہ دہر کا عبارت ہی
روزہ رکھنے سے تمام سال کے بدون فصل کے باین طور کہ ایک روزہ
بھی اس سال مین ترک نہین کیا ہو ایسا روزہ رکھنا مکروہ ہی اور اس روایت
مین امر وارد ہوا ہی تو معلوم ہوا کہ یہ روزے مکروہ نہین بلکہ مستحب ہین سو اسطے کہ امر
ایجابی نہین پس استحبابی ہونا چاہیے بدلیل اسکے کہ مشکوۃ مین آیا ہے

عن ابی ذر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یا اباذر اذا صمت
من الشهر ثلثة ایام فصم ثلثة عشرة واربع عشرة وخمس عشرة رواه الترمذی
والنسائی روایت ہی ابی ذر سے کہا ابی ذر نے فرمایا رسول خدا صلی الله
علیه وسلم نے ای ابی ذر جو روزہ رکھے تو ہر ماہ سے تین روزہ تو چاہیے کہ
روزہ رکھہ تو تیرھوین چودھوین پندرھوین کا جاننا چاہیئے کہ مشروط کرنا
روزے کا ان دنون مین اونکے روزہ رکھنے کے ساتھہ دلیل اختیار دینے کی ہی یعنی اختیار روزہ
رکھنے اور نہ رکھنے کا ہی اگر رکھو تو ان تین دن مین رکھو روایت کیا ہی اسکو
ترمذی اور نسائی نے اور بھی ہر ماہ کے اول تین دن غرہ سے تیسری تک
روزہ رکھنا مستحب ہی اور بھی جمعہ کے دن روزہ رکھنا مستحب ہی اس
طور سے کہ جمعہ مخصوص روزہ کے ساتھہ نہ کرلین کہ یہ مکروہ ہی اور بھی جمعہ
مین افطار کو مکروہ نہ جانین کہ یہ بھی منہی عنہ ہی اور مستحب ہونا جمعہ کے
روزے کا اس وجہ سے ہی کہ مشکوۃ مین ہی عن عبد الله بن مسعود قال
کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم من غرة کل شهر ثلثة ایام
وقلما کان یفطر یوم الجمعة رواه الترمذی والنسائی روایت ہی عبد الله
بن مسعود سے کہ کہا اونھون نے کہ تھے رسول خدا صلی الله علیه وسلم

روزہ اول ماہ و تیرہ ۱۴ ۱۵

روز جمعہ اور ایک دن اور

روزہ رکھتے غرہ سے ہر ماہ کے تین روزے اور کم کبھی آنحضرت افطار کرتے
جمعہ کے روز یعنی اکثر روز جمعہ کو روزہ دار ہوتے روایت کیا ہی اسکو ترمذی
اور نسائی نے اور بھی افضل ہی کہ اگر جمعہ کے روز روزہ نہ رکھے تو قبل جمعہ کے
کچھہ نہ کھائے کیونکہ صحابہ سے نقل کیا گیا ہی کہ نماز جمعہ کے بعد کھانا کھاتے تھے
سنن ابی داؤد مین ہی عن سھل بن سعد قال کنا نقیل ونتغدی بعد الجمعۃ
روایت ہی سہل ابن سعد سے کہا اونھون نے کہ تھے ہم یعنی زمانے مین
رسول خدا کے کہ قیلولہ کرتے تھے اور دن کا کھانا کہاتے تھے بعد جمعہ کے
نماز کے ابو داؤد اس روایت کو باب تعجیل نماز جمعہ مین لائے ہین پس معلوم
ہوا کہ قیلولہ کی تاخیر کرنا اور کھانے کی تاخیر کرنا محض اہتمام جمعہ کے لیے
اور تعجیل نماز جمعہ کے لیے تھا نہ یہ کہ کھانا کھانیکو صحابہ قبل نماز جمعہ کے
مکروہ جانتے تھے تو جس جگہ کہ نماز جمعہ مین تعجیل نہین کرتے ہین اور تاخیر سے
پڑھتے ہین تو تاخیر کھانے کی بھی کوئی فضیلت نہین رکھتی ہی اسواسطے
ایسی جگہ مین کھانے کی تاخیر سے احتمال سستی اور کاہلی کا ادائے جمعہ مین
ہی واللہ اعلم اور بھی جمعہ کے دن اگر دوسرے دن کے ساتھہ یعنی پنجشنبہ
یا شنبہ کو ملا کر روزہ رکھے تو کوئی قباحت نہین رکھتا ہی اور بھی نزدیک بعض

اہل حدیث کے تین دن آخر ماہ کے کہ ستائیس اٹھائیس اونتیس ہر مہینہ کی ہو روزہ رکھنا مستحب ہی چنانچہ شیخ عبد الحق نے شرح سفر السعادت مین ذکر کیا ہو اور اسنوی ماوردی سے حکایت کرتے ہین کہ مستحب ہی روزہ ایام سود کا بھی کہ جمع اسود کی مقابل ایام بیض کے ہی اور وہ ستائیسوین دھوین دو روز اوسکے بعد کے ہین اور بھی مستحب ہی روزہ رکھنا غرہ ذی الحجہ سے اوسکی نوین تک اور بھی مستحب ہی روزہ رکھنا نوچندے دوشنبہ کا اور اور نوچندی جمعرات کا سنن ابی داؤد مین مذکور ہی کہ روایت ہی عن هنيد بن خالد عن امراته عن بعض ازواج النبی صلے اللہ علیه وسلم قالت كان النبی صلے اللہ علیه وسلم يصوم تسع ذی الحجة ويوم عاشوراء وثلثة ايام من كل شهر واول اثنين من الشهر والخميس روایت ہی ہنید بن خالد سے وہ اپنی بیوی سے روایت کرتے ہین وہ بعض ازواج مطہرات سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کہا اونھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھتے نو دن ذی الحجہ کے اور تین روزے ہر ماہ کے اور ہر مہینے کے پہلے دوشنبہ اور پہلے پنجشنبہ کو اور بھی مستحب ہی روزہ رکھنا چھ روزہ شوال مین دوسری سے ساتھوین تک سنن ابی داؤد مین ہی عن ابی ایوب

صاحب النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال من صام رمضان ثم اتبعہ بست من شوال فکانما صام من الدھر ابوایوب انصاری سے روایت ہی کہ وہ یار تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے انصار مین سے تھے اور اونھون نے جگہ دی تھی آنحضرتؐ کو ابتدائے تشریف آوری آنحضرتؐ کی مدینہ طیبہ مین اپنے گھر مین فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص روزہ رکھے رمضان مین پھر چھہ روزے شوال کے اوسکے ساتھ رکھے تو گویا اوسنے روزے رکھے تمام سال کے اکثر اہل فقہ اسطرف گئے ہین کہ شش عید کے روزے رکھنا امام اعظم کے نزدیک مکروہ ہین اور دلیل مین لاتے ہین کہ اس جگہ مشابہت یہودیون کے ساتھ ہوتی ہی اسواسطے کہ وہ چھتیس روزے رکھتے ہین اور کلمہ تشبیہ واسطے تشبیہ کامل کے ہی پس مثل روزہ دہر کے ہی اور مکروہ ہی اور محققین فقہا نے اسکا اعتبار نہین کیا اور استحباب کے قائل ہوے جیساکہ صاحب شرح وقایہ کہتے ہین کہ والتفریق ابعد من التشبیہ یعنی جدا کرنے سے ان چھہ روزون کے رمضان کے روزون سے بسبب عید کے روزا فطار کرنے کے دوری ہوجاتی ہی تشبیہ سے اس وجہ سے کہ یہود عید کے روزا فطار نہین کرتے تھے اور عید مین روزہ رکھتے تھے اور یہہ کانما تشبیہ کامل کے لیے نہین ہی بلکہ مشابہت فقط کثرت عمل مین ہے

الا نہ فیمین احتمال کلمہ ثم کا ہی کہ جو بنا یا گیا ہی تراخی کے لیے اسواسطے کہ معنی حدیث کے
یہ ہین کہ بعد رمضان کے چھہ روزے رکھے تو تراخی اسلیے کہ عید کا روزہ مکروہ تحریمی
ہی پس روزہ عید کو افطار کرنے سے تراخی حاصل ہو گئی اگر تشبیہ شش عید کے
روزون کا ساتھہ صوم دہر کے کراہت مین ہوتا تو ثم کے لفظ کا لانا بیان
خود دلالت کرتی ہی بعدیت رمضان پر لیکن احتمال رکھتا ہی اتصال کا تو تاکید
لگیگی ثم کے ساتھہ ایسا ہی مستفاد ہوتا ہی حسن چلپی کی تحریر سے ذخیرۃ العقبی مین
اور جو بعض لوگ کہتے ہین کہ استحباب شش عید کے روزہ کا ثبوت اس حدیث سے
نہین ہو سکتا ہی اسواسطے کہ یہ حدیث ضعیف ہی یہ کہنا تعصب سے ہی اسواسطے
کہ قاعدہ اصول حدیث کا ہی کہ حدیث ضعیف بھی فضائل اعمال مین مقبول ہی اور
مفید فضل عمل ہوگی جیسا کہ مقدمہ ترجمہ مشکوۃ مین شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے
لکھا ہی اور لفظ اتباع مفید اجتماع کو ہی اور لفظ ثم مقتضی تراخی کو ہی تو معلوم ہوا
کہ دوسری تاریخ سے شوال کی ساتوین شوال تک چھہ روزے برابر رکھے
اور پانچ روزے مکروہ تحریمی ہین دو روزے عید الفطر اور عید اضحی کے
اور تین روزہ تشریق کے چنانچہ کتب فقہ مین مسطور ہی واللہ اعلم اور کثرت سے
روزہ رکھنا شعبان مین مستحب ہی مشکوۃ مین ہی عن عائشۃ رضی اللہ عنہا

قالت کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یصوم حتی نقول لا یفطر ویفطر
حتی نقول لا یصوم وما رایت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم استکمل
صیام شہر قط الا رمضان وما رایتہ فی شہر اکثر منہ صیاما فی شعبان
حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے مروی ہو کہ کہا اونھون نے تھے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھتے یہانتک کہ ہم لوگ کہتے تھے کہ اب افطار نکرینگے
اور افطار کرتے یہانتک کہ ہم کہتے تھے کہ روزہ نہ رکھینگے اور نہین دیکھا مین نے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی روزے رکھے ہون آپ نے پورے مہینہ کے
سوائے رمضان کے یعنی ایک مہینہ پورا آپ روزہ نہین رکھتے تھے اور
نہین دیکھا مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت روزے رکھتے سوائے
شعبان کے کسی مہینہ مین یعنی آنحضرت صلعم روزے کی کثرت شعبان مین کرتے تھے
اور دوسرے مہینہ مین اسقدر کثرت نہین کرتے تھے چنانچہ نوبت کثرت سے
روزہ رکھنے کی شعبان مین پورے ماہ شعبان تک پہونچ گئی تھی شمائل ترمذی
مین ہی ترمذی اوس اسناد سے جو ابی جعد سے وارد ہی حدیث لائے ہین
عن ابی سلمة عن ام سلمة قالت ما رایت النبی صلے اللہ علیہ وسلم یصوم
شہرین متتابعین الا شعبان و رمضان قال ابو عیسی ھذا اسناد صحیح وھکذا

قال عن ابی سلمة عن ام سلمة وروی هذا الحدیث غیر واحد عن
ابی سلمة عن عائشة عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم ویحتمل ان یکون
ابو سلمة بن عبد الرحمن قد روی هذا الحدیث عن عائشة و ام سلمة
جمیعا عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم ابی سلمہ سے مروی ہو کہ روایت
کیا اونھون نے ام سلمہ سے کہا اونھون نے کہ نہین دیکھا مین نے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ روزہ رکھا ہو آپ نے پے درپے دو ماہ کا سوا شعبان اور
رمضان کے کہ روزہ رکھتے تھے برابر دو ماہ کہا ابو عیسی نے کہ یہ اسناد صحیح ہو اور
ایسا ہی کہا ابو محمد نے ابی سلمہ سے اور اونھون نے ام سلمہ سے اور روایت
کیا ہو اس حدیث کو غیر واحد نے ابی سلمہ سے اور اونھون نے عائشہ رضی اللہ
عنہا سے اور اونھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور احتمال رکھتا ہو کہ
اس حدیث کو ابو سلمہ بن عبد الرحمن روایت کرتے ہون عائشہ اور ام سلمہ
رضی اللہ عنہا دونون سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث سے
معلوم ہوتا ہو کہ روزہ رکھنا پورے شعبان کا استحباب رکھتا ہو کہ کبھی کبھی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے وقوع مین آیا ہو اور چونکہ عائشہ رضی اللہ
عنہا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہو کہ روزہ نہین رکھا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سے کہ مدینہ طیبہ مین تشریف لائے مگر
رمضان کا مراد اس سے یہ ہی کہ اہتمام پورے مہینہ بھر کے روزے رکھنے کا
سواے رمضان کے نہین کیا نہ یہ کہ سواے رمضان کے تمام ماہ کا روزہ نہ رکھا
ہوا سواسطے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اہتمام کثرت صوم کا شعبان مین اس طور پہ
مروی ہوا ہی کہ آپ نے پورے روزے رکھے جیسا کہ ترمذی مین روایت ہی
عائشہ رضی اللہ عنہا سے عن عائشة قالت لم ار رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم یصوم فی الشهر اکثر من صیامه فی شعبان کان یصوم
الا قلیلا بل کان یصومه کله نہین دیکھا مین نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو کہ روزہ رکھا ہو آپ نے کسی ماہ مین زیادہ تر ماہ شعبان سے
کہ روزہ رکھتے تھے بجز تھوڑے دن کے بلکہ روزے رکھتے تھے پورے
اس ماہ کا یعنی اسقدر اہتمام روزہ رکھنے کا شعبان مین کرتے کہ کبھی کبھی تمام مہینہ
تک پہونچتا اور بھی اکثر مشائخ صوفیہ تمام مہینہ شعبان کے روزے رکھتے
ہین اور روزہ رجب کا بھی مستحبات سے ہی کیونکہ اکثر مشائخ صوفیہ اس ماہ
مین روزے کی کثرت کرتے ہین بلکہ پورے ماہ رجب کا روزہ رکھتے ہین
اور روزہ سہ ماہی اسکا نام رکھتے ہین یعنی ابتدا سے ماہ رجب کے آخر ماہ

رمضان تک کہ یہ برابر تین ماہ کے روزے ہوئے حاصل اس سے کہ فرض ہو یا نفل اور رجب کا روزہ فضیلت رکھتا ہی جیسا کہ کتاب ماثبت من السنہ مین شیخ عبد الحق دہلوی نے لکھا ہی رجب شہر اللہ وشعبان شہری ورمضان شہر امتی رواہ ابو الفتح بن الفوارس فی امالیہ عن الحسن مرسلا [illegible] شہر تضاعف فیہ الحسنات من صام یوما منہ کان کصیام سنۃ رواہ الرافعی رجب خدا کا مہینہ ہی اور شعبان میرا مہینہ ہی اور رمضان میری اُمّت کا یعنی یہ مقولہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی رجب کی نسبت خدا کے ساتھ کی یعنی اس مہینہ مین عبادت کرنا محض موجب رضاے خدا کا ہی اور شعبان کی نسبت اپنے ساتھ کی یعنی عبادت خدا اس مہینہ مین جو کیجاتی ہی موجب اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور خوشنودی آنحضرتؐ کی وجہ سے ہی پس مہینہ شعبان کا افضل ہوا رجب کے مہینے سے اسواسطے کہ اس مہینے مین پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور اتباع خدا کے حکم کی دونون حاصل ہین اور رمضان آنحضرتؐ کی اُمت کا مہینہ ہی یعنی یہ لوگ اس رمضان کے مہینے مین عبادت کرتے ہین اور اپنے ذمہ کو بوجہ ادای فرضیت کے بری کرتے ہین اور حصہ اجر اپنے واسطے حاصل کرتے ہین اور اگر کوئی کہے کہ ان تینون ماہ مین

عبادت کرنے سے تینون چیزین حاصل ہوتی ہین توخصوص ہرایک ماہ کا
ان تینون ماہ سے ایک چیز کے ساتھہ کوئی معنی نہین رکھتا ہی کہتا ہون مین
کہ واقع مین اگرچہ یہ تینون باتین تینون مہینون مین بلکہ ہر وقت مین حاصل
ہوتی ہین لیکن خصوصیت اس وجہ سے ہی کہ ماہ رجب مین اولا وبالذات
فقط رضاے خدا حاصل ہوتی ہی اور دونون چیزین یعنی سنت اور اجر ثانیا
وبالعرض بجہت تعلق عمل کے حاصل ہوتے ہین اور ماہ شعبان مین سنت
و اتباع خدا کی اولا وبالذات حاصل ہوتی ہی اسواسطے کہ خود خدا فرماتا ہی
من یطع الرسول فقد اطاع اللہ یعنی جو شخص اطاعت کرتا ہی پیغمبر خدا کی طاعت
خدا کی اوسکو حاصل ہوتی ہی اسواسطے کہ اطاعت رسول کو صیغہ مضارع کے
ساتھہ لایا جو مقتضی زمانہ موجود یا آیندہ کو ہی اور کلمہ من اوسپر داخل کیا کہ جو
متضمن معنی شرط کو ہی اور مستلزم زمانہ استقبال کو ہی اور اطاعت خدا کو ماضی
کے صیغہ کے ساتھہ لایا اور قد تحقیق کا اوسپر داخل کیا کہ جو مقتضی ہی سبقت
حصول کو اور تحصیل بالذات کو مفید ہوتا ہی پس سمجھا گیا کہ بمجرد ارادہ اطاعت
رسول کہ عبارت ہی ایمان اور انقیاد سے اطاعت خدا کی حاصل ہوتی ہی
اور اطاعت خدا کی بدون اطاعت رسول کے ہاتھہ نہین آتی اسواسطے

کہ اطاعت خدا کی مشروط ہی اطاعت رسول کے ساتھہ اور اصول کا قاعدہ
جاری اور مستمر ہی اذا فات الشرط فات المشروط جب جاتی رہتی ہی شرط جاتا رہتا
ہی مشروط اور فوز اجر ثانیا و بالعرض حاصل ہوتا ہی اور رمضان مین ذمہ کا پاک ہونا
اولا بالذات اور اتباع خدا کی اور سنت رسول کی بسبب تعلق امر و عمل کے ثانیا و
بالعرض حاصل ہوتی ہی واللہ اعلم اور ایسے ہی رجب کے فضائل بہت کتب
صوفیہ مین مرقوم ہین بخوف اطناب کہ یہ مختصر اوسکو متحمل نہین ہی لانا اونکا دشوار
ہوا لیکن ستائیسوین رجب کا روزہ رکھنا اور اوسکے ساتھہ ایک روزہ پہلے
یا ایک روزہ بعد رکھنا اور اوسکو ہزاری روزہ کہتے ہین معتبر کتب مین اوسکی
کوئی اصل نہین ہی لیکن شاید اس وجہ سے رکھتے ہون کہ شب ستائیسوین کی
شب معراج ہی اور وہ شب متبرک ہی تو چاہیے کہ عبادت سے اوسکو گھیرین
اور بھی شیخ عبد الحق دہلوی نے اپنی کتاب مین درباب فضیلت بست و ہفتم کے
روایت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہی عن ابن عباس رضی اللہ
عنہما فی رجب لیلۃ یکتب للعامل فیہا حسنات مائۃ سنۃ وذلک لثلث
بقین من رجب فمن صلی فیہا اثنتی عشرۃ رکعۃ یقرأ فی کل رکعۃ فاتحۃ الکتاب و
سورۃ من القرآن یتشہد فی کل رکعتین ویسلم فی آخرہن فاذا سلم قال سبحان اللہ

والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر مائة مرة ويستغفر الله مائة مرة ويصلي
على النبي صلى الله عليه وسلم مائة مرة ويدعو لنفسه ما شاء من امر دنياه واخرته
ويصبح صائما فان الله يستجيب دعاءه كله الا ان يدعو في معصية رواه البيهقي
وضعفه لايملك عن ابان عن انس وقال هو اضعف من الذي قبله
روایت ہی حضرت ابن عباسؓ سے کہ رجب مین ایک شب ہی کہ لکھے جاتے
ہین اوس شب کے عمل کرنے والے کیلیے نیکیان سو برس کے اور وہ شب پہلی شب ہے
تین شبون کی جو رجب کے مہینے سے باقی رہتی ہین یعنی ستائیسوین شب
اور جو لفظ پہلی شب مین ہی اوسجگہ ضمیر مذکر کی لائی گئی ہی اور قبل مین ضمیر مونث
لائی گئی اس سبب سے کہ تانیث لیل کی حقیقی نہین ہی اور مونث غیر حقیقی کے لیے
ضمیر مذکر اور مونث لانا برابر ہی) تو جو شخص اس شب مین بارہ رکعت پڑھے
اور اون مین سورۂ فاتحۃ الکتاب کے بعد کوئی سورت کا ذکر نہین کیا اسواسطے
اختیار ہی جو سورت چاہے پڑھے اور ہر دو رکعت کے بعد تشہد پڑھتا ہے
اور بعد تمام ہونے بارہ رکعتون کے سلام پھیرے اور نماز سے فراغت
کے بعد سُبحانَ اللهِ والحمدُ للهِ ولا الهَ الا اللهُ واللهُ اکبرُ سو بار پڑھے
اور استغفار کرتے سو بار اور درود بھیجے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر سو بار اور

فضیلت ستائیسوین شب رجب

دعا کرے اپنے لیے اور جو مطالب دنیا و آخرت کے چاہے اپنے لئے مانگے اور صبح کو روزہ رکھے یعنی اس شب کی صبح کو روزہ رکھے اس جگہ سے سمجھا گیا کہ نیت ان روزونکی رات سے واقع ہوتی ہے تاکہ صبح صوم سے نیت کے ساتھ ہو تو تحقیق خدا قبول کرتا ہے اوسکی تمام دعاؤن کو مگر یہ کہ دعا کرے دعا معصیت کی مقبول نہین ہوتی ہے اور بھی آداب کے منافی ہے معصیت کی دعا کرنا جیسا کہ حصن حصین مین آداب دعا مین مرقوم ہے وان لا یدعو باثم [illegible] دعا کرے [illegible] منافی [illegible] روایت کیا ہے اسکو مسلم اور ترمذی نے روایت کیا اس حدیث کو کہ جو فضل شب بست و ہفتم رجب مین ہے بیہقی نے ابان سے اور وہ حضرت انس سے روایت کرتے ہین اور بیہقی نے کہا ہے کہ یہ حدیث زیادہ ضعیف ہے اوس حدیث سے کہ جو اسکے قبل مروی ہوئی ہے فضائل رجب مین یعنی اسکے قبل ایک حدیث فضائل رجب مین مذکور ہوئی ہے اور وہ [illegible] ہے اور حدیث کا ضعف فضائل اعمال مین کوئی ضرر نہین رکھتا ہے اور عاشورے کا روزہ بھی مسنونات سے ہے لیکن ایک روزہ رکھنا مکروہ ہے بسبب شباہت [illegible] کے تو ایک روزہ اوس [illegible] ملاکر رکھنا چاہیے اور افضل یہ ہے

کہ نوین اور دسوین ہو اسواسطے کہ عاشورا عبارت ہو دسوین ماہ محرم سے اور
سنن ابی داؤد مین ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے عن
ابن عباس رضی اللہ عنہما قال لما قدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینة وجد
الیہود یصومون عاشوراء فسئلوا عن ذلک فقالوا ھو الیوم الذی ظھر اللہ
فیہ موسی علی فرعون ونحن نصومہ تعظیما لہ فقال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نحن اولی بموسی منکم وامر بصیامہ
ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہی کہ کہا ابن عباس نے جب نبی صلی اللہ
علیہ وسلم مدینہ طیبہ مین تشریف لائے اور یہودیون کو پایا کہ روزہ رکھتے تھے
عاشورے کا تو پوچھا اون سے کہا یہودیون نے کہ یہ وہ دن ہی کہ فتحیاب کیا
اس دن اللہ نے موسی کو فرعون پر اور ہم روزہ رکھتے ہین اس روز کا اسکی
تعظیم کی وجہ سے مرجع تعظیما لہ کا دو احتمال رکھتا ہی ایک یہ کہ عاشورا کے دن
کیطرف پھری بمعنی اسکے کہ بنا بر اس دن کی تعظیم کے بجہت فتحیابی حضرت
موسی کے اس دن مین اور بسبب تعظیم کرنے حضرت موسی کے اس روز کے
یا مرجع تعظیما لہ کا حضرت موسی کیطرف ہو بمعنی اسکے کہ روزہ رکھتے ہین ہم
اس دن بجہت حضرت موسی کی تعظیم کرنے کے بطریق اتباع اونکے کہ فتحیاب

[illegible] ہی اس دن روزہ رکھتے تھے اللہ کے شکر کے لیے
[illegible] بخاری اور مسلم مین اس روایت [illegible] هذا الیوم الذی الی اخرہ
[illegible] عظیم انجی اللہ فیہ موسی وقومہ واغرق فرعون [illegible] صامہ
موسی شکرا فنحن نصومہ [illegible] مذکور ہوا ہی یعنی بجای ہوالیوم
الی آخرہ کے مسلم اور بخاری نے اس طرح پر روایت
کیا ہو کہ یہ بڑا دن ہو کہ نجات دی اللہ نے اس مین موسی کو اور انکی قوم کو
[illegible]
اللہ کے شکر کے لیے اور ہم روزہ رکھتے ہین اوسکی تعظیم کے لیے پھر فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مین مناسبت رکھتا ہون حضرت موسیٰ کے
تم لوگون سے زیادہ اور امر فرمایا آپ نے اس دن مین روزہ رکھنے [illegible]
روزہ شروع مدینے مین تشریف لانے کے [illegible]
فرضیت اس روزے کی رمضان کے روزون کے سبب سے تو باقی رہا
سنت ہونا اسلیے کہ آنحضرت نے اس روزے کی اکثر مواظبت کی ہی
اور کبھی ترک نہین کیا ہو اور جسکی ہمیشگی فرمائی آنحضرت نے وہ سنت ہی اگر وہ ہمیشگی
[illegible] کے طریق کی ہو مو کدہ [illegible] اسکا گنہگار ہوگا اور اگر

بطور عادت کے نفلون کے قبیل سے ہوگا تارک اوسکا گنہگار نہوگا اور فضائل
اس روزے کے بہت ہین اور مشکوات شریف مین لکھا ہی روایت مسلم کے
ابی قتادہ سے بعد طویل حدیث ذکر کرنے کے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے وصیام یوم عاشورا احتسب علی اللہ ان یکفر السنۃ قبلہ یعنی
عاشورے کا روزہ امید لگی ہی خدا سے کہ کفارہ ہوگا ایک سال قبل کے
گناہون کا اور اسی مشکوۃ مین ہی وعنہ قال حین صام رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم یوم عاشورا وامر بصیامہ قالوا یا رسول اللہ انہ یوم
یعظمہ الیہود والنصاری فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لئن بقیت الی قابل لاصومن التاسع رواہ مسلم اور وہ مین ہے یعنی ابن عباس
رضی اللہ عنہما سے مروی ہی کہ کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جب روزہ
رکھا آنحضرتؐ نے عاشورا کا اور حکم کیا اوسکے روزہ رکھنے کا کہا لوگون نے
یعنی صحاب نے یا رسول اللہ یہ دن ہی کہ بزرگ سمجھتے ہین اسکو یہود اور نصارے
تو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر مین سال بھر زندہ رہا تو روزہ
رکھونگا نوین تاریخ کا بھی روایت کیا ہی اسکو مسلم نے اور یہی بھی روایت
سنن ابی داؤد مین بھی موجود ہی جاننا چاہیے کہ آنحضرتؐ کا ایسا اصرار اس

[illegible] ہوا آنحضرت کے اصحاب کے لیے بطریق عبادت کے اور
[illegible] سنت ہے کہ [illegible] رکھنا ایک برس کے گناہ کا [illegible] جیسا کہ حدیث بطریق
[illegible] کے معلوم ہوا اس پر آنحضرت کا [illegible] کسی جگہ ثابت نہیں ہے اور
[illegible] آنحضرت نے اختیار دینا بلفظ من شاء ان یصومه فلیصمه ومن
[illegible] ترکه فلیترکه وارد ہوا ہے یعنی جو چاہے اسدن روزہ رکھے اور جو چاہے
نہ رکھے اسکی فرضیت کے منسوخ ہونیکا بیان ہے نہ اس بات کا کہ روزہ عادی تھا اور
اور [illegible] روایت [illegible] ذکر کیگئی ہے سمجھا جاتا ہے کہ عاشورے کا روزہ [illegible]
یعنی دسوین محرم کا ایک روز قبل یعنی نوین محرم ملا کر رکھنا افضل ہے اور
اگر کسی نے نوین محرم کا روزہ نہین رکھا اور روزہ عاشورے کا رکھا تو
اسکو چاہیے کہ گیارہوین کا روزہ رکھے کیونکہ احمد بن حنبل اپنی مسند مین
ابن عباس سے روایت کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
صوموا یوم عاشوراء وخالفوا فیه الیهود وصوموا قبله یوما او بعده یوما
یعنی روزہ رکھو عاشورا کا اور یہود کی مخالفت کرو اور [illegible] رکھو قبل اسکے
ایک دن یا بعد اسکے ایک دن [illegible] جگہ او بمعنی مین او تردیدی کے ہے
[illegible] کے لیے اسواسطے علما نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ [illegible]

زیادہ کرنے سے مخالفت یہود کی حاصل ہو جاتی ہی اور کراہت جاتی رہتی ہی
اور بعض مشائخ نظر کرکے ظاہر حدیث پر تین روزوں کی فضیلت کے قائل ہو گئے
ہین نوین سے گیارھوین تک واللہ اعلم اور افضل ہی اگر رکھہ سکے کہ ایک
روزہ رکھے اور دوسرے روز افطار کرے سوا رمضان کے کہ اس
مہینہ بھر کے روزے رکھنا فرض ہین اور سوا پانچ دن کے جنکا روزہ رکھنا مکروہ ہے
ایک روزہ عید الفطر کا اور چار روزے دسوین ماہ ذی الحجہ سے تیرھوین
تک کہ یہ مکروہ الصوم ہین روزے رکھنا انمین مکروہ تحریمی ہی اسیطرح لقمہ اپنی
آخر عمر تک بسر کرے ایسا ہی سمجھا جاتا ہی حدیث کی کتابون سے واللہ اعلم
صدقہ اور التزام کرے اون صدقون کا جو احادیث مین وارد ہوئے ہین
اور صدقہ عبارت ہی مال کے خرچ کرنے سے خدا کی راہ مین پس چاہیے
کہ اولا صرف کرے اپنے مال کو اپنی عیال پر کہ نفقہ عورتون کا شوہرون پر
واجب ہی قال اللہ تعالی الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ
بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَبِمَا اَنْفَقُوا مرد اپنی عورتون پر حاکم ہین اسوجہ سے کہ اللہ نے
بزرگی دی ہی بعضون کو انکے بعضون پر اور اس وجہ سے کہ اونہون نے
خرچ کیا ہی اپنے مال کو یعنی جبکہ واجب کیا اللہ نے مردون پر نفقہ عورتونکا

[illegible]

صدقہ

فصل اپنا مال اول اپنی عیال پر خرچ کرے

معروف کے لفظ کے ساتھہ کہ لغت مین معنی اوسکے پہچانے ہوے کے ہین
اور حضرت نے معنی اسکے شارع کیطرف سے مقرر کیے ہوے کے مراد
لیے ہین اور عہد کے لام کو اوسپر داخل کیا ہی اسواسطے کہ اوسکی صفتون سے
ہی کہ موصوف کے بدون متحقق نہین ہوتا ہی پس امر اوسکا موصوف ہوگا
اور وہ منحصر ہی قدر ضرورت مین اسلیے کہ باب نفقہ متعلق مصلحت عباد کے ہی
اگر محصور ضرورت پر نہو تو تکلیف اوس چیز کی جسکی طاقت نہین ہی لازم آئیگی
اور دقت مردون کو لاحق ہوگی اسلیے کہ عورتین حریص زیادہ ہوتی ہین بیجا مال
صرف کرنے پر اور مال کے رکھہ چھوڑنے پر اور خدا ہی تعالی نفی کرتا ہی تکلیف
مالا یطاق کی اپنے قول لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا سے یعنی اللہ تکلیف نہین دیتا
ہی کسی نفس کو مگر جتنی اوسکو طاقت ہو اور دقت کے نفی کی ہی اپنے قول
وما جعل علیکم فی الدین من حرج سے یعنی نہین دیا اللہ نے تمکو دین کی بات مین حرج
اور خدا ہی تعالی عدل کرتا ہی ایک کو دوسری کی وجہ سے مخمصہ مین نہین ڈالتا
ہی بغیر ضرورت کے واللہ اعلم پھر اپنے ماں باپ کو نفقہ دے اگر محتاج ہون
اسوجہ سے کہ نفقہ محتاج ماں باپ کا اولاد پر واجب ہی جسکو آسودگی مال کی
حاصل ہی مشکوٰۃ مین اسی باب مین ہی عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ

ایضاً ابن ماجہ

ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان لی مالا وان والدی یحتاج الی
مالی قال انت ومالک لوالدک ان اولادکم من اطیب کسبکم فکلوا من
کسب اولادکم رواہ ابو داؤد وابن ماجہ روایت ہی عمرو بن شعیب سے
وہ روایت کرتے ہین اپنے باپ سے اور اونکے باپ اونکے دادے سے کہ تحقیق
ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اوسنے کہ میرے پاس
مال ہی اور میرے باپ کو احتیاج ہوتی ہی میرے مال کی تو فرمایا آپ نے کہ
تو اور تیرا مال تیرے باپ کے نفع کے لیے ہو اولادین تمہاری بہترین کمائی
ہین تمہاری کھاؤ اپنی اولاد کی کمائی سے روایت کیا ہی اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ
نے اس حدیث سے مفہوم ہوا کہ [illegible] مین سے
ہوا قطیبی کہ آنحضرت نے جواب مین اوس شخص کے کہ جسنے محتاجی بیان کی تھی
فرمایا کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کے نفع کے لیے ہی پھر اولاد کو کمائی مین شمار
کیا ہی بمعنی اسکے کہ صرف کرنا اپنی اولاد کے مال کا اپنے کمائی کے صرف
کرنے کے مثل ہی تو پہلا کلام حکایت ہی امر سے باپ پر مال صرف کرنیکی اور
امر مفید وجوب کو ہوتا ہی لیکن ماں کو نفقہ دینا بھی اولاد پر واجب ہی بشرط
انکی محتاجی کے اسواسطے کہ قرآن مین تقسیم ترکہ کی ماں باپ پر برابر واقع ہوئی

لکل واحد منہما السدس مما ترک ان کان لہ ولد واسطے ہر ایک کے انمین سے چھٹا حصہ ہی
اگر میت کی اولاد ہو اور میت کے لاولد ہونیکی صورت مین ایک تہائی
مان کے لیے قرار دی ہی اور باپ کا حصہ متعین نہین فرمایا عصبات مین
داخل فرمایا اور بھی تعظیم کے حکم مین مان باپ کی برابری ہی جیسا کہ فرمایا
لا تقل لہما اف و لا تنہرہما و قل لہما قولا کریما و اخفض لہما جناح الذل
من الرحمۃ و قل رب ارحمہما کما ربیانی صغیرا نہ کہو دونون کو یعنی باپ کو
کلمہ اف اور سخت نہ کہو اونکو اور کہو اونسے تعظیم کا کہنا یعنی مان اور باپ کے
سامنے کلمہ اف کہ عبارت ہی اظہار شکایت سے اور کلمہ طیش کا نہ للنا چاہیے
یعنی اونکی عظمت ایسے کلمہ کی بھی متحمل نہین ہی اور سخت کہنا بھی اونکو حرام ہی
اور سامنے اونکے کلام تعظیم اور تبجیل کا کہنا چاہیے اور جھکاؤ اونکے لیے
بازو یعنی مان باپ دونون کے لیے بازو خواری کے براہ رحمت (یعنے
اونکے سامنے ذلیل اور خوار رہے بجہت رحمت کرنے کے اونکے حال پر
اور کہو ای پروردگار رحم فرما ان دونون کے حال پر جیسا کہ پرورش کیا
اونھون نے مجکو بچپنے مین اس جگہ سے سمجھا جاتا ہی کہ انکی تعظیم کی اور
اونکے اوپر ترحم کی علت شکر اونکی تربیت کا ہی اور وہ دونون مین موجود ہی

بلکہ ماں مین زیادہ ہی اور ایسے ہی اون پر مال خرچ کرنیکی علت بھی شکر
تربیت کا ہی کہ آنحضرت صلعم کے قول ان اولادکم من اطیب کسبکم سے
مستفاد ہوتا ہی اسواسطے کہ تربیت بھی کسبی ہی اور کوئی دوسری شفقت [illegible]
تربیت کے اولاد کے لیئے اولاد پر معلوم نہین ہوتی ہی تو مال سکے خرچ کا [illegible]
بھی برابری ہوگی اور بھی اللہ تعالی فرماتا ہی وصاحبھما فی الدنیا معروفا
اور صحبت کرا ونکے ساتھہ معروف مین یعنی اونکے ساتھہ صحبت نیک کرنا چاہیئے
اور [illegible] معروف نے [illegible] اسواسطے کہ
[illegible] ماں باپ سختی و تنگی سے بسر کرین اور اولاد [illegible]
[illegible] اور بڑے سب اسکو معیوب جانتے ہین اور اس امر [illegible]
[illegible] اور ضمیر تثنیہ کی دلالت کرتی ہی مساوات پر واللہ اعلم پھر مال خرچ کرے
اپنے دوسرے قرابت والون پر بعد ماں باپ کے بعد اونکے یتیمون [illegible]
اغنیا ہین اور مسافرون پر کہ اقربا سے نہون قال اللہ تعالی لیس البر ان تولوا
[illegible]
الکتاب والنبیین وآتی المال علی حبہ ذوی القربی والیتمی والمساکین
وابن السبیل والسائلین وفی الرقاب نیکی نہین ہی [illegible]

مشرق اور مغرب کی طرف لیکن نیک وہ ہی جو ایمان لایا خدا پر اور آخرت
کے دن پر اور فرشتون پر اور نبیون پر اور دیا مال اپنا خدا کی محبت سے قرابت
والون کو اور یتیمون کو اور مسکینون کو اور مسافرون کو اور سائلون کو اور خرچ
کیا مال اپنا گلو خلاصی مین قرضدارون اور مکاتبون اور لونڈی غلامون کے
جاننا چاہیے کہ مسکین فقہ مین عبارت ہی اوس شخص سے کہ جو اپنے پاس بجز
اپنے ایک روز کے نفقہ کے کچھہ نہ رکھتا ہو لیکن اس جگہ مطلق محتاج مراد ہی
اور بھی جاننا چاہیے کہ خدا نے ذوی القربی یعنی قرابت والون کو مقدم کیا
پھر یتیمون کو پھر مسکینون کو پھر مسافرون کو پھر سائلون کو پھر خرچ کرنے کو
بندے آزاد کرانے مین اگرچہ عطف کا واو مقتضی ترتیب کو نہین ہی لیکن نظم
کی ترتیب لائق ہی کہ اشارہ عمل کی ترتیب کا ہو فافہم پھر جاننا چاہیے کہ
احسان و منت رکھنا جسکو صدقہ دیا ہی اوسپر اجر کو باطل کرنے والا ہی
جیسا کہ اللہ تعالی کے قول یا ایہا الذین امنوا لا تبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی
سے ثابت ہوتا ہی ای ایمان والو اپنے صدقون کو سائل پر احسان جتانے
سے اور اوسکو ایذا پہونچانے سے رائگان نکرو جیسا کہ قرآن شریف مین
آیا ہی واما السائل فلا تنہر لیکن سائل کو جھڑک مت دینا چاہیے کہ اگر کوئی سائل

سامنے لائے جو میسر ہو تواضع کرے اور اگر دے نہ سکتا ہو تو اوسکو اچھے
کلام سے جواب کرے جیسا کہ اللہ جل شانہ فرماتا ہے قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ
خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى یعنی بات نیک اور بہتر اور درگذر کرنا گناہ سے
بہتر ہے اوس صدقہ سے جسکے پیچھے ایذا اور رنج ہو اس سے معلوم ہوا کہ جو
سائل جس سے مانگتا ہو اگر اوسکے بارے مین گستاخی کرے تو وہ معاف کرے
اور تسکین اور دلاسے سے اوسکو روانہ کرے اور بھی صدقہ دینا مال فاسد
سے نہ کیا ہو بلکہ بہتر مال سے اپنے مال کے دینا چاہیے یہ ثابت ہوا ہے
اللہ تعالی کے اس ارشاد سے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ
مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَ
لَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ یعنی اے ایمان والو
تصدق کرو اپنی بہترین چیزون مین سے جنکو حاصل کرتے ہو اور اون
چیزون مین سے جنکو اگایا ہمنے زمین سے یعنی غلہ وغیرہ اور نہ قصد کرو
برا مال صرف کرنیکا یعنی خراب مال اور ضایع تصدق نہ کرنا چاہیے اور اوس مال کا جسکا
کوئی لینے والا نہین مگر وہ جو آنکھ بند کرلے اور اوسکا عیب دیکھتا ہو یعنی
ایسا ضایع مال نہ دو جسکو کوئی دوسرا تمکو اگر دے تو دیدہ و دانستہ قبول نہ کروگے

اور جان لو تم کہ خدا یتعالی بے نیاز اور خوشخصال ہی یعنی جسکو دیتا ہی قہر و
تندخوئی کا گرفتار نہین کرتا ہی بلکہ شکر کا امر فرماتا ہی وہ بھی اجر کا موجب ہی

واللہ اعلم مولانا روم فرماتے ہین	شعر	ہر چہ خواہی صرف کن در راہ او
لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوا		جسکو تم چاہتے ہو اوسکو خدا کی

راہ مین صرف کرو ہرگز نہ پہونچوگے بہترائی کو جبتک خرچ نہ کرو
وہ مال جسکو تم دوست رکھتے ہو اور تصدق کرنا ایام متبرکہ مین اور خوشی کے
وقت مین امر ماثور ہی اور فقرا کا معمول ہی اسلیے کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہوتا ہی
کہ آنحضرت صلعم آخر عشرہ رمضان کے اور وحی آنے کے وقت زیادہ سخی ہوتے تھے
اون اوقات کے اعتبار سے کہ جو سوائے ان دونون کے ہین اور شیوخ
طریقت کی عادت ہی کہ کوئی چیز جمعہ کے دن اور عیدون مین تصدق کرتے
ہین اور بھی جاننا چاہیئے کہ اگر کوئی مہمان آوے تو اوسکو غنیمت جانے اور
اوسکی تعظیم کرے کہ حدیث مین آیا ہی اکرموا الضیف بزرگداشت کرو
مہمانکی اور شیخ فریدالدین عطار قدس سرہ فرماتے ہین اشعار

ای برادر میہمان را نیکدار	ہست مہمان از عطای کردگار
میہمان روزی بخود می آورد	پس گناہ میزبان را می برد

هر کرا جبار داند تو منفس	باز دارد مهمان از کشش
ای برادر دار مهمان را عزیز	تا بیابی عزت از رحمان تو نیز
مومنی کو داشت مهمان را نکو	حق کشاید باب هشت جنت بر او

ای بھائی مہمان کو اچھی طرح سے رکھہ مہمان خدا کی عطا ہو مہمان [illegible]
آتا ہو گناہ مہمان دار کے دور کرتا ہو جسکو خدا دشمن رکھتا ہو اوسکے
گھر سے مہمان کو پھیر دیتا ہو ای بھائی مہمان کو عزیز رکھہ تاکہ تو بھی اوسکی
درگاہ سے عزت پائے جو کوئی مومن مہمان کو اچھی طرح سے رکھتا ہو
حق تعالی اوسپر دروازے جنت کے کھول دیتا ہو وفیما وقع ورد
فی غیر ذلک من الافعال والاخلاق اور بھی التزام کرے جو کچھ وارد
ہوا ہو احادیث مین او ٹھنے بیٹھنے اور دوسرے افعال و اخلاق مین چنانچہ
وضو کے بعد کھڑے ہو کر پانی پینا مستحب ہو مشکوٰۃ مین لکھا ہو بروایت
ترمذی اور نسائی عن ابی حیۃ قال رایت علیا توضأ فغسل کفیہ حتی انقاھما
ثم مضمض ثلثا واستنشق ثلثا وغسل وجھہ ثلثا وذراعیہ ثلثا ومسح براسہ
مرۃ ثم غسل قدمیہ الی الکعبین ثم قام فاخذ فضل طھورہ فشربہ وھو قائم
ثم قال احببت ان اریکم کیف طھور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وضو کے بعد کھڑے ہو کر پانی پینا مستحب ہو

روایت ہی ابی حیہ سے کہ کہا اوتھون نے کہ دیکھا مین نے حضرت علی کرم اللہ
وجہہ کو کہ وضو کرتے تھے تو دھوئے اپنے ہاتھون کو یہانتک کہ پاک و
صاف کیا دونون کو پھر کلی کی تین بار پھر ناک مین پانی ڈالا تین بار اور دھویا
منہ کو تین بار اور دونون ہاتھون کو تین بار اور مسح کیا سر کا ایک بار پھر
گٹون تک پیر دھوئے پھر کھڑے ہوے اور بچا ہوا وضو کا پانی لیا اور پیا
اوسکو کھڑے کھڑے پھر فرمایا پسند کرتا ہون مین کہ دکھاؤن مین کسطرح سے
طہارت تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو معلوم ہوا کہ بعد وضو کے
کھڑے ہونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات سے تھا اور بچا ہوا
وضو کا پانی پینا مستحب ہی اور بھی سجدہ تلاوت کے کرنے کے لیے
کھڑا ہو کر مستحب ہی سجدہ تلاوت مین کھڑے ہو کر سجدے مین جانا جیسا
کہ کشف مین مضمرات سے نقل کیا ہی انہ یستحب القیام قبل السجود و بعدہ
یعنی مستحب ہی کھڑا ہونا قبل سجدہ تلاوت کے اور سجدے کے بعد اور بزازیہ مین
شمنی کے لفظ لاحقے ہین یعنی مسنون ہی تو معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی عادات سے تھا کہ آداب سجدہ مین قیام فرماتے اور بھی التزام
کرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آداب نشست مین پس اکثر نشست

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دو زانو نماز کے طور سے ہوتی تھی جیسا کہ شیخ
عبدالحق دہلوی مدارج النبوۃ مین ذکر کرتے ہین اور بھی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم دو زانو اسطرح پر بیٹھتے کہ بائین پانون کو داہنے زانو کے نیچے لاتے
اور سرین پر بیٹھتے جیسا کہ بعض سیر اور سلوک کی کتابون مین دیکھا ہی لیکن
کتب صحاح ستہ مین صراحت ان دونون طرزون سے دو زانو بیٹھنے کی
نظر نہین آئی لیکن عین العلم مین مرقوم ہی کہ اجتناب کرے دونون قدم اور
گھٹنون پر بیٹھنے سے مراد شاید اوسکی یہی دو طرز دو زانو کے ہین اسواسطے
کہ احتبا اور قرفصا کی نشست صحاح کی احادیث سے ثبوت کو پہونچی ہی
چنانچہ اوسکا بیان نزدیک ہی آتا ہی لیکن نشست (یعنی دو زانو) آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم سے حصن حصین مین نماز کے بعد بعض دعاؤن کے پڑھنے
کے وقت مفہوم ہوتی ہی وکان صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی وفرغ من صلوتہ
مسح بیمینہ علی راسہ وقال بسم اللہ الذی لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم اللھم
اذھب عنی الھم والحزن طس ی و دبر صلوۃ الصبح وھو ثان رجلیہ طس
طس ی قبل ان یتکلم ت س یعنی رسول اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھ چکتے
تھے اور فراغت پاتے تھے اپنی نماز پڑھکر تو داہنے ہاتھ سے اپنے سر پر

مسح کرتے اور فرماتے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ
اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحُزْنَ روایت کیا ہی اسکو احمد بزاز نے اپنی
مسند مین اور طبرانی نے معجم اوسط مین اور ابن سُنی نے عمل الیوم واللیلہ مین) اور بھی اسکو بعد نماز صبح کے
بیٹھتے تھے دو زانو بیٹھکر روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور طبرانی نے معجم اوسط مین اور ابن
سُنی نے قبل کلام کے (روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے) اسجگہ لفظ ثان رجلیہ کی آئی ہی
اور ثنا رجل عبارت ہی دو زانو بیٹھنے سے اور بھی اکثر نسخ عین العلم مین دیکھا گیا ہو
یحتبی علی قدمیہ و رکبتیہ یعنی احتبا کرتے تھے اپنے دونون قدمون پر اور اپنے
دونون زانودن پر شاید لفظ یحتبب ہو اوسکا ترجمہ گذر چکا ہی لکھنے والے کی غلطی ہو واللہ اعلم
بالصواب اور بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دونون پنڈلیون کو کھڑا کرتے
تھے اور داہنا ہاتھ داہنی جانب لاتے اور بائین ہاتھ کی کہنی اوس سے
پکڑتے تھے شمائل ترمذی مین ہی عن ربیح بن عبد الرحمن بن ابی سعید عن ابیہ عن
جدہ قال کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اذا جلس فی المسجد احتبی بیدیہ
روایت ہی ربیح فرزند عبد الرحمن سے جو فرزند ہین ابی سعید کے وہ اپنے
باپ سے اور وہ اونکے دادا سے کہا اونھون نے یعنی ابو سعید نے
تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد مین بیٹھے تھے احتبا کرتے

دونون اپنے ہاتھون سے احتباء بہت ہو دونون زانوون کو درمیان
دونون کہنی کے پکڑے رہنا اس جگہ سے معلوم ہوا کہ مشائخ تصوف نے
اکثر نشست احتبا کی اختیار کی ہی اسوجہ سے کہ اتباع سنت کی دونون
وجہون سے حاصل ہوتی ہی ایک تو یہ نشست مخصوص آنحضرت صلعم کے
عمل مین آئی ہی اور دوسرے کار تفکر سہولت سے ہاتھ آتا ہی وہ بھی سنت ہی
کہ اخلاق کے ذکر مین آیگا انشاء اللہ اور بھی اسی کتاب مین ہی عن قیلة
بنت مخرمة انہا رأت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد وھو قاعد
القرفصاء قالت فلما رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المتخشع فی
الجلسة ارعدت من الفرق روایت ہی قیلہ دختر مخرمہ سے کہ
اونھون نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد مین اوس حال مین
کہ بیٹھتے تھے بیٹھوائی قرفصا اور اوسکی تفسیر اہل حدیث نے کی ہی اوسے
بیٹھک احتبا سے کہ مذکور ہوئی اور بھی صاحب قاموس باوجود اس تفسیر
کے دوسری تفسیر بھی لائے ہین اور وہ یہ ہی کہ یہ دونون پنڈلیون کو درا
کرے زمین پر اور دونون پاؤن پر بیٹھے اور اپنے دونون ہاتھون سے
زمین پر ٹھیک لگائے اور بعضون نے کہا ہی کہ ٹیک دے دونون

کھنی اپنی دونون پنڈلیون پر لیکن شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اول تفسیر پر
اکتفا کی دوسری تفسیر کو ترک کر دیا ہی اور اکثر قرفصا ہی آنحضرتؐ کی اول تفسیر
کیگئی ہی عین العلم مین لکھا ہی وکان اکثر جلوسه علیه السلام ان ینصب الساقین
ویجعل الیدین علیہما اکثر بیٹھک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس طرح پر
تھی کہ دونون پنڈلیون کو کھڑا کرتے اور ہاتھون کو اونپر رکھتے اور کبھی نشست
آنحضرت کی تربع یعنی چارزانو کی تھی ابوداؤد نے اپنی سنن مین اپنے
اسناد سے ذکر کیا ہی عن جابر بن سمرة قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا
صلی الفجر تربع فی مجلسه حتی تطلع الشمس حسناء جابر بن سمرہ
رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہا اونھون نے تھے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم جب نماز فجر کی ادا کر چکتے چارزانو بیٹھتے اپنی نشست مین یہانتک
کہ نکل آتا بخوبی آفتاب کہ زردی باقی نہ رہتی اور صاف ہو جاتا چاہیے
کہ آفتاب نکل آنے کے بعد دوگانہ ادا کرے جیسا کہ پہلے گذرا اور التزام
کرے سواے ان امور کے دوسرے کامون کا جو حدیث سے ثابت
ہوے جیسے اوراد احادیث کے اوسکے یاد کرنے کے لیے حصن حصین کو
دیکھنا چاہیے لیکن حصر اوسپر نہین بلکہ بعض اوراد دوسری کتابون مین لکھے پاجاتے ہین

اوراوراد کے باب مین ضعیف حدیثون کو بھی ترک نہ کرنا چاہیے اس لیے کہ
فضائل اعمال مین ضعیف حدیثین بھی مقبول ہین لیکن موضوعات سے بچتا
ہے چونکہ یہ مختصر احاطہ اوراد کی وسعت نہین رکھتا ہو بلکہ او مین کتابین
ورد بعد نماز
مدون کیے گئے ہین اختصار اون اوراد پر جو فقیر کے عادی ہین کیا گیا کہ بعد
ہر نماز فرض کے سُبحانَ اللهِ تینتیس بار الحمدُ لِلّٰہِ تینتیس ۳۳ بار اللهُ اَکبَر
چونتیس بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللهُ وَحدَہٗ لَا شَرِیکَ لَہٗ لَہُ المُلکُ وَلَہُ الحَمدُ وَھُوَ
عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ دس بار اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعطَیتَ وَلَا مُعطِیَ لِمَا
مَنَعتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَیتَ وَلَا یَنفَعُ ذَا الجَدِّ مِنکَ الجَدُّ ایک بار اَللّٰھُمَّ اَنتَ
السَّلَامُ وَمِنکَ السَّلَامُ تَبَارَکتَ یَا ذَا الجَلَالِ وَالاِکرَامِ ایک بار اور اپنے اُستاد
استاذ الفقہا قدوۃ المحققین فقیہ البحر والبر مفتی مولوی محمد اصغر قدس اللہ
سرہ العزیز سے سننے مین آیا ہو کہ تمامی اس دعا کی اس طرح پڑھی
اَللّٰھُمَّ اَنتَ السَّلَامُ وَمِنکَ السَّلَامُ وَاِلَیکَ یَرجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ
وَاَدخِلنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیتَ یَا ذَا الجَلَالِ وَالاِکرَامِ
اور آیۃ الکرسی فیہا خالدون تک ایک بار اور قل ھو اللہ احد تین بار اور
ایک روایت مین ہو سات بار اور ایک روایت مین ہی سو بار اور مین نے

اپنے شیخ قدوۃ العارفین زبدۃ السالکین شیخ المشائخ پیر دستگیر جناب
فانی فی اللہ باقی باللہ مرشد دوجہان محقق رموز باری مدقق کنوز لاابالی
حضرت مولانا مولوی محمد عبدالوالی سلمہ اللہ تعالی وافاض اللہ علینا من
برکاتہ اور اپنے اوستاد کو یعنی فقیہ مولوی محمد اصغر مغفور کو دیکھا ہی کہ بعد
ہر نماز کے سات بار لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ
عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ پڑھتے تھے اور صبح و شام اوراد ماثورہ کہ
حصن حصین مین مذکور ہین پڑھنا چاہیئے اور اگر التزام ورد حصن حصین کا
کرے بہت نفع دیتا ہی اور بھی صبح کے وقت نماز صبح کے بعد التزام اوراد
فتحیہ کا بھی نفع عظیم رکھتا ہی اور اوراد ماثورہ سے بھی ہی اور التزام
دلائل الخیرات کا بھی احسن اور احب ہی کہ جامع درود کا ہی اور فقیر کا معمول
ہی کہ نماز صبح کے بعد اول هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ

الرَّحِيْمُ	الْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ	السَّلَامُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ
الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	الْغَفَّارُ	الْقَهَّارُ
الْوَهَّابُ	الرَّزَّاقُ	الْفَتَّاحُ	الْعَلِيْمُ	الْقَابِضُ	الْبَاسِطُ	الْخَافِضُ

اوراد صبح و شام

اوراد صبح

الرَّافِعُ	الْمُعِزُّ	الْمُذِلُّ	السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	الْحَكَمُ	الْعَدْلُ
اللَّطِيْفُ	الْخَبِيْرُ	الْحَلِيْمُ	الْعَظِيْمُ	الْغَفُوْرُ	الشَّكُوْرُ	الْعَلِيُّ
الْكَبِيْرُ	الْحَفِيْظُ	الْمُقِيْتُ	الْحَسِيْبُ	الْجَلِيْلُ	الْكَرِيْمُ	الرَّقِيْبُ
الْمُجِيْبُ	الْوَاسِعُ	الْحَكِيْمُ	الْوَدُوْدُ	الْمَجِيْدُ	الْبَاعِثُ	الشَّهِيْدُ
الْحَقُّ	الْوَكِيْلُ	الْقَوِيُّ	الْمَتِيْنُ	الْوَلِيُّ	الْحَمِيْدُ	الْمُحْصِيْ
الْمُبْدِئُ	الْمُعِيْدُ	الْمُحْيِيْ	الْمُمِيْتُ	الْحَيُّ	الْقَيُّوْمُ	الْوَاجِدُ
الْمَاجِدُ	الْوَاحِدُ	الْاَحَدُ	الصَّمَدُ	الْقَادِرُ	الْمُقْتَدِرُ	الْمُقَدِّمُ
الْمُؤَخِّرُ	الْاَوَّلُ	الْاٰخِرُ	الظَّاهِرُ	الْبَاطِنُ	الْوَالِيْ	الْمُتَعَالِيْ
الْبَرُّ	التَّوَّابُ	الْمُنْعِمُ	الْمُنْتَقِمُ	الْعَفُوُّ	الرَّءُوْفُ	مَالِكُ
الْمُلْكِ	ذُو الْجَلَالِ	وَالْاِكْرَامِ	الرَّبُّ	الْمُقْسِطُ	الْجَامِعُ	الْغَنِيُّ
الْمُغْنِيْ	الْمُعْطِيْ	الْمَانِعُ	الضَّارُّ	النَّافِعُ	النُّوْرُ	الْهَادِيْ
الْبَدِيْعُ	الْبَاقِيْ	الْوَارِثُ	الرَّشِيْدُ	الصَّبُوْرُ		

الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ایک بار لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ
اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ
تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

سات بار بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیٔ فی الارض ولا فی السماء وھو
السمیع العلیم تین بار اعوذ بکلمات اللہ التامات کلھا من شر ما
خلق تین بار اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم تین بار
ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمن الرحیم
ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو الملک القدوس السلام المؤمن المھیمن
العزیز الجبار المتکبر سبحان اللہ عما یشرکون ھو اللہ الخالق البارئ
المصور لہ الاسماء الحسنیٰ یسبح لہ ما فی السموات والارض وھو العزیز
الحکیم سورۂ اخلاص تین بار سورۂ فلق تین بار سورۂ ناس تین بار
فسبحان اللہ حین تمسون وحین تصبحون ولہ الحمد فی السموات
والارض وعشیا وحین تظھرون یخرج الحی من المیت ویخرج
المیت من الحی ویحیی الارض بعد موتھا وکذالک تخرجون آیۃ الکرسی
حٰم تنزیل الکتاب من اللہ العزیز العلیم غافر الذنب وقابل التوب
شدید العقاب ذی الطول لا الہ الا ھو الیہ المصیر تین بار اصبحنا
واصبح الملک للہ والحمد للہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ
الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیٔ قدیر اسألک خیر ما فی ھذا الیوم

وَخَيْرِ مَا بَعْدَهُ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَ شَرِّ مَا بَعْدَهُ رَبِّ
اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ
فِي الْقَبْرِ وَ عَذَابٍ فِي النَّارِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَ الْهَرَمِ
وَسُوْءِ الْكِبَرِ وَ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَ عَذَابِ الْقَبْرِ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهُ وَ نَصْرَهُ
وَ نُوْرَهُ وَ بَرَكَتَهُ وَ هُدَاهُ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ
اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَ بِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَ اِلَيْكَ
النُّشُوْرُ اَصْبَحْنَا وَ اَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا شَرِيْكَ لَهُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ
عَالِمَ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّ مَلِيْكَهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَ شِرْكِهِ وَ
اَنْ نَّقْتَرِفَ عَلٰٓى اَنْفُسِنَا سُوْٓءً اَوْ نَجُرَّهُ اِلٰى مُسْلِمٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَ اُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَ مَلٰٓئِكَتَكَ وَ
جَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَ اُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ

وَجَمِيعِ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ
مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ چار بار اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ
وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِيْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ
مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ
وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ
لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ
رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا
وَّرَسُوْلًا تین بار اَللّٰهُمَّ مَآ اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ
فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ
اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ تین بار اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ تین بار
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاْ

لم يكن اعلم ان الله على كل شيء قدير و ان الله قد احاط بكل شيء

علما اصبحنا على فطرة الاسلام و كلمة الاخلاص و على دين

نبينا محمد صلى الله عليه وسلم و على ملة ابينا ابراهيم حنيفا

مسلما و ما كان من المشركين يا حي يا قيوم برحمتك استغيث

اصلح لي شاني كله و لا تكلني الى نفسي طرفة عين اللهم انت ربي

لا اله الا انت خلقتني و انا عبدك و انا على عهدك و وعدك

ما استطعت و اعوذ بك من شر ما صنعت ابوء لك بنعمتك

علي و ابوء بذنبي فاغفرلي فانه لا يغفر الذنوب الا انت آمين يا رب

اللهم انت احق من ذكر و احق من عبد و انصر من ابتغى و ارءف

من ملك و اجود من سئل و اوسع من اعطى انت الملك لا شريك

لك و الفرد لا ند لك كل شيء هالك الا وجهك لن تطاع الا باذنك

و لن تعصى الا بعلمك تطاع فتشكر و تعصى فتغفر اقرب شهيد

و ادنى حفيظ حلت دون النفوس و اخذت بالنواصي و كتبت

الآثار و نسخت الآجال القلوب لك مفضية و السر عندك

علانية الحلال ما احللت و الحرام ما حرمت و الدين ما شرعت

وَالْاَمْرُ مَاقَضَیْتَ وَالْخَلْقُ خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ وَاَنْتَ اللّٰهُ

الرَّءُوْفُ الرَّحِیْمُ اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ لَهُ

السَّمٰوٰاتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ

اَنْ تُقْبِلَنِیْ فِیْ هٰذِهِ الْغَدَاةِ وَفِیْ هٰذِهِ الْعَشِیَّةِ وَاَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنَ النَّارِ

بِقُدْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ

وَالْجُنُوْنِ وَمِنْ سَیِّئِ الْاَسْقَامِ تین بار حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ سات بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

قَدِیْرٌ سو بار سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ سو بار سُبْحَانَ اللّٰهِ

سو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سو بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سو بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ

سو بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ بِعَدَدِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ

سو بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَآءَ نَفْسِهٖ وَ

زِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ تین بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَسَلِّمْ وس بار اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ
وَقَهْرِ الرِّجَالِ تین بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَسْاَلُكَ صِحَّةً فِيْ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاةً يَّتْبَعُهَا
فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ستائیس بار اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ
لِلّٰهِ وَالْكِبْرِيَاءُ وَالْعَظَمَةُ وَالْخَلْقُ وَالْاَمْرُ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ
وَمَا يَضْحٰى فِيْهِمَا لِلّٰهِ وَحْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا
وَّاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْاَلُكَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَخَيْرَ الْاٰخِرَةِ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ
فِيْ يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَاِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ مِنْ
حَلْفٍ اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَذْرٍ فَمَشِيَّتُكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ مَا شِئْتَ
كَانَ وَمَا لَمْ تَشَاْ لَا يَكُوْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اِنَّكَ عَلٰى

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ صَلٰوةٍ فَعَلٰى مَنْ صَلَّيْتُ
وَمَا لَعَنْتُ مِنْ لَعْنٍ فَعَلٰى مَنْ لَعَنْتَ اَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الرِّضَا
بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ
وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ فِيْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ وَّاَعُوْذُ
بِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِيَ اَوْ يُعْتَدٰى عَلَيَّ اَوْ اَكْسِبَ
خَطِيْئَةً مُّحْبِطَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَاِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ
فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا اَنِّيْ
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ
وَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَشْهَدُ اَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ
وَلِقَاءَكَ حَقٌّ وَّالسَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّكَ تَبْعَثُ
مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَاَنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تَكِلْنِيْ اِلٰى ضَعْفٍ
وَّعَوْرَةٍ وَّذَنْبٍ وَّخَطِيْئَةٍ وَّاِنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ
فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَتُبْ عَلَيَّ

إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ بعد اسکے اوراد فتحیہ دعا رقابہ کے
ساتھ بعد اوسکے شجرہ طیبہ اپنا اور مناجات صدیقیہ اور دو مناجات علویہ
اور جب آفتاب صاف ہو جائے پڑھے الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا
وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوبِنَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي وَهَبَنَا هٰذَا الْيَوْمَ وَ
أَقَالَنَا فِيهِ عَثَرَاتِنَا وَلَمْ يُعَذِّبْنَا بِالنَّارِ پھر اشراق کی نماز چار رکعت
دو سلام سے بعد اوسکے نماز ضحی آٹھ رکعت دو سلام سے پڑھکر ایک
منزل قرآن مجید بحساب فمی بشوق شروع جمعہ ختم پنجشنبہ کرو یعنی باین طور کہ فاتحہ سے
مائدہ تک وہان سے یونس تک وہانسے بنی اسرائیل تک وہانسے شعرا تک وہانسے والصافات
تک وہانسے قاف تک وہانسے آخر تک اور کبھی ختم عثمانی وہ بھی ہفتہ مین ہوتا ہی اور ختم مقصد
حاصل ہونے کے لیے بہت نافع ہی بعد اسکے ایک منزل دلائل الخیرات کی بعد اسکے ایک
منزل حصن حصین کی پھر دعائے سریانی پھر قصیدہ بردہ پھر درود کبریت احمر اور دوسری دعائین
کہ جنکو فقیر نے اپنے طرز پر احادیث سے استخراج کیا ہی اور جامع اوراد نام رکھا ہی فقط
مترجم کہتا ہی جامع الاوراد آخر مین اس رسالے کے مین نے ملحق کردیا ہی اور شب مین
سورۂ ملک اور سورۂ الم سجدہ اور دوسری سورتین کہ احادیث صحیحہ سے
پڑھنا جنکا ماثور ہی پڑھے اور بھی مستحب ہی کہ آخر رکوع سورۂ آل عمران

ختم قرآن مقصد اہم کے واسطے بہت نافع ہے

۵ اختیار کرے التزام نماز تہجد کا

ان فی خلق السموات سے آخر سورہ تک التزام کرے جسوقت نماز تہجد کے لیے سوتے سے اوٹھے جیساکہ شمائل ترمذی مین ہی اور سنن ابی داؤد مین ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہی جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کے لیے اوٹھتے اپنی آنکھون کو ملتے اور آخر سورہ آل عمران ان فی خلق السموات سے پڑہتے تھے آپ بھی اختیار کرے التزام اخلاق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جتنی قدرت اپنے مین ہو اسلیے کہ احاطہ تمام اخلاق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قدرت بشریہ سے ہماری خارج ہی کہ اللہ جل شانہ اپنے قول انك لعلی خلق عظیم سے عظمت اوسکی بیان فرماتا ہی اور بعض اخلاق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رسالۂ تنشیط العشاق فی احوال النبی المشتاق مین مین نے ذکر کیے ہین جو تفصیل چاہتا ہو اوسکو چاہیے کہ اوس رسالے کو دیکھے و ایضا

یلتزم الجماعۃ فیما وردت فیہ لتاکدھا اور بھی التزام کرے جماعت کا اون نمازون مین جنمین جماعت کا مؤکد ہونا ثابت ہی یعنی التزام کرنا جماعت کا اون نمازون مین جنکا ادا کرنا جماعت کے ساتھ ثبوت کو پہونچا ہو ضروری ہی ہرگز ہرگز اوس سے غفلت نکرے سواسطے کہ تاکید جماعت کی بہت حدیثون سے ثابت ہی اور وہ نمازین جنمین جماعت

ماثور ہی پانچون وقت کی فرض نمازین اور جمعہ اور نماز دونون عیدکی اور نماز
سورج گہن کی اور تراویح کی نماز اور وتر جو بعد تراویح کے پڑھی جاوے
لیکن وتر بدون رمضان کے تنہا ادا کرنا چاہیے اور جماعت اوسمین
مکروہ ہی اور ایسے ہی نوافل سواے ان نمازون کے جنکو رہ گئے
جماعت اونمین مکروہ ہی بالاتفاق اور تفصیل اوسکی رسالہ منہاج الرضوان
فی قیام رمضان مین مین نے لکھی ہی لیکن نماز تہجد اگر جماعت کم چار آدمی سے
ادا کی جاوے تو کوئی قباحت نہین [illegible] ہو اسلیے کہ [illegible] بعد
سنن ابوداؤد وغیرہ مین ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہی کہ انہون نے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کی نماز تہجد مین تو معلوم ہوا کہ جماعت
بدون تداعی کے کوئی حرج نہین رکہتی ہی بلکہ تداعی کہ عبارت ہی کثرت
مقتدیون سے چار شخصون تک ہے اور کم اس سے جائز ہی [illegible] مختار
مین ہی ولا یصلی الوتر ولا التطوع بجماعۃ خارج رمضان ای یکرہ ذلک لو علی
سبیل التداعی بان یقتدی اربعۃ لواحد کما فی الدرر اور
نہ نماز پڑھی جاوے جماعت کے ساتھ مگر وتر اور نہ کوئی نفل رمضان کے
باہر یعنی مکروہ ہی یہ اگر ہو علی سبیل التداعی یا بایں طور کہ اقتدا کرین چار

مقدار ختم قرآن

ایک شخص کی جیسا کہ در مین ہی ویلتزم مداومۃ القران بان یختم فی
شہر او فی عشرۃ او فی اسبوع او فی ثلثۃ ایام اور التزام کرے
ہمیشہ قرآن پڑھنے کا باین طور کہ ختم کرے قرآن ہر مہینے مین یا ہر عشرہ مین
تو ہر مہینے مین تین ختم پڑھیگا یا ہر ہفتہ مین (تو ہر ماہ مین چار ختم اور کچھ زیادہ
ہونگے یا ہر تین روز مین (تو ہر ماہ مین دس ختم ہونگے) ولا یزید علی ذلک
الا فی رمضان اور اسپر زیادہ نہ کرے سوائے رمضان کے یعنی جلد ختم کرنا
تین روز سے کم مین جائز نہین ہی بجز رمضان کے ایسا ہی خزانۃ المفتیین
مین ہی لیکن افضل یہ ہی کہ ختم کرنے مین جلدی نکرے سوائے رمضان کے
ایک ہفتہ سے کہ حدیث مین ممانعت اسکی میری نظر سے گذری ہی مشکوۃ
مین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے باب صیام تطوع مین تمامی
حدیث صیام مین مروی ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
واقرأ القران فی کل شہر قلت انی اطیق اکثر من ذلک قال صم افضل الصوم
صوم داود علیہ الصلوۃ والسلام صیام یوم وافطار یوم واقرأ فی کل
سبع لیال مرۃ ولا تزد علی ذلک پڑھ قرآن کو ہر مہینے مین یعنی ایک ختم
کہا (یہ مقولہ عبد اللہ کا ہی) کہ مین تحقیق زیادہ طاقت رکھتا ہون کہا

آنحضرت نے روزہ رکھا افضل روزہ کہ صوم داؤد علیہ السلام ہی اور درود سلام
ہوا ونپر اور درود بھیجنا غیر پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بدون ملانے
نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مخصوص حضرت کے ساتھ ہو ویگا مشہور کر
نہ چاہیئے جیسا کہ اوپر گذرا اور یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
درود بھیجا حضرت داؤد علیہ السلام پر مخصوص آنحضرت کے ساتھ ہی
وہ روزہ ایک روز کا ہی اور افطار دوسرے روز کا لیکن یہ تفسیر صوم
داؤد کی ہی اور بہر ہفتہ مین ایک ختم پڑہنا اور اسپر زیادہ کلا یہ نہی تحریمی نہین
بلکہ بیان فضلیت کا ہی اسلیے کہ بیان فضل کا متعلق ایجاب کے ساتھ
نہین ہوسکتا ہی لیکن تین روز سے کم مین ختم کرنا مکروہ ہی مشکوۃ مین ہی
باب آداب تلاوت مین عن عبد اللہ بن عمرو ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم قال لم یفقہ من قرأ القرآن فی اقل من ثلث رواہ الترمذی
وابوداؤد والدارمی عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ تحقیق رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم دین کا اور دانائی وہ شخص نہین پاتا ہی
جو قرآن کو تین روز سے کم مین پڑھتا ہی روایت کیا ہی اسکو ترمذی اور
ابوداؤد اور دارمی نے پھر طریق ختم ہفتہ کا کہہ دینا یک منزل امنا زل فمی

بشوق سے پڑھے مراد فا سے سورۂ فاتحہ اور میم سے مائدہ اور یا سے
یونس اور با سے بنی اسرائیل اور شین سے شعرا اور واو سے والصافات
اور قاف سے سورۂ قاف ہی اور افضل یہ ہی کہ شروع کرے جمعہ کے
روز اور ختم کرے پنجشنبہ کو جیسا کہ شاہ اہل اللہ برادر شاہ ولی اللہ
دہلوی نے اپنے رسالہ مسمی بہ چہار باب مین لکھا ہی اور عین العلم مین
مرقوم ہی والاحزاب المرویۃ سبعۃ ثلث سور ثم خمس ثم سبع ثم تسع ثم احدے
عشرۃ ثم ثلث عشرۃ ثم الباقی وکان عثمان یبتدئ لیلۃ الجمعۃ و یختم
المائدۃ ثم ھود ثم مریم ثم طس ثم ص ثم الرحمن ثم الباقی
یعنی جو منزلین کہ مروی ہین سات ہین تین سورتین پھر پانچ سورتین پھر سات
سورتین پھر نو سورتین پھر گیارہ سورتین پھر تیرہ سورتین پھر باقی اور امیر المومنین
عثمان رضی اللہ عنہ شروع کرتے تھے جمعہ کی شب مین اور تمام کرتے تھے
سورۂ مائدہ پھر سورۂ ہود پھر مریم پھر طس پھر صاد پھر رحمان پھر باقی اور طرز
ختم سہ روزہ کا منازل فیل ہی فا سے فاتحہ یا سے یونس لام سے لقمان مراد ہی
اور چونکہ رمضان مستثنی ہی تلاوت کے بارے مین دوسرے روزون سے
تو اگر چاہے ختم کرے رمضان مین

فان شاء ختم فیکل یوم ولیلۃ مرتین

ہر دن رات مین دو مرتبہ لانہ شہر جلد و تشہید اسلیے کہ یہ مہینہ مشقت
اور ریاضت کا ہی تو کثرت عبادت کی اسمین اولی ہو جیساکہ مشکوۃ مین ہی
عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان
اول لیلۃ من شہر رمضان صفدت الشیاطین ومردۃ الجن وغلقت
ابواب النیران فلم یفتح منہا باب و فتحت ابواب الجنۃ فلم یغلق منہا باب و
ینادی مناد یا باغی الخیر اقبل و یا باغی الشر اقصر وللہ عتقاء من النار
و ذلک کل لیلۃ رواہ الترمذی و ابن ماجۃ ورواہ احمد عن رجل
روایت ہی ابی ہریرہ سے کہا اونھون نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے جب پہلی شب رمضان کی ہوتی ہی یعنی غرۂ رمضان بند اور قید
ہوجاتے ہین شیطان اور بدا ور مفسد جن اور بند ہوجاتے ہین دروازے
دوزخ کے یہانتک کہ کوئی دروازہ نہین کھلتا ہی اونمین سے اور کھولے
جاتے ہین جنت کے دروازے یہانتک کہ بند نہین ہوتا کوئی دروازہ
اوسکا اور آواز دیتا ہی آواز دینے والا یعنی ہاتف غیبی ای نیکی ڈھونڈھنے
والے نیکی زیادہ کر یعنی نیکی دوسرے دنون سے اسمین زیادہ کرنا چاہیے
اور چونکہ اور دنون مین علاوہ رمضان کے تین دن تک ختم کرنیکی رخصت دی گئی ہی

اور اس ماہ مین ہم مامور ہین زیادہ نیکی کرنے کے اور تلاوت بھی نیک کام
مین سے ہی بلکہ کل ذکرون سے افضل ہی کہ بعض کتب حدیث مین نظر سے
گذرا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل الذکر تلاوۃ القرآن
بزرگ تر ذکرون کا تلاوت قرآن کی ہی تو زیادہ تلاوت کرنا اس ماہ مین
اولی ہوا اور ای بدی کرنے والے کم کر یعنی بدی اپنی اور غفلت بھی
برائیون مین ایک برائی ہی تو ذکر کرنا زیادہ چاہیے اور روایت کیا ہی
اس حدیث کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ہی احمد نے ایک مرد سے

جسکا نام نہین ذکر کیا صح عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ انہ کان یختم فی شھر

رمضان احدی وستین فی الیوم مرۃ وفی اللیل مرۃ وفی التراویح مرۃ

وھکذا عن الشافعی اور صحت کو پہونچا ہی ہمارے امام اعظم ابی حنیفہ کوفی سے رحم
کیے اللہ اونپر کہ تحقیق ختم کرتے تھے یعنی قرآن کو رمضان مین اکسٹھہ بار
دن مین ایک بار اور رات مین ایک بار تو یہ ساٹھہ ختم تمام ماہ مین ہوے
اور تراویح مین ایک بار یعنی پورے مہینے مین تو سب اکسٹھہ ختم ہوے
اور ایسا ہی روایت کیا ہی قاضی خان اور صاحب برہان وغیرہ نے
اور ایسا ہی مروی ہی امام شافعی رحمہ اللہ سے یعنی رمضان مین اکسٹھہ ختم پڑھتے

روایت کیا ہی اسکو شہاب الدین قسطلانی نے مواہب مین وایضا بالتزام

تکثیر الصلوة علی النبی والہ فان فیہا برکة اور بھی التزام کرے کثرت سے درود پڑھنے کا

درود کی فضیلت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل پر آنحضرت کے اسلیے کہ اسمین

برکت عظیم ہی کہ فضائل اوسکے حدیث مین بہت آئے ہین کہ یہ مختصر اوسکے

بیانکی وسعت نہین رکھتا ہی لیکن تھوڑا اوسمین سے تبرکا بیان کرتا ہون

تاکہ طالب خیر کو کفایت کرے سنن ابی داؤد مین مروی ہی عن ابی ہریرة

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من صلى علي واحدة صلى الله عليه عشرا

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا کہ جسنے درود بھیجا مجھپر ایک بار رحمت کرتا ہی خدا اوسپر دس بار

دلائل الخیرات مین مرقوم ہی کہ جو شخص درود بھیجے مجھپر دس بار رحمت کرتا ہی

اللہ اوسپر سو بار اور جو شخص درود بھیجتا ہی مجھپر سو بار رحمت کرتا ہی اللہ اوسپر

ہزار بار اور جو شخص درود بھیجتا ہی مجھپر ہزار بار حرام کرتا ہی اللہ اوسکے

بدن کو آگ پر دوزخ کے اور ثابت رکھتا ہی اوسکو اللہ ثابت بات یعنی

کلمۂ توحید لا الہ الا اللہ پر دنیا کی زندگی مین اور آخرت مین نزدیک سوال

منکر نکیر کے اور اوسکو داخل کرتا ہی جنت مین اور ہو جائیگا درود اوسکے لیے

نور قیامت کے روز پل صراط پر اوس مسافت تک کہ پانچ سو برس مین
ختم ہوتی ہی اور دیتا ہی اللہ اوسکو عوض مین اوسکے ہر درود کے جو اوسنے
مجھپر بھیجا ہی ایک محل جنت مین کم درود ہو یا زیادہ اور بھی ابوداؤد
مین ہی عن ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلے الله علیه وسلم قال
من سره ان یکتال بالمکیال الاوفی اذا صلی علینا اهل البیت فلیقل
اللهم صل علی محمد النبی الامی وازواجه امهات المؤمنین وذریته
واهل بیته کما بارکت علی ال ابراهیم انك حمید مجید ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت
ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جس شخص کو پسند آئے کہ تل جاے
اوس پیمانے مین جو زیادہ پورا ہی یعنی کامل کہ کم نہین ہوتا ہی جب درود
بھیجے مجھپر اور ہمارے گھر والون پر چاہیے کہ کہے اللهم صل علی محمد
النبي الامي وازواجه امهات المؤمنین وذریته واهل بیته کما بارکت
علی ال ابراهیم انك حمید مجید یعنی ای بارخدایا درود بھیج محمد پر جو نبی
ہین بن پڑھے ہین کسی مخلوق سے یعنی کسی مخلوق کی تعلیم نہین پائی ہی بلکہ خدا
کا دیا ہوا علم تھا بلا واسطہ مخلوق کے نہ یہ کہ معنی ہون بے علم کے اسلیئے
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم کامل اور بہت تھا جیسا کہ سعدی کہتے ہین

یتیمی کہ ناکردہ قرآن درست		کتب خانۂ چند ملت بشست

اوس یتیم نے کہ قرآن کو بغیر درست کیے کتب خانے کتنے مذہبون کے دھوئے

اور اونکی بیبیون پر کہ مان ہین ایمان دارونکی (یعنی وہ کل ایماندارونکے
لیے مثل ماؤن کے ہین تعظیم اور تکریم مین) اور اونکی ذریت اور گھر والون پر
کہ وہ عبارت ہی اہل وعیال سے جیسا کہ برکت اور زیادتی بھیجی تو نے اولاد
ابراہیم پر تو ہی ستودہ یعنی لائق تعریف ہی اور سوائے تیرے کوئی نہین
اس جگہ سے سمجھا جاتا ہی کہ ثواب درود کا بدون ملائے اہل بیت کے
موجب کمال کو نہین تو درود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بدون ذکر
اہل بیت کے موجب قلت ثواب کو ہی اور مشکوۃ شریف مین لکھا ہی

عن عمر بن الخطاب قال ان الدعاء موقوف بین السماء والارض لا یصعد منه شیٔ
حتی تصلی علی نبیك رواه الترمذی حضرت عمر بن الخطاب (کہ خلیفۂ ثانی ہین)
رضی اللہ عنہ مروی ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دعا اٹکی
رہتی ہی آسمان اور زمین کے درمیان اوپر نہین چڑھتی کوئی چیز اوس مین سے
یہانتک کہ درود بھیجے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر روایت کیا ہی اسکو
ترمذی نے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ دعا بدون درود بھیجنے کے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درجہ قبولیت کو نہین پہونچتی تو مقصد حاصل

ہونا بدون اسکے غیر متصور ہی ویداوم مطالعۃ کتب التفسیر والحدیث

والفقہ والتصوف اور بھی چاہیے کہ ہمیشگی کرے کتب تفسیر کی مطالعہ پر

اور زیادہ صحیح تفسیرون مین بیضاوی اور مدارک اور جلالین اور معالم ہی

اور یہ اہل فن والون کے نزدیک درسیات مین ہی اور کتب حدیث کی

کتب حدیث کے چار طبقے ہین پہلا طبقہ وہ ہی جسمین احادیث ضعیف نہون اور

مشہور ہو درمیان علماے فقہ اور محدثین کے اور اوسپر عمل کیا جاتا

ہو اور فقہا کے نزدیک مستند ہون اور اگر اتفاقاً کوئی حدیث ضعیف

اوسمین مذکور ہو تو اوسکے احوال بھی اوسکے ساتھ ہون اور اوس

طبقے مین تین کتابین ہین پہلی اوسکی موطا امام مالک ہی پھر صحیح بخاری

اور صحیح مسلم طبقہ دوسرا وہ ہی کہ امور مذکورہ مین صحیحین کے درجے پر کہ جو

عبارت بخاری اور مسلم سے ہی نہ پہونچے لیکن صحیحین کے قریب ہو مثل

جامع ترمذی اور سنن ابی داؤد اور سنن نسائی اور ان چھون کو صحاح ستہ

کہتے ہین لیکن سنن ابن ماجہ وہ کم ہی ان چھ سے اور بعضون نے اسکو

صحاح ستہ مین گنا ہی اور موطا کو خارج کیا ہی اونسے اور افضل جانتے ہین

تیسرا طبقہ وہ ہی کہ تصانیف سے اون علما کے ہو جو صحیحین سے پہلے گذرے یا زمانے مین ہون انکے یا انکے ملنے والون مین ہون اور التزام صحت مثل اونکے نہ رکھتے ہون جیسے مُسنَدِ امام شافعی اور مُسنَدِ دارمی اور مُسنَدِ ابو یعلٰی موصلیؔ اور مصنَّف عبد الرزاق اور مُصَنَّف ابی بکر بن ابی شیبہ اور مُسنَد عبد اللہ بن حُمَید اور مُسنَد ابی داؤد طیالسیؔ اور یہ ابی داؤد صاحب سنن کے علاوہ ہین اور سُنَنِ دارقطنیؔ اور صحیح ابن حبان اور مُستَدرَکِ حاکم اور بیہقیؔ کی کتابین اور طحاویؔ کی کتابین اور تصنیفین طبرانیؒ کے اور ان کو تحقیق صحت وضعف کے بعد عمل مین لانا کوئی حرج نہین رکھتا ہی اور تینون مُسنَدین امام اعظم رح کی بھی صحاح مین سے ہین اور جاننا چاہیے کہ ضعیف حدیث بھی فضائل اعمال مین مقبول ہی لیکن غیر فضائل مین اگر مرتبۂ حسن کو پہونچ جائے مقبول ہی ورنہ نہین جیسا کہ مقدمۂ ترجمۂ مشکوۃ مین شیخ عبد الحق دہلوی نے لکھا ہی اور بھی ہمیشگی کرے کتب فقہ دیکھنے کی اور فقہ علم ہی مسائل کا جو مستنبط ہین اصول اربعہ سے کہ کتاب وسنت واجماع قیاس ہی اور انکے طریق استنباط کا تو داخل ہی اسمین علم کلام بھی کہ عبارت ہی علم عقائد سے

اور اصح کتب اوسکی شرح فقہ اکبر ملا علی قاری کی ہی اور شرح عقائد نسفیہ اور
شرح عقائد جلالی اور سوائے انکے جو علما کے درمیان متداول ہین مثل شرح
مواقف وغیرہ کے اور کتب علم اصول اور اصح اوسکا منار اور حسامی اور
توضیح شرح تنقیح اور تلویح حاشیہ اوسکا ہی اور اصول بزدوی اگر مل جاوے
تو زیادہ نافع ہی اور فقہ مین داخل ہین علم جزئیات فرعیہ اور اصح اوسکا
در مختار اور بحر رائق اور ہدایہ اور سوا اوسکے اور متن) اور بھی التزام کرے
کتب تصوف کا اسواسطے کہ زیادہ نفع دیتا ہی جیسے فصوص الحکم اور فتوحات
مکیہ اور احیاء العلوم اور کیمیاے سعادت اور پندنامہ فریدالدین عطار
کا اور اسرار نامہ اونکا اور مثنوی مولانا روم اور دیوان حافظ اور
گلستان اور بوستان سعدیؒ کے فانی سمعت شیخی یروی عن شیخہ انہ کان
یقول من داوم علی مطالعۃ مثنوی المولوی المعنوی فانا ضامن انہ لا یخرج من الدنیا
اسلیے کہ مین نے اپنے شیخ سے سُنا ہی کہ وہ اپنے شیخ سے (یعنی حضرت
قدوۃ العرفا میرے دادا کے باپ مولوی انوار الحق قدس سرہ العزیز سے
روایت کرتے تھے کہ وہ کہتے تھے جو شخص ہمیشہ مطالعہ کرے مثنوی
مولوی معنوی (یعنی حضرت جلال الدین رومی قدس سرہ کا) تو مین اوسکا

ضامن ہون کہ وہ دنیا سے نجائیگا مگر عارف ہوکر در الدر المختار فی باب المرتد

فی رد من قال لفصوص الحکم انہ خارج عن الشریعۃ نقلا عن صاحب القاموس بعد ثناءہ

للشیخ اور درمختار مین لکھا ہی باب المرتد مین رد مین اوس شخص کے جو کہے فصوص الحکم

کے بارے مین کہ وہ شریعت سے باہر ہی یعنی خلاف شرع ہی نقل کرکے

صاحب قاموس سے بعد اونکی تعریف کرنے کے شیخ کے یعنی محی الدین

بن عربی کی لفظ بعد ثناءہ کے عبارت درمختار کی ہی ومن خواص کتبہ انہ من

واظب علی مطالعتها انشرح صدرہ لفك المعضلات وحل المشکلات وقد

اثنی علیہ العارف عبد الوهاب الشعرانی سیما فی کتابہ تنبیہ الاغبیاء علی

قطرۃ من بحر علوم الاولیاء فعلیك بہ وباللہ التوفیق انتہی اور

خاصیت اور تاثیرات سے اونکی کتابونکی یعنی محی الدین عربی کی یہ ہی

کہ جو شخص ہمیشگی اونکے کتابون کے مطالعہ کی کرے کشادہ ہوگا اوسکا

سینہ باریکیون اور پیچیدگیون کے حل کرنے اور مشکلات کے کھلنے کے

لیے اور اونکی تعریف کی ہی عارف عبد الوہاب شعرانی نے خصوصًا

اپنی کتاب تنبیہ الاغبیاء علی قطرۃ من بحر علوم الاولیاء مین پس لازم کر تو

اپنے اوپر مطالعہ اوسکا یعنی اونکے کتب کا اور اللہ کے پاس اکھٹا کرنا

[illegible] والا عارف ہوکر دنیا سے جاویگا

اسباب خیر کا ہی انتہا کو پہونچی عبارت در مختار کی ویلتزم پاس انفاس بان

یجری لا الہ مع النفس التی تلج فی البطن والا اللہ مع النفس التی تخرج اور چاہیئے

کہ التزام کرے پاس انفاس کا کہ وہ عبارت ہی عاشقون کے نزدیک

اس سے کہ جاری کرے کلمۂ لا الہ کو اوس سانس کے ساتھ جو پیٹ

مین جاتی ہی یعنی جاری کرنے کے ساتھ تصور کرین نفی اپنی ذات کی اور

دوسری مخلوقات کی اور جاری کرے کلمۂ الا اللہ کو اوس سانس کے

ساتھ جو اوپر کو آتی ہی پیٹ سے اور اثبات ذات باری کا کرے واذا

استقر بذلك فلیلتزم اللہ اللہ ھکذا مع کلتا النفسین اور جب قرار پکڑ جاے

اور عادی ہو جاے اوسکا تو چاہیے کہ اسم ذات کو لازم پکڑے کہ وہ

اللہ اللہ ہی دونون سانسون کے ساتھ اور یہ بھی پاس انفاس ہی واذا

استقر جمیع ماذکر واعتاد بہ فلیراقب اور جب قرار پکڑین یہ سب چیزین جو ذکر

کی گئین اور انکا عادی ہو جاے تو اوسکو چاہیئے کہ مراقبہ کرے

وھو ان یتصور نفی نفسہ عند شخص الاخر وھی مرتبۃ الفناء اور مراقبہ یہ ہی

کہ تصور کرے اور ذہن مین رکھے اپنے نفی کو سامنے دوسرے کے

صورت کے اور یہی مرتبہ فنا کا ہی وطریقہا ان یجلس مستقبلا الی القبلۃ

علی هیئۃ التشہد و یغمض عینیہ و یضم فمہ و یشد مغز یہ بوسطی یدیہ و یضع ابہامیہ علی صماخیہ و لا ینفی نفسہ عند شخص شیخہ ۱۹ ور طریقہ اوسکا یعنی مراقبہ کا یہ ہو کہ بیٹھے رو بقبلہ بصورت تشہد یعنی جیسے نماز مین بیٹھتے ہین دو زانو اور بند کرے دونون آنکھون کو اور منہ بند کرے اور ناک کو بند کرے باین طور کہ دونون ہونٹون کو لیوے درمیان دونون چھنگلیا اور اوسکی پاس والی اونگلی سکے دونون ہاتھون سے اور سخت بند کرے دونون سوراخ کو ناک کے دونون ہاتھونکی بیچ والی اونگلی سے اور دونون آنکھون پر دونون ہاتھونکی کلمہکی اونگلی رکھے اور دونون انگوٹھون کو دونون کانون کے سوراخ مین رکھے اور چاہیے کہ نفی کرے اپنی ذات کی اپنے شیخ کی صورت کے سامنے (یعنی میرا وجود کالعدم ہی اور جو کچھ ہی شیخ ہی) واستقرار ذلک الامر فنا فی الشیخ اور راس امر کا قرار پکڑنا فنا فی الشیخ ہی ۲ اذا استقر الفناء فی الشیخ ای صار عرضا لازما

له حلیتصور نقش شیخہ ایضا فی شخص الرسول وهو فناء فی الرسول اور جب قرار پکڑ لے فنا فی الشیخ یعنی مانند عرض لازم کے اوسکے لیے ہو جاوے کہ جدا نہو اوس سے بلکہ تصور شیخ کا ہر وقت اس مین رکھے تو چاہیے کہ تصور کرے نقش شیخ کو بھی صورت میں رسول کی اور یہی فنا فی الرسول

فاذا استقر ذلك فليتصور نفيه ايضا فی اسم الذات لكون شخصه تعالے

غیر مقید ومحاط بالذہن هو فناء فی الله آور جب قرار پکڑے یہ یعنی فنا فی الرسول

تو چاہیئے کہ تصور کرے اوسکی نفی کا اسم ذات مین یعنی اسم اللہ میں اس لیے

کہ ذات اوس خدا کی مقید نہین اور ذہن سے احاطہ نہین ہوتا ہی یعنے

اوسکی ذات کو ذہن احاطہ نہین کرسکتا ہی یہی فنا فی اللہ کا مرتبہ ہی کہ وہ

الگ ہی تمام موجودات سے فاذا استقر ذلك الامر حتی صار بان لا یری

غیر الله موجودا فی وقت فهو المشاهدة وهی البقاء بالله ومراتبه غیر

عدیدة پھر جب کہ قرار پکڑے یہ امر یعنی فنا فی اللہ یہانتک کہ

ہوجاوے وہ شخص اس مرتبہ پر کہ نہ دیکھے غیر خدا کو موجود کسی وقت مین

پس یہی مشاہدہ ہی اور یہی بقا باللہ ہی اور اسکے درجے بہت ہین کہ حیطۂ

ضبط سے باہر ہین مترجم کہتا ہی کہ مین نے اپنے اوستاد مدظلہ سے سُنا ہی

کہ گو اثر کل اذکار کا بدون تعلیم شیخ ظاہر نہین ہوتا ہی اور اسکو بزرگون نے

تجربہ کیا ہی مگر یہ مراقبہ بدون تعلیم شیخ اور توجہ شیخ ٹھیک ہو ہی نہین سکتا

ہی اور بدون تعلیم شیخ کرنے مین سخت اندیشے ہی بلکہ بہت سے لوگ

اسمین صراط مستقیم سے علیحدہ ہوجاتے ہین اسلیے تعلیم و توجہ شیخ

پر ضرور ہی والمکاشفة هی ثمرة الفناء وهی عبارة عن کشف الاشیاء الغائبة

عن بصرة الظاهری واللہ اعلم بالصواب اور مکاشفہ ثمرہ فنا کا ہی اور وہ عبارت

کھل جانے سے اون چیزون کے ہی کہ جو اسکے ظاہری آنکھون سے پوشیدہ

ہین اور یہ جو کچھ ہی بسبب توفیق اور تعلیم خدا کے ہی اور علم غیب نہین اسلیے

کہ علم غیب عبارت ہی پوشیدہ چیزون کا جاننا بدون کسی کی تعلیم کے اور

وہ مخصوص خدا کے ساتھ ہی اور خدا زیادہ جانتا ہی خاتمہ جسکا اب مین

بیان کرتا ہون اوسی پر کتاب کو ختم کرتا ہون اعلم ان کل ذلک لا یحصل

الا بکسر النفس وهو عبارة عن تبدل الامارة باللوامة او المطمئنة

ای بھائی جان لے کہ جو کچھ مینے اس خاتمے سے پہلے ذکر کیا ہی ہاتھ

نہین آتا بدون نفس توڑنے کے اور وہ نفس امارہ کا نفس لوامہ یا مطمئنہ کے

ساتھ بدل جانا ہی اور نفس کا توڑنا اہم کام ہی اور واجب ہی وجوب اوسکا

خدا کے اس کلام سے ثابت ہوتا ہی واما الذین استنکفوا واستکبروا فیعذبهم

عذابا الیما ولا یجدون لهم من دون اللہ ولیا ولا نصیرا (اور جو لوگ عار

کرتے ہین بندگی کرنے سے اور اپنے کو بزرگ جانتے ہین (اور یہ اعراض

نفس کی خاصیتون سے ہی) تو عذاب کریگا خدا اونکو دکھ والا اور نہ پاوینگے خدا کے

علم غیب سوای خدا کے کسی کو نہین

اور نہ پائینگے اپنے لیے خدا کے علاوہ کوئی دوست اور نہ کوئی یار اور نفس سے مطمئن نہ رہے کیونکہ وہ دشمن ہے گھات مین جیسا کہ مولانا رومی فرماتے ہین شعر

نفس کافر کش جہان را زندہ کن　　　خواجہ را کشت ست ورا بندہ کن

نفس کافر کو مار جہان کو زندہ کر　　اپنے آقا کو اوسنے مارا ہی اوسے زیر کر

اعلم ان النفس علی ثلثة انواع نفس امارة وھی التی تامر الی الخبائث وتھم الانسان علیہا وتنھی عن الخیر جان لے ای بھائی کہ نفس کی تین قسمین ہین ایک اونمین سے امارہ ہی اور وہ اوس نفس کو کہتے ہین جو حکم کرے اور رغبت دلائے بدی کی اور آمادہ کرے لوگون کو اوسپر اور روکے اور منع کرے نیکی سے اور یہ سب نفسون مین بدتر ہی کہ قرآن مین ہی ان النفس لامارة بالسوء تحقیق نفس یعنی نفس امارہ حکم کرنیوالا اور آمادہ کرنیوالا بدی کا ہی پس بدی اور شومی کو اوسکی خدا نے ذکر کیا ہی اس سے بدتر کیا ہو گا ولوامة وھی عبارة عن التی تلوم الانسان علی افعاله لئلا یظن افعاله الحسنة فیتکل علیہا اور دوسرے نفس لوامہ ہی نفس لوامہ وہ نفس ہی کہ جو انسان کو ملامت کرتا ہی اوسکے افعال پر تا کہ سمجھے اپنے افعال کو اچھا سمجھکر اونپر بھروسہ نہ کرے کہ مبادا کبر کا باعث ہو

اور یہ نفس ابرار کا ہی خدانے اوسکی قسم کھائی ہی فرمایا ہی لا اقسم بالنفس اللوامۃ
یعنی قسم کھاتا ہون مین نفس لوامہ کی لا زائد ہی وہ اظہار ہی قسم کے
بزرگ رکھنے کا [illegible]
تیسری نفس مطمئنہ ہی اور وہ وہ نفس ہی جسنے قرار پکڑا اور عادت کرلی ذکر خدا
کی اور بے نیاز ہو گیا غیر خدا سے خدا کی مدد سے یعنی غیریت کو دور
کیا اپنے خیال خام سے اور بے نیاز ہو گیا غیر خدا سے اور یہ نفس
[illegible] یا ایتہا النفس
المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی
یعنی اے نفس مطمئنہ متوجہ ہو اپنے پروردگار کی طرف خوش اور خوشنود
ہو کر داخل ہو میرے بندون مین یعنی مقربون مین اگرچہ درحقیقت سب
اوسکے بندے ہین لیکن یہ اضافت اشارہ تقرب کا ہی اور داخل ہو
میری جنت مین جو قبولیت کا باغ ہی اسلیئے کہ جنت اوسکی ہی [illegible]
اضافت باعتبار قبولیت کے ہی واللہ اعلم بالصواب [illegible]

تقلیل الاکل و النوم و الکلام و صحبۃ الطعام و ذا لفظ عن جمیع الصفات
و الفقر و عن جمیع ما تشتہیہ النفس حتی الحلال [illegible]

تو ٹہرنے کا کہا نا کم کر دینا ہی شمائل ترمذی مین ہی عن مالک بن دینار قال ماشبع
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من خبز قط ولا من لحم یعنی مالک بن دینار
سے مروی ہی کہا اونھون نے کہ کبھی سیر نہین ہوے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم روٹی سے اور نہ گوشت سے اور کم سونیکا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو قرآن مین حکم ہوا ہی یا ایہا المزمل قم اللیل الا قلیلا نصفہ
او انقص منہ قلیلا او زد علیہ ورتل القرآن ترتیلا یعنی اے چادر
اوڑھنے والے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور خدا کا خطاب
کرنا اس صفت کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وجہ سے ہی
کہ اس آیت کے نازل ہونیکے وقت آپ چادر اوڑھے لیٹے تھے
اور ذکر کرنا نام کا تعظیم کے قبیل سے ہی جیسا کہ محب لوگ تعظیم محبوب کی
کرتے ہین نہ جیسا کہ تعظیم چھوٹے بڑونکی کرتے ہین) قیام کر رات کا مگر کم
آدھی رات یا اوس سے کم کر یا زیادہ اور قرآن پڑھ خوب آہستہ اور یہ حکم مخصوص
آنحضرت کے ساتھ ہی دوسرون پر نماز تہجد کا پڑھنا فرض نہین ہی
بدلیل قول اللہ تعالی جل شانہ کے فتہجد بہ نافلۃ لک یعنی نماز تہجد پڑھ
اور کوشش کر درحالیکہ فرض ہونا اوسکا تیرے ساتھ حاصل ہی لیکن

دوسروں پر سنت ہی اسلیئے کہ مواظبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی اوسپر بطریق عبادت کے تھی اب جو لیٹ رہا یا بیٹھ رہا فرض عبادت ہی
اور نماز اعلٰی ورسا اور حیاء سوگیا تو تہجد کی قضا پڑھنا بعد طلوع آفتاب کے
قبل زوال کے مستحب ہی سنن ابی داؤد میں امیر المومنین عمر بن الخطاب
رضی اللہ عنہ سے روایت ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من
نام عن حزبه او عن شیٔ منه فقرأ ما بین صلوة الفجر و صلوة الظهر کتب له
کانما قرأہ من اللیل یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی
سوگیا اپنی حزب سے (یعنی نفل سے جسکی اوسکو عادت تھی) بالکل یا
یا تھوڑے سے (یعنی کچھ ادا کیا اور کچھ رہ گیا) پس پڑھا درمیان
فجر کی نماز اور ظہر کی نماز کے لکھا جائیگا اوسکے لیئے گویا ادا کیا ہی یہ حزب
رات میں (یعنی ثواب اوسکا پائیگا جیسا ثواب اوسکا شب میں
پڑھنے کا ہی) یہ تحریص کے قبیل سے ہی تو کم سے کم مستحب ہوگا اور
یہ جو کتب فقہ میں ہی کہ سنت کی قضا ادا سے سنت میں شمار نہیں کیجاتی
ہی مراد اس سے سوائے سنت فجر اور نماز تہجد ہی تا کہ حدیث کے خلاف
نہو واللہ اعلم اور بھی عوام کی صحبت کم کرنا چاہیے اسلیئے کہ یہ باطن کیک

خراب کرنے والی اور اوقات کے کھونے والی ہی مولانا جلال الدین رومی

ایک جگہ اپنی مثنوی مین فرماتے ہین ؎

صحبت صالح ترا صالح کند	صحبت طالح ترا طالح کند

یعنی صحبت اچھونکی تجکو اچھا کرتی ہی اور صحبت برون کی تجکو برا کرتی ہی اور

دوسری جگہ مثنوی مین ہی ؎

ہیچ کنجی بے دد و بی دام نیست	جز بخلوتگاہ حق آرام نیست

یعنی کوئی خزانہ دد اور دام سے خالی نہین سوائے خلوتگاہ حضرت حق کے

آرام نہین اور شیخ سعدی شیرازی اپنے پندنامہ مین کہتے ہین ؎

ز جاہل گریزندہ چون تیر باش	نیامیختہ چون شکر شیر باش

جاہل سے مثل تیر کے بھاگتا رہ مت مثل شیر و شکر کے اوسکے ساتھ مین جل سے رہ

اور نفس توڑنے کے طریقون مین یہ ہی کہ باز رہے تمام حرام چیزون سے

اور تمام نفس کی حلال خواہشون سے بجز ضرورت کے یعنی بقدر

ضرورت حلال چیز کو کام مین لانا مضائقہ نہین رکھتا ہی اور زنا اور اوس

نفس کی تباہی ہی ایسا ہی مین نے سنا ہی طریقت کی راہ چلنے والون سے

[illegible] نفس کے توڑنے والے سببون مین سب سے

پس یہ فسق اور گناہ ہی اسلیے کہ حدیث شریف مین آیا ہی عینان تزنیان یعنی دونون آنکھین زنا کرتی ہین اور آنکھ کا زنا سوائے نظر کے دوسری چیز نہین ہی مثنوی مولوی معنوی مین ہی

عشقہائے کزپی رنگی بود	عشق نبود عاقبت ننگی بود

وہ عشق جو کسی رنگ کی وجہ سے ہوتا ہی عشق نہین ہی انجام اوسکا ننگ وعار ہی وھو ایضا نوعان وہ بھی دو طرح پر ہی فاحش وھو عبارۃ عن البھیۃ فی حبہ احد من غیر غرض الحلال والحرام ایک فاحش ہی جو عبارت ہی مدہوش ہونے سے محبت مین کسی شخص کی بے غرض حلال وحرام کی وافحش وھو عبارۃ عن البھتۃ فی حب شخص لغرض الحرام دوسرا افحش ہی جو عبارت ہی مدہوش ہونے سے محبت مین کسی خوبصورت کی غرض حرام سے اور یہ زنائے قلب ہی اما العشق بتوھینہ احب واحسن قال المولوی عبدالرحمن الجامی لیکن عشق جو عبارت ہی مدہوش ہونے سے محبت مین ملاحظہ خدا سکے یعنی دو قسمون کے ساتھہ بہتر اور خوب ہی مولوی عبدالرحمن جامی نے فرمایا ہے

متاب ای زعشق رو گرچہ مجازی ست	کہ آن بہر حقیقت کارسازی ست

منہ مست ہو عشق سے اگرچہ مجازی ہو واسطے اسلیے کہ وہ حقیقت کے
عالم تک پہونچانے والا ہی یعنی عشق مجازی بھی خوب ہی بشرطیکہ اوسکو بھی ترک نہ کرنا
چاہیے کہ وہ پہونچانے والا عشق حقیقی تک ہے اور حضرت مولانا روم فرماتے ہین ؎

عاقبت ما را بدان شہ رہبرست		عاشقی گر زین سر و گر زان سرست

یعنی عاشقی خواہ اس خیال سے خواہ اوس خیال سے ہو آخرکار ہمکو اوس
بادشاہ حقیقی تک راہ بتانے والی ہی و لیعلم ان فی ہذا الطریق اعداء کثیرۃ
لا یستطیع السالک ان یدفعہا الا بتعلیم [illegible] کامل و اعانتہ اور جاننا
چاہیے کہ اس راہ مین دشمن بہت ہین کہ دفع نہین کرسکتا اونکو کوئی
شخص بے سکھائے کسی کامل مرشد کے اور بے اوسکی مدد کے و ذلک
موقوف علی الصحبۃ اور یہ یعنی تعلیم مرشد کی موقوف ہی صحبت پر جسدی صحبت
ہو یا روحی اسلیے کہ تا وقتیکہ اوستاد کو نہین دیکھتا ہی تعلیم و تعلم ہاتھ نہین آتا
ہی تو اگر صحبت جسدی ہو تو خیر ورنہ صحبت روحی بھی کافی ہی اسلیے کہ یہ تعلیم
باطنی ہی روح سے تعلق رکھتی ہی فان مات شیخہ فلیراقب بتصور تمثال الشیخ
یتعلم منہ و یستفیض تو اگر مر جاے پیر اوسکا چاہیے اوسکو کہ مراقبہ
کرے اور تصور کرے پیر کی شکل کا کہ تعلیم پاتا ہی اوس سے

اور فیضان حاصل کرتا ہے ولا یمکن ذلک الا بکشف القبور و الارواح
اور یہ ممکن نہین ہی بدون کشف قبور اور کشف ارواح کے اسلیے کہ فیض
حاصل کرنیوالے کے لیے استعداد ہی شرط ہی وطریق ھذا الکشف ان یضرب
فی الجانب الایمن سبوح وفی الایسر قدوس فی السماء رب الملائکۃ
وفی القلب والروح اور طریقہ اس کشف کا یہ ہی کہ ضرب کرے
داہنی جانب سبوح اور بائین جانب قدوس باشارہ احاطہ صفت پاکی کا ہی
کہ بغیر اوسکے حصول ایسے امور عظیمہ کا غیر متصور ہی اور ضرب کرے آسمانکی
جانب رب الملائکۃ اور قلب مین لفظ والروح باشارہ علو شان خداتعالی
و احاطہ صفت ربوبیت کے وہان سے لیکر اپنی ذات اور جمیع
اسافل تک او یضرب یا علیم فی السرۃ و یا مبین فوقہا و تحت اللبۃ و یا خبیر
فی اللبۃ و یمکن ان یھبط من اللبۃ الی السرۃ و یبدأ بیا خبیر یا ضرب کرے یا علیم
ناف مین اور یا مبین اوسکے اوپر سر سینہ سے نیچے اور یا خبیر سر سینہ پر
اور اسی طور سے نزول کرے سر سینہ سے ناف تک اور شروع کرے
یا خبیر سے یعنی ضرب کرے یا خبیر سر سینہ پر اور یا مبین درمیان سینہ
اور ناف کے اور یا علیم العضو سرہ پر یا ایک بار ہو اسمین تفاول ہی

ساتھ احاطہ کرنے صفات علمیہ کے سانس جاری ہونگی جگہوں کو دو نقطہ

یا علیمُ یا سمیعُ یا بصیرُ کہنا یا ضرب کرے یا علیمُ یا سمیعُ یا بصیرُ کی اوسی طرز

سے یعنی یا علیم ناف پر اور یا سمیع درمیان ناف و سر سینہ کے اور یا بصیرُ

سر سینہ پر اور اسی طرح نزول کرے اور یہ بھی صفات علمیہ سے ہو تو [illegible]

تفاول ہوگا فصل در منافع البیعة یعنی پس جاننا چاہیے کہ یہ امور مراتب فنا

اور بقا اور کشف وغیرہ کی بیعت کے منافع ہین بشرطیکہ بیعت پوری

[illegible]

بات سے اور اوسکی جانب رجوع اور آرامگاہ سبکی ہے مسئلة اما تکرار

البیعة علی ید الشیخین فان کان فی حضور شیخه الاول فلا یجوز حیث قال الشیخ

ولی الله الدهلوی فاعلم ان تکرار البیعة من رسول الله صلی الله علیه وسلم

ماثور وکذلک عن الصوفیة اما من شخصین فان کان بظهور خلل فیمن

بایعه فلا باس وکذلک بعد موته او غیبته المنقطعة واما بلا عذر فانه یشبه

التلاعب وتذهب البرکة وتصرف قلوب الشیوخ عن تعهده والله اعلم

لیکن بیعت کی تکرار دو پیرون کے ہاتھ پر اگر یہ امر اول پیر کے روبرو ہو

تو جائز نہین ہے جیسا کہ شیخ ولی اللہ دہلوی کہ فقیر کا [illegible] او ستاد کے [illegible] ہین

علم حدیث مین کہتے ہین کہ جان تو کہ تکرار بیعت رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم سے منقول ہی چنانچہ وہ حدیثین جو احوال مین بیعت عقبہ ثانیہ کے
وارد ہوئین دلالت رکھتی ہین اسپر اور ایسے ہی صوفیہ سے یعنی مکرر بیعت کرنا
ہاتھ پر ایک پیر کے صوفیہ سے بھی منقول ہی لیکن دو پیرون سے پس اگر
ہووے بیعت کرنا دوسرے پیر کے ہاتھ پر بسبب اول پیر مین کوئی خلل
ظاہر ہونے کے جیسے زنا یا لواطت مین مبتلا ہونا یا سوائے اسکے
وہ چیزین جو احتمال تاویل کا نہین رکھتی ہین اگر اوس شخص مین ظاہر ہون تو ایسے
حال مین دوسرے سے بیعت کرنے کا کوئی حرج نہین اور ایسے ہی بعد
اول پیر کے مرجانے کے یا غائب ہو جانے کے اسطرح پر کہ امید ملاقات
کی باقی نہ رہے لیکن بغیر کسی عذر کے بیعت کرنا دو پیرون سے تو یہ مشابہت
رکھتا ہی کھیل کرنے سے اور کھیل کرنا امر مشروع کے ساتھ ممنوع ہی اور برکت
جاتی رہتی ہی اسکی وجہ سے طلب پھر جاتے ہین دل پیرون کے اوسکی [illegible]

سے اور اللہ زیادہ جانتا ہی فعلم انہ لا یجوز غیبوبۃ الشیخ ایضا بلا ضرورۃ [illegible]

لما ثبت المبایعۃ وتبرأ الشیخ عن التعہد لزم الغاء امر ما ثبت من النبی صلی اللہ
علیہ وسلم [illegible] تو جانا گیا اس سے کہ نہین جائز تکرار بیعت کی

تکرار بیعت کا ثبوت احادیث سے

بیعت دو پیرون سے کرنیکا حکم

اگر پیر اوسکا زندہ ہے باجازت اوسکے کوئی حرج نہین رکھتا ہی اور بے اذن
اوسکے جائز نہین اسلیے کہ اوس شخص نے اس پیر کی بعیت کی ہی اوسکی
اطاعت کرنے پر تو اگر خلاف اطاعت اوسکے کریگا تو بعیت کا توڑنا لازم
آئیگا اسلیے ممنوع اور ناروا ہی اور اگر استرشاد کیا دوسرے شخص سے بعد پیر کے
مرجانے سکے تو کوئی حرج نہین ہی کیونکہ مرید موافق بچے کے ہی اور پیر مثل باپ کے
ہی اور لڑکا جب اوسکا باپ مرجاتا ہی تو وہ دوسرے سے سیکھتا ہی تو ایسا ہی
اس جگہ ہی اور ایسا ہی سُنا مین نے اپنے شیخ دامت فیوضہ علینا سے

وروی عن الشیخ ولی اللہ الدہلوی انہ سئل عن الاسترشاد من غیر الشیخ
فقال الاب واحد والاعمام کثیرۃ فعلم ان الشیخ کالاب والمرشد کالعم واللہ اعلم

اور روایت کیا گیا ہی شیخ ولی اللہ محدث دہلوی سے کہ راوی اوسکے فخر زما
حسن علی محدث ہین وہ شاہ عبد العزیز سے اور وہ شیخ موصوف سے
روایت کرتے ہین جب پوچھا گیا شیخ ولی اللہ محدث قدس سرہ سے استرشاد
کے بارے مین تو فرمایا کہ باپ ایک ہی اور چچا بہت ہین تو جانا گیا کہ پیر مانند
باپ کے ہی اور مرشد موافق چچا کے ہی اور دستور ہی کہ باوجود حیات پدر کے
تعلیم چچا سے بیٹے اجازت سے اپنے والد کے محبوب جانتے ہین اور

باجالات اوسکو کوئی حرج نہین ہوا دوسرے نفس کے بعد آپ کی تعلیم ہوچکے
متعلق ہو جاتی ہی اور بعد از یادہ جاتا ہی فائدہ جاننا چاہیے کہ امور
مذکورہ سے مقصود اعظم اور مطلوب اہم عشق ہی ان سب سے موہدے درگذر
کرکے رجوع اوسکی طرف کرنا چاہیے کہ یہ وسائط ہین جیسا کہ ایک دوہرہ
کسی عاشقون مین سے اس پر دلالت کرتا ہی ہ انکھیان جو ہتین اب نین
بھئین کجرا جیسے مرگ چھونن کے ۞ جب باری ہتین اب ناری بھئین پیا
[illegible] ۞ جب [illegible] سب
دن گونن کے ۞ اب کھیل جو کھیل پیا سنگ کھیل گئے دن کھیل کھلونن کے
یعنی آنکھین تھین کہ دیکھتی تھین اور پہچانتی نہ تھین مانند اون آنکھون کے
کہ جو نہ دیکھین اور نہ پہچانین لاتدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار وہ
خدا ہی تعالی آنکھون کو پالیتا ہی اور اوسے آنکھین نہین پاتین یعنی تا وقتیکہ
چشم دل نہ کھلے اور عشق نصیب نہو ہرگز خدا کو کوئی نہین پاویگا جب
آنکھین شناسا ہوئین یعنی جب ہوش مین آیا اور عاشق ہوا اور غفلت دور
ہوئی پایا مین نے اور پہچانا مین نے دجوہ یومئذ ناضرة الی ربہا ناظرة
چند منہ عشق کے دن کہ قیامت عاشق کی عشق ہی کا وقت ہوا سن ولیل ہے

کہ خدا نے شروع کیا اس سورۂ قیامہ کو نفس لوامہ کے قسم کے ساتھ جسکے
بعد نفس مطمئنہ کا حاصل ہوتا ہی اور وہ مرتبہ عشق کا ہی ترو تازہ یعنی فارغ
اور بے پروا من و توسے پروردگار کی طرف دیکھتے ہین یعنی دل کی آنکھون سے
اور اُس جہان مین سب اوسکو جسد کی آنکھون سے دیکھین گے اسلیے کہ جسد
اوس جگہ روحانیت کے مرتبے تک پہونچ جائیگا اور اس مرتبہ کا حاصل ہونا
بسبب فقر و فنا کے سرمہ لگانے کے اپنی ہستی کی آنکھون مین ہوتا ہی کہ مثل
ہندی شلوک مین گھنگچی کی مشہور ہی ع پانت پانت کر آپ لٹا وے کالا
منہہ کر جگت کھلا وے تب لالن کی لالی پاوے ۔ پارہ پارہ کرکے اپنے کو
برباد کرے یعنی خود کو نیست کرے کہ جو مرتبہ فنا کا ہی منہ سیاہ کرکے خلق کو
دکھلاوے یعنی خلق سے عار نہ رکھے کہ مرتبہ موت کا ہی تو سرخی سرخروئی کی
پاتا ہی کہ وصل ہوا وسوقت کہ جب عشق نہین تھا مانند کنواری لڑکیون کے
بے شعور تھی اور عاشقون کو عورتون کے اسم سے تعبیر کرنا باعتبار معشوق کی
شان کے رفیع ہونے کے کہ مرد فضیلت رکھتا ہی عورت پر وگرنہ عاشق
مردی اور زنی سے فارغ ہی کیونکہ یہ سب دلیل ہستی کی ہی اور عشق عبارت ہی
ہوشی اور نیستی سے اسکا مرتبہ وصل اور عشق سے فارغ ہو دی مانند جوان

اور بالغ کے ہو گئے یعنی دیکھنے سے گذر گئے اور یل سے گھٹ مانند اوس عورت کے
کہ خاوند کے ساتھ بچھونے مین سوتی ہو اور دوئی کا پردہ اوٹھ جائے
درمیان سے ؎ من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی
تاکس نگوید بعد ازین من دیگرم تو دیگری ٭ مین تو ہوا اور تو مین مین تن ہوا
اور تو جان ٭ یہان تک کہ کوئی دوسرا نہ کہے کہ مین دوسرا ہون اور تو دوسرا
ہو ٭ یعنی حقیقت سبکی ایک ہی اور غیرت باعتبار تشخص کے ہی اور یہ تشخص جو
ہی وہ مظہر اوسی کا ہی اے میری جان یہ خطاب طالب صادق کو ہی جو عاشق
عشق مجازی کے ساتھ ہی اب کہ مرتبہ عشق مجازی کو پایا جان اوسکو یعنی
عشق حقیقی سیکھ یعنی مظاہر سے درگذر کہ اب زمانہ کم رہگیا ہی ایام وصال
حقیقی کا کہ موت ہی تاکہ وصل سے فائز ہو کیونکہ جو اس جہان مین عشق نہین
رکھتا ہی وہ اوس جہان مین وصل نہین پاتا ہی اللہ تعالی فرماتا ہی من کان
فی ھذا اعمی فھو فی الاخرۃ اعمی جو شخص کہ اس جہان مین اندھا
یعنی محروم ہی عشق سے وہ اوس جہان مین اندھا یعنی محروم وصل سے ہی
جو کھیل تو کھیلتا ہی اب یار کے ساتھ کھیل یعنی جو کچھ ریاضت اور اعمال
سے کرتا ہی تو اوسکی طلب مین کر اور ثواب عقاب سے کام نہ رکھ کہ گئے دن

طفیل کو دے یعنی وقت غفلت اور دوئی کا نہین رہا کہ وقت عاشقی کا پہونچا اور طلب ثواب اور خواہش جنت بے غرض دیدار کے عاشقونکا پیشہ نہین ہی شیخ علاء الدین اودی فرماتے ہین ؎

ما مقیمان کوی دلداریم		رخ بدنیا و دین نمی آریم

ہم رہنے والے اپنے دلدار کے کوچے کے ہین رخ دنیا اور دین کی طرف نہین کرتے اور دوسرا عارف کہتا ہی ؎

ذوق نامش عاشق مشتاق را		از بہشت جاودانی خوشتر است
گرچہ در فردوس نعمتہا بسی ست		وصل او از ہر چہ دانی خوشتر است

ذوق اوسکے نام کا عاشق مشتاق کے لیے بہشت جاودانی سے خوش زیادہ ہی اگرچہ فردوس مین نعمتین بہت سی ہین وصل اوسکا ہر چیز سے جسکو تو جانے خوش زیادہ ہی اور یہ سب جو کچھ ریاضت وغیرہ سے ہی اوسکے حکم کی اتباع کی وجہ سے ہی اور عاشق کبھی حیطۂ اطاعت سے باہر نہین ہوتا ہی تو ترک کرنا اوامر کا اور ارتکاب کرنا نواہی کا مناقض عشق کے ہی اور طلب جنت ثواب کی غرض سے نہین بلکہ طمع دیدار سے ہی چنانچہ ایک عاشق کہتا ہی ؎

عاشقان دائم لقای دوست میدارند دوست	در غم و راحت رضای دوست میدارند دوست
وعدهٔ دیدار چون در جنت آمد لاجرم	عاشقان جنت برای دوست میدارند دوست

عاشق ہمیشہ دوست کے ملنے کو دوست سمجھتے ہین غم اور راحت مین
خوشنودی دوست کی دوست رکھتے ہین ❁ وعدہ دیدار کا چونکہ جنت مین
ہوا ہی ❁ ناچار عاشق جنت کو دوست کے واسطے دوست رکھتے ہین
اسکی کوئی حد نہین اور کچھہ متن سے باقی ہی سوجہ سے تمام کرنا اسکا ضروری ہوا

رو تمام این حکایت بازگو   این ندارد آخر از آغاز گو

یعنے چل پوری حکایت پھر کہہ [illegible] ہی پھر آغاز سے کہہ

الحمد لله الذی وفق الفقیر الضعیف ذمیم الاخلاق محمد عبد الرزاق ابن المولوی
جمال الدین احمد الانصاری افاض الله علینا من فیوضه وبرکاته لتسطیر
هذه الرسالة الموسومة بعمدة الوسائل لتحصیل الفضائل والصلوة والسلام
علی رسوله محمد واله واصحابه وازواجه واتباعه وغفر لمسطره
ولاباءه ولکاتبه وشیوخه واساتذته اجمعین یارب العالمین

حمد ثابت ہی خدا کے لیے جسنے توفیق دی اس فقیر ضعیف ذمیم الاخلاق
محمد عبد الرزاق کو جو فرزند مولوی جمال الدین احمد کے ہین کہ قبیلے سے انصار کے

ہین پہونچاوے خدا ہم تک فیوض اونکے اور برکات اونکے توفیق دے
خدای تعالی لکھنے کی اور جمع کرنے کی اس رسالے کی کہ اوسکا نام
عمدة الوسائل لتحصیل الفضائل رکھا درود و سلام ہو رسول پر اور اوسکے
جمیع آلمحمدین اور اونکی اولاد پر اور اونکے یارون پر اور اونکی بیبیون پر اور اونکے
تابعین پر راضی اور خوشنود ہو خدا اونسے اور بخشے خدا گناہ اس رسالے
کے لکھنے والے اور اونکے باپ اور اونکے باپ کے باپ لبی ایوب
[illegible] اونکے پیرون اور اونکے اوستادون کے
الٰہی کر آمین اے پالنے والے تمام عالمون کے چونکہ اعتبار کتاب کا
بے دریافت اوسکے جمع کرنے والے کے ناجائز ہوا اور پیران طریقت
کا ذکر بذریعۂ نقل شجرہ کے ابتداے رسالے مین مندرج ہوا اپنے نام کا
لانا ابتدا مین بے ادبی ہوتا ناچار عادت سے مولفون کی عدول کر کے

آخر مین لایا تمت فی لیلة الخمیس الثالثة والعشرین خلت من ذی القعدة
الحرام عام الستین والمائتین بعد الالف من الہجرة النبویة علیہ الصلوة
والسلام وعلی آلہ الکرام واصحابہ العظام اور تمامی اسکی حاصل ہوئی
شب پنجشنبہ تیسوین غرہ ذیقعدہ کی سنہ ۱۲۶۰ ایک ہزار دو سو ساٹھ ہجری

نبوی مین صلی اللہ علیہ وسلم درود ہوا نپر اور سلام ہوا وسنکے آل کرام اور
اصحاب عظام پر آور ترجمہ فارسی لکہنے سے فی شب پنجشنبہ اٹہائیسوین ماہ
محرم سنہ ۱۲۶۱ ایک ہزار دوسو اکسٹھ ہجری کو زیور اختتام پہنا اور اوس
زمانے مین عمر فقیر کی پچیس برس ایک ماہ اور آٹھہ روز کی تھی کہ ولادت
فقیر کی سنہ ۱۲۳۶ ایک ہزار دوسو چھتیس ہجری مین بیسوین تاریخ ذی الحجہ کی
والدہ ماجدہ کے کلام سے سمجہی جاتی ہی اور بس ط

مترجم فقیر قیام الدین محمد عبد الباری عفا اللہ عنہ ابن مولانا
محمد عبد الوہاب دام ظلہ ابن حضرت مرشدنا مولانا محمد عبد الرزاق قدس
سرہ العزیز ابن حضرت مولانا جمال الدین احمد نواسہ بحر العلوم ابن حضرت
ملک العلما مولانا علاء الدین احمد ابن حضرت شیخ الشیوخ مولانا احمد
انوار الحق ابن حضرت شیخ الشیوخ مولانا احمد عبد الحق ابن شیخ المشائخ
ملا محمد سعید ابن قطب الاقطاب مولانا مولوی قطب الدین سہالوی
قدس اللہ اسرارہم اور ننہالی سلسلہ مترجم کا یہ ہی کہ مترجم نواسہ
عمدۃ العلما مولانا ظہور علی ابن ملک العلما مولانا محمد حیدر ابن حضرت
قدوۃ المحققین ملا مبین ابن حضرت ملا محب اللہ ابن حضرت مولانا احمد عبد الحق